The Drinched Book

UNIVERSAL LIBRARY
OU_222317
UNIVERSAL LIBRARY

OUP—391—29-4-72—10,000.

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۸۹۱٫۵ م۳۱۵ Accession No. U1364

Author محسن کاکوروی

Title [illegible]

This book should be returned on or before the date last marked below.

کلیات نعت مولوی محمد محسن

۱۳۲۴ھ

جسمین

قصاید، مثنویان، مسدس، غزلین، رباعیان، قطعات تاریخ، معما و نغز،

شامل کیے گئے ہین

مرتبہ

مولوی محمد نورالحسن صاحب بی اے۔ ال ال۔ بی
وکیل ہردوئی

محمد اسحاق علی علوی نے
الناظر پریس واقع چوک لکھنؤ مین چھپا

واقعات کربلا

ازمراثی میرانیس

حصہ اول

اس کتاب مین واقعات معرکہ کربلا ایک بحر مین ہندوستان کے شیکسپیر کے کلام
سے سلسلہ وار لکھے گئے ہین جس سے ظاہر ہوتا ہی کہ رزمیہ نظم اردو زبان مین کیسے اعلی
پیمانہ پر موجود ہی میر صاحب کا حسن بیان طرز ادا قادر الکلامی محتاج بیان نہین ہی
مضامین حسب ذیل ہین:- مدینہ سے روانگی، مکہ سے رخصت، راستہ کربلا مین تشریف آوری
شب شہادت، صبح شہادت، شہادت حضرت حُر، شہادت حضرت حبیب، شہادت
پسران حضرت مسلم، شہادت پسران حضرت زینب، شہادت حضرت قاسم، شہادت حضرت
عباس، شہادت حضرت علی اکبر، شہادت حضرت علی اصغر، شہادت حضرت امام علیہ السلام

حصہ دوم مرتب ہو رہا ہی جسمین تاراجی حرم محترم سے واپسی مدینہ منورہ تک کے
جملہ واقعات اسیطرح حضرت انیس کے کلام سے ایک ہی بحر مین جمع کیے گئے ہین۔

حصہ اول تیار ہی۔ قیمت (عہ) علاوہ محصول۔

المشتہر

منظور علی علوی۔ کوٹھی عنایت باغ۔ لکھنو

ed 1975

غلط نامہ کلیات نعت مولوی محمد محسن

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۹	۵	پیرتو رویا صفا	پرتو رو با صفا	۴۱	۱۶	جوکچھ دعواہو	جوکچھ دعواہو
۶	۷	ی خواستند	می خواستند	۴۲	۱۰	ساحل	سائل
۱۸	۳	مرحوم نے اپنے	مرحوم اپنے	۴۵	۱۹	عرلی	عدیل
۱۰	۸	چند سال سے	اٹھارہ سال سے	۴۸	۱۳	مشاقی	مشتاقی
۲	۱۸	ن کی	اُن کی	۴۹	۲۱	ہوکر بال	ہوکر بالکل
۲۱	۱	سلہ	سے	۵۵	۷	تعالی رنگ	تعالی اللہ رنگ
۲۱	۱۰	عمر قم	عرقم	۵۷	۱۷	عمر سے	عمر کے
۲۱	۲	گنا بے	گنا بے	۵۹	۱	سکی	سکو
//	۱۰	ورنہ خبر	ونہ خبر	″ / ۶۰	۱۱ / ۱۰	فرد فرد لا انبیا / کو سے ہے	فرد فرد انبیا / کرسے
۲۸	۸	میناکا	میناکار	۶۱	۲	ذرۃ التاج	درۃ التاج
//	۱۰	خیالش ا	خیالش را	۶۲	۳	اورد آمد کا	آورد و آمد کا
//	۱۴	د، دو مضامین	ورود مضامین	۶۵	۸ و ۹	ترتیب مصرع	مصرع دوم چہارم ہونا چاہیے اور چہارم دوم
۳۱	۹	تنگ ہون	تنگ ہون	۶۷	۱۴	شعلوں کو	شعلوں کو
//	۲۱	بوجواحسن	بوجہہ احسن	۹۲	۵	پھیلاسے	پھیلائے
۳۰	۱۰	بنت	نیت	۱۰۱	۵	گلبن	گلشن
//	۱۷	عبور دوسرا	عبور سے دوسرا	۱۰۳	۴	صنم سے	صنم میں

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۰۴	۱۰	نوکیا	نعمہ کیا	۱۵۸	۶	خیرت	حیرت
۱۰۵	۹	ہاتھ مین	ساتھ ہے	۱۶۳	۱۹ نوٹ انت	مذکور رہو	مذکر ہو
۱۰۸	۱۹	رندن کو	رندون کو	۱۶۶	۱۲	آرزر	آرزو
"	۲۱	ربر	ابر	۱۶۹	۱۰	کاردر	کادر
۱۱۲	۲	عل	عل	۱۷۲	۱۱	ہین ہن	مین ہین
۱۱۴	۱۷	چشم بدور	چشم بددور	"	۱۷	بچہانے	بجھانے
"	۲۰	جبرل	جبریل	۱۷۸	۷	وتیبین	واسپین
۱۱۵	۴	فضیلت	افضیلت	۱۸۰	۶	رضوان	غلمان
۱۱۶	۲	دلام	دولام	"	۹	دیکھا کہ تو	دیکھا تو
۱۱۸	۱۷	چشم بدور	چشم بددور	۱۸۱	۳	ہے	سے
۱۲۱	۲	سرکار سے	سرکار ہی	۱۹۰	۱۲	تیری رہنمائی	تیری ہی رہنمائی
۱۲۳	۱۶	شفاعت کا مری	شفاعت کا تیری	۱۹۶	۱۱	قوت دشیطان	قوت شیطان
۱۲۷	۱۲	نارا	تارا	۲۰۳	۱۵	رددو	درود
۱۳۱	۷	دورچار	دوچار	۲۱۱	۱۳	لمسے	غمسے
۱۳۷	۵	دکھے	رکھے	۲۱۲	۱۳	عرض	غرض
۱۵۱	۱	وہ انکے	وانکے	۲۱۳	۲۰	مرہ	مزہ
۱۵۴	۹	سہر	مہر				

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً و مصلیاً

اِسمین کلام نہین ہے کہ ہندوستان مین نعت کی داغ بیل فارسی شاعری نے ڈالی اگرچہ بھاشا مین ہم ایسے دوہے اور ٹھمریان پاتے ہین جو مذاق تصوف کے عام کرنے مین خاص اثر رکھتی ہین لیکن وہ اِس قابل نہین ہین کہ ہم اُن کو نعتیہ کلام کی ابتدا کہہ سکین۔

نظم اُردو کا موضوع لہ مضامین عاشقانہ سمجھے جاتے تھے اور اُسمین زبان کی ترقی کے ساتھ ایسی نازک خیالی بڑھ رہی تھی کہ شعرا کو نعت کی جانب توجہ کرنے کا موقع کم ہاتھ آیا نعت مین اگر کسی نے کوئی شعر کہا بھی تو اُسمین وہ دلکش مضمون نہین جسکو کان سُنکر اور زبان پڑھ کر حظ وافر حاصل کر سکے نظم اُردو کی قدردانی اور صلہ کی اُمیدین جن حضرات کے دامن توجہ سے وابستہ تھین اُن کی نظرین رنگین الفاظ۔ مبالغہ آمیز استعارات کو ڈھونڈھتی تھین نعت کی سادگی مین کچھ لطف نہین تھا اور سچ تو یہ ہے کہ نعتیہ کلام کی طرف میلان کی کوئی وجہ بھی نہین تھی

اُس مین وہ مضمون ہی نایاب تھے جن مین مقناطیسی کشش ہو۔ایک فلاسفر کا مقولہ ہے کہ کلام مین کشش ہونا چاہیے قدر دان خودبخود پیدا ہو جاتے ہین۔

حضرت محسنؒ کے نعت کے رُجحان کو فیض مبدا فیاض اور اُس خواب متبرک کا اثر کہنا چاہیئے۔جو اُنھون نے لڑکپن مین دیکھا تھا اور جسکی مسرت کا جوش ابتدا اُنکی شاعری کا ہوا۔

ازل مین جب ہوئین تقسیم نعمتین محسنؔ　　　کلام نعتیہ رکھا مری زبان کیلئے

اُنکی ذہانت و نازک خیالی حُسن و عشق کے صحن کو محدود سمجھکر ان کو اس وادیِ مقدس مین لیگئی جسکی وسعت کی انتہا ہی نہ عجائب و لطائف کا شمار۔اُنھون نے شاعرانہ شوخی کو گستاخانہ و خلاف ادب الفاظ سے بچا کر متانت سنجیدگی و نفاست کے ساتھ نعت گوئی مین صرف کیا اور مدح آنحضرت صلعم مین جو کچھ لکھا شوق و اشتیاق نے ادب کے ہاتھون سے لیا حُسن قبول و شہرت عام نے اپنے دلمین جگہ دی،ہندوستان مین شعرا کو ایسا قبولیت کا خلعت کم نصیب ہوا ہو گا کہ سخن فہم کلام کو بطور تحفے کے شہر بشہر لیے پھرتے تھے۔اور طبع ہونے سے پیشتر اشاعت عام ہو جاتی تھی۔

امرا و رؤسا کی شان مین قصائد و قطعات تہنیت نہ لکھنے کے دو سبب سمجھ مین آتے ہین۔اول یہ کہ خداے تعالی نے کلام نعتیہ کی برکت سے اُنکو صاحب ثروت و جاہ کیا تھا۔وہ جو کچھ لکھتے تھے خلوص نیت و حُسن عقیدت سے کسی دُنیاوی دربار سے صلے کی خواہش تھی نہ قدر دانی کی آرزو۔دوسرے یہ کہ اُن کی طبیعت بیہودہ جھوٹی خوشامد سے متنفر تھی۔چنانچہ فرماتے ہین۔

سوا تیرے کسی کی مدح کرنا جنکا شیوا ہے　　　یہ سچ ہی وہ لیے پھرتے ہین جھوٹا قفل ابجد کا

یہ خواہش ہی کرون مین عمر بھر تیری ہی مداحی　　　نہ اُٹھے بوجھ مجھ سے اہل دنیا کی خوشامد کا

اس کلیات مین راقم حروف نے جسکی چشم عقیدت کا بزرگون کی ہر بات سرمہ ہے بعض احباب کے اصرار سے مختصر حال جناب والد مرحوم کا اور فٹ نوٹ مین بعض اشعار مشکل کا حل کہین کہین احادیث و آیات قرآنی مع ترجمہ اضافہ کر دیے ہین۔ جو حضرات اس کلام سے حظ حاصل فرمائین جناب والد مرحوم کو فاتحہ خیر سے یاد فرمائین اور خاکسار و برادر عزیز مولوی محمد انوار الحسن سلمہ کے حق مین دعا فرمائین کہ ارحم الراحمین حضرت محسن مرحوم کی تمام خوبیان ہم دونون بھائیون کو عطا فرمائے۔

محمد نور الحسن وکیل مین پوری

مختصر حال

خاندان

فخر اسلاف گرامی حضرت محسن کاکوروی سیّد علوی تھے۔ اُنکا سلسلۂ نسب یہ ہی۔ مولوی محمد محسن ابن مولوی حسن بخش۔ ابن مولوی حسین بخش (شہید) بن حضرت شاہ میر محمد قلندر۔ بن شاہ محمد کاشف۔ بن حافظ خلیل الرحمن (شہید) بن سیّد عبدالرحمن۔ بن حافظ غلام محمد۔ بن سیّد سیف الدین۔ بن سیّد ضیاءاللہ بن مخدوم عبدالکریم۔ بن حافظ شہاب الدین۔ بن حضرت مخدوم نظام الدین قاری (عرف شیخ بھیکہ کاکوروی) بن قاری امیر سیف الدین۔ بن قاری حبیب اللہ نظام الدین (المعروف بہ امیر کلان) بن قاری امیر نصیر الدین دلیل اللہ۔ بن قاری محمد صدیق (المعروف بہ ابو محمد خافی) بن قاری عبداللہ بن قاری عبد الصمد۔ بن قاری امیر شمس الدین۔ بن قاری عبدالمجید (دربان آستانۂ رسول اللہ صلعم) بن حاجی سلطان حسین بن قاری امیر ابراہیم (نبیسہ و خلیفہ سیّد عبدالرزاق خلف و خلیفہ حضرت غوث الثقلین شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہما) بن قاری سلطان عبداللطیف۔ بن قاری امیر عبداللہ بن مولانا شمس الدین صابری بن قاری مجید الدین (خافی) بن قاری امیر سلیمان۔ بن مولانا وجیہ الدین احمد۔ بن قاری محمد۔ بن قاری احمد۔ بن علی۔ بن محمد الحنفیہ۔ بن اسداللہ الغالب حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہ۔

اُنکے اجداد آستانہ رسول اللہ وارض مقدس حجاز سے جدا ہو کر قصبہ صحرام (توابع خواف) مین جو بغداد و ممالک خراسان کے وسط مین واقع ہی آباد تھے۔ قاری محمد صدیق (المعروف بہ ابو محمد خافی) اِس خاندان مین اوّل شخص ہین جنھون نے ہندوستان کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے زیب و زینت دی۔

اور قاری امیر سیف الدین نے عہد سلطنت سکندر یا ابراہیم لودی مین قصبۂ کاکوری ضلع لکھنؤ مین بود و باش اختیار کی۔ انکی اولاد کا وطن مالوف اسوقت تک یہی قصبہ ہے۔

بزرگون کا مختصر حال

قاری امیر سیف الدین کے باکمال صاحبزادے حضرت مخدوم نظام الدین قاری جامع علوم ظاہر و باطن تھے۔ زہد و تقوے اُن کا اِس مرتبہ کا تھا کہ صاحب تذکرۃ الاصفیا نے اُنکو "امام اعظم ثانی" کے لقب سے یاد کیا ہے اُنکے فضائل و کمالات بالتفصیل مُلا عبدالرشید ملتانی نے کتاب زاد الآخرۃ مین اور حضرت شاہ تراب علی قلندر رہ نے کشف المتواری فی احوال نظام الدین القاری مین تحریر فرمائے ہین۔ اور مُلّا عبدالقادر بدایونی نے منتخب التواریخ مین بزمرۂ علماء عہد اکبری اور مولوی وجیہ الدین اشرف نے بحر ذخار مین اُنکے علم و عمل فضل و کمال کے حالات حوالۂ قلم فرمائے ہین۔ یہان اعادہ کی ضرورت نہین ہے۔

حضرت مخدوم نظام الدین قاری سے جناب محسن تک بارہ پشتین گزرین جنکو سلسلۃ الذہب سے تعبیر کرنا کچھ بیجا نہوگا کیونکہ ان مین سے دو[1] بزرگون نے مرتبہ شہادت پایا تین[2] کو نعمت حفظ کلام مجید۔ اور چھ[3] دولت لازوال الفقر فخری سے ممتاز زاہد و عابد تارک دنیا ہوے اور حلیہ علم و فضل صلاح و دانش زہد و تقوے سے توسب ہی آراستہ تھے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

مولوی حسین بخش

مولوی حسین بخش جنکے سایۂ عاطفت مین محسن رح نے ابتداے تعلیم و

---

[1] یعنی حافظ خلیل الرحمن و مولوی حسین بخش۔

[2] حافظ شہاب الدین۔ حافظ غلام محمد۔ حافظ خلیل الرحمن۔

[3] حافظ شہاب الدین۔ مخدوم عبدالکریم ملا ضیاء اللہ۔ حافظ غلام محمد شاہ محمد کاشف۔ شاہ میر محمد قلندر رہ

تربیت پائی سنہ ۱۲۰۳ھ میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد حضرت شاہ میر محمد قلندرؒ کے مرید اور صاحب ارشاد و اجازت تھے۔ ابتداءً کسب معاش کے شوق میں سرکار انگریزی کی ملازمت کی لیکن جب ملازمت کی قیدیں مطالعۂ کتب علوم و فنون و مشغلۂ تالیف و تصنیف میں خلل انداز معلوم ہوئیں تو ۲۴ ر اکتوبر سنہ ۱۸۴۰ء کو عہدۂ منصفی سے کنارہ کش ہوئے۔ اور بقیہ زندگی اذکار و اشغال خاندانی و تالیف و تصنیف کے نذر کر دی۔ اُنکی تالیفات سے نفحۃ الہند (بزبان عربی بطرز نفحۃ الیمن) آثار باقیہ (در علم الاعداد) ضروریات الادبا (در صنایع و بدایع علم ادب عربی) اختلاف البصریین والکوفیین (در علم نحو) اور دستور الکمالات (در صنایع و بدایع علم ادب فارسی) یادگار ہیں۔ ۲۹ جمادی الاولےٰ سنہ ۱۲۵۸ھ کو بمقام رسول آباد ضلع اٹاوہ ایک ظالم کے ہاتھ سے عین حالت نماز میں شہید ہوئے اور بہ برکت اسم مبارک حضرت شہید کربلا حیات جاوید حاصل کی حضرت شاہ تراب علی قلندرؒ نے۔

"سر دشمن بریدہ گفت تراب" "سنہ ۱۲۵۸ھ" سال رحلت "شہید اکبر گشت" تاریخ شہادت لکھی۔ والد مرحوم نے اُن کا مزار اٹاوہ میں بنوا دیا ہے۔ اور اراضی متعلقۂ مزار مدرسہ اسلامیہ اٹاوہ کو اس شرط سے وقف کر دی ہے کہ کمرہ متصل مزار صرف درس کلام مجید کے کام میں لایا جائے۔

مولوی حسن بخش

حضرت محسن کے والد ماجد مولوی حسن بخش ۲۳ ر صفر سنہ ۱۲۲۱ھ کو پیدا ہوئے انکے مفصل حالات ایک قطعۂ تاریخ میں نظم ہیں۔ جو اُنکے لوح مزار پر بمقام صحن عیدگاہ مین پوری کندہ ہے اور جسکی نقل اس کلیات کے قطعات تاریخ میں شامل ہے۔ اُنکی ایک ضخیم کتاب تفریح الاذکیا فی احوال الانبیا جس میں حضرت آدمؑ سے آنحضرت سرور کائناتؐ تک مفصل حالات درج ہیں۔ عرصہ ہوا شائع ہو کر

مقبول عام ہوچکی ہے۔ آپ کی ٹھمریان بوزبان زدخاص وعام ہین آخر کتاب مین درج کیگئی ہین۔ وہ دو باکمال صاحبزادے مولوی محمد محسن و مولوی محمد احسن[1] کو خوش اقبال چھوڑکر ۱۹ رجمادی الاول سنہ ۱۳۱۰ھ کو رحلت کرگئے۔

والد مرحوم کی تعلیم و تربیت

حضرت محسن سنہ ۱۲۴۲ھ مین بمقام کاکوری پیدا ہوے۔ سات سال کی عمر سے اپنے جد بزرگوار مولوی حسین بخش شہید کے سایہ عاطفت مین پرورش پائی

---

[1] مولوی محمد احسن مرحوم چھوٹے بھائی تھے۔ دونون بھائیون مین جو محبت تھی اُسکی نظیر اس زمانے مین نایاب ہے۔ والد مرحوم نے شفاعت و نجات کے آخر مین اُنکا ذکر کیا ہے۔ اور اُن سے ملاقات کی خواہش دلی کو بڑی خوبی سے ظاہر کیا ہے۔

مولوی محمد احسن سنہ ۱۲۴۹ھ مین پیدا ہوے منظور احمد تاریخی نام تھا۔ بڑے بھائی سے تعلیم و تربیت پائی۔ ابتداءً مختلف سرکاری عہدون پر رہے جب سب ججی سے پنشن لی ریاست بھوپال مین منجانب گورنمنٹ انگریزی نائب وزیر دیوانی و فوجداری مقرر ہوے۔ ۸ ربیع الآخر سنہ ۱۳۰۹ھ کو بمقام کاکوری بعارضہ بخار رحلت کی۔ مولوی شاہ عبد الصمد مرحوم مغفور مقیم قصبہ پھپھوند نے آیت قرآن شریف سے مادہ تاریخ نکالا وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَحْسَنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ وہ کبھی کبھی شعر کہتے تھے کلام کا نمونہ یہ ہے

کہنے والون نے ہنسی کی خال ابرو نے مار ڈالا رہ گئے وہ جو بات کی ہنسی کی جاتی رہی رسم دل لگی کی
اُسکے جو جی مین تھی وہی کی ہمنے وہ کیا جو اُسنے چاہا دلنے مرے ساتھ دشمنی کی تجھے دشمن کو دوست سمجھا
کچھ ہمسے کہو تو اپنے جی کی احسن کیون چپ ہو گئی ہے یا صدری ملی ہمکو سوزنی کی سینہ ہوا تیر سے مشبک

ایضاً

ہم ہین تری محفل مین گنہگار کی صورت گلزار مین رہتے ہین گرفتار کی صورت
رونے پہ مرے کہتے ہین کیا اب لین گے اقرار بھی کرتے ہین تو انکار کی صورت
ابرو کی کجی اور ہے گیسو کی کجی اور چھپتی ہے کہین کافر دیندار کی صورت
احسن یہ تمنا ہے دلی ہے کہ دم نزع مین آنکھ سے دیکھون شہ ابرار کی صورت

اُنکی تعلیم ابتدائی جس طرز سے ہوی اُسکو دیکھکر پیران کہن سال کا تجربہ پیشین گوئی کر چکا تھا کہ یہ بچہ صاحب کمال ہوگا۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ ٹینس فٹ بال کرکٹ کا نام بھی سننے مین نہین آتا تھا۔ عوام کے بچے گیڑی اور گولی کھیلتے اور شرفا کے لڑکے پتنگ بازی کی دوڑ دھوپ سے ریاضت کے فوائد حاصل کرتے تھے اُنکی پتنگ بازی عملی طریقے سے مذہبی خیالات مذہبی اصول کے دل پر نقش کا نقش بنانے کا ذریعہ تھی۔ تین چار بجے شب سے اُٹھکر نماز تہجد پڑھنا اور تلاوت کلام مجید کے بعد درود شریف پڑھکر ڈور پتنگ پر دم کرنا اس خیال سے کہ اوراد و وظائف کے اثر سے پتنگ نہین کٹے گا۔ مذہبی عقیدت کے رگ و پے مین سرایت کرنے کا ذریعہ تھا۔ عمر بڑھنے کے ساتھ پتنگ بازی کا شوق زائل ہوتا رہا اور شب بیداری و یاد خدا کی عادت محمود نے طبیعت ثانیہ بن کر زندگی بھر ساتھ دیا۔

شاعری کی ابتدا

نو سال کی عمر تھی۔ شب کو اپنے جد امجد کے پہلو مین سوتے تھے۔ خواب مین زیارت جمال مبارک حضرت محبوب خدا صلعم سے مشرف ہوے۔ اس خواب کا حال فارسی عبارت مین ایک مجموعہ قلمی کے صفحہ اول پر اسی زمانے کا لکھا ہوا ہے جسکو مین بجنسہ نقل کرتا ہون۔

بقیہ فٹ نوٹ صفحہ گزشتہ

ایضاً

نوح کے طوفان کی ہے لہر اپنے ہر آنسو مین آج — طفل اشک آیا ہی دریا کو لیے چُلّو مین آج
سب نماز و روزہ احسن رکھدیا بالائے طاق — سر جھکایا مین نے محراب خم ابرو مین آج

ایضاً

سر کی خواہش ہے کہ ہو جائے ترا نقشِ قدم — پاؤن کہتے ہین کہ آنکھون سے چلین سر کی طرح
نیک و بد دونون ہین سرکار جنون مین مقبول — کانٹے اس باغ کے بکتے ہین گلِ تر کی طرح

"شبے کہ صبح آن روز جمعہ تاریخ نہم ذیقعدہ ۱۲۸۵ھ بود بعمر نہ سالہ و چند ماہ در کنار جد بزرگوار خود بمقام اٹاوہ در خواب دیدم کہ بصحرا سے ہمراہ جد بزرگوار خود دست گرفتہ بطرفے می روم۔ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و علےٰ آلہ و اصحابہ وسلم تشریف می آرند۔ بدست مبارک ایشان تسبیح ست کہ دانہاے کلان و سیاہ دارد پس دست من و جد بزرگوار من گرفتہ بمکان پر نور و باصفا بردند و بقبلہ نشانیدہ اول۔ جد بزرگوار را مرید کردند۔ بعد ازان مرا بہ مریدی گرفتند۔ متوجہ بسوی رستم[1] شدہ دست و پا لیش شستہ مسلمان کردندی خواستند کہ او را نیز مرید نمایند۔ فاما اتفاق نیفتاد بعد ازان بیدار شدم و خود را بکنار جد امجد خود یافتم و شکریہ این بشارت ادا کردم"

اس خواب کو فارسی مین نظم کیا تھا فرماتے تھے کہ وہ سب سے پہلی نظم تھی جو اس متبرک خواب کی خوشی مین مین نے لکھی تھی۔

---

[1] رستم کو مولوی حسین بخش مرحوم نے پرورش کیا تھا۔

بقیہ فٹ نوٹ صفحہ گزشتہ

آرزو ہے یہی دل کی کہ دم مرگ احسن ۔۔۔ جلوۂ روے خدا بھی ہو پیمبر کی طرح

تاریخ مثنوی صبح تجلی

از معجزات نظم کسانیکہ منکر اند ۔۔۔ احسن کلام حضرت محسن ندیدہ اند
صد بار خواندہ اند ہزار آفرین برد ۔۔۔ روزی کہ آب و رنگ سخن آفریدہ اند
اُستاد و ہم برادر و ہم قبلۂ من ست ۔۔۔ در بارگاہ فکر متش برگزیدہ اند
الختصر کہ سدرہ نشینان اوج فکر ۔۔۔ بر شاخ رفعتش ثمر نارسیدہ اند
این نسخہ را بدیدۂ انصاف بنگرند ۔۔۔ آنانکہ صاف و دُرد مضامین چشیدہ اند
سہیجہ شد آشکار کہ رنگین طبیعتان ۔۔۔ از بادہ ہاے وجد صبوحی کشیدہ اند

مولوی حسین بخش مرحوم کے جام شہادت نوش فرمانے کے بعد حضرت محسن اپنے والد ماجد مولوی حسن بخش کے ہمراہ مین پوری مین رہے۔ اور تحصیل علم مولوی عبد الرحیم اور اپنے والد سے کی۔

استاد

مولوی حامد علی اشک مرحوم انکے خالہ زاد ماموں ثقہ متقی پرہیزگار عالم با عمل تھے۔ کسب حلال کے شوق مین تصحیح کتب دینیات کا شغل مطبع منشی نولکشور لکھنؤ مین اختیار کیا تھا۔ انکی تالیفات مین شرح منظوم چہل حدیث (مرتبۂ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی) مقبول خاص و عام ہی حضرت اشک طبیعت رنگین اور سنجیدہ مذاق سخن رکھتے تھے تحقیقات لفظی و اصول شاعری پر عبور کامل تھا۔ والد مرحوم نے ابتدا سے کلام انکو دکھایا۔ ایک فارسی خط کے ساتھ قطعۂ ذیل بغرض اصلاح استاد کی خدمت مین بھیجا تھا چونکہ یہی قطعہ صرف نمونہ اُس کلام کا ہے جو اصلاح کے واسطے روانہ کیا تھا لہذا نقل کیا جاتا ہے۔

بقیہ فٹ نوٹ صفحۂ گزشتہ۔

جوشِ بہار حسن معانیست در نظر — بیتاب اضطراب دلِ آرمیدہ اند
از خویش رفتگان بہار گلِ سخن — در راہ شوق آمد مضمون ودیدہ اند
زآب صفای بندش و ترکیب دلکشا — بر صفحہ نگاہ خود آئینہ چیدہ اند
از ہوش طالبان بہار آشنا مپرس — دیوانگانِ صبح گریبان دریدہ اند
تاریخ سال او زلسان سروش غیب — صبح بہار آمد مضمون شنیدہ اند

۱۲۸۶ھ

تاریخ چراغ کعبہ

محسن کہ بہار لفظ و معنی — در گلشن طبع اوست گلچین
با اوجِ دماغش از ثریا — بگذشت گداز شمع بالین
آئینہ فکرتش صفا خیز — نیرنگِ خیال حیرت آئین

قطعہ

دوش کج بحثے بمن این ماجرا از حسرت گفت
کاین ہمہ سودائے خام شعر گفتن الٰہی ست

خوردن خون جگر مضمون رنگین بستن ست
ناشتائے لخت دل مقصود لفظ شاعری ست

مصرع تر در ادائیماے تیغ آبدار
بیت کامل ہم نیام ذوالفقار حیدری ست

کن قبول از نکتہ گویم ز راہ دوستی
مرد این ہنگامہ نتوان شد کہ با خود دشمنی ست

گفتمش من ہم ز شور بحر مواج سخن
چون لب ساحل ہمہ تن چشم طبع از بس مبتدی ست

لیکہ نتوان ناامید رحمت یزدان شدن
کاآیۂ لاتقنطوا برہان لطف ایزدی ست

گو نباشد جادہ جز بردم این ذوالفقار
رہ بمنزل میتوان بردن اگر ہادی علی ست

حضرت اشک کی وفات کے بعد کسی سے اصلاح نہیں لی۔

بقیہ فٹ نوٹ صفحۂ گذشتہ۔

این مثنوی عجیب بنوشت
در شان عروج سرور دین

بر ہر خم خامۂ نیازش
صد بار ادب نمود تحسین

رنگ شب اگر ز کلک او ریخت
ہر نقطہ گرفت شکل پروین

در وصف بہار اگر سخن گفت
از شاخ قلم شگفت نسرین

از مدحت انبیا عیان کرد
صد معجزہ در نگاہ حق بین

برداشت پئے دعا اگر دست
شد ورد لب فرشتہ آمین

ترکیب لطیف و طرز نازک
معنی نمکین و لفظ شیرین

اولے ہر بعد او ز ہر قبل
اعلیٰ و متینش از نخستین

از لفظ فسردہ گفت برخیز
از معنی تازہ گفت بنشین

تا عرش برین عروج الفاظ
تا سدرۂ بلندی مضامین

احسن بنویس بہر تاریخ
معراج خیالہائے رنگین

ملازمت وکالت مین پوری مین چند روز عہدۂ نظارت پر کام کیا۔ خدا داد قابلیت سے حکام ضلع رضامند رہے۔ بعض حکام و اکثر احباب کی تحریک سے وکالت ہائیکورٹ کا امتحان دیکر کامیابی حاصل کی۔ اُس زمانے مین صدر دیوانی عدالت آگرہ مین تھی بعد کامیابی کے آگرہ مین قیام فرمایا۔

منصفی آگرہ مین قانونی لیاقت کا ایسا سکہ بیٹھا تھا کہ ایک مرتبہ صدر دیوانی کے حکام نے بغیر خواہش و استمزاج کے تمھارا منصب مقرر کر دیا۔ اُنکی باریک بینی و نازک خیالی اہم قانونی مسائل پر عبور کر چکی تھی۔ وکالت کی دن دونی رات چوگنی ترقی رؤسا و حکام کی قدردانی نے حوصلے وہمت کو ایسے بلند مرتبے پر پہونچا دیا تھا کہ ججی و سب ججی کے عہدے بھی آزادی مین خلل انداز نظر پڑتے تھے۔ اُسپر طرہ یہ تھا کہ حضرت مظفر علی شاہ و حکیم نورالدین مرحوم کے یہان کی رنگین با کیفیت صحبتین جو اُنکے مذاق طبیعت کے مناسب تھین سوائے آگرے کے دوسری جگہ محال تھین۔ لهذا اُنھون نے بشکر گزاری تمام عہدۂ منصفی کے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

بقیہ فٹ نوٹ صفحۂ گزشتہ

ایضاً

آن تازہ نمائے طرز کہن اُستاد و برادر محسن من
اوصاف تش خارج حد سخن الطاف کرن تر انداز خیال

تا چرخ ترقی رفعت او تا مہر تجلی فطرت را
تا سدرہ بلندی فکرت او تا عرش برین تگ و تاز خیال

در جستن معنی ہائے بعید آغاز طلب انجام طلب
در بستن مضمونہائے جدید انجام خیال آغاز خیال

بنوشت رسالۂ ہوش بادر ذکر معارج خیرورا
ہر لفظ کرامت فہم رسا ہر معنی نو اعجاز خیال

مضمون حدیث متواتر ہمہ بصدق بیان ظاہر
ہر خار خس چمن خاطر بردشت صفا پرداز خیال

ہر بیت خلاصہ بیت ارم ہر نکتہ شگوفۂ شاخ قلم
ہر حرف سعادت بخت رقم ہر مضمون پایۂ ناز خیال

تاریخ بطرز جدید احسن خوش گفت فرشتۂ فکرت من
معراج پیمبر پاک سخن۔ معراج فلک پرواز خیال
۱۳۰۱ھ

حوادث گاہ عالم مین ایک حالت سے زندگی بسر کرنا خوشگوار ہو یا نہ ہو ۱۸۵۷ء
محال اور ناممکن ضرور ہے۔ جب ۱۸۵۷ء کی بھڑکتی ہوئی آگ کا اثر آگرہ تک
پہونچا تو اُس نے اُن کے خرمن اطمینان کو سوخت کر دیا کبھی تو ذہن مین آتا تھا
کہ کچھ ہو تن بتقدیر آگرے مین بسر کرنا چاہیئے اور کبھی یہ خیال گزرتا تھا کہ جسطرح
ممکن ہو مع اہل و عیال کے کاکوری پہونچنا چاہیئے۔ احباب سے مشورہ کیا تو
سب نے بالاتفاق وطن جانے کی صلاح دی سفر کا انتظام شروع ہو گیا تھا اور
ارادہ روانگی مین تصمیم ہو چلی تھی مگر تاریخ روانگی مین عرصہ تھا کہ ایک روز شام
کو محلے کے غارت ہونے کی خبر عام ہوئی اور تین بجے شب کو آگرے کو الوداع
کہتے ہوے کاکوری کی جانب روانہ ہوے بمنزل بمنزل اُن مقامات کو بچاتے
ہوے جہان بغاوت پھیلی ہوی تھی۔ اکیس بائیس روز مین کاکوری پہونچے۔ چند
روز بعد فرو ہونے شورش غدر کے مین پوری تشریف لائے اور یہان مستقل
قیام کر کے وکالت کے آزاد پیشہ کو رونق دی۔

بقیہ فٹ نوٹ صفحۂ گزشتہ

خمسہ بر غزل حضرت محسن رح

کسی منکر کی نہ انکار و ادا چلتی ہے ۔۔۔ کسی طالب کی نہ تسلیم و رضا چلتی ہے
نئی چالین مرے قاتل کی ادا چلتی ہے ۔۔۔ دشمن و دوست پہ شمشیر جفا چلتی ہے
آج کچھ اور ہی مقتل مین ہوا چلتی ہے

چال سیدھی جو زمانے کی ادا چلتی ہے ۔۔۔ کجروی پھر فلک پیر کی کیا چلتی ہے
دیکھیے اب رہِ اُلفت مین وفا چلتی ہے ۔۔۔ گل و بلبل کو لیے ساتھ صبا چلتی ہے
کچھ عجب رنگ کی گلشن مین ہوا چلتی ہے

تھے جو عشاق ترے عقل و خرد کو کھوئے ۔۔۔ باہمی رشک سے جبتک جئے جی بھر روئے

وکالت کی حالت

اُنکی خوش بیانی خوبی تحریر نازک خیالی عالی دماغی کی شہرت تھی۔حکام اُنکی تقریر کے ہر ہر لفظ کو بغور سنتے تھے۔آواز کی خستگی سے تقریر مین ملائمت کا لطف دوبالا ہو گیا تھا۔جس قانونی مسئلے پر بحث کرتے تھے یہ معلوم ہوتا تھا کہ جس پہلو کو وہ اختیار کرتے ہین اسی کا لحاظ کر کے ممبران لیجس لیٹو کونسل نے الفاظ قانونی رکھے ہین۔جس بات نے اُنکی شہرت کو معراج کمال تک پہونچایا وہ اُنکی دیانت داری راستبازی صفائی معاملت تھی کہ فریق مخالف بھی طرز عمل پر کبھی حرف زن نہین ہوسکا۔صوبے کے حکام خاص عزت و وقعت کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور ضلع کے یورپین حکام بھی دوستانہ طریقے سے ملاقات کے لیے آتے تھے۔

ترک مشاغل دُنیاوی

برادر عزیز مولوی انوار الحسن سلمہ اللہ و راقم حروف کی کامیابی امتحان ایل ایل بی کے بعد مقدمات کی پیروی اور کچہری کی آمد و رفت کا سلسلہ موقوف کر دیا تھا۔کبھی کبھی احباب رؤسا کے اصرار سے مجبور ہو کر اُنکے معاملات مین مشورہ دیتے تھے لیکن انتقال سے تین سال بیشتر شغلہ وکالت و کاروبار زمینداری سے

بقیہ فٹ نوٹ صفحۂ گزشتہ

جین سے بعد فنا بھی نہ لحد مین سوئے ۔۔۔ نوکِ مژگان کے تصور نے یہ کانٹے بوئے

کہ چھری آج میانِ شہدا چلتی ہے

کیا بُری گزری مری عمر گرامی اوقات ۔۔۔ کٹ گئی باتون ہی باتون مین جوانی کی رات

یہی دو چار نفس اور ہین باقی ہیہات ۔۔۔ جھلملاتی نظر آتی ہے مجھے شمع حیات

صبح پیری سے عیان بادِ فنا چلتی ہے

کون کہتا ہے کہ تھوڑی بہت طاقت ہے ۔۔۔ غش پہ غش آتے ہین واللہ کیفیت ہے

کیسی امید فقط یاس ہے اور حسرت ہے ۔۔۔ اے مسیحا ترے بیمار کی یہ حالت ہے

قطعاً بے تعلقی اختیار کر لی تھی۔ حضرت محی الدین ابن عربی کی فصوص الحکم اکثر مطالعے میں رہتی تھی اور حصن حصین کا روزانہ ختم پڑھتے تھے۔

مولوی حسین بخش مرحوم نے اپنے دادا سے بیعت کی تھی۔ چونکہ انکی تنہا بیعت ایسے وقت میں ہوی جو انکا سن رشد بھی نہیں تھا لہذا حضرت شاہ کرامت علے قلندر سے تجدید بیعت کی پیر و مرشد کی حیات میں جو کچھ خدمت خلوص عقیدت سے کی ہو اُسکا حال معلوم نہیں ہے مگر وفات کے بعد انکا خوشنما مزار کا کوری میں بنوا دیا اور عرس کے لیے ایک رقم معقول ہر سال نذر کرتے تھے۔

حضرات مندرجۂ ذیل اکثر بغرض اصلاح کلام بھیجتے تھے۔ مولوی محمد احسن احسن مرحوم منشی عبدالمجید سحر مرحوم۔ مولوی نعیم الدین نعیم مرحوم۔ منشی عبدالوحید تیز رنگ سلمہ اللہ۔ مولوی احسن اللہ خان ثاقب سلمہ اللہ۔ مولوی رضی علی اخگر سلمہ اللہ

بقیہ فٹ نوٹ صفحہ گزشتہ

نہ دوا چلتی ہے اُسپر نہ دعا چلتی ہے

کوئی لایا تو نہیں کھینچ کے احسن بالجبر ۔۔۔ دو گھڑی اور ابھی تنہائی پہ کرنا تھا صبر

آنے دیتے انھیں جسکے لیے آتا ہے ابر ۔۔۔ حشر میں آئے عبث چھوڑ کے نہ خانہ قبر

کیا خبر تھی کہ ابھی گرم ہوا چلتی ہے

گرچہ تنہائی سے ہے وحشت خاطر لیکن ۔۔۔ ایسی آفت میں نکلنا بھی تو ہے نا ممکن

دھوپ اُتر جائے خدا کیلئے ڈھلجائے دن ۔۔۔ کیوں نکلتے ہو ابھی کنج لحد سے محسن

حشر کا دن ہے بہت گرم ہوا چلتی ہے

نوٹ مولوی محمد احسن مرحوم کا۔ قاعدہ زبر بان جسمیں خاص عمل سے لفظ احد احمد سے اور احمد احد سے ظاہر ہوتا ہے بلکہ ہر لفظ سے احد و احمد نکلتا ہے بہت مشہور ہے میں اُسکو نقل کرتا ہوں۔

اسے خلوتیان پردۂ راز ۔۔۔ گوشے کہ چہ میدہد صدا ساز

وفات

۴ر اپریل ۱۹۰۵ء کو پھر حال کبدی ہو گیا تھا اشتہا بالکل ساقط تھی۔ علاج ومعالجہ سے افاقہ نہین ہوتا تھا طبیعت روز بروز خراب ہوتی چلی گئی۔ ۲۳ر اپریل ۱۹۰۵ء روز یکشنبہ کو بعد نماز ظہر ارشاد فرمایا کہ اب ہمارا آخری وقت ہے تجہیز وتکفین کی تیاری کرو کل کوچ ہے" بعد نماز مغرب جب راقم حروف وبرادر عزیز مولوی انوار احسن سلمہ اللہ بہمراہی دیگر خدام کے ہاتھ پاؤن سہلاتے تھے۔ خاکسار کی طرف مخاطب ہو کر ارشاد فرمایا کہ حدیث شریف مین مبطون کو درجہ شہادت نصیب ہونے کا حکم ہے اسکا حال مفصل کسی کتاب سے نکالکر پڑھو۔ خاکسار نے درمختار سے باب الشہید نکالکر سنایا سنکر سکوت فرمایا شب کو مرض مین اشتداد ہوا۔ دوشنبہ ۱۸ر صفر ۱۳۲۳ھ مطابق ۲۴ر اپریل ۱۹۰۵ء کو علی الصباح ارشاد فرمایا کہ "اب ہمارا کوچ ہے" یہ کہکر یاد حق مین مشغول ہوئے پاس انفاس جاری تھا حالت تلقین مین ہر بار بطریق استشہاد لا الہ پر انگشت شہادت اٹھاتے تھے۔ اسی حالت مین دس بجے دن کو

بقیہ نوٹ صفحۂ گزشتہ

اعراض وجواہر انچہ بود ست — آئینۂ وحدت وجود ست

رنگین چمن جہان دانیہ — رنگے بود از بہار تنزیہ

ہر قطرہ بساط بحر بردوش — ہر ذرہ بہار مہر در جوش

در عالم وحدت آشنائی — تاج سر بیگی خدائی

آرے ز دل حقیقت آگاہ — خوش گفت ہر آنکہ گفت واللہ

خاصان خدا خدا نباشند — لیکن ز خدا جدا نباشند

اینک سرِ اِنّی از سروشم — در گوش رسید و برد ہوشم

پیدا شود از نواے این نے — احمد مثل احد ز ہر شے

بیش نظرت ظہور گیرد — احمد ز احد احد ز احمد

اس عالم فانی سے عالم جاودانی کو رحلت کی انا للہ وانا الیہ راجعون۔ قطعات تاریخ بکثرت لکھے گئے ہین۔ جناب مولوی حکیم الدین صاحب نائب وزیر ریاست بھوپال نے عربی عبارت مین بیمثل مادہ تاریخ لکھا "ادخلہ مالک الملک فی الفردوس" اور منشی زین العابدین فرجاد سلمہ اللہ نے آیت قرآن شریف سے مادہ تاریخ نکالا ہے "انہ فی الآخرۃ لمن الصالحین"۔ مزار بمقام مین پوری متصل مزار مولوی حسین بخش مرحوم کے ہے۔

خاص حالات وطبعی عادات

والد مرحوم میانہ قد گندمی رنگ چہرے پر چند داغ چیچک کے تھے اور وہ بھی ایسے کہ بہت غور سے چہرے پر نظر ڈالی جائے تو دکھائی دین۔ چہرہ گول پیشتر خشخشی ڈاڑہی رکھتے تھے اور خضاب کرتے تھے۔ چند سال سے ڈاڑھی بڑھالی تھی خضاب ترک کر دیا تھا۔ ہر معاملے مین متانت وسنجیدگی سے کام لیتے تھے

ل منشی احمد علی شیون مرحوم نے خستگی آواز کا شفاعت و نجات کی تاریخ مین اسطرح ذکر کیا ہے

نہین آواز خستہ بلکہ ہر اک لفظ کہتا ہے — کہ گر نکلون ترے لب سے تو پھر جاؤن کہان محسن
مگر توصیف ختم الانبیا نے یہ شرف بخشا — کہ تھی لکنت سے پیاری جیسے موسیٰ کی زبان محسن

بقیہ فٹ نوٹ صفحہ گزشتہ

پس ہر لفظے کہ خواہی ایجان — اعدادش کن چہار چندان
یک کم کن وضرب دہ بجارش — کن طرح بہشت وبرشمارش
بنیاد عمل بود ازینجا — یعنی پس طرح مابقی را
در سہ بزن وزیادہ کن یک — حاصل شود ت احد بلا شک
وز بہر حصول احمد آن را — زن در احد واحد بیفزا
بزنگر تو احسن آفرین باد — احسنت زمعنی آفرین باد

آواز مین نرمی و ملائمت خلقی تھی پینتیس[۳۵] سال سے معدے کے علاج مین کسی دوائے تیز نے حنجرہ کو خشک کردیا تہا آواز پڑگئی تھی۔ ایک مرتبہ گاڑی پر سوار تھے گھوڑے نے شرارت کی گاڑی سے کود پڑے۔ دست راست کی ہڈی اُکھڑ گئی تھی معالجہ سے ہڈی اپنی جگہ پر آگئی تھی۔ بے تکلف ہاتھ سے کام لیتے تھے۔ مگر ہاتھ کے بلند کرنے مین کسیقدر تکلیف محسوس ہوتی تھی۔

اطاعت والدین

اطاعت والدین مین وہ خود اپنی نظیر تھے اور لاتقل لہما اُف انکا طرز عمل تھا۔ تمام عمر مولوی حسن بخش مرحوم کی کسی رائے سے بھی اختلاف نہین کیا چنانچہ تفریح الاذکیا مین مولوی حسن بخش مرحوم نے بضمن تشریح باقیات الصالحین کے اپنے دونون صاحبزادون مولوی محمد محسن و مولوی محمد احسن کی صلاحیت و اطاعت و سعادتمندی کا ذکر فرمایا ہے

مزاج

ہر شخص سے بخندہ پیشانی ملتے تھے اور اُسی کا یہ نتیجہ تھا کہ تمام شہر اُنکو مربی و سرپرست و دلی خیرخواہ سمجھتا تھا۔ بلاقید مذہب و ملت ہر شخص کے درد دُکھ کے شریک ہوتے تھے۔ اور دامے درمے سخنے قدمے اعانت و ہمدردی مین دریغ نہین کرتے تھے۔ انکسار اُنکا جوہر طبعی تھا۔ عیب پوشی کا یہ حال تھا کہ ملازمون کارندون سے بھی اگر کوئی حرکت صریحی خلاف دیانت داری ظاہر ہوتی تو اُس سے چشم پوشی فرماتے تھے۔

بہ پیر میکدہ گفتم کہ چیست راہ نجات — بخواست جام مے و گفت عیب پوشیدن

وضعداری

پُرانی وضعداری اور ایشیائی مروت کا وہ بے مثل نمونہ تھے۔ جسمین حکمت عملی ضرورت وقت اور پالسی کا گزر نہ تھا جس شخص سے جو برتاؤ ہوجاتا تھا اسمین فرق

بقیہ فٹ نوٹ صفحۂ گذشتہ

دز بہر حصول احمد آن را — زان در احد داحد بیفزا

بر فکر تو احسن آفرین باد — احسنت ز منی آفرین باد

نہین آنے دیتے تھے۔ اکثر فرماتے تھے کہ "شکستن دلِ دوستان جہل ست و کفارہ
مین سہل" ایک فارسی خط مین جناب مولوی امجد علی صاحب مدظلہ العالی کو لکھتے ہین۔
"بیقین تصور فرمانید کہ رشتۂ محبت گرہے نمی خورد و سلسلۂ نیاز ننگ کوتہی۔ بر نمی
دارد انچہ بودم ہستم و ہر چہ ہستم خواہم بود نشئہ محبتے کہ داشتم دوبالا ست وہمان نیازے
کہ بود دوش بدوش تا زندگی تسلسل یابد"

لباس

سفید و صاف کپڑا پسند تھا قیمتی لباس پہنکر کبھی خوش نہین ہوتے تھے اور
سچ یہ ہے کہ اس کپڑے کے پہننے مین تکلیف ہی جسکی حفاظت کی فکر کرنا پڑے
فرماتے تھے۔ کہ مولوی حسین بخش مرحوم نے لڑکپن مین قیمتی کپڑے کی وقعت میرے
دل سے مٹا دی اپنے خدمتگارون کو بیش بہا لباس پہناتے تھے اور یہ کہتے تھے کہ
بیش بہا اور رنگین کپڑا اشرفا نہین پہنتے ہین۔ **لطیفہ** ۔ ایک روز تحصیلدار صاحب اٹاوہ
مکلف بیش بہا رنگین لباس پہنے ہوے مولانا حسین بخش کی ملاقات کو آئے مولوی صاحب
نے انکو سرفد تعظیم دیکر اپنے برابر بٹھا لیا۔ والد مرحوم اسوقت گو دین بیٹھے تھے کان مین
کہنے لگے کہ "تحصیلدار صاحب شریف نہین ہین آپ ان کو برابر کیون بٹھاتے ہین"

سخاوت

انکی سخاوت ضرب المثل تھی۔ احباب و اعزہ بلکہ غائبانہ دوستون کی اعانت
قرض لیکر کرتے تھے اور اسکو خفیہ رکھتے تھے۔

ارواح انبیا و بزرگونکی توجہ

جس زمانے مین مولوی حسن بخش مرحوم تفریح الاذکیا کی تالیف مین مصروف
تھے ایک شب انکو زیارت جمال مبارک حضرت یوسف علیہ السلام خواب مین
نصیب ہوئی حضرت یوسف علیہ السلام نے شیرینی دیکر ارشاد فرمایا کہ محمد محسن کو ہماری طرف
سے دیدینا" فقرا و کامل بھی متوجہ رہتے تھے غدر کے زمانے مین جب وہ آگرے سے
کاکوری جاتے تھے منہ مین چھالے پڑگئے جنکے سبب سے غذا بالکل ترک ہوگئی سفر مین اور سفر
بھی کیسا غدر کے زمانے کا حکیم نورالدین کہان جو دوا تجویز کرین اطمینان کسکو نصیب کہ

کہ دوا بنانے کی زحمت گوارا کرے مرض قدیم تھا تیسرے چوتھے مہینے دورے ہوا کرتے تھے اور حکیم نورالدین مرحوم کے معالجے سے صحت ہوتی تھی جو دوائین تیار رکھی تھین اضطراب کی حالت مین کس کو یاد رہ سکتی تھین کہ ہمراہ رکھ لیتا۔ بے آب و دانہ سفر کی صعوبت برداشت کرتے ہوے منزلین طے کر رہے تھے تین روز اسی حالت مین گزر گئے ایک مسجد مین جو لب سڑک واقع تھی بیٹھے ہوے تھے ایک صاحب دل درویش نے آکر ان سے بات چیت کرنا چاہی یہ بول نہ سکے اشارے سے جواب دیا تو درویش نے پوچھا کیا تم گونگے ہو۔ انھون نے اپنا مُنہ دکھایا اور اشارون سے چھالون کی تکلیف ظاہر کی۔ درویش چلے گئے۔ اور تھوڑی دیر کے بعد چند پتیان لا کر دین اور کہا کہ انکو چبا کر رال نکال ڈالو۔ ان پتیون کے استعمال سے فوراً تسکین ہوگئی۔ چھالونکی تکلیف دفع ہوئی شب بھر مین مرض بالکل جاتا رہا اور پھر تمام عمر اُس کی شکایت نہین ہوئی۔

رسائی ذہن

مولوی حسین بخش مرحوم جس زمانے مین دستورالکملا لات کا رسالہ علم معما مرتب کرتے تھے اوقات فرصت مین والد مرحوم کو علم معما کے اصول وضوابط سمجھاتے تھے۔ ایک روز ذہانت کی آزمائش کی غرض سے ایک مشکل معما حل کرنے کے واسطے دیا معما یہ تھا۔

معما باسم مرشد

کرم کن کہ ہر کس کہ دارد کرم　　کرم دار دش در جہان محترم

اُس زمانے مین جناب والد مرحوم کی عمر نو دس سال کی تھی باوجود کمسنی کے ان کی نازک خیالی نے اِس پیچیدہ معمے کو حل کر دیا۔ حل یہ تھا کہ دوسرے مصرع مین کرم داردش کو عربی مین پڑھین کرم دار دش یعنی شل رم کے دش بھی مقلوب ہوا)

بدیہہ گوئی

حضرت امیر مینائی مرحوم کو جب سراپاے رسول اکرم کی نقل بھیجی تو قطعہ ذیل اسیوقت لکھا تھا۔

گر دمش تحفہ پۓ خدمت خدّام امیر | کہ براوجِ سُخنش ہمّت سحبان نرسد
سخن آخر بود از بہر سخندان محسن | حیف بر جانِ سخن گر بسخندان نرسد

طبع اول مدح خیر المرسلین مین شعر ذیل تھا۔

صلاحیت طبع

ہاتھ اُٹھائے ہی مناجات کو ہر شاہ وگدا | سر جھکائے ہوے سجدے مین سلیمان ونمل

اِس شعر پر یہ اعتراض ہوا کہ نمل بمعنی چیونٹی کے بسکون میم ہے نہ بفتح میم اگرچہ اس اعتراض کا جواب بعض ذی علم شعرانے بڑی قابلیت سے لکھا اور شعرا کے واسطے ایسے اختیارات جائز ہونا ثابت کیے اور سند مین حضرت امیر خسرو دہلوی کے اِس مصرع کو پیش کیا جسمین کئی زبانون کے ہم معنی الفاظ جمع ہین۔

مور میان چونٹی نمل

فارسی ترکی اُردو عربی

لیکن والد مرحوم نے عجز شاعرانہ کو گوارا نہ فرما کر وہ شعر ہی قصیدے سے خارج کردیا۔

مولوی افضل علی مرحوم (کاکوروی) نے فارسی خطوط جو والد مرحوم نے اپنے احباب کو لکھے تھے جمع کیے ہین۔ خطوط راقم حروف کے پاس موجود ہین لیکن امتداد زمانہ کے سبب سے اُنکی حالت اِس قابل نہین ہے کہ مین اُن مین سے دو چار خط بھی ناظرین کی خدمت مین پیش کر سکون ایک خط جو راقم حروف کے نام کاکوری روانہ کیا تھا اور دوسرا خط جو شفیق مکرم مولوی احسن اللہ خان ثاقب کے نام بھیجا تھا اور جس کے ساتھ ثاقب سلمہ اللہ کے اصرار سے نقل خط موسومہ مولوی محمد امجد علی بلیغ مدظلہ العالی روانہ کی تھی اور تقریظ مخمس نعتیہ انداز تحریر نثر فارسی دکھانے کی غرض سے نقل کرتا ہون۔

خط[1]

بادا نور دانوار و اکرام بخیر[2] بہرہ عمر خضر وانجام بخیر

خرمن آرزوے دل دریا دشا برقہا درکمین دارد رحمتِ باری اطفای نائرہ اشتعالش باد۔ ابر دریا بار اشکلے چند بر زمین ریختہ ابخرۂ حارۂ ارضی را باہتزاز درآورد۔ موسم گرما گرم تر گردید و ہواے جہنم اثر وزیدن آغاز کرد ابرے کہ بر آسمان بنظر می آید چشم پر آبے بیش نیست ظاہرا آرزوے دیرینہ ام مہلتے دیگر میخواہد۔

خط

برخوردار سعادت پناہ رشادت دستگاہ مولوی احسن اللہ خان ثاقب سلمہ اللہ عمریست کہ از انفعال غفلت تحریر چون تحریر تازہ سراپا عرق بودم واز دیر فرستادن مکتوب مطلوب تبیچ وتاب نداستے برخود میفزودم بسبب آنکہ شدت امراض و نومیدی صحت در غفلتم نشانیدہ بود للہ الحمد تقاضا بر تقاضا آن یکرنگ صفاکدۂ اتحاد از طوفان عمم بکنار رسانید۔ واز پیچ وتاب گرداب ندامتم وارہانید۔ نقل یک صحیفۂ موسومۂ مولوی امجد علی صاحب۔ تلیغ کہ در زمانۂ قدیم ڈپٹی کلکٹر اٹیہ و مین پوری بودہ اند سیفرستم۔ شیشۂ خاطر بکیفیات سعادت و اقبال متضمن بنغمات محبت صادق دور بردۂ دل شکن باد۔ ۱۲ فروری ۱۹۰۵ء

---

[1] یہ عبارت پوسٹ کارڈ پر لکھی تھی۔

[2] شیخ اکرام علی مرحوم والد مرحوم کے ماموں زاد بھائی تھے خاکسار و برادر عزیز مولوی محمد انوار الحسن کے ساتھ کتب درسی عربی و فارسی مین ہم سبق تھے انکی تعلیم و تربیت بھی مثل ہم دونون بھائیون کے والد مرحوم نے اپنے ذمے لی تھی۔

نامہ

اے آنکہ بہار بخزان سخنت — صبح امید قدردان سخنت
گل کردہ ز رنگ غنچۂ طبع رنگین — صد نخل بلند گلستان سخنت

سحر نگاریہاے خامۂ معنی ایجاد در بستن طلسم الفاظ موزون سرمایۂ اعجاز ست و اعجاز پردازی طبیعت خدا داد در کشادن ابواب دقت مضمون حیرت طراز۔ ہرچہ از خامہ ات نقشے گیرد نقش قبول بکرسی نشاند۔ و آنچہ از طبیعت گل کند پایۂ عروج بعرش رساند۔ در بزم زباندانی انوری لقبان معذور شمع خموشی افروختن۔ و در بہارستان رنگینی فردوسی طبیعتان مجبور بداغ افسردگی سوختن۔ فلک پردازی اندیشہ در تسخیر نکات انجم آیات از رشتۂ کہکشان کمند فروش۔ و نازک بندی خیال در صیادی بلبلان معانی از رگ گل دام بردوش۔ معما شگافی دقت سخن گرہ از موے کشادن۔ و بہم رسانی مضمون نایاب گرہ بر موے میان دادن۔ جوش طبیعت از آب گوہر طوفانے بپا کردن و بلندی فکرت از پیراہن ذرہ آفتاب برآوردن۔ مظہر این کیفیات عنبرین نامۂ مشکین سواد ست کہ ہر لفظش از کمال موزونی مصرع سرولیست در بوستان سخن۔ و ہر مضمون از دقت آرای قفل معما نکشودہ غنچہ دہن۔ چمن پیراے خامہ از تخم ہر نقطہ بہار ارم دمانیدہ۔ و آبیاری طبیعت ریشۂ ہر خط بطوبے رسانیدہ۔ شبستان الفاظ از روشنی معانی در پنبہ زار دعوی زباندانان شعلہ افگن۔ و گلستان معنی از شوخی الفاظ در پیراہن شگفتہ طبیعتان خار شکن۔ جوہر تقریر از نکتہ طرازی اندیشہ نمک بر دیدۂ انجم۔ و رنگینی تحریر از بہار پیراے خیال مانند سحر لبریز تبسم۔ گفتگوے شبنم از دقت پسندی اندیشہ سلک گوہر و بیان گوہر از گرہ کشای خیال شبنم اثر۔ امواج سطور از گوہر الفاظ انجمن آراے

انجم و کہکشان - و رونق الفاظ در سلسلہ سطور ہجوم ذرہ در شعاع خورشید درخشان

لراقمہ

ہر معنی رنگ انتخابے دارد | ہر لفظ تو مضمون کتابے دارد
ہم پہلوے آسمان زمین سخن ست | ہر ذرہ نقطۂ آفتابے دارد

ازانجاکہ در انجام رسانی این گفتگو بحکم بے پایانی عرصۂ آرزو نامہ مانند دائرہ معذور بر خود گردیدن ست - و در گرد آوری این ستایش بمقتضاے ہجوم مضامین شوق طبیعت مانند نقطۂ مجبور در قفس دائرہ طپیدن رجوع بمرکز مدعا باید کرد - باعث تامل در تحریر جواب عنایت نامہ آن بود کہ از اقامت ملازمان بدلیل یقین راہے نمی کشود گاہے شانہ کشی طرۂ شام غربت در سواد شہر اٹادہ دریافتہ مشاطگی زلف پریشانی داشتم گاہے غازہ پیراے رخسار صبح وطن در خیابان گلزارپور[1] شنیدہ گلدستہ ہاے جمعیت غنیمت می پنداشتم - نہ امر اول گمان اعتبارے داشت و نہ خبر ثانی مضمون اشتہاری -

لراقمہ

عمرے سوداے حیرتے بود بمن | کان یار عزیز ست کجا جلوہ فگن
لیکن اکنون سروش غیبی فرمود | کامجد علے بلیغ رفتہ بوطن

پس بعد تحقیق مضمون ثانی از بیان ملہم غیب سلسلۂ گمانہا بیقین انجامید و تحریر این دو سہ حرف پریشان سرمایہ نیاز گردید - اکنون ترصد آن دارم کہ مانند آفتاب آئین مہر و الطاف در دوری و نزدیکی یکسان دارند و روشن داشتن شبستان تحریر صبح بہار ذرہ پروری شمارند -

تقریظ مخمس نعتیہ حضرت امیر مینائی مرحوم

---

[1] گلزارپور قدیم نام کاکوری کا ہے -

رباعی

جز احمدؐ بے میم نہ غیبے نہ شہودے　　جز احمدؐ با میم نہ بودے نہ نمودے
از قطرہ چکیدن خوشش واز دانہ دمیدن　　سرباد وجودی و دہن باد درودے

امابعد صدف گوش از گہر لبریز و دامان نگہ از چمن مالامال۔ کہ سواد گیسوے عبارت را در پردۂ ابر سیہ مست جوشیدن ست۔ و صفاے عارض معنی را آئینۂ صبح بہار گردیدن۔ لآلی الفاظ آبدار را طلسم محیط در گرہ بستن ست۔ و از ہار مضامین پربہار رار دنق بازار ارم شکستن۔ شاہد بندشش نازک را مالاے مروارید صفا در گلو۔ و حسن ترکیب شگفتہ را زیور گل رنگ و بو۔ نقاش صورت این آئینہ زار تجلیات اعجاز نماے ید بیضاے منشی امیر احمد ابن مولوی کرم محمد مینائی ست کہ چرخ مینا کا۔ درخمکدۂ فکر بلندش شیشۂ خرد بر طاق نسیان می گذارد۔ و فلک نیلگون در چمنستان طبیعت عالیش حکم سبزۂ بیگانہ دارد۔ خیالش را در شیشۂ خانہ نازک ادائی نیرنگ بال پریست۔ و خامہ اش را در بزم افسون طرازی خرام جادوگری سرپنجہ زور دستش در شکار کبک دری شاہباز و تیغ ہندی زبانش در معرکۂ اژدہا ہنگامہ طراز مشکل پسندی دقت تلاش دلبر سخن را تہمت دہن۔ و ہمانشگانی بہار تصور غنچۂ معنی را منشور شگفتن۔ ترجیع بند انفاسش از تواتر درد مضامین مسلسل و مصرع لیش از جوش نشۂ معانی پیمانۂ مستزاد در بغل۔ غزال غزل برجستہ را سواد تحریرش ختن۔ و عقیق آبدار قطعہ را از نگینی تقریرش یمن بفیض خلعت تضمینش حرف ناسنجیدہ فقیر **محسن** قامت موزونی آراست۔ و سبزۂ خوابیدۂ نشست الفاظ بنازک ادائی ہا برخاست۔ اکنون گرمی آن شرار افسردہ کانون خیال از نہاد آتشکدۂ بخاک آمیختن ست۔ و روانی آن قطرۂ عرق انفعال از ابروے بحر در غبار ساحل ریختن۔ الغرض نشۂ صہباے کمالش را در میکدۂ ناقص پسندی

جوشش بدر در ہلال ست و مہرش را از فضاے ذرّہ نوازی تاثیر آفتاب در جبال

رباعی

اشعار مرا مخمسے گردانید — جوشش اثر آنکہ سخندانش دید
گویا ہر ریشۂ زمین سخنم — برخو دبالید و سنبلستان گردید

سنجیدہ نظمی کہ خامۂ معنی تشبیہ اگر از تمکین آب گوہر شکل مستقلش کشد نیم رُخ آید و کلک بہزاد تمثیل اگر از رنگینی گل نقشے بردارد بہارش خزان گردد۔ بلندی مصرعہایش جبین سخن را ابر دست۔ صفای ترکیبش عارض نظم را آبرو۔ صبیح رخسار لفظ از بندش تمکین در شکر خندہ۔ و طرۂ کاکل مضمون از گرہ بندی تضمین مرغولہ بند درستی سلسلۂ شوخی از شکست گیسوی عبارت چُست۔ و شکستن کلہ گوشۂ عبارت بہ بہانۂ شوخی درست۔ نظر باز معنی را از صورت الفاظ محجوبی در بر۔ و صورت الفاظ را از صفای معنی آئینہ در نظر۔ پنجۂ خورشید بہ زدال حسن انگشت نماست صبح مثالش صادق نیاید۔ و خمسۂ پنجرہ بسکتۂ حیرت منسوب در پلۂ وزنش سنجیدن نشاید۔ طبیعت شکل پسند کہ بتصور نظم پروین سر بہ آسمان میکشید گرہ بر جبین ست۔ و فکر نازک بند کہ بخیال پنجۂ گلرخان ناخنی بدل میزد پشت دست بر زمین۔ ساز مقدس نغمات ہند با آہنگ حجاز در طرب ست۔ و رنگینی اُردوے معلّے جلوہ فروش شہنشاہ عرب۔ و دائع گہرہاے قبول از خزینۂ رحمت نثار پرداز۔ و روائح گلہاے درود از چمنستان مکرمت در اہتزاز۔

رباعی

این نظم اعجاز صطفای سخن ست — پیغمبر اوج کبریاے سخن ست
حقا کہ در مدینۂ علم امیر — مداح پیمبر و خداے سخن ست

بسم اللہ طبع موزونش چون دیباچۂ نسخۂ ابجد تاریخ گردید۔ مخمس نعتیہ را فاتحہ طراز درود ما ثوبرا[لہ]

لہ مخمس نعتیہ کے آخر مین جو درود لکھا ہے اُسکی طرف اشارا ہی۔

خامہ بر واز گرد امید۔ ہمانا تاریخ اولین از مفتاح الف خامہ جادو طرازش قفل حیرت کشود و مادہ دوم از صاد وصل علی کہ چشم قبول استاد ازل طغرا سے عنوانش کرد جلوہ نمود یارب در دامان قاف قیامت کہ جزا را شرط عمل کنند بنفی افعال ماضی ما ہر نقطہ این نامہ مرکز کاف کرامت۔ و دندانہ شین شفاعت ممدوح و تشدید نون تاکید مستقبل مغفرت باد۔

کلام کے خصوصیات

چونکہ نعتیہ کلام سے شہرت و عزت یا شاعرانہ وقعت و دنیاوی صلے کی خواہش نہین تھی اسلیے اُنکی نظم سے خلوص عقیدت کا رنگ ٹپکتا ہے۔ گل و بلبل کے پیش پا افتادہ مضامین سے ذہانت انکو دور رکھتی تھی وہ مضمون نکالتے تھے قرآن پاک اور حدیث شریف سے اور اُسکو مذاق شاعرانہ مین اس خوش اسلوبی سے کھپاتے تھے کہ سامعین ادب سے سُنتے اور درود کے نعرے بلند کرتے ہین اُنکے قادر الکلام ہونے کا بین ثبوت اور قوی دلیل یہ ہے کہ بیان حکایت مین شاعرانہ شوخی حدود تہذیب و متانت سے ایک قدم آگے نہین بڑھتی ہے اور مبالغے کے استعارات صلاحیت کا جوہر اپنے ساتھ لیے رہتے ہین۔ جہان کوئی امر مناسب موقع ہے اور حدیث شریف مین اسکی تصریح نہین ہے تو اُسکو اس انداز سے لکھتے ہین کہ پڑھنے والے کو صاف تمیز ہو جاتی ہے کہ اس قدر مضمون جزو حدیث نہین ہی بلکہ کلام بزبان حال ہے۔ اُن کی سدا بہار طبیعت حسرت و یاس کے مضامین سے الگ رہتی ہے۔ شگفتگی طبع اور زندہ دلی کی برقی روشنی ہر بیان مین اپنی چمک دکھاتی ہے۔ مضامین کی بلند پروازی الفاظ کا شان و شکوہ بندش کی چستی اُنکا خاصہ طبیعت ہی اور اسی کا یہ نتیجہ ہے کہ مثنوی صبح تجلی و چراغ کعبہ مین بھی قصائد کا لطف پایا جاتا ہی تشبیب و گریز لکھنا اُن کا حصہ تھا۔ خاتمہ و مناجات مین وہ طرز خاص کے موجد تھے۔ اسمین شبہ نہین ہی کہ

بوجہ دقت مضامین و بلندی خیالات و تلمیحات قصہ طلب کے اُنکا کلام کم استعداد حضرات کی سمجھ سے باہر ہے لیکن بندش الفاظ کا اثر سمجھو یا قبولیت عام کا نتیجہ کہ سخن فہم و نافہم دونون لطف حاصل کرتے ہین اور داد دیتے ہین۔

قبولیت

مین چند واقعات لکھتا ہون جنسے معلوم ہوگا۔کہ قبولیت اُنکے کلام مین خداداد ہے۔

(۱) منشی احمد علی شیون مرحوم شاگرد مرزا حاتم علی مہر نے ایک متبرک خواب[1] مین یہ شعر سُنا تھا۔

سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل
ہند سے لیکے یہ لایا ہی قصیدہ محسن

---

[1] شیون مرحوم نے اِس خواب کو نظم کیا ہی اور اسکا نام تاریخی خواب مسرت رکھا ہی۔

مسند بزم سخن ہے تجھے زیبا محسن
شرق سے غرب تلک ہی ترا شہرہ محسن

اور رتبہ ہو فزون اِسکے سوا کیا محسن
عالم ومح سرائے شہ والا محسن

عندلیب چمن یثرب و بطحا محسن

ہو مبارک تجھے اے عاشق شیدائے رسول
نعت مین نظم کیا خوب کلام مقبول

تجھپہ نازل ہے اللہ کرے شان قبول
تجھسے ہو دولت دارین شرفیاب حصول

رتبہ ہو اور زیادہ سے زیادہ محسن

ہی عجب واقعہ بیداری طالع کی قسم
تھی شب جمعہ و بست و یک ماہ ماتم

کنج تنہائی تھی اور رنجہ ساگرفتار الم
یاد آنے لگے سب رہرو اقلیم عدم

اُنمین مخدوم تھا اپنا کوئی اپنا محسن

کیا کہے ہاے وہ یاران عزیز و رفقا
ایکدم مثل تن و روح نہوتے تھے جدا

ڈھونڈ ہے ملتا نہین اب اُن کا نشان کہیں پا
کیون گریبان نکرون چاک بصد آہ بکا

(۲) عبد اللہ شاہ ایک کامل درویش آگرہ مین حضرت والد مرحوم کے پاس کبھی کبھی تشریف لاتے تھے۔ ایک روز شاہ صاحب تشریف لائے اور فرمایا جو نذر کی ہے وفا کرو دریافت کیا نذر کیسی۔ فرمایا جو تم نے لکھنا شروع کیا ہے اُسکو ختم کرو دربار آنحضرت صلعم مین انتظار ہے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب حضرت والد مرحوم نے قصیدہ ابیات نعت لکھنا شروع کیا تھا۔

بقیہ خواب مسرت

منہ کو کس طرح سے آئے نہ کلیجا محسن

رنج تھا عالم پیری کی گنہگاری کا — شب دیجور جوانی کی سیہ کاری کا
گزرا غفلت مین زمانہ مری ہشیاری کا — حاشیہ اُسپہ ہی بے برگی و ناداری کا

کہ مرے ہاتھ مین ہی دین نہ دُنیا محسن

کس نے باکاری مین دیکھا اثر بیکاری — کسکے اوپر رہی یہ آفت یہ مصیبت طاری
کس کے دن رات رہا کرتے ہین آنسو جاری — زندگی کسکو ہوئی میری طرح سے بھاری

کون بیمار شب درد رہے مجھ سا محسن

الغرض رات تھی وہ روز قیامت سے دراز — کہ نہ انجام تھا معلوم نہ اس کا آغاز
بستر غم پہ پڑا تھا مین بصد سوز و گداز — آتی ہر سمت سے نیرنگ جہان کی آواز

تھا کہین جشن کہین نوحہ تھا غم کا محسن

ناگہان بخت ہوا برسر یاری اقبال — آیا اُسدم مجھے میلاد محمد کا خیال
رنج و غم بھولگیا مجھپہ جو بیتے تھے نہ بحال — فرحت از بس تو بشاشت تھی مرے دل کو کمال

شکل گل جامے مین پھولا نہ سمایا محسن

رنج و غم ہوگئے اِس دھیان مین فوراً مفقود — ورد تھی حمد و ثنا دل سے زبان پر تھا درود
ناگہان ہونے لگا خواب کا آنکھون مین ورود — نیند آتے ہی نظر آگئی شان معبود

(۳) ایک خط مولوی عبد الحیٔ صاحب کانپوری نے والد مرحوم کے نام بھیجا تھا اُسکو مین بلفظہ نقل کرتا ہون۔

بقیہ خواب مسرت۔

بخت بیدار نے وہ خواب دکھایا محسن

یعنی مجکو نظر آیا وہ تحیر کا مقام
تھے جہان شان خدا جلسہ کے حضار تمام
فہم و ادراک نہ سمجھے کہ جو باہم تھے کلام
شکل کا کسکی نشان دیجیے کیا لیجیے نام

خیرہ ہوتی تھی نظر نور تھا ایسا محسن

کیا جگہ تھی وہ جہان لیگئی مجکو تقدیر
نہ کھنچے مانی و بہزاد سے جسکی تصویر
دشت وہ گلشن فردوس نہین جسکی نظیر
نور وہ وادی ایمن مین نہ تھی جو تنویر

دیکھین حیرت سے جسے حضرت موسیٰ محسن

ہوا مجکو یہ تصور کہ ہے دربار نبیؐ
منزل جلوہ گہ نور رسول عربیؐ
آفتاب فلک رفعت عالی نسبی
وہ قریشی لقب و ہاشمی و مطلبی

دل بھر آتا جو مرا خواب مین رویا محسن

پھر یہ کی عرض کہ اے ختم رسل ہادی دین
شافع روز جزا بادشہ عرش نشین
کوئی اب تیرے سوا میرا دو عالم مین نہین
نہ سہارا ہے کسی کا نہ ٹھکانا ہے کہین

نہ ملا ہے نہ ملے گا مجھے ایسا محسن

اے شہ کون و مکان صاحب معراج مدد
اے شہ عرش نشین عرش کے سرتاج مدد
کردے فرد لے قیامت کی طرح آج مدد
تجھسے کہتے ہین بنت ترے محتاج مدد

مجھسا ہے بندۂ احسان نہ تجھسا محسن

بالیقین تھی وہ جگہ رونق نور اول
جسکے میدان کے تھے گرد ابد و ازل
آئی آواز مین جسوقت گرا سر کے بل
سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل

"آپ کو مین ایک خوشخبری سناتا ہون کہ جب مدینہ طیبہ مین در اقدس پر حاضر تھا اُس زمانے مین میرے دوست مولوی محمد مظفر الدین صاحب حیدر آبادی نے اپنا خواب بیان کیا جسکو مین آپ کی خدمت مین عرض کرتا ہون۔ ایک شب مجلس بابرکت حضرت سرور کائنات صلعم مین باریابی ہوئی تو دیکھا شہیدی اپنا قصیدہ سُنا رہے ہین اسپر جناب سرور کائنات صلعم نے ارشاد فرمایا کہ محسن کا سراپا سُناؤ وہ بہت اچھا ہے اور ہمارے یہان مقبول ہے"

عبدالحق ۵ جمادی الثانی ۱۳۰۹ھ

بقیہ خواب مسرت۔

نعت مین کہکے یہ لایا ہی قصیدا محسن

شعر یہ سُنتے ہی نبی الغیب ہوا دل کو یقین | ہو گئی غیب سے تصدیق جو تھا ذہن نشین
یہ جگہ وہ ہی جو ہے رشک دہ خلد برین | آستان بوسی کو آتے تھے جہان روح امین

وحی قرآن جسے اللہ نے بھیجا محسن

الغرض آنکھ کھلی صورت اختر اُسدم | شل آئینہ کے مین رہگیا ششدر اُسدم
بجنت یاور تھا مرا مثل سکندر اُسدم | ہو گیا مصرع ثانی بھی جو از بر اُسدم

ملہم غیب نے کیا مژدہ سُنایا محسن

مین بھی اب تمکو سناتا ہون یہ مژدا محسن | ہے قصیدا یہ قبول شہ والا محسن
ہند سے چلیے سوئے یثرب و بطحا محسن | رنج دیتی ہی بہت گردش دنیا محسن

اُٹھ نہین سکتا ہی ذرات کا صدا محسن

یہ جو شیون پہ ہوا غیب سے احسان سخن | اک وہی شعر تھا بس سلسلہ جنبان سخن
اُسکے حصہ مین نہین ہی نمک خوان سخن | نہ میسر اُسے گلگشت گلستان سخن

یعنے ادنے سے ہو کیا مدحت اعلیٰ محسن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گلدستۂ کلامِ رحمت

۱۲۵۸ھ

یہ قصیدہ نعتیہ ۱۶ سال کی عمر مین لکھا تھا پہلا قصیدہ ہی نظر ثانی سے محروم رہا مولوی محمد احسن مرحوم کی بیاض مین اسکا پتہ چلا پرانی بیاض ہے کہین کہین الفاظ پڑھے نہین گئے اسواسطے چند اشعار چھوڑ دیے گئے

پھر بہار آئی کہ ہونے لگے صحرا گلشن
غنچہ ہے نام خدا نافۂ آہوے ختن

فیض تاثیر ہوا ہے کہ ہوا جاتا ہے
روکش باغِ خلیل ابکی سرا پا گلخن

جملۂ انبتہُ اللہ نباتاً حسناً
ان دنون فصل بہاری مین ہی طغراے چمن

رشک شمشاد اُگا کرتے ہین نخل قامت
سروِ گلزار زمین پر جو ہوا سایہ فگن

خط گلزار ہوا جس نے لکھا خطِ غبار
ہوگیا کاغذ مکتوب زمین گلشن

کیون نہ پروانہ کرے شور فغان بلبل
گل ہوی جاتی ہی اس فصل مین شمع روشن

خرمی بخشی زمانے کو کیا دُور الم
واہ کیا بادِ بہاری نے سکھایا ہی چلن

عاشقون کو نہین معشوق کی خواہش باقی
یاد آتے نہین فرقت کے کبھی رنج و محن

دم اقعی ہی سراسر انھین اب نکہت زلف
جب سے آئے ہین نظر سنبل و ریحانِ چمن

اب نہین رنج سے ہی سر بگریبان کوئی
سر جھکاتے نہین شاعر بھی پے فکر سخن

کسکی کاکل کے تصور مین پریشان ہو نین
کون سے آئینہ رخ پر ہو نہین حیران ہمہ تن

اُسکی آنکھون کا ہون بیمار اطبانے جو آج
میرے تلوؤن سے ملا دیدۂ آہوے ختن

آج کسکے لب و دندان کا تصوّر ہے مجھے
جس سے دامن ہے مرا لعل و گہر کا معدن

آج کس صاحب شوکت کی مین تکتا ہون راہ
کہ فرشتے ہین اُٹھاۓ مرے در کی چلمن

رنگ و بو کس گل رعنا کی پسند آئی ہے
نہ مجھے خواہش گلشن ہی نہ پرواے چمن

یاد کرتا ہون کف پاۓ مصفّا کس کے
روندتا ہون جو مین پاؤن سے گلون کا خرمن

تنگ ہون سیر گلستان سے مین کسکے باعث
کونسا پردۂ اسرار مین ہے غنچہ دہن

یاد آتی ہے مجھے کس کی شمیم اخلاق
ہے دم سرد مرا رشک نسیم گلشن

اِن مین مفتون ہون اسی رشک چمن کا کہ چمن
مطلع جسکی صورت سے ہی صد خار ندامت در تن

اُسکو بیجا ہے گلستان کا مشبہ کہنا
کیسے کہیے کہ وہ ہی لالہ رخ و نسرین تن

سرو کہنا قد موزون کو نہین راست کبھی
تنگی دل ہے جو کہیے کہ وہ ہے غنچہ دہن

اُسکی توصیف نزاکت کی گلستان مین کبھی
فال لینا نہین زیبا ہے باوراق سمن

اُسکے عارض کو مین گلزار سے نسبت کیا دون
کہ نہین عقل کے نزدیک کبھی مستحسن

کیا عجب اُس رخ زیبا کی جو توصیف لکھون
ہون گہر ہاۓ نقط حضرت یوسف کا ثمن

ثانی اُسکا تو کہان عکس بھی پایا نہ کبھی
گرچہ آئینہ بنا چرخ پہ مہر روشن

ماہ نے آنکھ لڑائی تو اُٹھاۓ سوز خم
شمع نے سر جو اُٹھایا ہوئی اپنی دشمن

کاکل اِس آیۂ رحمت کی جو ہو مشک افشان
کیا عجب دل ہو مرا نافۂ آہوۓ ختن

کر لیا شیر خدا بندہ و فرمانبردار
دل وحشی کو کیا رام بلا حیلہ و فن

وصف ابرو مین کوئی بیت لکھون بسم اللہ
حلقے محراب عبادت مین جھکاؤن گردن

جاۓ حیرت ہی کہ خورشید مین ہی قوس قزح
دیکھیے چہرۂ زیبا مین اس ابرو کی پھبن

زلف ہے لعبت چین چشم سیہ گوشہ نشین
ہو گران وصف نزاکت سے وہ پاکیزہ بدن

اُسکی توصیف مین اک شمہ ہی قرآن شریف
کہ لکھا خامۂ قدرت نے بوجہ احسن

شمس وصفِ رُخ و لیلین ہی وصفِ دندان — والضحےٰ وصفِ جبین نور ہی وصفِ گردن
یعنی وہ جسکی ہوئی ذات سراپا برکات — باعثِ خلقِ زمان موجبِ ایجادِ زمن
پیشوائے رُسل و سیّدِ نسلِ آدم — جلوۂ حضرتِ حق نورِ مجسم ہمہ تن
جسکی توصیف مین خود خامۂ نقاشِ ازل — لکھ چکا مطلعِ ایجاد بوجہِ احسن
جسکی ہی شرعِ متین ناسخِ ادیان و ملل — مثبتِ حق و یقین کاشفِ ہر شبہہ و ظن
نہین ذراتِ پلک مارتے جانباز کہین — مطلقاً منع کیا شرع نے جو ضرب زدن
تا بہ گردن جو کبھی شیر کا ناخن ہو پہنچے — سمجھے تعویذ حفاظت کے لیے اسکو ہرن
شیر آہو پہ نہ ڈالے نظرِ بد ہرگز — آہوے چشمِ بتان بلکہ ہی اب شیر افگن
اب زمانے مین نہین رسم عداوت باقی — بلکہ ظاہر ہین عجب انس و محبت کے چلن
ہم عاشقون سے ہی موافق بخدا دورِ فلک — ابتو اضداد کو ہے شوق بہم پیوستن
دستِ گلچین اگر آزردہ کرے گل کو کبھی — تو سزا ہو کہ بنے ہار ہی طوقِ گردن
نرگسین چشم ہے معشوق کی اس معنی مین — شرع نے ڈالی ہے زنجیر بپاے رہزن
اب کسی ڈھب سے ذرا اسکو مخاطب کریے — کہ نہین چین مجھے لے مری طبع روشن
اے محمدؐ ہے بلا شک وہ تری ذات حسن — جسکی توصیف مین عالم کی زبان ہی الکن
یہ نہی بے ادبی مجھسے نہ ہوتی ہرگز — مجکو گستاخ نہ کرتا جو ترا عشق کہن
ہے گزارش یہی محسن کی بامید قبول — ہو معاف اب نظرِ لطف سے بیساختہ پن
یادِ مژگان مین تری خارِ لحد کرکے قبول — جیسا درِ گل کو نہ منظور کرون بہرِ کفن
مجھ سیہ بخت کو ہو عشق لبِ رنگین کا — مہر سے لعل کو پیدا کرے کانِ آہن
نہ رہے چشمۂ کوثر کی تمنا مجکو — اسطرح کر لے تو اپنا مجھے مفتون دہن
یاد مین جلوۂ رخسار کے ہو حشر مرا — صبحِ محشر کو یہ سمجھون کہ وہ ہے صبحِ وطن

سراپای رسولِ اکرم

حلیۂ اشرفِ نسلِ آدم (۱۲۶۶ھ) صلے اللہ علیہ وسلم

اللہ الحمد شبِ غم نے اُٹھایا بستر — مرحبا طالعِ بیدار مبارک ہو سحر
مژدہ اے دل کہ ہوا نورِ خدا پیشِ نظر — بارک اللہ طبیعت کا ہے رنگِ دیگر
گر نہو پاسِ ادب تو مجھے کچھ دعوا ہے — سجدہ کرتے ہین ملائک مرا وہ رتبہ ہے

لامکان تک لیے جاتی ہے مجھے طبعِ رسا — لڑ گیا عرش کے پائے سے سخن کا پایا
ہو رہا ہے صفِ ارواح مین میرا چرچا — خیر مقدم کی چلی آتی ہے ہر سو سے صدا
بزمِ قدسی کا بلایا ہوا مہمان ہون مین — ملک آنکھون پہ بٹھاتے ہین وہ انسان ہون مین

آج کس دھوم سے خدامِ سخن آتے ہین — مسندین فکر کی محفل مین بچھا جاتے ہین
تنگیِ بزمِ جہان دیکھ کے گھبراتے ہین — گاؤ تکیہ کرۂ ارض کا اُٹھواتے ہین
جشن کا روز ہے معنی کے شہِ اقدس کا[۱] — اور اونچا کرو خیمہ فلکِ اطلس کا

ہم دکھاتے ہین طبیعت سے تماشے کتنے — عالمِ نور مین چھوڑ آئے ہین شوشے کتنے
حل کیے غنچۂ خورشید سے نکتے کتنے — عقدِ پروین سے لکھے ہم نے معمے کتنے
سادہ کاغذ ورقِ مہرِ درخشان ہی آج — دستِ پُرنورِ عطارد مین قلمدان ہی آج

یون خرامندہ بشوخی قلمِ رعنا ہے — موج ہی جس سے خجل غرق عرق دریا ہے
بالِ پرواز پری چٹکیون مین اُڑتا ہے — آہوے شوخ ہی کیا کبکِ خرامان کیا ہی
کوئی شاخ آہوؤن کی جلوہ گری مین تو نہین — کوئی سرخاب کا پر کبکِ دری مین تو نہین

رنگ گلزارِ معانی کا عجب عالم ہے — غنچے کو دیکھیے تو صبح کا بھرتا دم ہے
برگِ گل چاند کے ٹکڑے سے بھلا کیا کم ہے — سروِ رعنا نہین آئینہ قدِ آدم ہے

---

۱ یعنی شاہِ معنی کے جشن کا دن ہے۔

ہر شجر شمع تجلی ہے لگن بھالے ہین — نارِ ظلمت نہین سے کی یہان لالے ہین

سطر سنبل گل تر حرف ہے غنچہ نقطا — کاغذ مشق ہے اک سبزۂ چمن کا تختا

طوطی بولا مرے خامے کا میان شعرا — کیون نہو آج مین لکھتا ہون سراپا کسکا

جسکو گلدستۂ باغ ابدیت کہیے — خندۂ صبح بہار احدیت کہیے

گیسوے حور قلم ہوکے بنے خامۂ مو — کہ ہون آراستہ تصویر سخن کے گیسو

کہو رضوان سے کہ لادے مجھے شاخ شبو — کہ شب فکر مین ہو نکہت مشکین ہر سو

منشی دفتر اعلیٰ کا کرم کافی ہے — مشق کرنے کو مرے لوح و قلم کافی ہے

روشنائی کی یہ ترکیب ہے شمع بے دود — جسکی ترتیب کو جبریل امین ہین موجود

گو نہ ہو شجرۂ طوبےٰ کا بقدر مقصود — پانی لین چشمۂ کوثر سے مگر پڑھکے درود

صورت دیدۂ موسیٰ ہو پرا نوار کھرل ف۱ — شمع سے طور معلی کے اڑا مین کاجل

رنگ شنجرف کا بھی اب کوئی سامان کیجے — لالہ زار اپنے سخن کا چمنستان کیجے

خضر کو سالک آب از پئے مرجان کیجے — لعل کے واسطے تسخیر بدخشان کیجے

وقت ہے ہر ہمی انجمن گردون کا — کہ شفق پر بھی ارادہ ہے مرا شنجون کا

اور کاغذ کا تو ہمنے عجب انداز کیا — پردۂ چشم کو قرطاس خدا ساز کیا

کھینچی تصویر اُسے جلوہ گہ ناز کیا — چوم لون ہاتھ مین اپنے عجب اعجاز کیا

شعلۂ طور کا کاغذ پہ کھنچا نقشا ہے ف۲ — خاک انگارہ کف دست ید بیضا ہے

ف۱ نسخۂ مطبوعۂ اول مین کھرل دیدہ یعقوب تھا طبع ثانی مین وقت بجا دیدۂ یعقوب کے دیدۂ موسیٰ لکھا گیا شمع طور کا کاجل اور دیدۂ موسیٰ کا کھرل نہایت مناسب ہے متتبع سخن پر پوشیدہ نہین ہے کہ تشبیہ کا پلہ ہمیشہ اعلیٰ کیطرف جاتا ہے محبوب خدا سے اعلیٰ سوائے خدا کے کوئی نہین ہے ایسے مقام کے استعارات بھی وہین سے لینا چاہیے جہان تشبیہ عین تنزیہ ہے گل کی نسبت بہار سے ہے نہ رہگذر کے خس و خاشاک سے شاہ کی مشابہت شاہنشاہ سے ہے نہ کسی گدائے دریا فقیر روسیاہ سے۔

ف۲ یعنی خاک انگارہ ہے تلمیح ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اس واقعہ کی جب آپکے سامنے ایام طفلی مین فرعون نے اشرفیان اور آگ رکھدی اور حضرت موسیٰ نے انگارہ ہاتھ مین لے لیا جس سے ہاتھ جل گیا جو بعد کو ید بیضا ہو گیا۔

کیون نہ سو جان سے ہو گلزارِ بہارِ معنی — محوِ رنگینیٔ تصویرِ سراپاے نبی
یہ وہ صورت ہے کہ دیکھی نہ سُنی ایسی کبھی — تھی یہی شکلِ مقدس کہ ازل مین جو کھنچی
نازسے خامۂ قدرت نے کہا واہ رے مین — بول اُٹھا عارضِ پُرنور کہ اللہ رے مین

کیسی تصویر کہ ہے صبحِ بہارِ امکان — کیسی تصویر کہ ہے آئینہ پردازِ جہان
کیسی تصویر کہ ہے لوح و قلم نور افشان — کیسی تصویر کہ ہے کلکِ مصور نازان
کیسی تصویر کہ سب صلِّ علیٰ کہتے ہین — کیسی تصویر کہ سب جلّ و علا کہتے ہین

کیسی تصویر جسے کھینچ کے نقاشِ ازل — خود لگا کہنے کہ ہر وصف مین ہے تو افضل
تیری صورت سے کھلے معنیٔ ماقلّ و دل (۱) — انبیا شرحِ مفصل ہین تو متنِ مجمل
تو ہی خورشید ترے سامنے انجم ہین نبی (۲) — تو ہے شمسیہ تصور مین تو سب ہین قطبی

تو ہے داؤدِ نغم تو ہے سلیمانِ خاتم — فکرِ یحییٰ ہے تو ذکرِ زکریا ہر دم
خلّتِ خاصِ خلیل و برکاتِ آدم — شکرِ یعقوبی و صبرِ دلِ ایوب بہم
حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری — آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

بولے جبریل کہ تجھ پر ہوئی ختمِ تکمیل — آدم و نوح کے بخشے تجھے اوصافِ جمیل
خضرؑ و الیاسؑ کا رتبہ شرفِ اسمٰعیلؑ — اور سوا اسکے بھی لے سرو قدِ باغِ خلیل
حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری — آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

دین پکارا کہ مرے گھر مین اُجالا کر دے — طالعِ خفتہ کو بھی غیرتِ زلیخا کر دے
مثلِ مردے کے پڑا ہون مجھے زندہ کر دے — دستگیری مری فرما کے مجھے برپا کر دے
حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری — آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

کنوئین جھانکا کرون کنعان کے تو سوا ہی مجھے — طور پر جاؤن تو ناحق کا بھٹکنا ہے مجھے

---

(۱) ماقلّ و دل عبارت از کلامِ قلیل کہ دلالت کند بہ مراد و مدعاے بسیار۔

(۲) شمسیہ درسی کتاب منطق کی جسکی شرح قطبی مشہور ہے تصور و تصدیق اصطلاحات معقولیون کے ہین۔

خبط ہے گر سرِ اعجازِ مسیحا ہے مجھے — سچ تو یہ ہے کہ ترے گھر مین لگی کیا ہے مجھے
حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری — انچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری
واہ تصویر ہے بس حق کی قسم یہ تصویر — ہے دل و جان رسل فخر اُمم یہ تصویر
بس کہ آئینۂ وحدت مین ہی ضم یہ تصویر — عالم نور ہے سر تا بقدم یہ تصویر
سایہ زیبا ہی نہ تھا آپکی قامت کے لیے — روشنائی تھی یہی مہر نبوت کے لیے
جسم محبوب خدا نور کا اک پُتلا ہے — سایۂ حق وہ شہِ منزلتِ طٰہٰ ہے
اُسکی قامت کو بھلا سایہ مناسب کیا ہی — سچ ہے محبوب جو لاثانی ہے وہ یکتا ہے
لاکھ عاشق ہون مگر لطفِ دو محبوب نہین — ظل حق ہو تو ہو پر ظل نبیؐ خوب نہین
قد کے اوصاف لکھو یا د نہ بھولو بخدا — سجدۂ سہو نہین ایسی عبادت مین روا
آبِ آئینۂ باطن سے وضو کر کے ذرا — انی وجہت کر و نیتِ صادق سے ادا
اُٹھ کھڑے ہو پئے تعظیم و مرِ طاعت ہے — یہی تکبیر مین عشاق کی قد قامت ہے
عرش پر کرسی بچھائے ہے مرادِ ہن رسا — اب یہان آیہ مضمون ہی کہ وحیٌ یوحیٰ
اے فلک فکر باندازۂ ہمت ہی بجا — تو و طوبیٰ و من و قامتِ محبوب خدا
قد بے سایہ مری چشم تمنا مین رہے — سایہ طوبیٰ کا ترے عالم بالا مین رہے
راستی جو ہر آئینۂ ایمان سے ولا — کہدے ایمان سے کہ وہ قد ہی الف ایمان کا
دیکھے دونون الف اسکے تو کھلا یہ نکتا — ایک احمد کا الف ایک احد کا ٹھہرا
سر یان حدوث و قدم اوّل کو عبور — دو سرا وادی ایمن مین ہی شمع سر طور
سرِ اقدس ہے حباب لب دریائے قدم — دُرۃ التاج ہے اس بحر کا یہ قطرۂ نم
میم احمد کا ہے داماں احد سے منضم — یون حدوث اور قدم آکے ہوئے ہین باہم

سلہ یان یعنی دو دریا اگر یان پر الف زیادہ کیا جاسے تو ایان ہوتا ہی اور اگر لفظ ایمن پر بعد میم کے الف زیادہ کیا جاسے تو ایمان ہوتا ہے۔

قطرہ بگریست کہ از بحر جدا ایم ہمہ — بحر بر قطرہ بخندید کہ ما ایم ہمہ
لیے امت کے گناہ آپنے اپنے سر پر — بخشش حق ہو نہ ہمیں متوجہ کیون کر
دن گنے جاتے ہین کب روز شمار آئے نظر — زلف مشکین کو دکھا کر جو کہین پیغمبر
ہان چلو حشر کے بازار کا سودا دیکھو — سلہ نقد سرمایۂ اُمت کا سیاہا دیکھو
سایہ ہی فرق ہمایون پہ جناب حق کا — پر و بال افسر شہ پہ نہین کھوے ہی ہما
عالم غیب کا سردار رہا جلوہ نما — نہین سرکار پہ سلطان حبش کی حاشا
کشور کاکل پُر پیچ و خم سرور ہے — سلہ نہ ختن ہی نہ خطا ہی نہ یہ عنبر سر ہے
خوشنویس ازلی کا ہے وہ پُر زور قلم — کہ ہر اک حرف سے ہے اسکا سند مستحکم
اہل ایمان کے لیے موے سر شاہ امم — خط گلزار مین ہے سرخط گلزار ارم
کوچۂ خلد نظر آنے لگا دنیا مین — خوب فرد سیہ لکھا ہی خط طغرا مین
رخ پر نور کا ہے کاکل شبگون سے ظہور — دیکھ لو دامن موے کے تلے شعلۂ طور
سنبلے مین ہے عیان جلوہ ماہ پُر نور — ابر رحمت مین سے ہے خورشید قیامت مستور
شب معراج مین ہے شمع تجلی روشن — لیلۃ القدر مین ہے نور الٰہی روشن
وصف پیشانی مین ہوتا ہے قلم سر بزمین — لوح بسم اللہ ابرو جسے کہیے بیقین
مصحف گل ہی رخ خاتمۂ نسخۂ دین — سورۂ فاتحہ مصحف گل ہے وہ جبین
گلشن عالم تنزیہ رخ زیبا ہے — سلہ اُس گلستان مقدس کا دیباچا ہے
ہین دو ابروے سیہ زیب جبین انور — طاق یا خانۂ خورشید کے آتے ہین نظر
نقشہ ابرو کا دکھاے جو عطارد لکھ کر — مہ نو تیغ سے مریخ کے ہو دو پیکر

سلہ مناسبت زلف مشکین کی سیاہہ سرمایہ امت سے خاص لطف رکھتی ہی۔

سلہ عنبر سر یہ لفظ اصل مین امرت سر ہی مگر طغرائے مشہدی کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ فارسیون نے بلفظ عنبر سر استعمال کیا ہی سلہ دیباچہ گلستان سعدی مشہور ہی۔

خواب مین بھی جو وہ مہر سے جبین پیش آئے ۱؎ — مشتری طالع کنعان کی زحل ہو جائے

دیکھو ہمسر پہلوے پیشانی انور ابرو — ہین اسی آئینۂ صاف کے جوہر ابرو

آبروے دم خنجر ہین مقرر ابرو — موج دریاے شجاعت ہین سراسر ابرو

مہ کامل مین مہ نو کی یہ تصویرین ہین — یا کھنچی معرکۂ بدر مین شمشیرین ہین

ایک رگ مخفی ہی مابین دو ابروے سیاہ — کہ نظر آتی ہی وقت غضب شاہنشاہ

طرفہ تشبیہ یہ پہونچی ہی سخندان کی نگاہ — الف اسم چھپائے ہوے ہی بسم اللہ

لفظ و معنی مین عجب ابروؤن کے طاق ہوے ۲؎ — الف طاق چھپایا تو عدد طاق ہوے

رگ جو کانٹا ہے تو شاہین ترازو ابرو — مردمک سنگ ہے اور پلہ ہے چشم دلجو

آنکھ پڑ جائے اگر جانب امت سر مو — صاف رکھی رہے میزان قیامت یکسو

آپ پلہ یہ ہمارے ہون تو کیا کھٹکا ہی — مردم چشم کہین ہمنے اسے تولا ہی

طرفہ مضمون ہی مجھے پیش نظر ہو آگاہ — منظر چشم نبی پر بھی ذرا کیجیے نگاہ

ایسی نرگس کہین دیکھی ہی نہ بادام سیاہ — چشم بد دور عجب آنکھ ہی ماشاء اللہ

لاکھ اگر اچھی سے اچھی کوئی تشبیہ کہے ۳؎ — چشمکین مارے سخنگو نظر فیہ کہے

اک نیا نسخہ نکالون مین دل پر جوہر سے — صفحے پر سیم کے لکھین جسے آب زر سے

پلکین اکسیر کی بوٹی ہین سنا اکثر سے ۴؎ — بوتہ چشم پہ ہے آنچ رخ انور سے

صدقے اے طالع بیدار ترے سونے کے — ڈھیلے آنکھون کے نہین ڈھیلے ہین یہ سونے کے

۱؎ اشارہ ہی حضرت یوسف علیہ السلام کے خواب کا اللہ اللہ کیا ادب ہے منشاء یہ ہی کہ اگر خواب مین زیارت جمال مبارک حضرت یوسف علیہ السلام کو ہو تو وہ حیران و پریشان ہو جائین اہل نجوم کی اصطلاح مین طالع مشتری اور طالع زحل منحوس ہے

۲؎ طاق کے عدد ایک سو دس ہین ایک کم ہونے سے (ایک سو نو) رہے

۳؎ فیہ نظر یا نظر فیہ اس جگہ استعمال کرتے ہین جو محل اعتراض ہوتی۔

۴؎ بوتہ بواو مجہول نام ظرف کوچکے کہ از گل سازند دران طلا و نقرہ گدازند۔

گوشِ پُرنور تہِ زلفِ شب آسا مستور — کہیں دھوکے سے کبھی دیکھیے تو سحر ہو کافور
رنگ کہا اسکے صبا سے نہ چمن میں مذکور — کہے گل سے کہ ہوا ہو نہ ٹھہر میرے حضور
گوہرِ وصف سے گر دامنِ دریا پُر ہو — یون صفت سے کہے موتی کہ اب چل دُر ہو
گوشِ در قطبِ فلک گرچہ یہ تشبیہ ہے تیز ؎۱ — چشم کا ہے یہ اشارہ کہ کرو اس سے گریز
ہے زمین کعبۂ ابرو کی بہت مردم خیز — رخ کے میدان میں ہر اک ذرہ ہی شمس تبریز
گوشِ و بینی کو بھی دیکھ کے سب کہتے ہیں — قطب اور صاحبِ انفاس یہاں رہتے ہیں
بینیِ اقدسِ شاہنشہِ عالی منظر — آب آئینۂ رخسار کی موجِ انور
خوبروئی کا بلندی پہ ہمایون اختر — یوسفِ حسن کی معراج ہے یا پیشِ نظر
صفحۂ خدِ مبارک پہ الف بینی ہے ؎۲ — دیکھنا عارضِ انور کا خدا بینی ہے
صورتِ چشمۂ کوثر ہے لبِ جان پرور — نخل بادام وہ بینی ہے لبِ کوثر پر
شاخ اس نخل کی ابروئے جنابِ اطہر — اور اس شاخ میں عینین مبارک ہیں ثمر
دلِ عارف اُسی کے سایہ میں دم لیتا ہے — نور ایمان اسی سائے کے قدم لیتا ہے
چشمۂ مہر سے اس بحر میں اک دلق ہے — صفحۂ ماہ تک انگشتِ قلم سے شق ہے
وصفِ رخسار ادا کرنے کا مجھے حق ہے — رنگ رخسارِ سحر سامنے جس کے فق ہے
مطلعِ صبح بیاضی ہے کہ نورانی ہے ؎۳ — حسن مطلع یہ مگر فرد ہے لاثانی ہے
روبرو آئے جو آئینہ تو اک سکتا ہو — شمع کے بھی دھوئیں اُڑ جائیں جو کچھ دعوا ہو
شامت آجائے جو خورشید کو یہ سودا ہو — صبح ہو جائے قمر حسن پہ گر بھولا ہو
حشر برپا ہو جو کنعانی مقابل آئین — چرخ پر سورۂ یوسف کو ملک لیجائیں

؎۱ ناک سے دم جاری رہتا ہے اسی رعایت سے لفظ صاحبِ انفاس استعمال کیا گیا ہے۔

؎۲ لفظ خد کے بعد اگر الف اضافہ کیا جائے تو خدا ہوتا ہے۔

؎۳ مطلع کے بعد کے شعر کو اصطلاح شعرا میں حسن مطلع کہتے ہیں، رعایت لفظ حسن کی ہے۔

روبرو جلوۂ خورشید کے سایا کیا ہی
سامنے شمع منور کے اندھیرا کیا ہے

عاقبت غور سے دیکھو کہ یہ نکلتا کیا ہی
اُلٹی ہونے مین بھلا آپکے شبہا کیا ہے

کوئی تدبیر تو پڑھنے کی بجا ہی نرہی
نور رخسا سے حرف نمین سیاہی نرہی

لب جانبخش کی تشبیہ دم عیسٰی سے
دی نہ دم دیتے رہے گرچہ مسیحا بھی مجھے

آب حیوان نہ کہا خضر نے گو چھینٹے دیے
اب فقط رہ گئے خورشید کے جھوٹے ٹکڑے

کہون یاقوت تو وہ باعث بیان پائین نہین
لعل سمجھون اُسے آنکھین ہی ٹھہرائین نہین

فکر وصف دُر دندان مین کٹا سارا دن
رات بھر تارے ہی گنتے رہے بیٹھے محسن

جسکی تشبیہ نہو اُسکی صفت کیا ممکن ۵۱
یون تو ثابت ہی کہ سیارے ہین روشن لیکن

غور سے دیکھیے تو شیشے کے یہ چھالے ہین
یا لب ساغر افلاک کے تبخالے ہین

قطرہ جب ساحل تشبیہ ہوا رو رو کر
آیا دامن مین لیے گرد تیسی گوہر

پانی پانی مین ہوا جوش مروت سے مگر
معنی تازہ طبیعت سے کھلے یون دل پر

کہ درین قطرہ سائل نم لاتنہر نیست ۵۲
وز پے دُر یتیم آیۂ لاتقہر نیست

اک تبسم ہی کلید در جنت ہی یہان
ہوے غفار کے دندانہ تشدید عیان

نامۂ بخشش اُمت ہی جو حضرت کی زبان
لفظ اللہ سر نامہ ہے سلک دندان

نامہ ملفوف لبوں مین ہی بطرز دلخواہ
ہی لفافے یہ خط پشت لب انشاء اللہ

اے سخندان کیے اسرار دہن کسنے بیان
مل گیا خاک مین جو چشمۂ آب حیوان

پہونچے ہین حقہ گوہر کے جگر تک دندان
ہر یاقوت مین ہی آتش حسرت کا دُھوان

رنگ غنچے کا اُڑا گل کی تعلی چھوٹی
منہ پہ بیستے کے ہوائی یہ ہوائی چھوٹی

---

۵۱ جو ستارہ متحرک رہتا ہی اور اپنی جگہ تبدیل کرتا ہی اُسکو سیارہ کہتے ہین اور جو ستارہ ایک ہی جگہ قائم رہتا ہی اُسکو ثابت کہتے ہین

۵۲ اشارہ ہی آیت قرآن پاک کا اما الیتیم فلا تقہر و اما السائل فلا تنہر مناسبت قطرہ با سائل لطفے دارد در یتیم مروارید بزرگ آبدار کہ در صدف ہمین یکدانہ تنہا پیدا شدہ باشد. سائل خواہندہ و روان شوندہ

کوئی کہتا ہے کہ اسکو شکرستان کہیے — کوئی کہتا ہی ملاحت کا نمکدان کہیے
خضر بولے کہ اسے چشمۂ حیوان کہیے — اور سلیمان نے کہا خاتم یزدان کہیے
ہر جگہ مشتہر اسکا لقب تازہ کیا — حق تعالےٰ نے اُسے صاحبِ آوازہ کیا

غنچے نے پیش کیے گرچہ ہزاروں مضمون — "گفتگو اسمین ہی" بولی مری طبع موزون
مین شگافِ قلم صنع اُسے کیون نہ کہون — جس سے ظاہر ہوا سرِّ خفیِ کن فیکون
شعرا نے اسے کیا جانیے کیا کیا سمجھا — اسم اعظم کا مگر ہمنے معما سمجھا

ریش مرسل کو نبوت کا رسالا کہیے — کشش خطِ شکستِ دل اعدا کہیے
سرِ فرمانِ خدا کا خطِ طغرا کہیے — کلک تقدیر کا یا خطِ شفیعا کہیے
اسکی رو داری سے اللہ نے بخشا ہمکو — ہے شفاعت کی سند خطِ شفیعا ہمکو

رخ پر نور ہے قرآن کا پہلا نسخا — ہاتھ سے اپنے جسے خاص مصنف نے لکھا
مشکل از بسکہ تھا مضمونِ دہن کا لکھنا — اسلیے حاشیہ لکھا ہی خطِ رنگین کا
رخ جو ایمان ہی تو اک جزو ہی یہ ایمان کا ؎۱ — ہی نیا حاشیہ یہ منہیہ ہی قرآن کا

نگہ پاک الف صاد ہی چشم زیبا — لام گیسو ہین سر مو نہین کچھ فرق اصلا
چہرے پر ہے خط گلزار اسے یعنے لکھا — کہ وہ ہی اصل پے خلقتِ دین و دُنیا
جمع خاطر ہو تو یکجا یہ مضامین کیجیے — دیکھین تضمینین بہت اک نئی تضمین کیجیے

پردۂ کعبہ ہے گیسوے حبیب یزدان — اور محراب حرم کا ہے اُس ابرو پہ گمان
اُسمین پاکیزہ مُصلا ہے نگہ کا دامان — مردم چشم ہے بیٹھا ہوا اک ناظرہ خوان
زیر رخسار مبارک وہ خطِ ریش لطیف ؎۲ — رحل ہی جسپہ کھلا رکھا ہی قرآن شریف
لو لگائے ہے یہی روشنی طبع دلا — شمع کافوری گردن کا دکھائے جلوا

؎۱ منہیہ اس حاشیہ کو کہتے ہین جو خود مصنف نے لکھا ہو۔

؎۲ یہ شعر مولوی اکرم احمد مینائی کا ہے بند سابق مین اسی تضمین کا اشارہ ہے

نہین پروانگی پاتی ہے مگر فکر رسا — پر یہان جلتے ہین جبریل کے اندیشہ کجا

سرفرازی اسی گردن کو بہت زیبا ہی — ۵۱ آتش حسن گلوسوز کا یہ شعلہ ہی

بارک اللہ وہ گردن ہے کہ فوارۂ نور — جس سے ڈوبی عرق شرم مین ہر شمع طور

کسی محفل کی صراحی کا بیان کیا مذکور — بزم تنزیہ کی کہیے اسے سرجوش سرور

جسکی کیفیت اگر دیدۂ باطن مین نہ آئے — خلد مین شربت دیدار حق اچھو ہو جائے

بال گردن پہ جھلک آئے تو ہوا یہ روشن — کہ شب فکر مین افروختہ ہے شمع سخن

ہے تجھے کس لیے اے خامۂ ایجاد الجھن — انتخابی ہین سب اشعار بیاض گردن

ہر شب و روز چہ آشفتہ بسر می بردی — تا کہ مسودۂ گیسو بہ بیاض آوردی

صفت مہر نبوت کا بیان ہو کیونکر — خامشی مہر دہن اور سخن ہے ششدر

مہر کی پشت کے نقطون سے یہ حق نے لکھکر — کہ ہوا نامۂ پیغامبری ختم اسیر

ہوئے پھر بھی جو سیہ دل متنبی گمراہ — ۵۲ ختم اللہ علے قلوبہم انا للہ

مہر انور کے جو معلوم ہوئے حرف تمام — کلمہ اس سے نمایان تھا نہین اسمین کلام

راست ہی دعوئے مقبولی دین اسلام — ایک ہی مہر شہادت مین لکھے ہین دو نام

نئے انداز کی یہ مہر ہوی عالمگیر — ایک سکے مین کھدا نام شہنشاہ وزیر

دست رنگین کی صفت بارخدایا کیا ہی — شاخین نکلین جو کہون شاخ گل رعنا ہی

طوطی ناطقہ اس باغ مین چپ رہتا ہی — بلبل طبع کو غنچہ کی طرح سکتا ہی

ہاتھ باندھے ہوئے جبریل کھڑے رہتے ہین — دست گلچین کو یہان دستۂ گل کہتے ہین

ہاتھ کھینچے ہوئے ہی رنگ ہی مانی کا فق — ۵۳ قلم انگشت ششم ہے کف افسوس ورق

---

۵۱ حسن گلوسوز بہت صاف رنگ کو کہتے ہین مناسبت شعلہ با حسن گلوسوز بلحاظ لفظ سوز ظاہر۔

۵۲ اشارہ ہی آیت ختم اللہ علی قلوبہم وعلی سمعہم وعلی ابصارہم غشاوہ کیطرف انا للہ کلمہ تاسف۔

۵۳ چھٹی انگلی بیکار ہوتی ہے۔

کلک مداح نے جب صفحے کو بخشی رونق — سینۂ کلک عطارد ہوا حسرت سے شق
زنگ و بو ظاہر و باطن کی سب اکجا ہو کر — میرے ہاتھوں پہ تصدق ہوئی جبرا ہو کر
بند دست آپ کا ہی یا کوئی خمسے کا بند — طبع استاد ازل بھی ہی عجب نازک بند
انگلی ہر ایک ہی وہ مصرع موزون و بلند — انگلی رکھ سکتے نہیں جس پہ کہیں دانشمند
مجکو فخر صفت پنجۂ اقدس بس ہی — اس مسدس کے شرف کو یہ مخمس بس ہی
گو کف دست منور کو میں کہتا ہوں ماہ — غور کیجے تو یہ تشبیہ نہیں خاطر خواہ
مہر انور ہے تھیلی مہ نو ناخن شاہ — دونوں جس وقت مقابل ہوے اللہ اللہ
ہم نے یہ معجزۂ عقد انامل دیکھا — اک گھڑی میں مہ نو کو مہ کامل دیکھا
کون لکھے صفت سینۂ صاف سرور — دست بر سینہ ہیں حسرت سے یہاں جن و بشر
اور کہتے ہیں فرشتے بھی حیران ہو کر — لوح محفوظ ہے یا عرش خدا پیش نظر
صدر ایوان رسالت کا عجب سینہ ہی — صورت علم لدنی کا یہ آئینہ ہی
صاف و بے مو ہے نبی کا بر سیمین شفاف — جیسے نقطوں سے حروف لکھے درک ہیں صاف
ہاں مگر سینہ سے ہی اک خط مشکین تا ناف — جسکو کہتا ہی سخنور کشش مرکز کاف
صدر پر نور کے شق ہونے کی تمثال ہی یہ — عقل کہتی ہی نہ آئینہ ہی او ربال ہی یہ
مخزن گوہر اسرار شب اسری ہے — شرح صدر شہ عالی کا یہ اک نکتا ہے
جو کہ لبریز لطافت ہے یہ وہ چشمہ ہے [۱] — جسمیں متواج لطائف ہیں یہ وہ دریا ہے
خط نہیں سینے میں شاہنشہ بحر و بر کے — عنبریں موج ہی یہ بحر میں گویا بر کے
گرچہ پرواز میں اندیشہ ہے بال جبریل [۲] — اور احیائی مضامین میں ہی فکر اسرافیل
نہ ملی پر کوئی نازک سی کمر کی تمثیل — ہو گیا ہم عدد لفظ عدم لقط عدیل

---

[۱] لطائف اصطلاح صوفیہ ہی [۲] یعنی اندیشہ پرواز میں جبریل اور فکر بوجہ زندہ کرنے مضامین کے اسرافیل ہے تلمیح ہے واقعہ حشر کی جب اسرافیل صور پھونکیں گے مردے زندہ ہو جائیں گے۔

قاف تک ہم نے بہت کاف کمر ڈھونڈھا ہی / کمر ین دیکھی ہین پر ایسی کمر عنقا ہے
ہیچ اسجا ہے کسی تیغ و کمر کا مذکور / اُسکے اوصاف ہین مشہور میان جمہور
تا کمر غرقِ عرق ہو گئے سب اہلِ غرور / سامنے اُسکے کوئی باندھے کمر کیا مقدور
سنکے اوصاف شجاعانِ عرب گھبرائین / جیتے میدان مین جو آئین تو ہرن ہو جائین
لا خطِ نسخ مین لکھو تو کہون اک نکتا / لام الف کا ہی تقاطع وہ کمر صلّ علے
واہ کیسا کمرون پر یہ خطِ نسخ کھچا / کمر یار کو معدوم ہے سمجھے شعرا
نہین ثابت قدم اس نفی سی اثبات بھی / یہ وہ لا ہی کہ نہین جس سے بچا الّا بھی
سرِ عالم ہے فدائے قدمِ پاکِ نبی ؐ / وصف مین جسکے سخندان کا لگا گھٹنے جی
ہاتھ آیا ہے جو کاغذ تو یہ حسرت ہے نئی / نہین چلتا ہے لگی پائے قلم مین منہدی
سر بزانوے ادب آکے سخنگو بیٹھین / فکر عالی کے فرشتے بھی دو زانو بیٹھین
دیکھیے کیا اُسے شمشاد و صنوبر سے مثال / چمنستان ارم اُسکے قدم سے ہی نہال
سرو جنت سے نکل آئین پے استقبال / کہے سبزہ کہ مجھے شوق سی کیجے پامال
مثلِ بلبل کے سرِ راہ بچھائین گل چشم / فرشِ فردوس گلابی ہو تو ہو بلبل چشم
شور ہی عالمِ بالا پہ قدِ رعنا کا / سرِ افلاک ہے فدیہ قدمِ والا کا
ساق ہے نخل تمنا ملاء اعلے کا / خاکِ پا غازہ ہے حورونکے رخِ زیبا کا
رکھدیا آپ نے جس فرش پہ دو بار قدم / بڑھ گیا پائے مین وہ عرش سی بھی چار قدم
بزم مین تذکرۂ گریۂ نبی سن پائے / شمع گو رشک سے جلجائے مگر سر نہ اٹھائے
ناخنِ پا جو ذرا عقدہ کشائی پر آئے / گرہ ابروے خوبانکی حقیقت کھلجائے
ماہِ نو گر کہین ہمچشمی کا خمیازہ کرے / ناخنہ چشم فلک مین خلش تازہ کرے
لو مبارک ہو قدمبوسیِ حضرت محسن / کسکو ہوتی ہی نصیب ایسی سعادت محسن
اب نہین باقی ہی کچھ خواہش ہمت محسن / آرزو اتنی ہے بس روز قیامت محسن

سر کے بل جاؤن جو نقشِ قدم سرور پر — سارے محشر کی زمین کہہ لون اُٹھا کر سر پر
ہے یہ امید کہ جب گرم ہو بازارِ نشور — یون کہے بادشہِ بارگہِ عالم نور
لو سراپا ہمین تم دو عوضِ حور و قصور — مین کہون واہ مجھے یہ نہین ہرگز منظور

مفت حاضر ہے مگر اسکی یہ تدبیر نہین
کھوٹے دامون بکے یوسف کی یہ تصویر نہین

ابیاتِ نعت[۱]

۱۲۷۴ھ

مٹانا لوحِ دل سے نقشِ ناموسِ اب وجد کا — دبستانِ محبت مین سبق تھا مجکو ابجد کا
الٰہی کسکے غم مین نکلے آنسو چشمِ فتان سے — کہ عطرِ فتنہ[۲] مین ڈوبا ہی رومال اُس سہی قد کا
کہان ہی آتشِ یاقوتِ لب مین وہ بھڑک باقی — کہ خطِ سبز نے چھینٹا دیا آبِ زمرد کا

[۱] یہ تاریخ صفت نہ برہنہ مین ہے اس قصیدہ پر حضرت امیر مینائی مرحوم کی تضمین نہایت اعلیٰ درجہ کی ہے غدر کے بعد والد مرحوم اور حضرت امیر کا قیام چند روز کاکوری مین رہا اسی زمانے مین یہ تضمین جسکا نام تاریخی مخمس نعتیہ (۱۲۷۵ھ) ہے لکھی گئی تھی مین اسکو درج کرتا ہون۔

مین بسم اللہ آزادی ہون سر پر تاج ہی مد کا — الف آوارگی کا راست نقشہ ہی مرے قد کا
تجردِ تختۂ اوّل ہے میری مشقِ ابجد کا — مٹانا لوحِ دل سے نقشِ ناموسِ اب وجد کا
دبستانِ محبت مین سبق تھا مجکو ابجد کا

یہ کسکو بخط مارا ہے اسنے تیرِ مژگان سے — کہ آیا جوش مین طوفانِ خجلت آبِ پیکان سے
پریشانی عیان ہی سرِ سبزِ زلفِ پریشان سے — الٰہی کسکے غم مین نکلے آنسو چشمِ فتان سے
کہ عطرِ فتنہ مین ڈوبا ہی رومال اُس سہی قد کا

ٹے بے درِ حسنِ صافت تک ہی ساری مشاقی — گیا وہ دور اب شوخی سے کیون ہی اتنی ناچاقی
پھٹنڈی گرمیان کہ چھوڑ کچھ انصاف کر ساقی — کہان ہی آتشِ یاقوتِ لب مین وہ بھڑک باقی
کہ خطِ سبز[۳] نے چھینٹا دیا آبِ زمرد کا

---

[۲] اشک چشمِ فتان با عطرِ فتنہ لفظاً مناسبت دارد منہ رح

[۳] جسطرح چھینٹا دینے سے آگ کی بھڑک اور تیزی کم ہو جاتی ہے اسی طرح چہرے کی رونق خط نکلنے سے کم ہو گئی۔

کنارے پر بٹھاے مجکو ظالم اپنی محفل مین ف۱ گناہ شوقِ بیحد سے جو مین ہون مستحق حد کا
بنایا خامہ موکو ہمارے دستِ لاغر سے کھنچا لیکن نہ دامن اے مصوّر اُس سہی قد کا
اُڑینگے چٹکیون مین تیر ترکش سے جدا ہوکر ف۲ ہمارے بعد ہے اللہ تیرے ظلم بیحد کا
چھپے تم مجھ سے کیون سب ہنستے ہین شاخین نکلتی ہین تمھارے پردہ مین عالم ہی ذوالقرنین کی سد کا

مخمس

صفِ اغیار ہی مجلس نشین پہلوی قاتل مین کوئی کہدی کہ مجکو کیون پھنسا رکھا ہی مشکل مین
یہی تعزیر ہے اتنی تو ہو میری جگہ دل مین کنارے پر بٹھاے مجکو ظالم اپنی محفل مین
گناہِ شوق بیحد سے جو مین ہون مستحق حد کا

قلم رکھدے قلم کر اپنے دونون ہاتھ خنجر سے سراپا اسکا تو کھینچے گا مرزا اپنا پتھر سے
چلا ہی کھینچنے اس قد کو کیا قمری کے شہپر سے بنایا خامہ موکو ہمارے دست لاغر سے
کھنچا لیکن نہ دامن اے مصور اُس سہی قد کا

یہ اسباب جفا سجائینگے نقشِ فنا ہوکر کمند اے ترک ہجائے گی آہِ نارسا ہوکر
کمان بل کھائے گی اترے گا چلّہ بدنما ہوکر اڑین گے چٹکیون مین تیر ترکش سے جدا ہوکر
ہمارے بعد ہے اللہ تیرے ظلم بیحد کا

زبانین خلق کی میرے سنبھالے کب سنبھلتی ہین کلیجے پر برابر برچھیان طنز دن کی چلتی ہین
نئی عادت جو ڈالی کب یہ باتین تمکو پھلتی ہین چھپے تم مجھسے کیون سب ہنستے ہین شاخین نکلتی ہین
تمھارے پردے مین عالم ہی ذوالقرنین کی سد کا

خبر آنے کی بھی پیغام اجل کا جانِ مضطر کو الف آسا بنایا بدزاید جسم لاغر کو
مٹایا نیستی سے یک قلم ہستی کے دفتر کو موا مین ناتوان سنکر صدا اے پاے دلبر کو
مجھے کھٹکا تھا مثل ہمزۂ وصل اسکی آمد کا

ف۱ حد در لغت کنار چیزے و ادب کردن گنہگار تا بار دیگر گناہ نکند۔
ف۲ چٹکیون مین اڑانا یعنی بیوقعت ہو جانا تیر ترکش سے جدا ہوکر بالِ بیوقعت سمجھے جائین گے تو تیرا ظلم اور بڑھے گا۔
ف۳ تمھارے چھپنے پر لوگ اعتراض کرتے ہین۔ سدِّ ذوالقرنین بنام دیوار قہقہہ مشہور ہی ذوالقرنین (بمعنی دو شاخ) لقب سکندر کا ہی۔

ہوا مین ناتوان سنکر صدا ے پا ے دلبر کو ؎۱ مجھے کھٹکا تھا شل ہمزۂ وصل اُسکی آمد کا
لکھے رو رو کے مضمون بیکسی کے دشت غربت مین زمین شعر پر عالم ہوا دریا بر آمد کا
تری بازار مین ایمان فروشی رکن طاعت ہی ؎۲ دم سودا بنا سنگ ترازو سنگ اسود کا
تری کیا بات ہی اے شاہد پاک سخن واللہ ؎۳ عجب انداز ہی ناز و ادا کا چال کا قد کا

جو فکر شعر کی سوج آگئی صحرا ے وحشت مین
گیا جی ڈوب ڈوب بے تعدد دریا ے فکرت مین
دُر معنی نہ پایا اور کوئی جوش رقت مین
لکھے رو رو کے مضمون بیکسی کے دشت غربت مین
زمین شعر پر عالم ہوا دریا بر آمد کا

دوکان حسن جکی بندہ بیدام خلقت ہی
تہ محراب بر وسجدہ اب مین عبادت ہے
خریداری تری جی بیچکر حکم شریعت ہے
ترے بازار مین ایمان فروشی رکن طاعت ہے
دم سودا بنا سنگ ترازو سنگ اسود کا

ترے آگے زمین مین گڑ گیا سرو چمن واللہ
خرامان تو ہوا ایک دری بھولا چلن واللہ
غضب گرمی بلا شوخی قیامت بانکپن واللہ
تری کیا بات ہی اے شاہد پاک سخن واللہ
عجب انداز ہے ناز و ادا کا چال کا قد کا

ترا کلمہ پڑھین کیونکر نہ خوبان جہان یکسر
نہین ہر کوئی بجھا قات تاقان اے پری پیکر
گرا نظرون سے حسن نوخطان زیروزبر ہوکر
مقابل تیرے سو حرف آئے خوبان نگارین پر
ادائے ناز مین موجد ہے تو طرز نہ مجدّد کا

؎۱ قاعدہ عربی زبان کا ہے کہ ہمزہ وصل بحالت وصل کلام کے تلفظ مین نہین آتا ہے (مطلب) میری ناتوانی کا یہ حال ہے کہ یار کے آنے کی خوشی کو بھی برداشت نہین کرسکتا ہون کہ صدا ے پاے دلبر سُنی اور میرا وصال ہوا۔

؎۲ وقت معاملہ بیع کے سنگ اسود نے سنگ ترازو ہوکر وزن بتانے کا کام دیا رعایت سودا و سنگ اسود ظاہر ہے۔

؎۳ خطاب شاہد سخن کیطرف ہے اور اسی کا سراپا لکھا گیا ہے۔

مقابل تیرے سو حرف آئے خوبان نگارین پر ادا و ناز مین موجد ہے تو طرز مجدد کا
مری طبع روان ہی یا تری رفتار موزون ہی مرا مصرع ہی یا سیدھا سا مضمون ہے ترے قد کا
تری زلفِ رسا کا شعر اک ادنی سا لٹکا ہی کرشمہ ہی غزل تیری غزالِ چشمِ اسود کا
لکھا سو جان سے دیباچہ گلستان کے سویدا پر تصور جسکے دلمین خال خال آیا ترے قد کا

مری باریک بینی یا کمر کا تیرے مضمون ہی مری رنگین بیانی یا ترا رخسار گلگون ہے
مری سحر آفرینی یا تری آنکھون کا افسون ہی مری طبع روان ہی یا تری رفتار موزون ہی
مرا مصرع ہی یا سیدھا سا مضمون ہی ترے قد کا

مخمس تیری یا پانچون انگلیونکا ایک خاکا ہی رباعی چار ابروکا مقرر سادہ نقشا ہے
جو رنگین قطعہ ہی یاقوت لب کا ایک ٹکرا ہی تری زلفِ رسا کا شعر اک ادنی سا لٹکا ہے
کرشمہ ہی غزل تیری غزالِ چشمِ اسود کا

ترانے بلبلِ شیراز کے دلکش نہون کیونکر کہ تیری بوستان حسن ساری ہی اُسے از بر
ملا رنگ قبول ایسا کہ مثلِ لالۂ احمر لکھا سو جان سے دیباچہ گلستان کا سویدا پر
تصور جسکے دلمین خال خال آیا ترے قد کا

جو ایمان ہو سراپا مصحفِ ناطق تجھے سمجھے ہوے ہین معنیِ والشمس روشن پرتو رخ سے
سوادِ زلف سے حل موبمو واللیل کے عقدے بعینہ افتتاحِ سورۂ صاد آنکھ کو کہیے
جو ابروے کشیدہ بین ہی نقشہ صاد کی مد کا

مضامین شوخ چشم فتنہ گر کے فیض سے دیکھیے ہوے ہین ماخذ رنگین بیانی لعل لب تیرے
سر مو سے ترے سربستہ نکلے یک قلم نکتے نکالی چیستان چوٹی کی گیسوے مسلسل سے
معما نام رکھا ہی ترے موے معقد کا

شبِ معراج کا مضمون ملا آنکھونکے کاجل سے ہوے حل معنی مازاغ چشمان مکحل سے
کیا واقف دہان تنگ نے اسرار لاحل سے نکالی چیستان چوٹی کی گیسوے مسلسل سے
معما نام رکھا ہے ترے موے معقد کا

بعینہٖ افتتاح سورۂ صاد آنکھ کو کہئے ۱؎ جو ابروے کشیدہ مین ہی نقشہ صاد کی مد کا
نکالی چیستان چوٹی کی گیسوے مسلسل سے ۲؎ معا نام رکھا ہے تری موے معقد کا
یہ سب باتین ہین لیکن ہی دہن مین گفتگو بیشک ۳؎ کرین کیا ہمکو حق نے منہ نہین بخشا خوشامد کا
محل گفتگو مین کیا حساب خاموشی سمجھین مگر صفر دہان تنگ اشارہ ہی ندارد کا

سواد خط ریحان ہی یہ سنبل زار مو بیشک — گل مضمون نے پائی ہی گل عارض سے بو بیشک
ہوئی سحر البیانی تیری تحریر گلو بیشک — یہ سب باتین ہین لیکن ہی دہن مین گفتگو بیشک
کرین کیا ہمکو حق نے منہ نہین بخشا خوشامد کا

سخندان غیب دان بھی ہون تو یہ از غیب سمجھین — مثا این حرف ہستی کو تو حال نیستی سمجھین
سمجھ حق نے جنھین دی ہی معما یہ ہی سمجھین — محل گفتگو مین کیا حساب خاموشی سمجھین
مگر صفر دہان تنگ اشارہ ہی ندارد کا

دہن کے مدعی ہین بیخود صہبا نے نادانی — جب اتریگا یہ نشہ آپ کھنچین گے پشیمانی
نہین اتنا سمجھتے سیکشان بزم حیرانی — دہن ہوتا تو پھر کرتا نہ کیون پیمانہ گردانی
یہ نقطہ ہو کے مرکز دور میم مدح احمد کا

وہ احمد جسکے پرتو سے ہی دل آئینۂ معنی — ثنا سے جسکی صندوق جواہر سینۂ معنی
مرصع دست کاتب مین پڑی دستینۂ معنی — ملا ہی لب کو جسکے وصف سے گنجینۂ معنی
زبان نے رتبہ پایا ہے کلید قفل ابجد کا

۱؎ سورۂ صاد شروع ہی ص سے اور اسی ص کو شاہ سخن کی آنکھ سے تشبیہ دی ہی جو مد ص پر ہی اُس کو ابروے کشیدہ سے تشبیہ دی ہی لفظ بعینہٖ (عین بمعنی چشم) آنکھ کے ذکر مین خاص لطف رکھتا ہی۔

۲؎ چوٹی کی چیستان یعنی اعلے درجہ کی چیستان مناسبت چوٹی کے گیسو سے ظاہر ہے۔

۳؎ یعنی دہن گفتگو کے واسطے ہوتا ہی ایسے مقام پر خاموشی کیسی دہن کی تشبیہ صفر سے ہی اور صفر علامت ہونے کی ہی تو معلوم ہوتا ہی کہ شاہ سخن کے دہن نہین ہی کیونکہ اگر دہن ہوتا تو مدح حضرت پیغمبر خدا صلعم کی کرتا۔

دہن ہوتا تو پھر کرتا نہ کیون پیمانہ گردانی سلہ یہ نقطہ ہو کے مرکز دور میم مدح احمدؐ کا
ملا ہی لب کو جسکے وصف سے گنجینہ معنی سلہ زبان نے رتبہ پایا ہی کلید قفلِ ابجد کا
بچھا کر فرشِ اطلس کو جا کر عرش و کرسی کو ازل سے انتظار اللہ کو تھا اُسکی آمد کا
قدم آنے سے جسکے مصر شہرستان امکان مین ہوا ہی یوسف کنعان لقب حسن مقید کا

تخمیس

بٹھا کر صف بصف بالا و نظرف ابنوہ قدسی کو چراغان کے عوض چمکا کے انوارِ تجلی کو
بنا کر آئینہ فردوس کی ہر اک کیاری کو بچھا کر فرشِ اطلس کو جا کر عرش و کرسی کو
ازل سے انتظار اللہ کو تھا جسکی آمد کا

خضرؑ تعلیم پائے رہبری جسکی دبستان مین سلامت نوحؑ جسکی کشتی الفت سے طوفان مین
گدا ادریسؑ جسکے کوچہ چاکِ گریبان مین قدم آنے سے جسکے مصر شہرستان امکان مین
ہوا ہے یوسفِ کنعان لقب حُسنِ مقید کا

بچھائے آنکھین جسکے خواہین آنیکو ہر شیدا کیا ہی جسنے دامان شفاعت پردۂ عصیان کا
حمایت پر ہے جسکی امتِ مرحوم کو تکیا ہمارا خواب غفلت تکیہ گاہِ مغفرت ٹھہرا
بروزِ حشر بنکر خواب مخمل جسکی مسند کا

فروغ اُس سے شریعت کا ہی زیبایش حقیقت کی وہ ہی زنگ رُخ ناسوت شمع بزم لاہوتی
وہی ہی رونقِ ظاہر وہی ہی زینتِ مخفی بیاض عارض صورت سواد گیسوے معنی
جواہر سرمۂ چشم گردشِ چرخِ زبرجد کا

سلہ اگر دہن ہوتا تو یہ نقطۂ دہن مرکز دور میم مدح ہوجاتا تاکہ پیمانہ گردانی جو دہن کے واسطے نعمت سے میسر ہوتی رعایت دور و پیمانہ گردانی ظاہر۔

سلہ اِس شعر سے نعت کی ابتدا ہی قفل ابجد اُس قفل کو کہتے ہین جسمین چند حلقے پہلو دار ہوتے ہین اور ہر پہلو پر حروف ابجد کندہ ہوتے ہین جب وہ حلقے اس ترتیب سے آجاتے ہین کہ حروف ابجد بہ ترتیب پڑھے جائین قفل کھلجاتا ہی (مطلب) جسکے سبب سے لب کو خزانہ معنی کا ملا اور زبان قفل ابجد یعنی دہن کی کنجی ہوگئی مناسبت گنجینہ و قفل ظاہر۔

ہمارا خواب غفلت تکیہ گاہ مغفرت ٹھہرا ۵۱ بروز حشر بنکر خواب مخمل جسکی مسند کا
بیاض عارض صورت سواد گیسوے معنی ۵۲ جواہر سرمہ چشم گردش چرخ زبرجد کا
جلاے کن فکان روشنگر آئینۂ عالم ۵۳ سعادت ہی شرف ہے نیر نور مجرد کا
مے انگوری الفقر فخری کی حلال اُسنے لڑا ہی جام جم سے سنگ مقصود اُسکے مقصد کا

عجب صورت سے چمکا اختر آئینۂ عالم صفا پاتا ہی اُس سے جوہر آئینۂ عالم
ہوی خاک قدم خاکستر آئینۂ عالم جلاے کن فکان روشنگر آئینۂ عالم
سعادت ہے شرف ہے نیر نور مجرد کا

گرا دی قیمت جام شراب پرتکال اُسنے جدا کی ساغر افلاس سے دُرد ملال اُسنے
نکالا اپنے ستونکے لیے گدڑی سے لال اُسنے مے انگوری الفقر فخری کی حلال اُسنے
لڑا ہی جام جم سے سنگ مقصود اُسکے مقصد کا

سوا اللہ کے دامن کش اُونکے توسل سے نہ اُسکو کام حشمت سے نہ کچھ مطلب تمول سے
شہنشہ دونون عالم کا مگر نفرت تجمل سے سریر جاہ پر فخر اُس کو دیہیم توکل سے
حریم ناز مین تکیہ خدا پر اُس کی مسند کا

۵۱ ہمارا خواب غفلت مخمل مسند آنحضرت کا خواب بنکر بروز حشر تکیہ گاہ مغفرت قرار پاسے گا۔ مناسبت مسند و تکیہ و خواب مخمل و خواب غفلت ظاہر۔

۵۲ جواہر سرمہ اضافت مقلوب یعنی کحل الجواہر آنحضرت صلعم کی صفت ہے کہ آپ عارض صورت کی بیاض گیسوے معنی کے سواد اور چشم گردش چرخ کے کحل الجواہر ہین۔

۵۳ یعنی آپ وجود خلق کی رونق آئینہ عالم کے منور کرنے والے اور ماہتاب نور کے شرف ہین الفاظ سعادت و شرف برعایت نیر کے ہین۔

۵۴ فخر انگور کی قسم۔ اُسکی شراب کو فخری کہتے ہین (مطلب) آپ کا مقصد فقر تھا اور شاہانہ شان و شوکت کو مٹا دینا سنگ مقصود ایک قسم کا پتھر ہے۔

ہر پہ جاہ پر فخر و شکوہ و ہیم توکل سے حریم نازمین تکیہ خدا پر اُسکی مسند کا
کھنچی ہے رحمت یزدان کی گویا شکل مستقبل ۱ھ تعالی اللہ رنگ عارض اُس نورِ مجرد کا
سرِ تاکید منظورِ خدا ہی لام کاکُل سے ۲ھ ہوا اظہار دو ابرو سے اِک نونِ مشدد کا
تصور کرنے والے آپکے بے شبہہ ناجی ہین بھروسہ ہے ہمین اللہ کے قول موکد کا

چمک مین ہی رُخ روشن کہین خورشید سے افضل یہ نقشہ نقش ثانی اور نقش یوسفی اول
شبیہ مصطفےٰ ہو کیون نہ ہر مخلوق سے اکمل کھنچی ہی رحمتِ یزدان کی گویا شکل مستقبل
تعالی اللہ رنگِ عارض اس نورِ مجرد کا

قیامت گرچہ رحمت کیلیے ہی مظہر کامل مگر فی الحال تسکین طلعت پیاسی ہی حاصل
خفیفہ سے ثقیلہ تک نہین ادزار بار دل کھنچی ہی رحمت یزدان کی گویا شکل مستقبل
تعالی اللہ رنگِ عارض اس نورِ مجرد کا

نہین گو کام عین عام رحمت کو تغافل سے خصوصیت کی صاد آنکھین ہین گر دیکھو تامل سے
نہ دیکھین کیون گنہگار دنکو وہ چشم تفضل سے سرِ تاکید منظورِ خدا ہے لام کاکل سے
ہوا اظہار دو ابرو سے اِک نون مشدد کا

وہ صورت دہیان مین رکھتے ہین ہم ہر چند عاصی ہین ہمین درپلے جنت کھڑکیان دانتونکی ہوتی ہین
بھلا کر آپکو بھولے ہین طاعت پر جو ناری ہین تصور کرنے والے آپکے بے شبہہ ناجی ہین
بھروسہ ہے ہمین اللہ کے قول موکد کا

ا-۲ھ مستقبل پوری تصویر کو کہتے ہین علاوہ شاعرانہ مضمون کی خوبیون کے اِن دو اشعار سے بقاعدہ علم معا لفظ لیرحمن ظاہر ہوتا ہے پہلے شعر مین رحمت سے مستقبل (مضارع) کا صیغہ یرحم ہوتا ہے۔ دوسرے شعر مین لام یرحم کی اول مین اضافہ کرکے نون مشدد آخر مین بڑھایا مطلب یہ ہے کہ عارض انور سے لیرحمن ظاہر ہوتا ہے۔

ہدف ہو ہو گیا زور کماندار نبوت سے ؎۱ مقام قاب قوسین اکثر ادنیٰ تیر مقصد کا
کشش جب قادر انداز ازل کے زور دکھلائے ؎۲ کمان حا سے چلہ کیوں نہ اترے میم احمد کا
احد کو کیجیے یا احمد بے میم کو سجدا عجب مشکل ہے مضمون میرے مفہوم مردد کا
دوئی بھی عین وحدت ہے محمد نص ناطق ہے ؎۳ مفسر ہے یہ جملہ آیہ میم مشدد کا

بہت اونچے گئے موسیٰ تو کوہ طور تک پہونچے بڑا پلہ کیا عیسیٰ نے کھینچے چرخ پر چلے
نشانے دونوں تھے اسکے نشانے سے کہیں نیچے ہدف ہو ہو گیا زور کماندار نبوت سے
مقام قاب قوسین اکثر ادنے تیر مقصد کا

ہدف ایسا مقابل شست اول کے اگر پائے کمان رکھدے کماندار آپ کھینچکر تا ہدف جائے
تعجب کیا کہ احمد بڑھتے بڑھتے تا احد آئے کشش جب قادر انداز ازل کے زور دکھلائے
کمان حا سے چلہ کیوں نہ اترے میم احمد کا

مدینے کیطرف جائیں کہ ہم کعبہ کا لیں رستا نظر آتا ہے ان دونوں گھروں میں ایک ہی جلوا
کہاں اب جبہہ سائی کیجیے کچھ بن نہیں پڑتا احد کو کیجیے یا احمد بے میم کو سجدا
عجب مشکل ہے مضمون میرے مفہوم مردد کا

احد احمد ہے ایک ان دونوں کا مضمون مطابق ہے ہر اک ان میں سے ہے معشوق ہر اک ان میں عاشق ہے
نہیں مطلق دوئی کو دخل یہ دعوے صادق ہے دوئی بھی عین وحدت ہے محمد نص ناطق ہے
مفسر ہے یہ جملہ آیہ میم مشدد کا

؎۱ یعنی کماندار نبوت کا زور یہ تھا کہ ادنیٰ قسم کے تیر مقصد سے بھی اکثر مقام قاب قوسین ہدف ہو گیا رعایت کماندار و قوسین و تیر و ہدف ظاہر۔

؎۲ کمان کو مشابہت ح سے اور چلہ یعنی چہل کو مناسبت میم سے ہے جسکے عدد ۴۰ ہیں یعنی احمد سے میم نکل جائے تو احد ہو۔

؎۳ دوئی کے عین وحدت ہونے کی دلیل خود لفظ محمد ہے کہ میم درحقیقت ایک حرف ہے لیکن بوجہ تشدید کے دو بار پڑھا جاتا ہے گویا میم مشدد کی تفسیر یہ ہے کہ "دوئی بھی عین وحدت ہے"

ملا نون نبوت سب کو میم عمر کھونے پر ۵۱ یہان گھٹ جانے مین اسکے احد ہوتا ہی احمد کا
ہوا رتبہ مین افزون قاف قلت کاف کثرت سے ۵۲ معما پا گئی چشم تامل صاد سے صد کا
چڑھا قاف قدم تک اور اترا کان امکان مین ۵۳ ہے شور اس قلزم معجز نما کے جزر کا مد کا
ہوئی شام آفتاب بت پرستی پر زوال آیا مہ نو خوب چمکا بر رین تیغ محمدؐ کا

نبی ذی رتبہ سب ہین آپ لیکن سب سے ہین برتر | یہ برہان اپنے دعوے پر ہی کافی اے خرد پرور
صفی اللہ سے روح اللہ تک جتنے ہین پیغمبر | ملا میم نبوت سب کو میم عمر کھونے پر
یہان گھٹ جانے مین اسکے احد ہوتا ہی احمد کا

گھٹے اعداد میم احمدی جب جسم حضرت سے | نبی تو آپ تھے ہی بڑھ گیا پایہ نبوت سے
ہوئے ہمنام باری بخت چمکا نور وحدت سے | ہوا رتبہ مین افزون قاف قلت کاف کثرت سے
معما پا گئی چشم تامل صاد سے صد کا

جو پہونچا سو جزن ہو کر تجلی گاہ یزدان مین | بھرے سب قدسیون نے گوہر مقصود دامان مین
سراپا دونون عالم غرق ہین اُس بحر عرفان مین | چڑھا قاف قدم تک اور اترا کان امکان مین
ہی شور اُس قلزم معجز نما کے جزر کا مد کا

دم جنگ آپنے تلوار کا جب کاٹ دکھلایا | سیہ کارون نے خوب اپنی سیہ کاری کا پھل پایا
سرون پر ابر شمشیر ہلالی اس قدر چھایا | ہوئی شام آفتاب بُت پرستی پر زوال آیا
مہ نو خوب چمکا بر رین تیغ محمدؐ کا

---

۵۱ انبیا علیہم السلام کو بعد چالیس برس کی عمر سے مرتبہ نبوت ملا لیکن اگر احمد سے میم (۴۰) نکالا جائے تو احد ہوتا ہے۔

۵۲ عدد صاد کے نوے ہین اگر الف صاد سے نکالا جائے تو صد ہوتا ہے۔ اسی طرح اگر احمد سے میم نکالا جائے تو باعث ترقی رتبہ کا ہی۔

۵۳ عالم قدم و عالم امکان دریا سے حقیقت محمدی کے جزر و مد ہین۔

اُتارا کاسۂ سر باڑھ کے ڈولے نے دم بھر مین ۵۱ ہوا چاک اوس سے گر برگشتہ ہو کر قلب مرتد کا
عداوت ہوگئی تاثیر خلق عام سے اُلفت ۵۲ سبب ہی شعلہ سیل آب شمشیر مہند کا
عجب کیا ہی جو خواب ناز مین سوتی رہے ناگن ۵۳ نہ کھولے آنکھ گر چھینٹا نہ دین آب زمرد کا
نہین حیرت کے قابل گر کہون مین اژدہ وصلی ۵۴ بیان ہی یہ لب تشدید سے حرف مشدد کا

ہوا اسکی عداوت کی سمائی جب کسی سر مین ۔ تاَل کا بربادی ہی تھی اُسکے مقدر مین
پھرا جو اس سے آیا گردش قسمت سے چکر مین ۔ آتارا کاسہ سر باڑھ کے ڈولے نے دم بھر مین
ہوا چاک اس سے گر برگشتہ ہو کر قلب مرتد کا

عدو پر بھی عجب انداز سے کرتا ہی وہ شفقت ۔ عداوت بھولجاتا تھا نظر آتی تھی جب صورت
یہانتک پھیلی اُسکے گلشن اخلاق کی نکہت ۔ عداوت ہوگئی تاثیر خلق عام سے الفت
سبب ہے شعلہ سیل آب شمشیر مہند کا

۵۱ باڑھ یعنی دھار و نیز یعنی ترقی (مطلب) باڑھ کے ڈولے نے مرتد کا سر کاٹ دیا مناسب کاسہ و چاک و برگشتہ دم مرتد ظاہر۔

۵۲ آپ کے خلق عام کا یہ اثر ہوا کہ عداوت اُلفت ہوگئی اور کسی چیز مین ضرر باقی نہین رہا کہ شعلہ سبب ہوا شمشیر پر آب دینیے کا حالانکہ آب و شعلہ مین عداوت ہی۔

۵۳ یہ ثبوت اس بات کا ہے کہ جن چیزون مین عداوت تھی الفت ہوگئی مقصود یہ ہی کہ یہ اثر ایسا عام ہے کہ کچھ عجب نہین اگر ناگن پر آب زمرد کا چھینٹا دین تو وہ آنکھ کھو لدے حالانکہ آب زمرد قاتل ہے یا یہ مطلب ہے کہ آب و تاب زمرد سانپ کو مغلوب و غافل کر دیتے ہین مگر اب ہوشیاری کا سبب ہے کیونکہ چھینٹا دینے سے غفلت جاتی رہتی ہے غالب کے شعر مین بھی یہی مضمون ہے ۔

سبزۂ خط سے ترا کاکل سرکش نہ دبا ۔ یہ زمرد بھی حریف دم افعی نہ ہوا

۵۴ اژدہ کا کام کاٹ کر جدا کرنے کا ہی تشدید (ّ) کی صورت اژدہ سے مشابہ ہے تشدید کی وجہ سے ایک حرف دوسرے حرف سے ملجاتا ہے۔

وصال حق سے حاصل ہی بقا دائمی اُسکی — بیان ہی واصل وباقی نتیجہ ایک ہی مد کا
پڑا لرزہ زمین مین جسم اطہر جب اُسے سونپا — سکون کے واسطے نافع ہوا تعویذ مرقد کا
عجب کیا ہی اگر کعبہ لباس ماتمی سپہنے — کرے ہمچشمی یعقوب دیدہ سنگ اسود کا
صریر خامہ سے اِس غم مین گرہو مرثیہ خوانی — [1] قلم کو بیگمان بازوے اللہ کے مد کا

شرار برق خاطف سے ہون دو دانۂ خرمن — پڑے پانی تو حق آتش سوا ہین ہو روغن
کرے بادِ سحر شام سحر کو پھونک کر روشن — عجب کیا ہی کہ خواب ناز مین سوتی ہی ناگن
نہ کھولے آنکھ گر چھینٹا نہ دین آبِ زمرد کا

عداوت یکقلم زائل محبت نقش ہر دل ہے — جو قاتل تھا وہ صیقل ہی جو ظالم تھا وہ عادل ہی
کہان اب دیدۂ احول دوئی ہر شی سی زائل ہے — نہین حیرت کہ قابل گر کہون مین تو وہ واصل ہی
بیان ہی یہ لبِ تشدید سے حرفِ مشدد کا

نبی سے مرتبہ بڑھکر ہے کیا کہئے نبی اُسکو — فضیلت فرد فرد انبیا پر حق نے دی اُسکو
خدا کا فضل روز افزون ہی جسپر کیا کمی اُسکو — وصالِ حق سے حاصل ہی بقا دائمی اُسکو
بیان ہے واصل وباقی نتیجہ ایک ہی مد کا

بندھا سامان جسم روح و قالب کی جدائی کا — جگر شق ہو گئے ہنگامۂ محشر ہوا برپا
زبس تھا آسمانِ عز و تمکین پیکر والا — پڑا لرزہ زمین مین جسم اطہر جب اُسی سونپا
سکون کے واسطے نافع ہوا تعویذ مرقد کا

اندھیرا چھا گیا ہر سو غروبِ مہر نور سے — اڑھائی آسمان کو نیلگون چادر اسی غم نے
عزیز مصر مکہ تھے مہِ کنعان بطحا تھے — عجب کیا ہی اگر کعبہ لباسِ ماتمی سپہنے
کرے ہمچشمی یعقوب دیدہ سنگ اسود کا

[1] بازو اُس شخص کو کہتے ہین جو ہمراہ مرثیہ خوان کے آواز ملاتا ہی۔

شب و روز آسمان ہوتے ہین قربان اُسکے روضہ پر — کہ ہی نو دائرون مین ایک مرکز کاف گنبد کا

بیان ہو کس سے شان روضۂ پر نور احمدؐ کا — کہ جسپر اک غلاف سبز ہی چرخ زبرجد کا

لکھون اک مختصر جملہ کہ روضہ ہی محمدؐ کا مطلع[۱] — یہی مسندالیہ اچھا سبب ہی رفع مسند کا

نہ گردون کا غبارہ تا غبار آستان پہونچا ق ۳ بند — اثر پیدا ہوا آخر زحل کے طالع بد کا

غم جانسوز حضرت سے فرشتون کے ہین دل پانی — قلم کی سینہ چاکی کچھ نہین ہے جائے حیرانی

نہ ہے فیض ثواب ماتم محبوب یزدانی — صریر خامہ سے اس غم مین گر ہو مرثیہ خوانی

قلم کو بیگمان بازو ملے اللہ کے ید کا

کھنچا سطح زمین پر جب سے خط روضۂ انور — شعاع مہر کو پرکار کے مانند ہے چکر

ثواب طوف حج پاتے ہین قدسی گرد پھر پھر کر — شب و روز آسمان ہوتے ہین قربان اسکے روضہ پر

کہ ہے نو دائرون مین ایک مرکز کاف گنبد کا

نہین برج قمر تبعہ ہے انوار سوید کا — برابر رات دن فیضان ہی نور مجرد کا

عجب عالم کلس کا ہی عجب جلوہ ہی گنبد کا — بیان ہو کس سے شان روضۂ پر نور احمدؐ کا

کہ جسپر اک غلاف سبز ہے چرخ زبرجد کا

کرون وصف بنا یا وصف رفعت اُسکے مشہد کا — فلک کہنا سبب ہوتا ہی کسر شان گنبد کا

نہین کرسی نشین قبہ جو سمجھون عرش امجد کا — لکھون اک مختصر جملہ کہ روضہ ہے محمدؐ کا

یہی مسندالیہ اچھا سبب ہی رفع مسند کا

سپہر و مہر کا دعوی صداقت کو کہان پہونچا — تعلی ہی تعلی تھی جو وقت امتحان پہونچا

نہ تا قندیل در نور چراغ آسمان پہونچا — نہ گردون کا غبارہ تا غبار آستان پہونچا

اثر پیدا ہوا آخر زحل کے طالع بد کا

---

۱ قاعدہ علم نحو یہ ہی کہ جملہ اسمیہ مین مسندالیہ سبب رفع مسند کا ہوتا ہی "روضہ ہی محمدؐ کا" جملہ اسمیہ ہی جسمین "محمدؐ" مسندالیہ "روضہ ہی" مسند ہی منشا یہ ہی کہ بلندی روضہ کی تعریف مین اسیقدر کہنا کافی ہی کہ وہ محمدؐ کا روضہ ہی یعنی یہی نسبت بلندی رفع روضہ کیلیے کافی ہی

کرہ آتش کا کوسون رہگیا پیچھے یہ حیرت ہی — کہ سر سوے فلک کیون شعلہ ہی قندیل گنبد کا
مناجاتی کا آنسو ڈھل کے اُسکے آستانے سے — ہوا ہے ذرۃ التاج سعادت فرق فرقد کا
فلک اب کوکب دُمدار کی جھاڑو اُٹھا رکھے — ملائک ڈھونڈتے پھرتے ہین سر خاک مرقد کا
جبین عرش ایزدی پہ ہی خاک آستان صندل [ف] — ہر اک ذرہ ستارہ ہی کلاہ فرق فرقد کا
زمین تا آسمان پہونچی مکان تا لامکان پہونچا — کہانتک اوج لکھیے اُسکی خاک پاک مرقد کا

تنزل ہی محال اسکا ترقی جسکی فطرت سے — یہ دعوی ہی پہی فلسفی کیون گرم حجت ہی
توجہ جانب مرکز اگر شانِ طبیعت سے — کرہ آتش کا کوسون رہگیا پیچھے یہ حیرت ہی
کہ سر سوے فلک کیون شعلہ ہی قندیل گنبد کا

کہو نکلے نہ نسر طائر اپنے آشیانے سے — تھکے بازوے مرغ سدرہ اُس نعت آپ نے سے
فلک کا اختر تقدیر چمکا سر جھکانے سے — مناجاتی کا آنسو ڈھلکے اُسکے آستانے سے
ہوا ہے دُرۃ التاجِ سعادت فرق فرقد کا

یہان کی گرد ہی کحل الجواہر اسکو پہنچنے دے — نہ پائین گے لیے قدسی تو در در خاک چھانینگے
صفائی ہو چکی کیا حاصل اتنی خاک اُڑانیسے — فلک اب کوکب دُمدار کی جھاڑو اُٹھا رکھے
ملائک ڈھونڈتے پھرتے ہین سر خاک مرقد کا

زمین روضہ انور فلک سے ہی کہین افضل — ہوا ہر روزنِ دیوار چشم جوہر اوّل
غبار در سے ہی آئینہ خورشید پر صیقل — جبین عرش ایزدی پہ ہی خاک آستان صندل
ہر اک ذرہ ستارہ ہی کلاہ فرق فرقد کا

بلندی مین وہان روضہ رفعت نشان پہونچا — جہان اُڑ کر نہ شہباز خیالِ قدسیان پہونچا
جبین عرش سے آگے وہ سنگ آستان پہونچا — زمین تا آسمان پہونچی مکان تا لامکان پہونچا
کہانتک اوج لکھیے اسکی خاک پاک مرقد کا

ف فرقد یکے از دو ستارہ کہ نزدیک قطب اند فرق بمعنی سر

عیان ہی کہکشان یا نقش محراب منقش ہے فلک ہی یا کلس رکھا ہی چھوٹا سا زمرد کا
ملاذ جن و انسان مرجع قدوسیان کہیے ۱؎ کہین ہے قبلۂ حاجت کہین ہی کعبہ مقصد کا
سلام حق کو لیکر دمبدم جبریل آتے ہین عجب مضمون کھپا اس بیت مین آورد آمد کا
ہی جی مین اس زمین کو تختۂ سرو روان کیجیے قیامت ایک سید ھا سا ملا ہی قافیہ قد کا
تصور مین ترے جنت ہی گوشہ اپنے مرقد کا مطلع کہ تھا لا امیری چشم تر کا ہی طوبی ترے قد کا

بلا گردان ملک ہین عالم ارواح کو غش ہی زمین پر چاندنی یا سایۂ قصر پر یوش ہی
فلک پر شمس ہی یا شمسۂ ایوان دلکش ہی عیان ہے کہکشان یا نقش محراب منقش ہی
فلک ہے یا کلس رکھا ہے چھوٹا سا زمرد کا

ترے روضہ کو مسجود زمین و آسمان کہیے عبادت خانۂ عالم مطاع دو جہان کہیے
پناہ پست و بالا امن کون و مکان کہیے ملاذ جن و انسان مرجع قدوسیان کہیے
کہین ہی قبلۂ حاجت کہین ہی کعبہ مقصد کا

طبق انوار کے دربار ایزد مین جو پاتے ہین پے کسب سعادت سر پہ اپنے رکھکے لاتے ہین
پیام بے تکلف کس تکلف سے سناتے ہین سلام حق کو لیکر دمبدم جبریل آتے ہین
عجب مضمون کھپا اس بیت مین آورد و آمد کا

صفات اس سرو بالا کے بہت بڑھکر بیان کیجیے بلند ایسے بند مین مضمون نہ مین کو آسمان کیجیے
قلم کو فاختہ کے مثل سرگرم فغان کیجیے ہی جی مین اس زمین کو تختہ سرو روان کیجیے
قیامت ایک سیدھا سا ملا ہے قافیہ قد کا

قیامت مین ہی کیا دھڑکا سواد دفتر بد کا نظر مین نور ہی تیری بیاض صفحۂ خد کا
دماغ اب عرش پر کیونکر نہ پہونچے خاک مشہد کا مطلع تصور مین ترے جنت ہی گوشہ اپنے مرقد کا
کہ تھا لا امیری چشم تر کا ہے طوبی ترے قد کا

۱؎ بیت بمعنی شعر و خانہ۔ آورد و آمد شعرا کی اصطلاح ہے۔

محمد مصطفےٰ پُتلا ہے تو نورِ مجرد کا　　ہوا خورشید اقلیم عدم سایہ ترے قد کا
سوادتبت تشبیہ کہیئے تیرے گیسو کو　　بہار گلشن تنزیہ ہے بوٹا ترے قد کا
میسر ایک جلوہ مین مجھے لطفِ دوبالا ہو　　کرون مین دیدۂ احول سے نظارہ ترے قد کا
بیاضی مطلع عارض ترا دیوان وحدت مین　　نکیلا مطلع ایجاد مین مصرع ترے قد کا
بنا یا رہنما جب عالمِ ایجاد کا تجھکو　　ہوا خضر سر راہ عدم سایہ ترے قد کا
نہ رکھا سایہ تک باقی مٹایا نام کثرت کو　　جو روشن بزم وحدت مین ہوا آلکا ترے قد کا

کہین شمس و قمر سے بڑھکے ہی جلوہ ترے قد کا　　ترے پرتو سے چمکا اختر تقدیر قد کا
دو عالم مین ہی پھیلا نور تیری ذات ارشد کا　　محمد مصطفےٰ پتلا ہے تو نورِ مجرد کا
ہوا خورشید اقلیمِ عدم سایہ ترے قد کا

مبارک نافۂ مشکِ ختن ہو نافِ آہو کو　　گلستان سے کہو کہ چھوڑے اپنے سرو دلجو کو
نہ یہ موزون نہ پہونچے اُسکی نکہت عنبرین مو کو　　سوادِ تبتِ تشبیہ کہیے تیرے گیسو کو
بہارِ گلشنِ تنزیہ ہے بوٹا ترے قد کا

دو چار آنکھین ہین تجھسے دو عالم سے کنارا ہو　　دو بینی سے دو روزہ زیست مین دُہرا تماشا ہو
مزا دونا ہو سروِ خلد کے پہلو مین طوبیٰ ہو　　میسر ایک جلوے مین مجھے لطفِ دوبالا ہو
کرون مین دیدۂ احول سے نظارہ ترے قد کا

لکھون کیا مدحتِ خطِ لبِ جان بخش حضرت مین　　کہ ہے وہ جسن مطلع صفحۂ مہر قیامت مین
بلند اک بیت ابرو فردِ کلیات فطرت مین　　بیاضی مطلع عارض ترا دیوان وحدت مین
نکیلا مطلع ایجاد مین مصرع ترے قد کا

رسالت سے تری منظور تھا سبکو ہدایت ہو　　گر شکل یہ تھی ذات ایک تیری اور عالم دو
نہ ہے حکمت کہ آئے راہ پر گم گشتہ تھے جو جو　　بنا یا رہنما جب عالمِ ایجاد کا تجھ کو
ہوا خضر سرِ راہِ عدم سایہ ترے قد کا

کلام ناطق آیات قرآن حقیقت مین | سراپا معنی تحقیق ہے جلہ ترے قد کا
خدا نے زیب و زینت کی جو بزم آفرینش کی | لگایا قد آدم آئینہ اسمین ترے قد کا
مٹا ڈالین بنا کر صورتین آدم سے تا عیسیٰ | تب آیا راست نقشہ کلک قدرت سے ترے قد کا
مقابل مجھ سے کیا ہو مرد میدان سخن محسن | کہ جوہر ہے مری تیغ زبان مین وصف احمدؐ کا
فضا سے تنگ میدان قلم مین نقطہ و خط سے | بڑے اُستاد نے مجھکو سکھایا ہے مجری گدکا

دوئی سے ہے کیون تنفر ہو نہ حضرت کی طبیعت کو | بنایا نور یکتائی سے سر تا پا ہے حضرت کو
پسند آئی نہ تکرار اپنے جلوہ کی بھی قامت کو | نہ رکھا سایہ تک باقی مٹایا نام کثرت کو

جو روشن بزم وحدت مین ہوا اکتا ترے قد کا

بیانِ شان بسم اللہ ہے ابرو کی آیت مین | خلاصہ سورۂ والشمس کا ہے تیری صورت مین
تری باتین شریعت مین ترا جلوہ طریقت مین | کلامِ ناطق آیات قرآنِ حقیقت مین

سراپا معنی تحقیق ہے جلہ ترے قد کا

نہین ہے تجھسے باہر ایک بھی قدرت کی نیرنگی | تجلی دو جہان کی تونے اپنی ذات مین دیکھی
ازل سے ہے تری تقدیر اے محبوب حق چمکی | خدا نے زیب و زینت کی جو بزم آفرینش کی

لگایا اُس مین قدِ آدم آئینہ ترے قد کا

بہت پُر زور تھا ہر چند خامۂ دست قدرت کا | نہ تھا آسان لیکن کھینچنا محبوب کا نقشا
پس صد محو و اثبات ایک مدت مین کھنچا خاکا | مٹا ڈالین بنا کر صورتین آدمؑ سے تا عیسیٰؑ

تب آیا راست نقشہ کلکِ قدرت سے ترے قد کا

اُڑا لینا بہت دشوار ہے میرا چلن محسن | ٹھہر سکتے نہین آگے مرے اربابِ فن محسن
بھلا دبتا ہون مین ہم بحر مین سیلا بانکپن محسن | ق | مقابل مجھسے کیا ہو مرد میدانِ سخن محسن

کہ جوہر ہے مری تیغ زبان مین وصف احمدؐ کا

۵ے قد عربی زبان مین کبھی بمعنی تحقیق اور کبھی بمعنی تقلیل کے آتا ہے۔

سزا حاسد کو ہی دار قلم سے اس قلمرو مین　　کہ یہ دار الحکومت ہے مظفر کا مویّد کا
کیا شیراز کو پامال اردوے معلی نے　　گیا مان اصفہان لوہا مری تیغ مہند کا
عصائے موسوی خامہ ورق ہی وادی ایمن　　ید بیضا کو داغ رشک رہتا ہی مرے ید کا
پڑا ہی طور کی چوٹی مین موبات زری بنکر　　لکھا جو شعر وصف روے تابان محمدؐ کا

امیر اسکا مقولہ ہے کہ جو اس راہ پر آئے　　جھکائے وہ سر تسلیم میرے پاؤن پر پہلے
عجائب ٹھاٹھ سے تعلیم پائی اشکؔ سے مین نے　　فضا ہے تنگ میدان قلم مین نقطہ خط سے
بڑے استاد نے مجکو سکھایا ہے بھری گدکا

نہ مدح غیر سے مطلب نہ ذم ہے اس قلمرو مین　　سزا حاسد کو ہی دار قلم سے اس قلمرو مین
حسد کرکے کہان جائیگا ہے اس قلمرو مین　　قلم جاری ہی احد کے کرم سے اس قلمرو مین
کہ یہ دار الحکومت ہے مظفر کا مویّد کا

زبان تیز کے جوہر زباندان ہو تو پہچانے　　ولایت مین صفین کین صاف اس تیغ مصفا نے
گری کٹ کٹ کر دست فکر سے تر کو نکے دستانے　　کیا شیراز کو پامال اردوے معلی نے
گیا مان اصفہان لوہا مری تیغ مہند کا

قصیدہ لکھ رہا ہون نعت مین اعجاز ہی روشن　　سواد ہر رقم ہے دود شمع طور کا مخزن
قلمدان جیب کوہ طور رستہ طور کا دامن　　عصائے موسوی خامہ ورق ہی وادی ایمن
ید بیضا کو داغ رشک رہتا ہے مرے ید کا

دبیر آسمان سی ہی کہین میرا بلند اختر　　ہر اک صفحہ مرے دیوان مین ہے فلک سے انور
چمک ہر معنی روشن کی طرہ ہی تجلی پر　　پڑا ہی طور کی چوٹی مین موبات زری بنکر
لکھا جو شعر وصف روے تابان محمدؐ کا

ح ۱ تیغ مہند تیغ ساختہ ہند در ملک عرب ایران تیغ ہندی اعتبار تمام دارد ۱۲
ح ۲ اشکؔ تخلص مولوی ہادی علی مرحوم استاد حضرت محسنؔ ۱۲

زمین شعر پہ نازل ہی قرآن سخن مجھسے | کتاب آسمان اک نسخہ ہی لوح زبرجد کا
سخن میرے قلم کی نے سواری سے کہان پہونچا | کہ کاسے کو سون سبزہ رہ گیا چرخ زبرجد کا
مری طبع روان کا پھر اُسی گھاٹ اب اُتارا ہے | تماشا دیکھیے بحر سخن کے جزر کا مد کا
احد کا غیب مین مورد شہادت مین تو احمد کا | مطلع ہی مشہود ایک ہی بیشک دو چشمی ہاے اشہد کا

ہوسے ہین منتظم یہ چار ارکان سخن مجھسے | منور ہی چراغ طاق ایوان سخن مجھسے
جہان مین ہی فروغ نور ایمان سخن مجھسے | زمین شعر پہ نازل ہی قرآن سخن مجھسے
کتاب آسمان اک نسخہ ہے لوح زبرجد کا

فلک کب ہمعنان توسن طبع روان پہونچا | فرشتون کے جہان پر جلتے ہین اکثر وہان پہونچا
بھرے ایسے ترارے تا فضاے لامکان پہونچا | سخن میرے قلم کی نے سواری سے کہان پہونچا
کہ کاسے کو سون سبزہ رہ گیا چرخ زبرجد کا

تعلی حد سے بڑھکر ہو چکی لازم کنارا ہے | لکھون پھر شعر تر مدحت مین فکرت کا اشارا ہی
طبیعت بادھ بر آئی ہی دل نے جوش مارا ہے | مری طبع روان کا پھر اُسی گھاٹ اب اُتارا ہی
تماشا دیکھیے بحر سخن کے جزر کا مد کا

وجوب امکان دونون مین ہی جلوہ نور بیچد کا | وہ اک غنچہ یہ اک گل ہی ترے گلزار مقصد کا
کہین مصداق مطلق کا کہین مظہر مقید کا | احد کا غیب مین مورد شہادت مین تو احمد کا
ہی مشہود ایک ہی بیشک دو چشمی ہاے اشہد کا

ہوا جب قصد میلر نعت مین موزون قصیدہ ہو | لکھے مطلع برابر کے جو پائے قافیے دو دو
نہین آتا ہی مجھپر حرف گر انصاف سے دیکھو | بمجبوری لکھا الیذ کی صورت لفظ اللہ کو
نہ آیا ہاتھ اچھا قافیہ جب کوئی احمد کا

---

۱ لوح زبرجد سے مراد توریت ہی جو قرآن شریف سے منسوخ ہوئی۔

۲ مراد از اشہد کلمہ شہادت وشہادت ضد غیب۔

بمجبوری لکھا الید کی صورت لفظ اللہ کو ۔۔۔ نہ آیا ہاتھ اچھا قافیہ جب کوئی احمدؐ کا
یہ تھا منظور رفتہ رفتہ تکمیل شہادت ہو ۔۔۔ خدا نے منتظر رکھا جو تیری آمد آمد کا
کہ دست صنع گر فارغ ہوا مقصود اصلی سے ۔۔۔ مقید پھر نہ ہوگا مطلق ایجادِ مقید کا
ترے رشتہ سے مثلِ شمع کی آتش سے گل بازی ۔۔۔ ہوا ہے تجھ سے روشن نام تیرے جد امجد کا
محاسب ہو شفاعت تیری جب دیوان محشر مین ۔۔۔ صحیح آسکے نہ میزان مین سیاہہ دفتر بد کا
کھنچی پہلے تری تصویر ازل مین دست قدرت سے ۔۔۔ ہوا لفظ خدا سے اشتقاق اول ترے خد کا

ہوا تیرا ظہور آخر مین عالم کو نہ حیرت ہو ۔۔۔ یہ مضمون صلوٰۃ روشن ہی اگر چشم بصیرت ہو
موخر انبیا سے کیون نہ خلق جسم حضرت ہو ۔۔۔ یہ تھا منظور رفتہ رفتہ تکمیل نبوت ہو
خدا نے منتظر رکھا جو تیری آمد آمد کا

بڑا نکتہ ہے اس تاخیر مین گر غور سے دیکھے ۔۔۔ کہ اس منصب سے پھر او ر انبیا محروم رہجاتے
نہ اتنے واسطے پیدا کیا حق نے تجھے پہلے ۔۔۔ کہ دست صنع گر فارغ ہوا مقصود اصلی سے
مقید پھر نہ ہوگا مطلق ایجاد مقید کا

خلیل اللہ نے کی واہ کیا ہی کار پردازی ۔۔۔ لگائی تجھ سے لو لے گرمی بازار طنازی
ہوے انگارے غنچے پھولی شعلو نکی سرافرازی ۔۔۔ ترے رشتے سے مثل شمع کی آتش سے گل بازی
ہوا ہے تجھ سے روشن نام تیرے جد امجد کا

غلط ہو دفتر آئین کاتب اعمال چکر مین ۔۔۔ مدین نیکی ہی کی رہجائین باقی سارے دفتر مین
بدی کی جو رقم ہو جا پڑے تنہائی کے گھر مین ۔۔۔ محاسب ہو شفاعت تیری جب دیوان محشر مین
صحیح آسکے نہ میزان مین سیاہہ دفتر بد کا

سوا اللہ کے اعلم ہین سب تیری فطرت سے ۔۔۔ ملک جن و بشر کوئی نہین واقف حقیقت سے
مقدم ایک کی خلقت نہین ہے تیری خلقت سے ۔۔۔ کھنچی پہلے تری تصویر ازل مین دست قدرت سے
ہوا لفظ خدا سے اشتقاق اول ترے خد کا

ترے ابرو کی ہی محراب لازم طاق عرفان کو　　در اسلام کو درکار ہے بازو ترے ید کا
تجمل کا ترے ماہی مراتب مہ سے تا ماہی　　ثریٰ سے ثور تک اک گاؤ تکیہ تیری مسند کا
الم مصروف تیرے دشمنون کی غمگساری مین [1]　　خوشی کو کام ہی تیرے محبون کی خوشامد کا
ستایش کے لیے تو واسطے تیرے ستایش ہی　　کہ ہے مذکور قرآن مین ترے اوصاف بیحد کا
سوا تیرے کسی کی مدح کرنا جن کا شیوہ ہے　　یہ سچ ہی وہ لیے پھرتے ہین جھوٹا قفل ابجد کا

مناسب ہی تری مژگان کی چلمن بیت یزدان کو　　مزین ہی ترے خط کا کتابہ عرش سبحان کو
ترے عارض کا شمسہ چاہیے ایوان ایمان کو　　ترے ابرو کی ہی محراب لازم طاق عرفان کو
در اسلام کو درکار ہے بازو ترے ید کا

دکھائے خسر و انجم نہ مجکو آسمان جاہی　　مری نظرون مین ہی اک گردہ یہ چتر شہنشاہی
ہوی تیرے مراتب سی کماہی کسکو آگاہی　　تجمل کا ترے ماہی مراتب مہ سے تا ماہی
ثریٰ سے ثور تک اک گاؤ تکیہ تیری مسند کا

نہ گزرے کیون تری اعدا کی ذلت اور خواری مین　　محب کیونکر نہ پائین حظ تری خدمتگزاری مین
غم و شادی ہین دونون محو تیری پاسداری مین　　الم مصروف تیرے دشمنونکی غمگساری مین
خوشی کو کام ہی تیرے محبونکی خوشامد کا

طبیعت کے سخندانونکو منظور آزمایش ہی　　وگرنہ انکی مداحی سے کب تیری نمایش ہی
بہت دشوار باب نعت و مدحت کی کشایش ہی　　ستایش کے لیے تو واسطے تیری ستایش ہی
کہ ہی مذکور قرآن مین ترے اوصاف بیحد کا

خداوند دو عالم آپ تیری مدح کرتا ہے　　صحف جتنے ہوے نازل ہر اک مین ذکر تیرا ہے
جو ہو تیری ثنا پر بند ہم مین سے وہ بیجا ہے　　سوا تیرے کسی کی مدح کرنا جنکا شیوا ہے
یہ سچ ہی وہ لیے پھرتے ہین جھوٹا قفل ابجد کا

[1] شہید ہی بشب دو وزا سکے صاحبزادون کا گہوارہ جنبان تھا: عجب ڈھب یاد تھا روح الامین کو بھی خوشامد کا:

یہ خواہش ہے کرون مین عمر بھر تیری ہی مداحی ۔۔۔ نہ اُٹھے بوجھ مجھسے اہل دنیا کی خوشامد کا
چمک ہو درد کی دلمین خیال روے تابان سے [1] ۔۔۔ ستارہ اوج پر ہو جسم کے برج مشید کا
کمند دل رہے چھوٹے نہ تیری ڈور کا پھندا [2] ۔۔۔ جو ٹوٹے دم کا دھاگا طائر روح مقید کا

تری خدمت مین ای حاجت روا بے غرض ہے نہی ۔۔۔ روا ہون حاجتین کیسے ہی درپئے ہین دنیا کی
ثنا سے دوسرے کی ہو نہ آلودہ زبان میری ۔۔۔ یہ خواہش ہے کرون مین عمر بھر تیری ہی مداحی
نہ اُٹھے بوجھ مجھسے اہل دنیا کی خوشامد کا

بڑھے سوز دروُنی داغ عشق فتنہ سامان سے ۔۔۔ تماشا ہو کہ چمکے بخت نور مہر عرفان سے
شرر نکلین اُٹھین شعلے ہوے ابر لمعان سے ۔۔۔ چمک ہو درد کی دلمین خیال روے تابان سے
ستارہ اوج پر ہو جسم کے برج مشید کا

پھنسائے دام گیسوے مسلسل مین مجھے ایسا ۔۔۔ رہان جبتک ہے آب و دانہ تجھ پر ٹوٹکے دم میرا
رہو مین رشتہ بر پا جب قفس چھوڑون عناصر کا ۔۔۔ کمند دل رہے چھوٹے نہ تیری ڈور کا پھندا
جو ٹوٹے دم کا دھاگا طائر روح مقید کا

بنادے مجکو ایسا مست اپنی چشم شہلا سے ۔۔۔ کہ ہو مے سے تنفر دوح بھاگے جام و مینا سے
دل وحشی کرے رم دونون عالم کی تمنا سے ۔۔۔ ہرن ہو نشہ سیر انشا یتن دین و دنیا سے
رہون خائف تصور کرکے مین دو دال سے دو کا

کرے خاصیت اکسیر پیدا میری خاکستر ۔۔۔ مذہب ہو مطلا ہو مرے اعمال کا دفتر
محک مین امتحان کے پیشگاہ حضرت داور ۔۔۔ برنگ زر چڑھے سونا مرا میزان محشر پر
اُٹھون مین قبر سے مخمور تیری چشم اسود کا

---

[1] مشید بمعنی بلند
[2] ڈور کا پھندا نہ چھوٹے بلکہ کمند دل رہے۔

ہرن ہو نسخہ میرا نشا تین دین و دنیا سے ؎ | رہون خائف تصور کرکے مین زوال سے دد کا

برنگ زر چڑھے ہے سونا مرا میزان محشر مین | اُٹھون مین قبر سے مخمور تیری چشم اسود کا

فرشتے دیکھکر مجھ کو کہین دیوان محشر مین | جگہ خالی کرو مداح آتا ہے محمد کا

تُلے اس نظم کا ہر حرف میزان قیامت مین | بطرز تازہ ہو وزن اپنے اشعار مجدد کا

ترے دربار مین ہر وقت رہنے کی اجازت ہو | مجھے سرکار سے خلعت ملے عیش مخلد کا

کرے بینا بیان میرے لیے ہر موج کوثر مین | جگہ مجکو ملے رشتہ کی صورت قصر گوہر مین

رقم ہو نام میرا دفتر خاصان داور مین | فرشتے دیکھکر مجکو کہین دیوان محشر مین

جگہ خالی کرو مداح آتا ہے محمد کا

لکھا ہو اس قصیدہ کو جو مین نے وصف حضرت مین | عوض ہر بیت کے پاؤن سکونت قصر جنت مین

کیے ہین بسکہ اکثر شعر جمع اوصاف قامت مین | تلے اس نظم کا ہر حرف میزان قیامت مین

بطرز تازہ ہو وزن اپنے اشعار مجدد کا

قصیدہ ختم ہوتا ہی صلہ اسکا عنایت ہو | اُٹھاتا ہون دُعا کو ہاتھ وا باب اجابت ہو

بغل مین یہ قصیدہ سر پہ اکلیل سعادت ہو | ترے دربار مین ہر وقت رہنے کی اجازت ہو

مجھے سرکار سے خلعت ملے عیش مخلد کا

نہ سمجھو تیرے خالق سے کسی صورت جدا سمجھون | ظہور شان مطلق کا مین تجکو واسطا سمجھون

حق آئینہ ہو دل پر صاف اصلی مدعا سمجھون | ترے عارض کو مین آئینہ نور خدا سمجھون

کہ فہم سر وحدت ہی الف ایان کے ابجد کا

قمر سمجھون رخ تابان کو یا مہر سما سمجھون | کلف اُسمین جلن [illegible] سمجھون تو کیا سمجھون

یہ تشبیہین ہین بر عکس ایک مظہر حق نما سمجھون | ترے عارض کو مین آئینہ نور خدا سمجھون

کہ فہم سر وحدت ہی الف ایان کی ابجد کا

؎ دد بمعنی درندہ

ترے عارض کو مین آئینۂ نورِ خدا سمجھون — کہ فہم سرِّ وحدت ہے الف ایمان کی ابجد کا
الٰہی پھیل جاے روشنائی میرے نامہ کی — بڑھا معلوم ہو لفظ احد مین میم احمد کا

[illegible]

دمِ تحریر تیری ذوق سے بڑھجائے تردستی — قلم کے نکلین آنسو ہو یہ جوشِ خندۂ شادی
شمولِ اشکِ شیرین سے دوات اتنی تو ہو بیکی — الٰہی پھیل جائے روشنائی میرے نامے کی
بڑھا معلوم ہو لفظِ احد مین میم احمد کا

کبھی تو کام آئے روشنائی میرے نامے کی — کوئی تو رنگ لائے روشنائی میرے نامے کی
نئی صنعت دکھائے روشنائی میرے نامے کی — الٰہی پھیل جائے روشنائی میرے نامے کی
بڑھا معلوم ہو لفظِ احد مین میم احمد کا

تاریخ خمسہ اللھم صل علے محمدٍ عبدک و رسولک النبی الامی و آلہ و اصحابہ و ازواجہ دائمًا ابداً
۱۲۷۵ھ ہجری

ایضاً اللھم صل علے محمدٍ عبدک و رسولک النبی الامی و آلہ و ازواجہ اجمعین ۱۲۶۶ھ

چتر شاہنشاہی

۱۲۷۵ھ

یہ مسدس ایک عزیز دوست کی طرف سے واجد علی شاہ بادشاہ اودھ کی مدح مین لکھا تھا جو دربار شاہی مین تخلص تبدیل کرکے متعدد مرتبہ پڑھا گیا۔

عزیز مصر جب تک مشتری ہو مہر قیصر ہو
قمر پرویز زہرہ مثل شیرین نازپرور ہو
دبیر چرخ توقیعات مین کسریٰ کا ہمسر ہو
ہو کیوان مثل سگ مریخ بہرام دلاور ہو
الٰہی جانِ عالم بادشاہ ہفت کشور ہو
فلک پر سات اختر ہین زمین پر ایک اختر ہو

ہو جبتک شاخ مین گل گل مین رنگت رنگ مین جوبن
لبو پر نے ہو نے مین نغمہ ہو نغمہ مین دل بردن
بغل مین شیشہ ہو شیشے مین مے سر مین شور افگن
ہو دل پہلو مین دلمین ماہرو مہرو مین الھڑ پن
تری محفل مین دورِ عیش ہم پیمان ساغر ہو
مے و محبوب ہو مطرب ہو ساقی ہو گل تر ہو

رہے تاثیر حسنِ پاک جبتک طورِ سینا مین
عزیز مصر سے کنعان رہے مشہور دنیا مین
اُتارا ہو پریزادون کا دلمین چشم مینا مین
ہو ذکر گوپیان گوکل مین ہندابن مین متھرا مین
تو محبوب جہان لے یوسف پاکیزہ منظر ہو
کنہیا بیچ والون مین پریزادون مین اندر ہو

ہو جبتک تخم زیر خاک جوش آمین نمو کا ہو
نمو سے ریشہ ہو ہر ریشہ بڑھکر نخل رعنا ہو
نکالے نخل شاخین شاخ کو پل پھر وہ پتا ہو
ہو پتون مین شگوفہ اور اُس سے میوہ پیدا ہو
نہالِ عمر شاہنشہ ہمیشہ تازہ و تر ہو
رہے قائم پھلے پھولے جہان مین سایہ گستر ہو

رہے جبتک بکامِ تشنہ کامان رحمتِ باری — رہے برسات مین ہرجا سو چھائی ہوئی بدلی
متاعِ کاروانِ ابر گوہربار ہو پانی — کنوین مین آب شیرین ہو بجائے یوسفِ مصری

ترا فیض اے سحابِ مرحمت ہردم فزون تر ہو
کنوان ہو، نہر ہو، گنگا ہو، قلزم ہو، سمندر ہو

ہو جبتک کان مین زر اور زر سے اُسکی وقعت ہو — رہے حاجت روا زر اور زر کی سبکو حاجت ہو
ہو گوہر بحر مین اور بحر کو گوہر سے عزت ہو — رہے گوہر مین آب اور آب سے گوہر کی قیمت ہو

ترے دستِ کرم کا قبضہ ہر اک بحر و کان پر ہو
ترے ہاتھون سے خالی بحر پُر دُر کان پر زر ہو

ہو جبتک کیمیا نایاب تر گوگرد احمر سے — رُخِ اہلِ ہوس ہو زرد تر زرنیخ اخضر سے
رہے چاندی مراد اکسیریون مین ماہ انور سے — عبارت زہرہ ہو سیماب سے اور شمس ہو زر سے

ترے در پر ہوس کا دامنِ امید پر زر ہو
ہو سنگ آستان پارس تو دربان کیمیا گر ہو

ہو جبتک ہمتِ لشکر کشی فغفور و خاقان مین — رہے خونریزی کا نشہ دماغِ کجکلاہان مین
کمالِ جوہرِ شمشیر سازی ہو صفاہان مین — چلے تیغِ پری پیکر پری کی چال میدان مین

تو اعدا پر مظفر ہو ترا اللہ یاور ہو
کمر مین ذوالفقار اور بازوئین زورِ حیدر ہو

ہو جبتک سینہ مین دل، اور دلمین درد، اور درد مین زاری — تہِ ابرو ہو آنکھ، اور آنکھ مین اشک ہون جاری
ہو پانی تیغ مین، پانی مین لہر، اور زہر ہو کاری — ہو غش سکتہ مین، غش مین بیخودی، اور بیخودی طاری

ترے دشمن کو دنیا مین نہ آسایش میسر ہو
ہمیشہ کشتہ و خستہ سراسیمہ و مضطر ہو

رہے جبتک کہ سیرِ فرقدین اک تنگ جوڑی پر — فلک پروازیون مین مہر کا نقرہ ہو نام آور

زری کا زین پوشِ سبزۂ گردون ہے یکسر ہو شب کی آبنوسی پالکی مین کہکشان جھالر

سواری دیکھکر تیری جہان حیران و ششدر ہو

زبانون پر تعالیٰ شانہ اللہ اکبر ہو

رہے خوشبو مین جبتک فرحت اور خوشبو ہو نسرین مین ہو نسرین باغ مین اور باغ چشم شوق گلچین مین

ہو چین سنبل مین سنبل کی شباہت زلفِ مشکین مین رہے نافہ مین مشک اور نافہ نافِ آہوی چین مین

دماغ جان ترے اخلاق عالی سے معطر ہو

شمیم نکہتِ عالم نوازی روح پرور ہو

شرف حاصل کرے جبتک سخن سے نفس انسانی دہن مین ہو زبان اور ہو زبان مین گوہر افشانی

ہو موزون صحبتِ احباب مین رسم غزلخوانی مسلم اس مسدس سے ہو محسن کی سخندانی

ستایش مین ہو تیری جو سخن جسکی زبان پر ہو

غزل ہو یا قصیدہ یا مخمس یا معشر ہو

صبح تجلی

حالِ ولادت صبح اکرم صلے اللہ علیہ وسلم

۸۴۲ سنہ ۱۲۸۹ھ ۸۴۷

بیضاویِ صبح کا بیان ہے ؎۱ تفسیر کتابِ آسمان ہے
ہے خاتمۂ شبِ دل افروز دیباچہ نگارِ نسخۂ روز
آثارِ سحر ہوے نمایان سیپارہ لیے ہوے ہے دوران
واللیل کو ختم کر چکا ہے آمادۂ دورِ والضحےٰ ہے
عنوانِ فلک ہے دُرِّ منثور لوحِ زرّین سورۂ نور
اطرافِ بیاضِ مطلعِ صاف والفجر کے حاشیے پہ کشاف
معمورۂ دہر تابیابان ہمطالعِ کشورِ بدخشان
ہر دشت ہی مثلِ دشتِ ایمن ہر کوہ برنگِ طور روشن
عالم مین ہے آفتاب تاثیر ؎۲ آبِ حلب وہوائے کشمیر
گردون کے غلاف مین ہی پنہان ؎۳ مشکوٰۃ شریفِ مہرتابان
آنکھین نظارے کی طلبگار نظارے کا بخت خفتہ بیدار
منظور ہے حسن کا تماشا ؎۴ ہر دیدہ ہے دیدۂ زلیخا

؎۱ بیضاوی درمنثور کشاف نام تفسیرون کے ہین منشایہ ہی کہ رات ختم ہوئی اور صبح صادق کے آثار ہین۔

؎۲ جسطرح تمام عالم مین آفتاب کی تاثیر پھیلی ہوئی ہی اُسی طرح آبِ حلب اور ہوائے کشمیر ہر جگہ ہے۔

؎۳ مشکوٰۃ نام کتاب حدیث شریف۔

؎۴ ہر دیدہ مثل زلیخا کے مشتاق حسن کا ہے۔

ہے شرق سے غرب تک یہ کیشان ۱؎ — نورِ عینین پیرِ کنعان
وہ سورۂ یوسفِ تجلی — یہ مطبعِ مصر کی عزیزی
پستی کا دماغ آسمان پر ق — اوجِ افلاک مہرگستر
وہ ہے بلغ العلےٰ کی تفسیر ۲؎ — یہ ہے کشف الدجےٰ کی تعبیر
مضمونِ طلوعِ صبحِ صادق ۳؎ — مشہور روایتِ مشارق
موقوف حدیثِ شب کی تصحیح ۴؎ — رکھ دیجیے طاق پر مصابیح
ظلمت کا چراغ بے ضیا ہے — انجم کا ستارہ ڈوبتا ہے
مہتاب کی چاندنی ڈھلی ہے — مریخ کی سُنت مشتری ہے
روپوش دبیرِ چرخِ اخضر ۵؎ — ظلمت کا سیاہہ کرکے ابتر
اہلِ بدِ کہکشان ہے مفرور — پروانہ نویسِ شمع کافور
زہرہ کا سفید ہوگیا رنگ ۶؎ — نظمِ پروین کا قافیہ تنگ

۱؎ شرق کو سورۂ یوسف اور غرب کو تفسیر عزیزی قرار دیا ہے مناسبت یوسف و عزیزی و پیر کنعان خاص لطف رکھتی ہے مطلب یہ ہے کہ شرق بجاے قرآن کے ہے اور غرب اُسکی تفسیر ہے۔

۲؎ پستی کی بلندی بلغ العلیٰ اور افلاک کی مہرگستری کشف الدجیٰ۔

۳؎ مشہور قسم حدیث و مشارق نام کتاب حدیث و جمع مشرق مطلب یہ ہے کہ صبح صادق ہونے مین کوئی شبہہ کا محل نہین ہے۔

۴؎ موقوف قسم حدیث منشا یہ ہے کہ حدیث شب کی تصحیح موقوف ہوئی یعنی شب تمام ہوئی مصابیح نام کتاب حدیث کا ہے و مصابیح جمع مصباح یعنی چراغ۔

۵؎ ظلمت کا سیاہہ ابتر ہوگیا تو دبیر اہلمد پروانہ نویس خائف ہوے کوئی روپوش ہوا کوئی غائب۔

۶؎ رنگ سفید ہوگیا یعنی رنگ فق ہوگیا نظم پروین برج ثور کے چھ ستارون کا نام ہے یعنی صبح ہوئی تو زہرہ اور نظم پروین غائب ہوگئے۔

کیا بات ہے مطلعِ سحر کی ؎۱ ہے فکر سپہر رات بھر کی

برمطلعِ صبحِ صادق اوستاد ؎۲ از دیدہ نوشت صاد برصاد

الواحِ زبرجدِ فلک کا ؎۳ ہے وقتِ اخیرِ شب خلاصا

ہنگام سپیدۂ سحرگاہ ؎۴ ساعات میں روز و شب کی واللہ

اک مخبرِ صادق البیان ہے ؎۵ پیغمبرِ آخر الزمان ہے

کیفیتِ وحی میں ہے بلبل ؎۶ ہے وقتِ نزولِ مصحفِ گل

سبزہ ہے کنارِ آبجو پر یا خضر ہے مستعدِ وضو پر

نوبت ہے صدائے قمریان کی تیاری ہے باغ میں اذان کی

محوِ تکبیر فاختہ ہے ؎۷ قد قامتِ سروِ دلربا ہے

اک شاخ رکوع میں رکی ہے اور دوسری سجدے میں جھکی ہے

سوسن کی زبان پر مناجات جاری لبِ جو سے التحیات

تسبیحِ شگوفہ یا مصور ؎۸ تحریمۂ تاک ربِّ اغفر

---

۱ سپہر آسمان و تخلص شاعر۔ مطلع شعر اول غزل و قصیدہ و جای طلوع سحر تخلص شاعر و صبح مطلب یہ ہی کہ مطلع سحر سپہر کے رات بھر کا نتیجہ فکر ہے۔

۲ صبح صادق میں دو صاد ہیں۔ خوشنویس استاد جب کسی دائرہ کی کشش کو بہت پسند کرتے ہیں تو دو صاد بناتے ہیں۔

۳ جسطرح توریت جسکو الواح زبرجد فلک کہتے ہیں منسوخ ہو گئی اسی طرح وقت اخیر شب ختم ہوا اور صبح صادق نمودار ہے۔

۴ سپیدۂ سحرگاہ کو پیغمبر آخر الزمان قرار دیکر ضروریات پیغمبری کا ذکر کیا ہے۔

۵ سپیدۂ صبح پیام رات کے ختم ہونے کا دیتا ہے اسواسطے اسکو پیغمبر آخر الزمان قرار دیا ہی۔

۶ جب وحی آتی تھی آنحضرت کی حالت متغیر ہو جاتی تھی تمام بدن میں رعشہ کی کیفیت ہو جاتی تھی۔

۷ قد قامت یعنی تکبیر ۸ تحریمہ وہ تکبیر جو بعد نیت نماز کے کہکے شروع کرتے ہیں۔

پھیلی ہوئی بوئے گل چمن مین — اور صلّ علے کا غل چمن مین
غنچے مین ہے خامشی کا عالم — یا صوم سکوت مین ہے مریم
کیاری ہر اک اعتکاف مین ہی — اور آب روان طواف مین ہی
پابند زکوٰۃ نامیہ ہے ۵۱ — کانٹا زرِ گل کو تولتا ہے
لایا یہ مجاہدِ صبا رنگ ۵۲ — نافرمان ہو رہا ہے چو رنگ
سالک ہی چمن مین نہر موزون — مجذوب ہی شاخ بید مجنون
ہے صوفیِ صاف دل صنوبر — تحریک نسیم حالت آور
ہر تخم بہ خلوت آرمیدہ — ہر ایک ثمر خدا رسیدہ
ابدال ہین برگ و نخل اوتاد ۵۳ — ہے نعم العبد سرو آزاد
خدمت مین بہار کی صبا ہے — سبزہ سنبل کا بالکا ہے
سجادہ بدوش لالہ یکسو — یکسو شب زندہ دار شبّو
ہی استغراق نیلوفر کو ۵۴ — پاس انفاس ہے سحر کو
سیفی جو زبان خار پر ہے — نرگس کی نگاہ مین اثر ہے
وحدت ہی چمن مین مغز تا پوست — صادق ہے بہار پر ہمہ اوست
غنچہ نر ہا تو گل ہوا ہے ۵۵ — واصل ہے جسے یہان فنا ہے

---

۵۱ مال نامی پر زکوٰۃ واجب ہی نامیہ یعنی بڑھنے والا کانٹا اُردو مین یعنی چھوٹی ترازو کے اور نیز بمعنی خار مستعمل ہی

۵۲ جہاد نافرمان پر ہوتا ہے نافرمان قسم پھول کی ہے۔

۵۳ ابدال گروہے از اولیاء اللہ کہ حق تعالی زمین را بوجود ایشان قائم دارد یکی از ایشان چون بمیرد دیگرے از مردم جاے او بگیرد مناسبت برگ با ابدال ظاہر است اوتاد در اصطلاح سالکان چہار تن اند از اولیاء خداے تعالی کہ محافظت جملہ عالم و معموری دنیا از برکت ایشان ست اوتاد جمع وتد بمعنی میخ۔ ۵۴ نیلوفر پانی مین ڈوبا رہتا ہے اسی رعایت سے لفظ استغراق جو اصطلاح تصوف ہی استعمال کیا گیا ہی ۵۵ غنچہ مٹ کر گل ہو جاتا ہی۔

کہتا ہے اشارۂ لجا لو — مُوتُوا مِن قبلِ اَن تموتوا
خرقہ ہے نصیب یاسمن کو [۱] — عامہ ملا ہے نارون کو
پیرایۂ نور مین سمن ہے — سلطانِ مشایخِ چمن ہے
عطار شمیم گلستان کی [۲] — ہمسر مرتبۂ فرید بوٹی
پھولون مین ہے یون گلاب خوش آب — جیسے قطبون مین قطب اقطاب
کیوڑا گلزار پُر فضا مین — غوث الثقلین اولیا مین
ہر شمعِ خموش فکر مین ہے [۳] — ہر طائرِ شوخ ذکر مین ہے
شورش مین قلندرانہ قمری [۴] — اور چشتی سبز پوش طوطی
ہے خواجۂ نقشبندِ ذیجاہ — طاؤس [۵] علیہ رحمۃ اللہ
ہر کبکِ دری خلیل آزر [۶] — ہُدہُد نامِ خدا پیمبر
اعجاز نسیم صبحدم ہے — انفاسِ مسیح کی قسم ہے
عالم مین وہی ہوا ہے چلتی [۷] — جو صبح الست کو چلی تھی
تنزیہ ہے مستِ نغمۂ ہو — ق — ہنگامۂ لا الٰہ ہر سو

---

[۱] نارون بمعنی گلنار فارسی۔

[۲] شمیم عطار گلستان کی ہے اور بوٹی ہمرتبہ فرید ہے عطار سے اشارہ شیخ فریدالدین عطار اور فرید سے بابا فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہما کی طرف ہے شمیم ہوائے خوشبو۔ فرید بوٹی نام بوٹی کا ہے یعنی شمیم عطار اور بوٹی فرید ہے۔

[۳] فکر و ذکر اصطلاح تصوف شمع کی خموشی ثبوت فکر کا ہے۔

[۴] چشتی سے مراد حضرت خواجہ معین الدین چشتی رح ہین مناسبت سبز پوش با طوطی ظاہر۔

[۵] طاوس نام ایک کامل بزرگ کا ہے مناسبت طاوس با نقشبند ظاہر۔

[۶] کبک دری پرندہ ایست خوش رفتار و آتش خوار۔ آزر بمعنی آتش و نام بت تراش مناسبت خلیل با آزر ظاہر ہدہد پیام و نامہ حضرت سلیمانؑ کا ملکہ سبا کے پاس لیگیا تھا جسکا ذکر سورۂ نمل مین ہے۔

[۷] صبح ازل جب الست بربکم کہا گیا تھا۔

باشان و شکوہ جلوہ فرما ۵۱ شاہنشہ تختگاہ الا

سامان ظہور کی ہے تمہید — قدرت پہ یہ ہو رہی ہے تاکید

فیض روح القدس عیان ہو — افشائے رموز کن فکان ہو

آئینہ ہو چار سوئے عالم — لبریز تجلیات پیہم

ہر قطرہ ہو جوشش بحر دربر — ہر ذرہ ہو آفتاب پیکر

وہ شان ہو آج رنگ و بو کی — مصداق ہو جلّ شانہ کی

لو ہم نے حباب کو عطا کی ۵۲ آب حیوان کی میر بحری

فرمان بقا کے مستند ہون — احکام فنا کے مسترد ہون

کثرت وحدت مین ہو کے فانی — حاصل کرے عمر جاودانی

مہمان حدوث کا قدم ہو — امکان پہ وجوب کا کرم ہو

سیرابی تازہ روپ دکھلائے — ہر شاخ خمیدہ راست ہو جائے

اسرافیل اپنے صور لائین — پھر رنگ رمیدہ کو جلائین

عزرائیل اب کرین نہ دورا — ناکا روکے رہین عدم کا

اللہ اللہ کیا سمان ہے — ہر شے کو حیات جاودان ہے

سرسبزی ہی باغ مین جنان کی — آمد ہے بہار بے خزان کی

لوح و قلم ادیب تقدیر — محو خط نسخ عالم پیر

ایام کا بخت پھر جوان ہے — پھر عہد شباب آسمان ہے

ہستی و عدم مین ایک لے ہے ۵۳ لاشے کے بھی لب پہ آج نے ہے

---

۵۱ شاہنشہ یعنی اللہ کہ در الا اللہ ہست۔

۵۲ یعنی حباب کو آب حیوان (بقائے دائمی) کا امیر البحر مقرر کیا۔

۵۳ لا کا ترجمہ فارسی مین نے ہے۔

کیفیت خرمی سے مسرور — رنگین طبع ان محفل نور
رضوان نے کہین سبیل رکھی — ہر کوزے مین سلسبیل رکھی
تیار کیے بحکم باری ؎۱ — میکائیل اک طرف نہاری
آئی سے بسا غر و صراحی ؎۲ — کوثر سے کھنچی ہوئی صبوحی
گلدستے بہشت نے بنا لے ؎۳ — جبریل درود پڑھتے آئے
بیٹھے ہوے ہین خوشی سے پھولے — غلمان لیے ہار حور گجرے
خاکا ہے زمین مین آسمان کا — نقشا ہے مکان مین لامکان کا
گویا اُتر آئی ہے زمین پر — مینا بازار چرخ اخضر
نازل ہوے عرش سے فرشتے — سب حی علے الفلاح کہتے
حاضر ہوئی روح پاک آدم — دوران نے کہا کہ خیر مقدم
ہمرنگ ارم زمانہ بشگفت — طوبیٰ لک یا ابا البشر گفت
انوار مین نوحؑ کے نمایان — یا ابر کرم کا جوش طوفان
رحمت کے لباس مین چھپا اس — شیثؑ و ادریسؑ و خضرؑ و الیاسؑ
یمن و برکت لیے ہین موجود — ہارونؑ و شعیبؑ و صالحؑ و ہودؑ
خاتم پہ لکھے ہوے سلیمانؑ — نقش تسخیر جن و انسان
بسم اللہ صاد صبر ایوبؑ ؎۴ — الحمد کتاب شکر یعقوبؑ

؎۱ حضرت میکائیل کو خدمت رزق پہونچانے کی سپرد ہے۔ نہاری صبح کا ناشتہ۔
؎۲ صبوحی، وہ شراب جو صبح سویرے پی جاتی ہے۔
؎۳ حضرت جبریل کو خدمت انبیا پر سلام و پیام پہونچانے کی ہے۔
؎۴ سورۂ صاد صبر کی بسم اللہ حضرت ایوب اور کتاب شکر کی الحمد حضرت یعقوب ہین۔

یوسفؑ مع عزت و مناصب ۵۱ یونسؑ مع ماہی و مراتب
داؤدؑ لیے زبور پہونچے | موسیٰؑ مع شمع طور پہونچے
کعبے مین خلیل کا ہے جلوہ | بت کرنے لگے خدا کا سجدہ
اسحقؑ مع ذبیح آئے | لقمانؑ مع مسیح آئے
تھے حسن فروش و جلوہ مشتاق | ارواح کے ساتھ ساتھ اخلاق
(اضافت مقلوب)
انواع محاسن و کمالات | اقسام صفات و عمدہ حالات
جو کچھ ابتک ہوا ازل سے | ہونے والا ہے جو کچھ آگے
ہر نکتۂ جانفزا ے ناسوت ۵۲ راز ملکوت و سر لاہوت
توحید کی شان راستبازی | تجرید کی وضع بے نیازی
استغنا ہرکاب تسلیم | اقبال کے ساتھ تخت و دیہیم
دانش دانا ے سر مکنون | سرمایۂ نازش فلاطون
وہ نظم فصیح جس کا سحبان | طفل ناخواندۂ دبستان
وہ دولت وجاہ روزافزون | جسکے بندون مین تھا فریدون
حاتم کا وصف جود کامل ۵۳ عدل نوشیروان عادل
حکمت مفتاح قفل مقصود | علم آئینۂ وجود معبود
ہر گوہر قلزم ولایت | ہر سر مطلع ہدایت
صدیق رض کا صدق و استواری | عثمان رض کا حلم و بردباری

---

۵۱ ماہی مراتب جلوس شاہی۔ مناسبت ماہی با یونس علیہ السلام لطفے دارد

۵۲ لاہوت عالم ذات الٰہی ست کہ سالکے اندران مقام فنا فی اللہ حاصل میشود و مرتبۂ صفات را جبروت و مرتبہ اسما را ملکوت نامند۔ ناسوت عالم اجسام۔

۵۳ جود کامل جو حاتم کی خوبی تھی۔

آوازہ عمر رضی کی صاحبی کا | اور دبدبہ مرتضےٰ علی رضی کا
ریحانِ بہشت روح پرور | خلق حسن شگفتہ منظر
رنگینیِ لالہ زارِ ایمان | جانبازی سیدِ شہیدان رض
آثارِ محبانِ ابرار | انوار مہاجرین و انصار
مقبولیِ بایزید و ادہم | محبوبیِ خاص غوث اعظم
عرفان ابو سعید کرخی | روشندلی جنید و شبلی
گستاخیِ عاشقانِ مغرور | رسوائی دار گیر منصور
عشق آفتِ عاشقان جانباز [۱] | حسن آئینہ تجلی ناز
مجنون و ہجوم حسرتِ دل | لیلےٰ مع ساربان و محمل
القصہ یہ دیکھکر تماشا | حیرت ہوئی آکے جلوہ فرما
کہتی ہوئی کیا ہے آج سامان | کھلتا نہین کچھ یہ سر پنہان
خورشید فلک کے سائبان مین | یوسف ہے غبار کاروان مین
خلوتگہ حسن ہے زمانہ | اور جلوۂ صبح شاہدانہ
ڈوبی ہوئی رنگ مین چمن کے [۲] | نکھری ہوئی روپ مین دلہن کے
خورشید ظہور کا شرف ہے | ق | معراج نظر کو ہر طرف ہے
مظہر کا خطاب میرزا ہے [۳] | منظر کا لقب ابو العلا ہے
شبنم کو دم فلک آبی [۴] | مٹی مین کمال بوترابی

---

[۱] عشق جو عاشقان جانباز کے واسطے آفت ہی اور حسن جو تجلی ناز کا آئینہ ہے۔

[۲] صبح کی صفت ہی یعنی صبح چمن کی رنگ مین ڈوبی ہوئی۔

[۳] مظہر مرزا مظہر جانجانان رح۔ شاہ ابو العلا رحمۃ اللہ علیہ کی نظر مین عجیب غریب اثر تھا۔

[۴] ابوتراب کنیت حضرت علی کرم اللہ وجہ جسمین تراب کا لفظ ہی جسکے معنی خاک کے ہین۔

ہر قطرے مین آب و تاب گوہر ۔ ہر موج شعاع مہر انور
آفاق مین ہے تجلی دُر ۔ یا شان نزول جلوۂ طور
کرتا ہے فلک سجود پیہم ۔ مائل بزمین ہے عرش اعظم
اونچی ہوئی یہ مکان کی کرسی ۔ سب کھل گئی لامکان کی قلعی
مرکز کو چلی گئی ہے کیا نار ۔ آتشکدے گل ہوے جو یکبار
پانی طوبیٰ کی جڑ مین پہونچا ۔ جو خشک ہوا ہے بحر ساوا
ہے خاک کی طبع مین روانی ۔ جو دشت سماوہ مین ہے پانی
چلتے ہین یہ کس ہوا کے جھونکے ۔ ہوش اُڑتے ہین جبرئیل کا جہونکے
باندھا وہ قضا نے لعن کا لام ؎۱ ۔ ابلیس کی فوج مین ہے کہرام
بُت مہر سکوت بر دہان ہے ۔ بتخانون مین شور الامان ہے
کس کی شوکت کا زلزلا ہے ۔ قصر کسرےٰ جو ہل رہا ہے
ہے کس کو خطاب ایزد پاک ؎۲ ۔ لولاک لما خلقت الافلاک
گم نور وجود مین عدم ہے ۔ آغوش حدوث مین قدم ہے
ہر فرش پہ عرش کی تجلی ۔ کہتی ہوئی لا آلٓ غیری
ہے قبلہ ہر ایک سمت پرنور ؎۳ ۔ ہر بیت ہے مثل بیت معمور
ہر نقش کمال کا ہزار ا ۔ ہر جزو مین عقل کل کے آثار
کیا رنگ قبول جلوہ گر ہے ؎۴ ۔ ہر گل پہ ہزار کی نظر ہے
ہے چاندنی ایک ماہ پیکر ؎۵ ۔ سورج مکھی آفتاب انور

؎۱ لام باندھنا بمعنی لشکر جمع کرنے کے ہین ؎۲ یہ حدیث لفظاً موضوع اور معنیً صحیح ہے صاحب قصیدۂ بردہ فرماتے ہین لولا ہ ما خلق الافلاک خالقہا ؎۳ ہر سمت پر نور قبلہ ہے ؎۴ ہزار کنایہ از بلبل ؎۵ گل چاندنی سورج مکھی گل اشرفی گل صدبرگ گل عباسی گل داؤدی مشہور پھولون کے نام ہین

اور رنگ نشین باغ ہے گل [1] | اور ہفت ہزاریون مین بلبل
ذی حکم خزانہ اشرفی ہر | صد برگ کا اسم پانصدی ہے
عباسی کو دعوی فتوت [2] | داؤدی کو شبہہ نبوت
ہر دانہ ہے عابد سحرخیز | ہر ذرۂ خاک شمس تبریز
القاب نسیم دامن دشت | مخدوم جہانیان جہان گشت
خالق کا کرم ہے فیض گستر | بخشش کا صلاے عام گھر گھر
روے حسنات سوے اخیار | چشم رحمت سوے گنہگار
ہے فکر مین عابدونکی طاعت | محسن کی تلاش مین شفاعت
جیسی اسدن سحر ہوئی ہے | ایسی کبھی پیشتر ہوئی ہے!
این نسخہ چہ انتخاب دارد | این صبح چہ آفتاب دارد
ناگاہ بجلوۂ عبارت | پیدا ہوئی غیب سے بشارت
یہ صبح سعادت جہان ہے | نور دو زہار جاودان ہے
مفتاح خزینہاے اسرار | مصباح تجلیات انوار
ہے بدر کمال اوج تشبیہ | لبریز جمال مہر تنزیہ
نازل ہے زمین پہ کبریائی | بندے کے لباس مین خدائی
اسوقت دیار عرب کے | مطلع سے تجلیات رب کے
برج شرف قریشیان مین | اور ہاشمیون کے خاندان مین
کعبے کی زمین ناسور سے | اور عبدالمطلب کے گھر سے
اسلام کا آفتاب چمکا | بے پردہ و بے نقاب چمکا

[2] عباسی کو دعوی فتوت کا اور داؤدی کو شبہہ نبوت کا اس رعایت سے ہے کہ حضرت عباس کی فتوت اور حضرت داؤد کی نبوت مشہور ہے

[1] ہفت ہزاری منصب ہوا سمین لفظ ہزار ہے جسکے معنی بلبل کے ہین پانصدی منصب ہے۔

پیدا ہوے سرورِ دو عالم ق پیدا ہوے فخرِ نوحؑ و آدمؑ
محبوبِ خدا نبی مرسلؐ صبحِ دومین روزِ اول
شاہنشہِ انبیا محمدؐ تاجِ سرِ اصفیا محمدؐ

پیدا ہوے حضرتِ پیمبرؐ ق صبحِ قدرت کے سعدِ اکبر
واللیل اشارتے زمویش والشمس عبارتے زرویش
خورشیدِ سپہرِ دین محمدؐ نورِ عین الیقین محمدؐ

پیدا ہوے قبلۂ طریقت ق پیدا ہوے کعبۂ حقیقت
مقصودِ ازل اجل و اعلےٰ منظورِ حضورِ حق تعالےٰ
سلطانِ فلک حشم محمدؐ مہرِ عرب و عجم محمدؐ

پیدا ہوے بادشاہِ ذیجاہ لہٗ آرائشِ تختِ لی مع اللہ
عینِ عرفان و مردمِ عین ابروے جبین قاب قوسین
جان و دلِ مرسلین محمدؐ روحِ روح الامین محمدؐ

پیدا ہوے خاتم النبیینؐ ق مُہرِ فرمانِ عزّ و تمکین
با میم احد احمدِ بلا میم شائستۂ صد صلوٰۃ و تسلیم
گنجینۂ اصطفا محمدؐ آئینۂ حق نما محمدؐ

محوِ رضوانِ حق روانش آل و اصحاب و پیروانش
کیفیتِ وجد مین ہے اب ذوق کہتا ہے خطیبِ خامۂ شوق
ہے ذکرِ ولادتِ پیمبرؐ لہٗ اَعْلیٰ اَوْلیٰ اَہَمُّ و اَکْبَرُ

لہٗ ملاحظہ ہو چراغِ کعبہ مین مقامِ اعلیٰ کے بیان مین آیا سوے بزمِ لی مع اللہ کا فٹ نوٹ

لہٗ جمعہ کے دوسرے خطبہ مین آخری فقرہ اعلےٰ اولےٰ اہم و اکبر ہوتا ہے۔

فغان محسن

سنہ ۱۲۸۹ھ

یہ مثنوی سچی ہمدردی اور پرانی محبت کا فوٹو ہے حضرت محسن کے ایک دوست پر سرکاری معاملہ مین گرفت ہوئی جسمین اندیشہ تھا کہ انکی عزت و آبرو مین فرق آئے۔ حضرت محسن اپنے دوست کی پریشانی و اضطراب کا صدمہ نہ اُٹھا سکے۔ بیمار ہو گئے۔ جب خدا کے فضل سے وہ معاملہ رفت و گزشت ہو گیا حضرت محسن کو بھی صحت ہو گئی۔ بعد صحت یہ مثنوی لکھی تھی جو نظر ثانی سے محروم رہی۔

یہ بیٹھے بٹھائے مجھے کیا ہوا
تڑپنے لگا دل اُچھلنے لگا

زمین تک مرے آنسو آنے لگے
فلک تک مرے نالے جانے لگے

جگر مین تپش لب پہ شیون ہے کیون
مجھے آپ ہی آپ اُلجھن ہے کیون

مری چشم تر کا یہ کیا حال ہے
کہ دامن سے تا آستین لال ہے

مرا رنگ فق ہوتا جاتا ہے کیون
بدن خود بخود سنسناتا ہے کیون

سبب کیا کہ مین سر کو دُھننے لگا
ہوا کیا کہ مین تنکے چننے لگا

ہنسی مین مرے آنسو بہنے لگے
مجھے لوگ سودائی کہنے لگے

نیا راگ لائی مری بیکسی
چھُٹا دیس جنگلے کی دُھن ہو گئی

مرے منہ پہ زردی سی کیون چھا گئی
چمن مین مرے کیون خزان آ گئی

پسینے بھی دیکھے نکلتے ہوے
ہے گھبراہٹ اتنی مجھے کسلیے

کڑی اپنے ہاتھون اُٹھانے چلا
کھلے بند مین قید خانے چلا

چمن سے مجھے شوق صحرا ہوا
نئے رنگ کا مجھکو سودا ہوا

خزان آئے تو دل کو کھٹکا نہین
بہار آئے تو مجھکو پروا نہین

طبیب آئیں بالیں پہ تو دم گھٹیں　　مری نبض دیکھیں تو نبضیں چھٹیں
کوئی فصد لے یاں اثر تک نہ ہو　　کوئی نشتر چبھنے دے یاں خبر تک نہ ہو

عجب طرح کا ہے یہ دیوانہ پن　　نہ شوق خموشی نہ ذوق سخن
اگر بے محل گفتگو کی ٹھنی　　ملا نطق کو خلعت سوسنی
خموشی ہوئی گر بجائے سخن　　ملا نالہ کو سرمئی پیرہن
جو سوتے ہیں شب کو رہی بیکلی　　تو خواب پریشان سے نیند اُڑ گئی
جو دن کو بھی سوز باطن رہا　　تو دن بھر مرا کیا بُرا دن رہا
خوش آتی نہیں اب مجھے کوئی شے　　نہ دریا نہ گلشن نہ مینا نہ مے
نہیں کوئی سامان مجھے سازدار　　نہ ساقی نہ مطرب نہ فصل بہار
کبھی میری کیفیت ایسی نہ تھی　　یہ شورش یہ سوزش یہ گرمی نہ تھی
نہ ایسی کبھی بیقراری ہوئی　　نہ مجھپر غشی ایسی طاری ہوئی
نہ آنکھوں کے پردے گلابی ہوے　　نہ تار آنسوؤں کے شہابی ہوے
گھڑی بھر میں ہو گیا گرد برد　　ستم ہے غضب ہے کلیجے کا درد
نہ کیا کیا ہوس زندگانی کی تھی　　مگر موت آنی جوانی کی تھی
کوئی دم میں دم ہی نکلتا ہے آج　　کلیجا مرا کوئی ملتا ہے آج
چلی آتی ہیں ہچکیاں دمبدم　　مجھے یاد کرتے ہیں اہل عدم
اندھیرا مری آنکھوں میں چھا گیا　　جبیں پر تو دیکھو عرق آ گیا
تڑپنے مجھے دو نہ بولو ذرا　　مرے ہاتھ اور پاؤں کھولو ذرا
نہ للہ مجکو سنبھالے کوئی　　مرے منہ میں پانی نہ ڈالے کوئی

سبکدستی یاروں کو دکھلاؤں میں　　کہ بو ہو کے غنچے سے اُڑ جاؤں میں
میں کس واسطے خاطر آزار ہوں　　کسی کے دل و دوش کا بار ہوں

ہو آنکھون سے آبِ رواں موجزن [۱] — اسی مین نہاؤن وہی ہو کفن
مرے فاتحہ کو نہ آئے کوئی — جنازہ نہ میرا اُٹھائے کوئی

نہ گل ہو نہ پھول اور نہ میلہ رہے — مرا مردہ سب سے اکیلا رہے
نہ شمع لحد کا بھی آنسو بہے — فقط بیکسی مجکو روتی رہے
خفا کر کے محسن نہ پھیرین مجھے — فرشتون سے کہدو نہ گھیرین مجھے
سمجھتا نہین مین حساب و کتاب — یہ رکھتا ہون اک مختصر سا جواب
نہ مین نے کیا کچھ نہ جانا کبھی — مگر سجدۂ آستانِ نبیؐ
خطابش بدیو انگہہ کبریا — حبیب خدا اشرف انبیا
ز اسماے او روز امید و بیم — شفیعؐ مطاعؐ نبیؐ کریم

---

[۱] آب روان ایک قسم کپڑے کی ہے۔

نگارستان الفت

۱۲۹۳ھ

معروف

پیاری باتین

یہ مثنوی ایک دوست کے اصرار سے لکھی تھی جب کو اُنکے یہان مشاعرہ تھا سہ پہر کو اُنکے اصرار سے مجبور ہو کر صرف ایک گھنٹہ مین یہ مثنوی لکھی نظر ثانی کی نوبت نہین آئی۔ بر سبیل تذکرہ ایک مرتبہ ارشاد فرمایا تھا کہ یہ مثنوی ناتمام ہے۔

اِک نظر مہر کی مجھ پر ساقی — ماہرو آئینہ پیکر ساقی
مہربان تشنہ لبون پر ہو جا — دل کی لہرون کا سمندر ہو جا
کشتی مے نہ چلی میرے بغیر — میرے دریا ترے بیڑے کی خیر
کر دے سرشار مجھے جی بھر کے — دے صراحی یہ صراحی بھر کے
گردش جام شراب ہے ساقی — دم آب ہے دم آب ہے ساقی
غرق کرتا ہے تلاطم مجھکو — آج للّٰہ کوئی خُم مجھکو
یہ بھی اک وقت ہی بیڈھب ساقی — بار کرتا ہے مخاطب ساقی
چھینٹے سو بدے کے رُلاتا ہی مجھے — غیر بن بن کے بناتا ہی مجھے
ہین یہ کیا رنگ تمھارے محسن — سُست کیون ہو مرے پیارے محسن
نہ وہ صورت نہ وہ سیرت تیری — یار کیا ہو گئی حالت تیری
اُڑ گیا رنگ ترا بو ہو کر — بہ گیا خونِ دل آنسو ہو کر
حیف حالت تری دکھ پائی ہوئی — ہائے صورت تری مُرجھائی ہوئی

لب پہ آئے ہوئے نالے پیہم ۔ ڈبڈبائی ہوئی آنکھین ہردم
چہرہ ڈوبا ہوا حیرانی مین ۔ عرق آیا ہوا پیشانی مین
زردی چھائی ہوئی رخسارونپر ۔ سرسون پھولی ہوئی انگارون پر
مردنی چھائی ہے چہرہ دیکھو ۔ اپنی جاتی ہوئی دنیا دیکھو
چھپ گیا چاند ستارا ہوکر ۔ اُڑ گیا آئینہ پارا ہوکر
ہردم اک رنگ بدلتا ہی کیون ۔ شمع کی طرح سے جلتا ہی کیون
یہ انگرکھے ترے گلکاری کے ۔ جنکی کلیون مین چبھے ہین کانٹے
کامدانی کا دوپٹا چھوڑا ۔ لُٹ گیا تیرا شہانا جوڑا
رنگ اُڑ اُڑ کے بکھر جانے لگا ۔ ناتوانی کو بھی غش آنے لگا
بند آنکھین کیے روتے دیکھا ۔ رات ہمنے تجھے سوتے دیکھا
کس بلا کا تو ہوا ہے مجنون ۔ لیلی کہتی ہے بلائین لیلون
کوہ پر جاکے اگر سر مارے ۔ کوہکن بھی تجھے پتھر مارے
باتین کرتے ہو تو رک جاتے ہو ۔ آپ ہی چھیڑ کے شرماتے ہو
کبھی ملتے ہو تو بیگانے سے ۔ کبھی ہنستے ہو تو دیوانے سے
شہر کا سیر و تماشا چھوڑا ۔ چاندنی چوک کا رستا چھوڑا
رکھدیے موسم گل مین کیونکر ۔ طاق نسیان پہ سنہرے ساغر
آشنا گل کے نہ سوسن کے رہے ۔ باغ مین تم تو خزان بنکے رہے
بیٹھے جنگل مین نہ یکسو ہوکر ۔ کالے کوسون پھرے آہو ہوکر
نجد مین تیرا گلا ہوتا ہے ۔ قیس لیلے سے خفا ہوتا ہے
کسی بُت نے تجھے حیران کیا ۔ کسی کافر نے مسلمان کیا
بیٹھے بٹھلائے یہ سودا تجکو ۔ کیا ہوا میرے کنہیا تجکو

دیکھ بھر آئین تری بھر آنکھین
یاد آئین کوئی کافر آنکھین

خون مین ڈوبی نگاہین کیسی
ہین مریجان یہ آہین کیسی

بگڑے کیون اے مرے بسمل چتون
یاد آئے کوئی قاتل چتون

عشق گیسو نے یہ عقدہ کھولا
سر پہ چڑھکر ترے جادو بولا

جال پھیلائے ہین نتروالے
بال کھولے ہوے گھونگروالے

جان لیتے ہین نکھرنے والے
تم سلامت رہو مرنے والے

دل لگا ہے تو پشیمانی کیون
جان کی فکر مرے جانی کیون

آبرو کی تجھے پروا کب تک
ننگ و ناموس کا کھٹکا کبتک

ہوش مین آؤ سمجھ والے ہو
تم تو بے مے پیے متوالے ہو

نتو کہین ایک نہ مانی آخر
مٹ گئی تیری جوانی آخر

چاندنی تجھلے پہر کی کب تک
روشنی شمع سحر کی کب تک

دل ناشاد کو رکھ قابو مین
نہ سہی یار نہ ہو پہلو مین

جھوٹی کھاؤ نہ ہزارون قسمین
پھینکدو دل جو نہین ہے بس مین

حال دشمن کا دگرگون ہو جائے
کیون ترا دل مریجان خون ہو جائے

تھام لے دل تجھے دلبر کی قسم
سر اٹھا تجکو مرے سر کی قسم

دوستانہ تجھے سمجھاتے ہین
نہین سنتا ہے تو ہم جاتے ہین

بس مجھے آتے ہین چکر ساقی
لے مرے ہاتھ سے ساغر ساقی

ہاتھ لینا مجھے غش آتا ہے
دل کہین اور رہے جاتا ہے

تیری محفل کا یہی طور رہے
دور جبتک ہے یہی دور رہے

مدیح خیر المرسلین

سنہ ۱۲۹۳ھ

اس قصیدے کی تشبیب پر جو اعتراض ہو سکتا ہے اُسکا جواب حضرت امیر مینائی مرحوم نے لکھا تھا وہ بجنسہ نقل کیا جاتا ہے۔

"بادی النظر مین شبہہ ہوتا ہے کہ قصیدۂ نعت مین متھرا گوکل و کنہیا کا ذکر بے محل ہے لہذا دفع دخل کیا جاتا ہے کہ نعت مین تشبیب کے معنی ہین ذکر ایام شباب کرنا اور اصطلاح شعرا مین مضامین عشقیہ کا بیان کرنا اساتذہ نے تخصیص مضامین عاشقانہ کی قید بھی نہین رکھی۔ کوئی شکایت زمانہ کی کرتا ہے کوئی متفرق مضامین کی غزل لکھتا ہے کوئی غزل مین کسی طرح کا خاص تلازم ملحوظ رکھتا ہے۔ الغرض متتبعان کلام اساتذہ و حقیقت شناسان تشبیب و قصیدہ پر پوشیدہ نہین ہے کہ مضامین تشبیب کے محصور نہین ہین اور نہ کچھ اس مناسبت کی قید ہے کہ حمد و نعت و منقبت مین قصیدہ ہو تو تشبیب مین بھی اسی کی رعایت رہے۔ مرزا اسد اللہ خان غالب دہلوی نے منقبت مین قصیدہ لکھا ہے جسکا مطلع ہے۔

صبحے کہ در ہوائے پرستاری وثن ۔۔۔ جنبد کلید بتکدہ در دست برہمن

اور اس قصیدے کی تشبیب مین بھی ایسے ہی مضامین لکھے ہین۔ عمدہ تر سند اُسکے جواز کی یہ ہے کہ حضرت سرور کائنات خواجہ ہر دو عالم صلعم کے حضور مین قصیدہ بانت سعاد جسکی تشبیب بھی مشروع نہین ہے پڑھا گیا اور حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے زبان مبارک سے اسکی تحسین فرمائی"

اس قصیدہ مین تشبیب کے بعد گریز پڑھنے سے کوئی محل اعتراض باقی نہین رہتا ہے

تاہم بعض احباب کے بیحد اصرار سے مجبور ہوکر جناب والد مرحوم نے چند شعر بطور جواب لکھے تھے جو نقل کیے جاتے ہین۔

گو قصیدے سے جدا ابر بہار تشبیب | فکر کے تازہ و تر کرنے کو ہے مستعمل
مختلف ہوتے ہین مضمون کہین عشق کہین حسن | کہین نغمہ ہی کہین مے کہین پھول اور کہین پھل
جیسا لکھا ہے امیر الشعرا نے دم طبع | اسکی پیشانی پہ دیباچہ ما قل و دل
تاہم اک لطف ہی خاص اسمین جو سمجھے دانا | کہ سخن اور سخن گو کو ہی نازش کا محل
پڑھکے تشبیب مسلمان معہ تمہید و گریز | رجعت کفر با یمان کا کرے مسئلہ حل
کفر کا خاتمہ بالخیر ہوا ایمان پر | شب کا خورشید کے اشراق سے قصہ فیصل
چشم انصاف سے دیکھو تو قصیدے کی شبیہ | نیم رخ تھی اسی رنگت سے ہوئی مستقبل
ظلمت اُسکے مکارہ مین ہوا طول سخن | مگر ایمان کی کیسے تو اسی کا تھا محل
غلبہ و سطوت ظلمت کے بیان مین مضمر | شوکت اس نور کی ہے جسنے کیا مستاصل
کفر و ظلمت کو کہا کسنے کہ ہے دین خدا | مے و نغمہ کو لکھا کس نے کہ ہی حسن عمل
مدعا یہ ہے کہ رندون کی سیہ بختی ہے ق | ظلمت کفر کا جب دہر مین چھایا بادل
ہوا مبعوث فقط اُسکے مٹا نیکے لیے | سیف مسلول خدا نور نبی مرسل
مہر توحید کی ضو اوج شرف کا مہ نو | شمع ایجاد کی لو بزم رسالت کا کنول

شعراء اسلام نے کفر کو ظلمت سے اور ایمان کو نور سے تشبیہہ دی ہی جناب حضرت عباس رضہ عم مکرم حضرت رسالتماب صلعم نے حضور کی شان مین شعر ذیل پڑھا۔

انت لما ولدت اشرقت الارض | وضاءت بنورہ الافق

اور کعب بن زہیر رضہ نے قصیدہ بانت سعاد کا شعر ذیل پڑھا تو حضرت سرور کائنات نے خوش ہوکر چادر مبارک صلہ مین عطا فرمائی۔

ان الرسول لنور یستضاء بہ | مہند من سیوف اللہ مسلول

اس قصیدہ پر متعدد تضمینین لکھی گئی ہین سب مین عمدہ تضمین منشی عبد المجید سحر مرحوم کی ہی جو فٹ نوٹ مین درج کی جاتی ہی۔ اور جسکا نام تاریخی مدح پیغمبر (۱۳۰۶ھ) ہے۔

سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل ۱؎ برق کے کاندھے پہ لاتی ہی صبا گنگا جل

گھر مین اشنان کرین سرو قدان گوکل ۲؎ جا کے جمنا پہ نہانا بھی ہی اک طول امل

خبر اڑتی ہوئی آئی ہے مہابن مین ابھی ۳؎ کہ چلے آتے ہین تیرتھ کو ہوا پر بادل

کالے کوسون نظر آتی ہین گھٹائین کالی ہند کیا ساری خدائی مین بتون کا ہی عمل

ہر صنمخانہ مین اسوقت خوشی کا ہے محل
ہر جگہ برج مین ہی دھوم سجے ہین استل
پیشوائی کو ہوئی موج مین جمنا بیکل
سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل
برق کے کاندھے پہ لاتی ہے صبا گنگا جل

کیون کرین قالب بے روح مکان گوکل
جسم گوکل پہ پریزاد ہین جان گوکل
بہتی گنگا ہے ہر گھر مین میان گوکل
گھر مین اشنان کرین سرو قدان گوکل
جا کے جمنا پہ نہانا بھی ہے اک طول امل

کیا شگوفہ ہی کھلا برج کے گلشن مین ابھی
کیسے پھولے ہین کنول چشم برہمن مین ابھی
خوب بے پر کی اڑی کوچہ و برزن مین ابھی
خبر اڑتی ہوئی آئی ہے مہابن مین ابھی
کہ چلے آتے ہین تیرتھ کو ہوا پر بادل

آج چلتی ہے زمانہ مین ہوا ابنکا لی
ہندوی پیر فلک جپتا ہی کالی کالی
اب نہین پڑے زمین تل کے برابر خالی
کالے کوسون نظر آتی ہین گھٹائین کالی
ہند کیا ساری خدائی مین بتون کا ہی عمل

۱؎ کاشی بنارس کو کہتے ہین۔

۲؎ اشنان بمعنی غسل۔ گوکل مقام پرستش کا ہے۔

۳؎ تیرتھ کو جانا یعنی کسی پرستش گاہ کی زیارت کو جانا۔ مہابن مشہور مقام پرستش۔

جانب قبلہ ہوی ہے یورش ابر سیاہ — کہین پھر کعبہ مین قبضہ نہ کرین لات وہبل
دُھر کا ترسا بچہ ہے برق لیے جل مین آگ ۱ـہ — ابر چوٹی کا برہمن ہی لیے آگ مین جل
ابر پنجاب تلاطم مین ہے اعلیٰ ناظم ۲ـہ — برق بنگالہ ظلمت مین گورنر جنرل
نہ کھلا آٹھ پہر مین کبھی دو چار گھڑی — پندرہ روز ہوے پانی کو منگل منگل

کیا گھٹا چھا گئی کالی سوے مغرب ناگاہ — وہ اندھیرا ہے کہ ہر آنکھ کی خیرہ ہی نگاہ
ہر زبان پر یہ سخن ہے کہ عیاذاً باللہ — جانب قبلہ ہوئی ہی یورش ابر سیاہ
کہین پھر کعبے مین قبضہ نہ کرین لات وہبل

ان کا استھان نہ کاشی ہی نہ متھرا نہ پراگ — ساتھ ساتھ اپنے لیے پھرتے ہین اپنا کھٹراگ
زور نیرنگ دکھاتے ہین فلک پر بے لاگ — دُھر کا ترسا بچہ ہی برق لیے جل مین آگ
ابر چوٹی کا برہمن ہی لیے آگ مین جل

ایک عالم کے بہانے کو بنا ہے حاکم — دوسرا آگ لگانے کو ہوا ہے عازم
کیا جفا کار ستمگر ہین یہ دونون ظالم — ابر پنجاب تلاطم مین ہے اعلیٰ ناظم
برق بنگالہ ظلمت مین گورنر جنرل

قید باران مسلسل ہے زمانہ پہ کڑی — کبھی بھادون کا برن ہی کبھی ساون کی جھڑی
سبکو حیرت ہی شش و پنج مین خلقت ہی پڑی — نہ کھلا آٹھ پہر مین کبھی دو رچار گھڑی
پندرہ روز ہوے پانی کو منگل منگل

۱ـہ دُھر کا یعنی انتہا درجہ کا برق کی آتش پرستی اس غضب کی ہے کہ پانی مین آگ لیے ہی اور ابر ایسا اعلےٰ درجہ کا برہمن ہے کہ آگ مین پانی لیے ہے چوٹی کا یعنے اعلےٰ درجہ کا چوٹی کی رعایت برہمن سے ظاہر ہے۔

۲ـہ تلاطم مین پانچ حروف ہین مناسبت بنگالہ کی ظلمت سے ظاہر ہے۔

دیکھیے ہوگا سری کشن کا کیونکر درشن ف۱ سینۂ تنگ مین دل گوپیون کا ہے بیکل
راکھیان لیکے سلونون کی برہمن نکلین تار بارش کا تو ٹوٹے کوئی ساعت کوئی پل
ابکی میلا تھا ہنڈولے کا بھی گرداب بلا نہ بچا کوئی محافہ نہ کوئی رتھ نہ بہل
ڈوبنے جاتے ہین گنگا مین بنارس والے ف۲ نوجوانون کا سنیچر ہے یہ بڑھوا منگل

لوگ ششدر ہین پڑے گھر سے نکلنا ہی کٹھن (مع بیغبر) حسرت و یاس کے جاری ہین انو پہ سخن
عالم آب ہے برسانہ سے تا بندرابن ف۳ دیکھیے ہوگا سری کشن کا کیونکر درشن
سینۂ تنگ مین دل گوپیون کا ہے بیکل

بُت بنے بیٹھے ہین قدرت کہ کہین گھر سے ہلین خود پڑے قید مصیبت مین خبر کس کی لین
پابگل آپ ہوے جائین کہان کس سے ملین راکھیان لیکے سلونون کی برہمن نکلین
تار بارش کا تو ٹوٹے کوئی ساعت کوئی پل

جھولنے والون کا ہر دم تہ و بالا دل تھا ہر طرف سے یہ صدا آتی تھی ڈوبا ڈوبا
کوئی پہونچا جو وہان تک تو وہ دلدل مین پھنسا ابکی میلہ تھا ہنڈولے کا بھی گرداب بلا
نہ بچا کوئی محافہ نہ کوئی رتھ نہ بہل

کون یون جان کو گرداب بلا مین ڈالے اپنے ہاتھون سے پڑے دام قضا کے پالے
اتنی شدت ہے نہین پڑ جائینگے جی کے لالے ڈوبنے جاتے ہین گنگا مین بنارس والے
نوجوانون کا سنیچر ہے یہ بڑھوا منگل

ف۱ سری کشن کنہیا جی کو کہتے ہین۔ گوپیان وہ عورتین ہین جو کنہیا جی کی سہیلیان تھین پہلا مصرع گوپیون کی جانب سے ہے۔
ف۲ بڑھوا منگل میلہ کا نام ہے جو بنارس مین منگل کو ہوتا ہے۔
ف۳ برسانہ نام مقام۔

تہ و بالا کیے دیتے ہین ہوا کے جھونکے — بڑے بہادو نکے نکلتے ہین بھرے گنگا جل
کبھی ڈوبی کبھی اُچھلی مہ نو کی کشتی — بحر اخضر سے تلاطم مین پڑی ہی ہلچل
قمریان کہتی ہین طوبے سے مزاج عالی [1] — لالۂ باغ سے ہندوے فلک کھیم کسل
شب دیجور اندھیرے مین ہے ظلمت کے نہان — لیلی محمل مین ہی ڈالے ہوے منہ پر آنچل
شاہد کفر ہی مکھڑے سے اُٹھائے گھونگٹ — چشم کافر مین لگائے ہوے کافر کاجل

ہوش اُڑ جائینگے آندھی کے نہ پوچھو صدمے (موج پیغیر) دشت و گلزار اُڑے جاتے ہین گرتے پڑتے
جوش دریا سے یہ طوفان و تلاطم دیکھے — تہ و بالا کیے دیتے ہین ہوا کے جھونکے
بڑے بہادو نکے نکلتے ہین بھرے گنگا جل

جوش باران نے زمانہ کی یہ صورت بدلی [2] — حوت ماہی ہے تو جوزا بھی ہی مردم ماہی
گو ڈر دی مزرعہ افلاک کی بالکل کھیتی — کبھی ڈوبی کبھی اُچھلی مہ نو کی کشتی
بحر اخضر مین تلاطم سے پڑی ہے ہلچل

داغہاے دل عاشق ہین گھٹائین کالی — یا بلاے قد بالا ہے قیامت والی
پرسش حال مین ہین محو پریشان حالی — قمریان کہتی ہین طوبے سے مزاج عالی
لالۂ باغ سے ہندوے فلک کھیم کسل

صف بصف لشکر زنگی کیطرح ابر روان — یا سیہ خیمہ مین ہے گرم شبستان جہان
ہی سیہ بختی مجنون کا دوچندان سامان — شب دیجور اندھیرے مین ہی بادل کے نہان
لیلی محمل مین ہی ڈالے ہوے منہ پر آنچل

اِک سیہ مست سیہ کار ہی کافر نٹ کھٹ — دین و دُنیا سے زمانہ کو کرے گا چوپٹ
دیکھیں ہندون کو سلائے یہ بلا کس کروٹ — شاہد کفر ہے مکھڑے سے اُٹھائے گھونگھٹ
چشم کافر مین لگائے ہوے کافر کاجل

[1] کھیم و کُسل بمعنی مزاج شریف — [2] حوت و جوزا ستارون کے نام ہین۔

جوگیا بھیس کیے چرخ لگائے ہی بھبوت — یا کہ بیراگی ہے پربت پہ بچھائے کمل
شب کو مہتاب نظر آئے نہ دن کو خورشید — ہے یہ اندھیر مچائے ہوئے تاثیر زحل
وہ دھوان دھار گھٹا ہے کہ نظر آئے نہ شمع — گرچہ پروانہ بھی ڈھونڈھے اُسے لیکر مشعل
نور کی تیلی ہوئی پردۂ ظلمت مین نہان — چشم خورشید جہان بین مین ہین آثار سبل
آتش گل کا دھوان بام فلک تک پہونچا — جمگیا منزل خورشید کی چھت مین کاجل

خاک بیزی مین ہی مصروف یہ پیر فرتوت (یعنی پنیبرا) کچھ عجب شکل بنائی ہی سراپا مبہوت

یہ دھوان دھار گھٹا دیتی ہی دھونی کا ثبوت — جوگیا بھیس کیے چرخ لگائے ہی بھبوت

یا کہ بیراگی ہی پربت پہ بچھائے کمل

کیا یہ اندھیر زمانہ مین رہے گا جاوید — پرتو قہر سے ہے چشم جہان نا امید
کھو گئی کیا شب یلدا مین مہ نو کی کلید — شب کو مہتاب نظر آئے نہ دن کو خورشید

ہے یہ اندھیر مچائے ہوئے تاثیر زحل

ظلمت بزم جہان دیکھکے شرمائے نہ شمع — دیکھتے دیکھتے کافور بھی ہو جائے نہ شمع
بزم افروزی پہ نازان نہو اترائے نہ شمع — وہ دھوان دھار گھٹا ہی کہ نظر آئے نہ شمع

گرچہ پروانہ بھی ڈھونڈھے اُسے لیکر مشعل

جلوۂ صبح سے ہوتا تھا منور دوران — شب ظلمت کا نہ باقی کہین رہتا تھا نشان
اب وہ اندھیر ہی آنکھون مین ہی نہ زمان — نور کی تیلی ہوئی پردۂ ظلمت مین نہان

چشم خورشید جہان بین مین ہین آثار سبل[1]

آج ظلمت کا حقیقت مین ستارہ چمکا — سطح گردون پہ عجب تختۂ سوسن پھولا
رنگ آہِ دلِ بلبل کا اُڑا کر نقشا — آتش گل کا دھوان بام فلک تک پہونچا

جمگیا منزل خورشید کی چھت مین کاجل

[1] سبل بیماری آنکھ کی ہی کہ آنکھ مین پانی آجاتا ہی اس مرض کو موتیا بند کہتے ہین۔

ابر بھی چل نہین سکتا وہ اندھیر الگھپ ہی | برق سے رعد یہ کہتا ہے کہ لا نا مشعل
جس طرف سے گئی بجلی پھر اُدھر آ نہ سکی | قلعۂ چرخ مین ہے بھول بھلیان بادل
فیض ترطیب ہوا نے یہ دکھائی تاثیر ؎ | زر محلول ہے اخگر تو کھرل ہے منقل
آب آئینہ تموج سے بہا جاتا ہے | کہیے تصویر سے گرنا نہ کہین دیکھ سنبھل
آج یہ نشو و نما کا ہے ستارہ چمکا | شاخ مین کاہکشان کے نکل آئی کوپل

کیا گھرا جاتا ہی ظلمت مین جہان بے سراج بغیر | یہ بلا عرصۂ عالم مین رہیگی تا کے
راہ ملتی نہین آنکھون سے نہان ہی ہر شے | ابر بھی چل نہین سکتا وہ اندھیر الگھپ ہے
برق سے رعد یہ کہتا ہی کہ لا نا مشعل

شورش رعد نکلنے کی جگہ پا نہ سکی | طپش صاعقہ چل پھر کوئی دکھلا نہ سکی
زلف مین دل کی طرح پھنسکے کہین جا نہ سکی | جسطرف سے گئی بجلی پھر اُدھر آ نہ سکی
قلعۂ چرخ مین ہے بھول بھلیان بادل

اس قدر تازگی فصل کی چمکی تقدیر | سنگ موسیٰ مین نظر ہین زرِ گل کی اکسیر
تیر کر آئی ہے پنجاب ہوا سے کشمیر | فیض ترطیب ہوا نے یہ دکھائی تاثیر
زر محلول ہے اخگر تو کھرل ہی منقل

جو مرقع ہی وہ بے آب ہوا جاتا ہے | پھیل کر رنگ لگا ہونسے اُڑا جاتا ہے
شکل حیرت ہی کہ سب عیب مٹا جاتا ہے | آب آئینہ تموج سے بہا جاتا ہے
کہیے تصویر سے گرنا نہ کہین دیکھ سنبھل

کیا زمانہ پہ کرم ابر بہاری نے کیا | فیض شادابی موسم سے ہوا چرخ ہرا
خوب سرسبزی افلاک کا طوطی بولا | آج یہ نشو و نما کا ہے ستارا چمکا
شاخ مین کاہکشان کے نکل آئی کوپل

؎ منقل انگیٹھی ہوا برسات کی اسطرح چیزونکو تر کر رہی ہی کہ انگیٹھی کی آگ گویا کھرل مین سونا حل کیا ہوا ہی

دیکھتے دیکھتے بڑھجاتی ہی گلشن کی بہار — دیدۂ نرگس شہلا کو نہ سمجھو احول
خضر فرماتے ہین سنبل سے تری عمر دراز — پھول سے کہتے ہین پہلتا رہے گلزار امل
عطر افشان ہے شبیہ گل نسرین و سمن — نخل داودی مومی سے ٹپکتا ہی عسل
لہرین لیتا ہے جو بجلی کے مقابل سبزہ — چرخ پر بادلا پھیلا ہے زمین پر مخمل
جگنو پھرتے ہین جو گلبن مین تو آتی ہی نظر ؎۱ — مصحف گل کے حواشی پہ طلائی جدول
ہمزبان وصف چمن مین ہوے سب اہل چمن — طوطیون کی جو ہی تظمین تو بلبل کی غزل

آتش حسن کو بھڑکاتی ہی گلشن کی بہار — روح بیغیر پر تو رنگ کو چمکاتی ہے گلشن کی بہار
دونی آنکھومین نظر آتی ہی گلشن کی بہار — دیکھتے دیکھتے بڑھجاتی ہی گلشن کی بہار
دیدۂ نرگس شہلا کو نہ سمجھو احول

سبز بختی سے ہے جوانان چمن سے دمساز — پرتو سبزۂ نوخیز ہی گویا اعجاز
ہاتھ پھیلاے ہوے لب پہ دعا دلمین نیاز — خضر فرماتے ہین سنبل سے تری عمر دراز
پھول سے کہتے ہین پہلتا رہے گلزار امل

ہے مرقع سے عیان آتش گلہاے چمن — ہو گئی شمع گداز دل بلبل روشن
راحت روح ہے تصویر کا رنگ و روغن — عطر افشان ہی شبیہ گل نسرین و چمن
نخل داودی مومی سے ٹپکتا ہے عسل

بادو باران مین ہی گلگشت گلستان کا مزا — مل دیا منھ پہ حسینان چمن کے غازا
صحن گلزار سے تا اوج سما جلوہ فزا — لہرین لیتا ہی جو بجلی کے مقابل سبزا
چرخ پر بادلا پھیلا ہے زمین پر مخمل

اوج اقبال پہ تابان ہی چمن کا اختر — سورۂ نور کو بلبل نے کیا ہے ازبر
شمع سان شعلہ سے چمکاے ہوے بال و پر — جگنو پھرتے ہین جو گلبن مین تو آتی ہی نظر
مصحف گل کے حواشی پہ طلائی جدول

؎۱ گلبن یعنی درخت گل سرخ

تختِ طاؤسی گلشن پہ ہی سایہ کیے ابر[۵۱]	چتر کھولے ہوئے فرقِ شہِ گل پر سنبل
جسطرف دیکھیے بیلے کی کہلی ہین کلیان	لوگ کہتے ہین کہ کرتے ہین فرنگی کونسل
شاخ پر پھول ہین جنبش مین زمین پر سنبل	سب ہوا کہاتے ہین گلشن مین سوار او پیدل
پھول ٹوٹے ہوئے پھرتے روشون پر ہین نسیم[۵۲]	یا سڑک پر ہین ٹہلتے ہوئے گلگون کوتل
آہ قمری مین مزا اور دمڑے مین تاثیر	سرو مین دیکھیے پھول آنے لگے پھول مین پھل

شوق سے سیکھے ہوئے طرز زبان سوسن رخ پھیرا مشق مین لائے ہوئے سرو کا بیساختہ پن
سحر و محسن سے اڑائے ہوئے انداز سخن ہمزبان وصف چمن مین ہوئے سب اہل چمن

طوطیون کی جو ہی تضمین تو بلبل کی غزل

مٹ گئے سب کے نشان کچھ نہ رہا قصر نہ قبر — کرچکے شاہجہان اور جہانگیر کا صبر
سبزا کرتا ہے لیے تیغ حکومت بالجبر — تختِ طاؤسیِ گلشن پہ ہی سایہ کیے ابر

چتر کھولے ہوئے فرقِ شہِ گل پر سنبل

ہر چمن سے ہوئے گلہائے فرنگ آج عیان — ہر شگوفہ پہ ہوا تازہ ولایت کا گمان
خوب پھبتی ہی گلستان پہ کہین انگلستان — جسطرف دیکھیے بیلے کی کھلی ہین کلیان

لوگ کہتے ہین کہ کرتے ہین فرنگی کونسل

ہل رہا ہے جو نسیمِ سحری سے ہر گل — جنبش سایہ زمین پر ہی طپش مین بلبل
بوئے گل صاحبِ دل ہی صبا ہی لدل — شاخ پر پھول ہین جنبش مین زمین پر سنبل

سب ہوا کھاتے ہین گلشن مین سوار او پیدل

عام ہی گلشن عالم مین ترا فیض عمیم — تو ہے مخصوص گلستان کی ہوا خواہ قدیم
کیا ہوا کھائیگی تو اے شہ گلشن کی ندیم — پھول ٹوٹے ہوئے پھرتے روشون پر ہین نسیم

یا سڑک پر ہین ٹہلتے ہوئے گلگون کوتل

[۵۱] تختِ طاؤسی شاہجہان کا مراد ہے۔ [۵۲] نسیم کی طرف خطاب ہی۔

ساتھ ساتھ آتے ہین نالونکے جگر کے ٹکڑے — شجر آہ رسا مین نکل آئی کوپل
شجرے مین پیر مغان کے نکل آئین شاخین — حرمت[1] دختر رز مین نظر آتا ہے خلل
سبزۂ خط سے ہوا ہونے لگے سرخی لب — چمن حسن سے لال اُڑ گئے بنکر ہریل
صاف آمادۂ پرواز ہے شامان کی طرح — پر لگائے ہوے مژگان صنم مین کاجل

اسقدر نشو و نما کا ہے اثر عالم گیر (ربیع منیر) پھول پھل سے یہ گلستانکی بڑھی ہے توقیر

لے اُڑی باد صبا باغ سے برجستہ نظیر — آہ قمری مین مزا اور مزے مین تاثیر
سرمین دیکھیے پھول آنے لگے پھول مین پھل

ہوگئے زخم درون سینۂ عاشق کے ہرے — اشک گلرنگ سے جو قرنیہ نئے گل پھولے
لالہ زار دل پر داغ سے رنگت بدلے — ساتھ ساتھ آتے ہین نالونکے جگر کے ٹکڑے
شجر آہ رسا مین نکل آئی کوپل

مے عقیق شجری ہوجو خوش آئین شاخین — نخل سینا نے نہ یہ پھول نہ پائین شاخین
جوش موسم نے ہر اک شے مین لگائین شاخین — شجرے مین پیر مغان کی نکل آئین شاخین
حرمت[1] دختر رز مین نظر آتا ہے خلل

جلوۂ فصل بہاری کا بندھا رنگ غضب — جوش سرسبزی عالم کا یہ موسم ہے سبب
داغ حسرت ہرے ہون دل عشاق کے اب — سبزۂ خط سے ہوا ہونے لگی سُرخی لب
چمن حسن سے لال اُڑ گئے بن کر ہریل

ہوگئے مار سیہ گیسوے پیچان کی طرح — شوخیان چشم دکھاتی ہے غزالان کی طرح
جان پائی ہے بعینہ تن بیجان کی طرح — صاف آمادۂ پرواز ہے شامان کی طرح
پر لگائے ہوے مژگان صنم مین کاجل

---

[1] حرمت بمعنی تعظیم و نیز ضد حلت۔ شاخین نکلنا قابل اعتراض ہونا۔

خندہ ہاے گل قالین سے ہوا شور نشور　　کیا عجب ہی جو پریشان ہی خواب مخمل
طرفہ گردش مین گرفتار عجب پھیر مین ہے　　سرمہ ہے نیند مری دیدۂ بیدار کھرل
شاخ شمشاد پہ قمری سی کہو چھیڑے ملار　　نونہالان گلستان کو سنائے یہ غزل
سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل　　غزل　تیرتا ہے کبھی گنگا کبھی جمنا بادل
سمت کاشی سے گیا جانب متھرا بادل　　برج مین آج سر کیشن ہے کالا بادل
خوب چھایا ہی سر گوکل و متھرا بادل　　رنگ مین آج کنہیا کے ہے ڈوبا بادل

آج غوغائے قیامت سے جہان ہی معمور (روح پیغمبر) ہو کہین فرش سے تا عرش نہ محشر کا ظہور

گلشن بزم مین ہی بادبہاری دم صور　　خندہ ہاے گل قالین سے ہوا شور نشور
کیا عجب ہے جو پریشان ہے خواب مخمل

شور محشر ہے بپا بزم مین یان نالہ نے　　اثر کیا! چیز ہے نے بھول گئی اپنی لے
شب کٹی جاتی ہے آنکھون مین یہ آفت تا کے　　طرفہ گردش مین گرفتار عجب پھیر مین ہے
سرمہ ہے نیند مری دیدۂ بیدار کھرل

اب تمنا ہے کہ ہو محفل عشرت کی بہار　　نغمۂ تر سے بٹھائے مری خاطر کا غبار
خندۂ گل سے نبجے تار رگ گل کا ستار　　شاخ شمشاد پہ قمری سے کہو چھیڑے ملار
نونہالان گلستان کو سنائے یہ غزل

رنگ مین ہی دل عاشق کا سویدا بادل　　مثل درد دل عشاق جو اٹھا بادل
صورت اشک چلا آنکھ سے گرتا بادل　　سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل
تیرتا ہے کبھی گنگا کبھی جمنا بادل

جھومتا آتا ہے ہر سمت سے کیا کیا بادل　　ہی یہ مست مے شوق مین گویا بادل
سانولے رنگ سے اندھیر مچاتا بادل　　سمت کاشی سے گیا جانب متھرا بادل
برج مین آج سر کیشن ہے کالا بادل

حسن ہر رنگ مین دکھلاتا ہی اپنا بادل　　یہ دھنک ہے کہ لگائے ہوئے قشقا بادل

شاہد گل کا لیے ساتھ ہے ڈولا بادل　　　برق کہتی ہے مبارک تجھے سہرا بادل
سطح افلاک نظر آتی ہے گنگا جمنی　　　روپ بجلی کا سنہرا ہی روپہلا بادل
چرخ پر بجلی کی چل پھرسے نظر آتا ہی　　　سبزہ چمکا ہے ہلاتا ہوا پر چھا بادل
جبتلک برج مین جمنا ہی یہ کھلنے کا نہین　　　ہی قسم کھائے اُٹھائے ہوئے گنگا بادل
بجلی دو چار قدم چل کے پلٹ جائے نہ کیون　　　وہ اندھیرا ہی کہ پھرتا ہی بھٹکتا بادل

ہو گیا زلف سیہ برج مین کالا بادل　　　رخ پیغمبر خوب چھایا ہے سر گو کل و تھرا بادل
رنگ مین آج کنھیا کے ہی ڈوبا بادل

آیا شبنم کا سجے جسم پہ جوڑا بادل　　　حلقۂ قوس سے باندھے ہوئے کنگنا بادل
محفل باد بہاری مین ہی دولھا بادل　　　شاہد گل کا لیے ہاتھ مین ہے ڈولا بادل
برق کہتی ہے مبارک تجھے سہرا بادل

ہی زر افشان ورق سیم کی گویا ابری　　　آب زر سے قلم صنع نے لکھی وصلی
آب و تاب ایسی دکھاتے ہین سحاب در بجلی　　　سطح افلاک نظر آتی ہے گنگا جمنی
روپ بجلی کا سنہرا ہی روپہلا بادل

ترکتازی کی ہواؤن پہ یہ اترا تا ہے　　　آن بان اپنی عجب شان سے دکھلاتا ہے
بانکپن اسکا غضب نوک کی لیجاتا ہے　　　چرخ پر بجلی کی چل پھر سے نظر آتا ہے
سبزہ چمکا ہے ہلاتا ہوا پر چھا بادل

گیسوا بر سے نکلے گا نہ اب روی زمین　　　عقدۂ زلف گرہگیر بھی کھلتا ہی کہین
ہر برہمن کا یہ ہی قول ہی ہمین یقین　　　جب تلک برج مین جمنا ہی یہ کھلنے کا نہین
ہی قسم کھائے اُٹھائے ہوئے گنگا بادل

ٹھوکرین چال مین اندھو نکیطرح کھائے نہ کیون　　　ہر طرف موج ہوا ہاتھ کو پھیلائے نہ کیون

چشمہ مہر ہی عکس زر گل سے دریا[1] پرتو برق سے سونے کا ہے بجرا بادل
میری آنکھوں مین سماتا نہین یہ جوش و خروش کسی بیدرد کو دکھلائے کرشما بادل
دل بیتاب کی ادنی سی چمک سے بجلی چشم پر آب کا ہے ایک کرشما بادل
طپش دل کا اُڑایا ہو انقشا بجلی چشم پر آب کا دھویا ہوا خاکا بادل

سہم جائے نہ کمان رعد بھی چِلّائے نہ کیون ہے یہ غیر بجلی دو چار قدم چلکے پلٹ جائے نہ کیون
وہ اندھیرا ہے کہ پھرتا ہے بھٹکتا بادل

موجہ رنگ چمن بحر مین ہے جلوہ فزا ابر بر روپ ہی بجلی کی چمک سے کیا کیا
ہر جگہ ابر بہاری سے نیا ہے جلوا چشمۂ مہر ہے عکس زر گل سے دریا
پرتو برق سے ہے سونے کا بجرا بادل

صورتِ زلف اگر عشق مین ہی خانہ بدوش پہلے ضبط طپش دل سے کری لب خاموش
دمبدم کسکو دکھاتا ہی نیا جوش پہ جوش میری آنکھو مین سماتا نہین یہ جوش خروش
کسی بےدرد کو دکھلائے کرشما بادل

برق و باران کی تعلی ہے فقط کم ظرفی آہ و زاری غم اُلفت کی کہون ہی کیسی
جی بھر آتا ہے یو چھو نہ محبت کی لگی دلِ بیتاب کی ادنی اسی چمک ہی بجلی
چشم پر آب کا ہے ایک کرشما بادل

ابر دیتا ہے یہ چھینٹا مجھے دھوکا بجلی اشک عاشق ہی نہ بدلی نہ جلایا بجلی
ابر رونا نہ کسی کا نہ تڑپنا بجلی طپش دل کا اُڑایا ہوا نقشا بجلی
چشم پر آب کا دھویا ہوا خاکا بادل

نفسِ سرد کے جھونکو نکی کبھی تاب نہ لائے یہ دماغ اپنا کسی اور کو جا کر دکھلائے

---

[1] یعنی دریا عکس زر گل سے چشمہ مہر ہے اور بادل برق کے پرتو سے سونے کا بجرا ہے

اپنی کم ظرفیوں سے لاکھ فلک پر چڑھ جائے — میری آنکھوں کا ہی اترا ہوا صدقا بادل
کچھ ہنسی کھیل نہیں جوشش گریہ کا ضبط — یہ مرا دل ہے یہ میرا ہے کلیجا بادل
جام عمر فلک پیر ہوا ہے لبریز — لیے آتا ہے جنازہ دیے کاندھا بادل
راجہ اندر ہے پر سیحانہ می کا پانی [1] — نغمہ نے کا سری کشن کنہیا بادل
جوش پر رحمت باری ہی چڑھاؤ خم می — چشمک برق سے کرتا ہی اشارا بادل

میری آہوں سے یہ بجلی کی چمکا جو زمین آئے — یہ غبیر اپنی کم ظرفیوں سے لاکھ فلک پر چڑھ جائے
میری آنکھوں کا ہی اترا ہوا صدقا بادل

کس سے عشاق کے مانند ہوا ہوگا ضبط — دل پہ کر لیتے ہیں یہ رنج و الم کیا کیا ضبط
دور ہو تجھ سے تنک ظرف سے کیا ہوتا ضبط — کچھ ہنسی کھیل نہیں جوشش گریہ کا ضبط
یہ مرا دل ہے یہ میرا ہے کلیجا بادل

حالت صاعقہ و ابر ہی عبرت انگیز — شعر تشبیہ کا مضمون ہی کہ شمشیر ہی تیز
یعنی انجام مظالم نے نہ دی راہ گریز — جام عمر فلک پیر ہوا ہے لبریز
لیے آتا ہی جنازہ دیے کاندھا بادل

میرا ساقی مجھے دے جام مئی ریحانی — آ کے مطرب تو سنائے مجھے خوش الحانی
ابر و باران کا یہی ہی سبب طغیانی — راجہ اندر ہے پریخانہ مے کا پانی
نغمۂ نے کا سری کشن کنہیا بادل

ہر گل و سبزہ و سنبل کے فنا ہی در پے — جم سے گلشن عالم میں نہ جمشید نہ کے
عیش کر لو کہ غنیمت ہی یہاں جو دم ہی — جوش پر رحمت باری ہی چڑھاؤ خم مے
چشمک برق سے کرتا ہی اشارا بادل

---

[1] یعنی پانی پریخانہ مے کیواسطے بمنزلہ راجہ اندر کے اور ابر نغمہ نے کیواسطے بمنزلہ سری کشن کنہیا کے ہے مناسبت ہذا باپری ظاہر ۱۲

دیکھتا گر کہین محسن کی فغان و زاری — نہ گرجتا کبھی ایسا نہ برستا بادل
پھر چلا خامہ قصیدے کیطرف بعد غزل — کہ ہے چکر مین سخنگو کا دماغ مختل
باغ مین ابر سیہ مست چڑھا کر آیا [1] — جام خورشید مع میکدۂ برج حمل
چشم میکش مین گلابی ہی کہ پھولا ہی گلاب — پھول کیوڑے کا کھلا ہے کہ کھلی ہی بوتل
جام بے بادہ سے کہتے ہین کہ رندو نکو نہ چھیڑ — دست بیجام سے کہتے ہین کہ کلیجون کو نہ مل

سحر آئے گی تمہاری بھی کسیدن یا ری — مع پیغمبر دلِ احباب کے کیا حال ہی دیکھو طاری
اک قیامت کی بلا عشق کی ہی بیماری — دیکھتا گر کہین محسن کی فغان و زاری
نہ گرجتا کبھی ایسا نہ برستا بادل

شوخی آمد مضمون وہ پری ہی چنچل — پھر اسی ناز سے کرتی ہی مرا دل بیکل
پھر اُسی جنس کا سودا اُسی دودے کا خلل — پھر چلا خامہ قصیدے کیطرف بعد غزل
کہ ہی چکر مین سخنگو کا دماغ مختل

واہ کیا فصل بہاری نے کرم فرمایا — مے پرستی کا زمانہ کو مزا دکھلایا
جوش گویا خم صہبائے فلک نے کھایا — باغ مین ابر سیہ مست چڑھا کر آیا
جام خورشید مع میکدۂ برج حمل

کشتیِ بادۂ گلرنگ کا گلشن ہی جواب — آتش رنگ چمن سے دل بلبل ہی کباب
پھول سب ساغر و مینا ہین مہکتی ہی شراب — چشم میکش مین گلابی ہی کہ پھولا ہی گلاب
پھول کیوڑے کا کھلا ہے کہ کھلی ہی بوتل

چشم پوشی تری ساقی ہی قیامت کی کھیڑ — کھولدے چشم مروت درِ میخانہ نہ بھیڑ
ہیچ نکو خلشِ یاس ہی کانٹو نکی ابھیڑ — جام بے بادہ سے کہتے ہین کہ رندو نکو نہ چھیڑ
دست بے جام سے کہتے ہین کلیجو کو نہ مل

[1] ابر اس زور و شور سے گھر کے آیا کہ خورشید و برج حمل غائب ہوگئے ابر سیہ مست جام بلکہ میکدہ چڑھا کر آیا۔

گوہر دل کو بڑی سنگدلی سے پیسا		کشتی مے کو بنایا مرے ساقی نے کھرل
کیسی افسردگی کیا بات ہی مرجھا نیکی		غنچہ کہتا ہے لجالو سے کہ گلشن سے نکل
سیر مین دشت کی مصروف ہی جو پاؤن ہی لنگ		شغل مین چاک گریبان کی ہی جو ہاتھ ہی شل
مصر والون کو یہ ڈر ہی کہ زلیخا کے لیے		سر بازار نہ بکنے لگے سودے کا خلل
مے گلرنگ ہی کیا شمع شب فکر کا پھول ـــہ		چلتے چلتے جو قلم ہاتھ سے جاتا ہی نکل

جام پیہم سے جو مین بزم مین خاموش ہوا		آج بیغیر کھٹکا یہ کھٹکا ہے گلگون کا لگے گا کانٹا
یہ مزا مجکو چکھایا ہوس بیجان کا		گوہر دل کو بڑی سنگدلی سے پیسا
کشتی مے کو بنایا مرے ساقی نے کھرل

عام گلشن مین ہی تفریح بہار آنے کی		چاٹ لالہ کو ہی کیون داغ جگر کھانے کی
واقعی ہے یہ روش شرم سے کمہلانے کی		کیسی افسردگی کیا بات ہی مرجھانے کی
غنچہ کہتا ہے لجالو سے کہ گلشن سے نکل

وحشت انگیز ہوا ہے چمن دہر کا رنگ		عرصۂ صبر و تحمل دل عشاق مین تنگ
آج ہر پیر و جوان مین ہی جوانی کی اُمنگ		سیر مین دشت کی مصروف ہے جو پاؤن ہی لنگ
شغل مین چاک گریبان کے ہی جو ہاتھ ہی شل

ہے جنون خیز ہوا عاشق شیدا کے لیے		جنس ناوانی ہی ارزان دل دانا کے لیے
روز بازار ہے سودائی رسوا کے لیے		مصر والون کو یہ ڈر ہی کہ زلیخا کے لیے
سر بازار نہ بکنے لگے سودے کا خلل

خوب سودائے سخن مین ہی سخندان مشغول		حرف جو منہ سے نکلتا ہی وہ ہی اول جلول
جوش کیفیت مستی پہ گمان ہی معقول		مے گلرنگ ہی کیا شمع شب فکر کا پھول
چلتے چلتے جو قلم ہاتھ سے جاتا ہے نکل

ـــہ بیان سے گریز کی ابتدا ہے پھول شراب کو بھی کہتے ہین (مطلب) شب فکر مین شمع کا پھول کیا مے گلرنگ کی خاصیت رکھتا ہی کہ ہاتھ بہکتا ہی اور قلم چھوٹا جاتا ہی ١٢

کیا جنون خیز ہے لکھنے مین صریر نے کلک — کہ سیاہی سے ہی ہر حرف کو سودے کا خلل
ہے سخنگو کو نہ انشا کی نہ املا کی خبر — ہو گئی نظم کی انشا و خبر سب مہمل
دل مین کچھ اور ہی پر منہ سے نکلتا ہی کچھ اور — لفظ بے معنی ہین اور معنی ہین سب بے اٹکل
کتنا بے قید ہوا کسقدر آوارہ پھرا — کوئی مسند نہ بچا اس سے نہ کوئی استل
کبھی گنگا پہ بھٹکتا ہے کبھی جمنا پر — گھاگرا پر کبھی گزرا کبھی سوے چمبل
چھینٹے دینے سے نہ محفوظ رہی قلزم و نیل — نہ بچا خاک اڑانے سے کوئی دشت و جبل

شورش جوش جوانی مین ہی پیر نے کلک — ہیچ بیغیر کو دکِ مکتب لیلی ہی دبیر نے کلک
الفِ آہِ دلِ قیس ہی تیر نے کلک — کیا جنون خیز ہی لکھنے مین صریر نے کلک
کہ سیاہی سے ہے ہر حرف کو سودے کا خلل

ظرف پر حرف ہی ایسا یہ ہوا زیر و زبر — صورت معنی بیگانہ ہے از خود باہر
مبتدا ہے کسی جملہ مین تو غائب ہی خبر — ہے سخنگو کو نہ انشا کی نہ املا کی خبر
ہو گئی نظم کی انشا و خبر سب مہمل

مثل تصویر تحیر سے ہی کس حال مین غور — ٹکٹکی صورت آئینہ لگی ہے بے طور
ایسی ستی کسی مدہیت نہین ہوتی فی الفور — دلمین کچھ اور ہی پر منہ سے نکلتا ہے کچھ اور
لفظ بے معنی ہین اور معنی ہین سب بے اٹکل

سیر کاشی سے کبھی سمت بنارس گزرا — گاہ متھرا سے اٹھا سوے جگناتھ گیا
راہ پر آنہ سکا آپ سے باہر جو ہوا — کتنا بے قید ہوا کس قدر آوارہ پھرا
کوئی مسند نہ بچا اس سے نہ کوئی استل

نہ بدے پہ ہے کہین سیل کے مانند گزر — کبھی بہتا ہوا پنجاب مین نکلا جا کر
کب اٹکتا ہے یہ پھرتا ہی لگاتا چکر — کبھی گنگا پہ بھٹکتا ہی کبھی جمنا پر
گھاگرا پر کبھی گزرا کبھی سوے چمبل

ہان یہ سچ ہے کہ طبیعت نے اُڑایا جو غبار — ہوئی آئینۂ مضمون کی دوچندان صیقل
رہِ معنی ہی بھٹکنے مین بھی اعلیٰ کی طرف — تاکتا ہے تو ثریا کی سنہری بوتل
اک ذرا دیکھیے کیفیت معراج سخن — ہاتھ مین جام زحل شیشۂ مہ زیر بغل
گرتے پڑتے ہوے مستانہ کہان رکھا پاؤن — کہ تصور بھی وہان جا نہ سکے سر کے بھل
یعنی اُس نور کے میدان مین پہونچا کہ جہان — خرمن برق تجلی کا لقب ہی بادل
تار باران مسلسل ہی ملائک کا درود — ہے تسبیح خداوند جہان عز و جل

سارے عالم مین ہی پھیلا عمل جر ثقیل — مع پیغمبر یا ثمانی سے ہوے گل کیطرح خار ذلیل
بحر و بر کو نہ ملی کوئی بھی بچنے کی سبیل — چھینٹے دینے سے نہ محفوظ رہے قلزم و نیل
نہ بچا خاک اُڑانے سے کوئی دشت و جبل

یہ بجا ہے کہ نہین خاک مین ملنا بیکار — واقعی زیر زمین ملتے ہین زر کے انبار
جلوہ گر ہوگی صفا دُر کی اگر ہو زنگار — ہان یہ سچ ہے کہ طبیعت نے اُڑایا جو غبار
ہوئی آئینۂ مضمون کی دوچندان صیقل

فکر عالی کو ملا عرش معلیٰ کا شرف — حسن رفتار مین ہی پائے تصور رفرف
ہوشیاری سے یہ مستی ہی سراپا اشرف — رہِ معنی ہے بھٹکنے مین بھی اعلیٰ کیطرف
تاکتا ہے تو ثریا کی سنہری بوتل

دمبدم آج دکھاتا ہی ترقی کے چلن — اخترِ بخت ہی کیا اوج شرف پر روشن
بے تکلف نہ کہین عرش کا پکڑے دامن — اک ذرا دیکھیے کیفیت معراج سخن
ہاتھ مین جام زحل شیشۂ مہ زیر بغل

کس طلب مین ہی یہ دیوانہ کہان رکھا پاؤن — گلشنِ قرب مین رندانہ کہان رکھا پاؤن
صورت سبزۂ بیگانہ کہان رکھا پاؤن — گرتے پڑتے ہوے مستانہ کہان رکھا پاؤن
کہ تصور بھی وہان جا نہ سکے سر کے بل

کہین طوبیٰ کہین کوثر کہین فردوس برین | کہین بہتی ہوئی نہر لبن و نہر عسل
کہین جبریل حکومت پہ کہین اسرافیل | کہین رضوان کا کہین ساقی کوثر کا عمل
کنز مخفی کے کسی سمت نہان تہ خانے | اک طرف مظہر قدرت کے عیان شیش محل
عاشق جلوہ طلبگار کہین چشم قبول [1] | ناز معشوق کے پردے مین کہین حسن عمل
گل بیرنگی مطلق کے لہکتے گلزار | بے نیازی کے ریاحین کے مہکتے جنگل

یعنی اس گھر مین جو ہی منزل قرب یزدان مع ہنبیر یعنی اس بحر مین جو ہی یم فیض سبحان
یعنی اس باغ مین ترتیہ ہی جسکا باران | یعنی اس نور کے میدان مین ہو بجا کہان

خرمن برق تجلی کا لقب ہی بادل

صاعقہ محفل تجید کی شمع بیدود | رعد خلوتکہ توحید مین ذکر معبود
صورت صاف تگرگ آئینہ فرق سجود | تار باران مسلسل ہی ملائک کا درود

یے تسبیح خداوند جہان عزوجل

ہر طرف گلشن جنت کی بہار رنگین | ہر طرف جلوہ نما قامت حوران حسین
جوش زن چشمۂ رحمت سے کہین یاسمین | کہین طوبیٰ کہین کوثر کہین فردوس برین

کہین بہتی ہوئی نہر لبن و نہر عسل

اکطرف جوش سے عمر ابد کی ہی سبیل | اپنی خدمت سے ہین معزول جہان عزرائیل
آب حیوان کا لیے ابر کہین میکائیل | کہین جبریل حکومت پہ کہین اسرافیل

کہین رضوان کا کہین ساقی کوثر کا عمل

کہین وہ روپ جو ہر عارف کامل جانے | جنکے دل گنج محبت کے بنے ویرانے
راز انوار کرامت کے سجے کاشانے | کنز مخفی کے کسی سمت نہان تہ خانے

اک طرف مظہر قدرت کے عیان شیش محل

[1] چشم قبول شل عاشق کے طالب دیدار ہے اور حسن عمل ناز معشوق کے پردے مین ہی۔

باغ تنزیہہ مین سرسبز نہال تشبیہہ | انبیا جسکی ہین شاخین عرفا ہین کوپل
گل خوشرنگ رسول مدنی عربی | زیب دامان ابد طرۂ دستار ازل
نہ کوئی اسکا مشابہ ہے نہ ہمسر نہ نظیر | نہ کوئی اسکا مماثل نہ مقابل نہ بدل
اوج رفعت کا قمر نخل دو عالم کا ثمر | بحر وحدت کا گہر چشمۂ کثرت کا کنول
مہر توحید کی ضو اوج شرف کا مہ نو | شمع ایجاد کی لو بزم رسالت کا کنول

کہین گلزار مناجات کے کھلتے ہوئے پھول | ہین پیغمبر بلبل شوق کہین نعرہ زنی مین مشغول
کہین دامن مین تمنا کے بھرا نقد حصول | عاشق جلوہ طلبگار کہین چشم قبول
ناز معشوق کے پردے مین کہین حسن عمل

جلوۂ عارض لاہوت بہار انظار | کرسی و عرش کے بے پردہ نمایان اسرار
مطلع مہر تقدس کے چمکتے انوار | گل بیرنگی مطلق کے لہکتے گلزار
بے نیازی کے ریاحین کے مہکتے جنگل

ہر طرف زیب نظر ہے چمنستان کی شبیہ | صورت سبزۂ بیگانہ بہشت و ما فیہ
تختۂ قدس مین گلہاے ریاض تنزیہ | باغ تنزیہہ مین سرسبز نہال تشبیہ
انبیا جسکی ہین شاخین عرفا ہین کوپل

ہر شگوفہ سے عیان نزہت فیض باری | برگ دامان نبوت رگ ہر برگ ولی
غنچے اعجاز و کرامات کے اسرار خفی | گل خوشرنگ رسول مدنی عربی
زیب دامان ابد طرۂ دستار ازل

ایسی عزت نہ کسیکی نہ کسیکی توقیر | سلطنت ایسی کسیکی نہ کسیکا یہ سریر
ایسا طالع نہ کسیکا نہ کسیکی تقدیر | نہ کوئی اسکا مشابہ ہے نہ ہمسر نہ نظیر
نہ کوئی اسکا مماثل نہ مقابل نہ بدل

چشم رحمت کی نظر تیغ مصیبت کی سپر | شام ظلمت کی سحر فوج ہدایت کی ظفر

مرجع روح امین زیب دہ عرش برین — حامی دین متین ناسخ ادیان ملل
ہفت اقلیم ولایت مین شہ عالیجاہ — چار اطراف ہدایت مین نبی مرسل
جی مین آتا ہی لکھون مصرع برجستہ اگر — وجد مین آکے قلم ہاتھ سے جائے نہ اچھل
منتخب نسخۂ وحدت کا یہ تھا روز ازل — کہ نہ احمدؐ کا ہے ثانی نہ احد کا اوّل

باغِ عرفان کا شجر جملۂ ایمان کی خبر — اوجِ رفعت کا قمر نخل دو عالم کا ثمر
بحر وحدت کا گہر چشمۂ کثرت کا کنول

اُسکی الفت مین گرد عرش برین کی تگ و دو — راست گو راست شنو منزلِ حق کا پیرو
کوکبِ نور جلو نیّرِ ایمان پرتو — مہر توحید کی ضو اوجِ شرف کا مہِ نو
شمع ایجاد کی لو بزم رسالت کا کنول

راحتِ قلب حزین دارُوے دلہاے غمین — ہادیِ مسلکِ دین رہبر اربابِ یقین
مہر کثرت کا نگین منزلِ وحدت کا مکین — مرجعِ روحِ امین زیب دہ عرشِ برین
حامیِ دینِ متین ناسخِ ادیان و ملل

دستگیرِ غربا عاجز و مسکین کی پناہ — لبِ شفقت کا سخن دیدۂ رحمت کی نگاہ
سکہ زن کشورِ عالم مین زماہی تاماہ — ہفت اقلیمِ ولایت مین شہِ عالیجاہ
چار اطراف ہدایت مین نبیِ مرسل

جلوۂ حُسن دگر ہے مجھے منظورِ نظر — جوشِ اوصافِ نبی کا ہی رگ و پے مین اثر
چشم بد دور طبیعت ہی عجب زوروں پر — جی مین آتا ہے لکھون مطلع برجستہ اگر
وجد مین آکے قلم ہاتھ سے جائے اُچھل

ہی کہان تیری مثال اور کہان تیرا مثل — کوئی تیرا نہ مشابہ نہ مقابل نہ بدل
بے تکلف ہی یہ جبریل کے کہنے کا محل — منتخب نسخۂ وحدت کا یہ تھا روز ازل
کہ نہ احمدؐ کا ہے ثانی نہ احد کا اول

دور خورشید کی بھی حشر مین ہوجائیگی صبح — تا ابد دور محمد کا ہے روز اول
شب اسریٰ مین تجلی سے رخ انور کی — پڑ گئی گردن رفرف مین سنہری ہیکل
سجدۂ شکر مین ہے ناصیۂ عرش برین — خاک سے پاے مقدس کی لگا کر صندل
افضلیت پہ تری مشتمل آثار وکتب — اولویت پہ تری متفق ادیان وملل
لطف سے تیرے ہوے شوکت ایمان محکم — قہر سے سلطنت کفر ہوئی مستاصل

روبرو اسکے تو کیا منھ بھی دکھلائیگی صبح — شام گیسوے نبی دیکھ کے شرمائیگی صبح
صبح کیا جسکی گھڑی بھر مین نظر آئیگی صبح — دور خورشید کی بھی حشر مین ہوجائیگی صبح
تا ابد دور محمد کا ہے روز اول

کیسا سجی زیور انوار سے تصویر نبی — سب رسولون کو اسی نور نے زینت بخشی
کسکو اس حسن خداداد سے دولت یہ ملی — شب اسریٰ مین تجلی سے رخ انور کی
پڑ گئی گردن رفرف مین سنہری ہیکل

کوئی اس رتبۂ اعلیٰ کا زمانہ مین نہین — ہر اسی ذات سے تصدیق نوید دیرین
ہر فرشتہ انھین قدمون پہ جھکاتا ہے جبین — سجدۂ شکر مین ہے ناصیۂ عرش برین
خاک سے پاے مقدس کی لگا کر صندل

شان وشوکت پہ تری مشتمل آثار وکتب — جاہ وحشمت پہ تری مشتمل آثار وکتب
حسن خلقت پہ تری مشتمل آثار وکتب — افضلیت پہ تری مشتمل آثار وکتب
اولویت پہ تری متفق ادیان وملل

گلشن دین کے لیے ذات تری ابر کرم — خرمن کفر پہ ہے برق غضب کا عالم
رحمت وقہر یہان دست گریبان ہین بہم — لطف سے تیرے ہوئی شوکت ایمان محکم
قہر سے سلطنت کفر ہوئی مستاصل

مسجحث جاہ مین اعلیٰ کے ہین معنی ادنےٰ ۱ | مصرف جود مین اکثر کا مرادف ہی اقل
شانۂ حضرت کا ہی تشدید و لام و اللیل ۲ | صاد مازاغ بصر سرمۂ چشم اکحل
جسطرف ہاتھ بڑھین کفر کے ہٹجائین قدم | جسجگہ پاؤن رکھے سجدہ کرین لات و ہبل
تیری تشبیہ کا ہے آئینہ خانہ تنزیہ | شان بیرنگی مطلق ہے تجھے رنگ محل

بارک اللہ ہی کس اوج پہ اقبال رسا | عرش کب لپے ترے بازو در کا پایا
جو ترقی ہے کسیکی وہ تنزل تیرا | مسجحث[۱] جاہ مین اعلیٰ کے ہین معنی ادنےٰ

مصرف جود مین اکثر کا مرادف ہی اقل

زلف شبگون ہی کہ رتبہ مین مقام و اللیل | جلوہ گر مصحف عارض مین کلام و اللیل
صبح و الفجر بنا گوش پہ شام و اللیل | شانۂ[۲] حضرت کا ہی تشدید و لام و اللیل

صاد مازاغ بصر سرمۂ چشم اکحل

کر دیا وادی عالم کو گلستان ارم | یکقلم چھانٹ دیا ہے شجر ظلم و ستم
دست و پا سے ہے ترے کفر سراپا برہم | جسطرف ہاتھ بڑھین کفر کے ہٹجائین قدم

جس جگہ پاؤن رکھے سجدہ کرین لات و ہبل

بے مثالی کے مرقع کا شرف تیری تشبیہ | طاق تنزیہ کی رونق تری شمع تشبیہ
ذات اقدس تری مقصود جہان و مافیہ | تیری[۳] تشبیہ کا ہی آئینہ خانہ تنزیہ

شان بیرنگی مطلق ہے تجھے رنگ محل

۱ آنحضرت کی جاہ کے مقابلہ مین اعلیٰ سے اعلےٰ مرتبہ جاہ کا بے حقیقت ہی اور آنحضرت کے جود کا مصرف ایسا تھا کہ زیادہ سے زیادہ جود کمتر ہی جو معلوم ہوتا ہی۔
۲ شانہ کو تشدید (ّ) سے اور آنکھ کے سرمہ کو صاد بصر سے تشبیہ دی ہی سرمہ آنکھ مین لگایا جاتا ہی صورت (م) کی ظاہر ہی۔
۳ تشبیہ عالم امکان۔ تنزیہ ہستی مطلق منزہ حق تعالیٰ بیرنگی مطلق وجود حق تعالیٰ شان بیرنگی مطلق جو سرور کائنات مین ہے وہی آپ کا رنگ ہے۔

ہے حقیقت کو مجاز آپ کا حیرت کا مقام ؎ ۱ | بے نیازی کو نیاز آپ کا نازش کا محل
ہو سکا ہے کہین محبوب خدا غیر خدا | اک ذرا دیکھ سمجھ کر مری چشم احول
رفع ہونے کا نہ تھا وحدت و کثرت کا خلاف | میم احمد نے کیا آکے یہ قصہ فیصل
نظر آئے اگر احمد مین مجھے دال دوئی | روز محشر ہون الٰہی مری آنکھین احول
پھر اُسی طرز کی مشتاق ہی مواجی طبع | کہ ہی اس بحر مین اک قافیہ اچھا بادل

کس سے ممکن ہی بیان اسکی حقیقت کا مقام | خامشی مہر دہن ہی نہین حجت کا مقام
کہ رہا ہے دل آگاہ سے وحدت کا مقام | ہی حقیقت کو مجاز آپ کا حیرت کا مقام
بے نیازی کو نیاز آپ کا نازش کا محل

دیدۂ دل سے جو دیکھے مری چشم بینا | خود سمجھ جاسے کہ یہ نور ہے جلوہ کسکا
موج خود بحر مین ہی موج مین خود ہی دریا | ہو سکا ہی کہین محبوب خدا غیر خدا
اک ذرا دیکھ سمجھ کر مری چشم احول

ردے مرآت تحیر نہ کبھی ہوتا صاف | مصحف راز معانی کا نہ کھلتا یہ غلاف
کسکو قدرت تھی جو اس بات کا کرتا انصاف | رفع ہونیکا نہ تھا وحدت و کثرت کا خلاف
میم احمد نے کیا آکے یہ قصہ فیصل

یہی ابجد ہی حقیقت مین مرے ایمان کی | کہ ہوئی مظہر نور احدی ذات تری
چشم وحدت کے اشارے سے دعا یہ سوجھی | نظر آئے مجھے احمد مین اگر دال دوئی
روز محشر ہون الٰہی مری آنکھین احول

بحر گفتار مین کیا طاق ہی مواجی طبع | ابر نیسان کی جو مصداق ہی مواجی طبع
درفشانی مین یہ مشتاق ہی مواجی طبع | پھر اُسی طرز کی مشتاق ہے مواجی طبع
کہ ہی اس بحر مین اک قافیہ اچھا بادل

؎ ۱ آپ کا مجاز حقیقت کے لیے حیرت کا مقام اور آپ کا نیاز بے نیازی کو نازش کا محل ہی۔

کیا جھکا کعبے کی جانب کو ہی قبلا بادل غزل سجدے کرتا ہی سوے یثرب و بطحا بادل
چھوڑ کر میکدۂ ہند و صنم خانہ برج آج کعبے مین بچھاے ہی مصلا بادل
سبزۂ چرخ کو اندھیاری لگا کر لایا ف۱ شہسوار عربی کے لیے کالا بادل
بحر امکان مین رسول عربی در یتیم ف۲ رحمت خاص خداوند تعالی بادل

دل سے باندھے ہوے احرام جو تھا بادل سر کے بل جاتا ہی تسلیم کو جھکتا بادل
داغ سیاہ سے تمنا ہے سراپا بادل کیا جھکا کعبے کی جانب کو ہی قبلا بادل
سجدے کرتا ہے سوے یثرب و بطحا بادل

شمع ظلمت کو سمجھتا تھا یہ پروانہ برج برج اک جلوۂ لیلی تھا یہ دیوانہ برج
توڑ کر سلسلۂ رغبت پیمانہ برج چھوڑ کر میکدۂ ہند و صنمخانہ برج
آج کعبے مین بچھاے ہی مصلا بادل

پاون رکھا نہ زمین پر کبھی یہ اترایا چال سیدھی نہ چلا ناز مین ایسا آیا
تنگ حیرت سے ہوا دل تو یہ تکتا پایا سبزۂ چرخ کو اندھیاری لگا کر لایا
شہسوار عربی کے لیے کالا بادل

جلوۂ بزم دو عالم ہی وہی ذات کریم شمع سان انجمن غیب و شہادت مین مقیم
ابر عادت مین چمکتی ہی وہی برق قدیم بحر امکان مین رسول عربی در یتیم
رحمت خاص خداوند تعالے بادل

جلوۂ برق تجلی ترا دوے پرنور عین عرفان ہین یہ آنکھین تری چشم بد دور
نار باران کرامت کا نگاہون سے ظہور قبلۂ اہل نظر کعبۂ ابروے حضور
موے سر قبلے کو گھیرے ہوے کالا بادل

ف۱ سبز رنگ گھوڑے کا ہی اسی رعایت سے "اندھیاری" استعمال کیا گیا ہی
ف۲ اس عالم مین آنحضرت در یتیم ہین اور وہ بادل جس سے در یتیم پیدا ہوتا ہی رحمت خداوند تعالی کی ہی

قبلۂ اہل نظر کعبۂ ابروے حضور	موے سر قبلہ کو گھیرے ہوے کالا بادل
رشک سے شعلۂ رخسار کے روتی ہی برق	برق کے منہ پہ ہی رکھے ہوے پلاّ بادل
دور پہونچی لب جان بخش نبیؐ کی شہرت	سن ذرا کہتے ہین کیا حضرت عیسیٰؑ بادل
چشم انصاف سے دیکھ آپکے دندان شریف	دُر یکتا ہے ترا گرچہ یگانا بادل
تھا بندھا تار فرشتون کا در اقدس پر	شب معراج مین تھا عرش معلی بادل
آمد و رفت مین تھا ہمقدم برق براق	مرغزار چمن عالم بالا بادل

تار باران مین دُر اشک پروتی ہی برق
ضبط کرتی نہین کیون نام ڈبوتی ہی برق
مضطرب آتش حسرت سی جو ہوتی ہی برق
رشک سے شعلۂ رخسار کے روتی ہی برق

برق کے منہ پہ ہی رکھے ہوے پلا بادل

چشمۂ خضر کی کانون مین ہی پھیکی شہرت
کب مسیحا کو میسر ہوئی ایسی شہرت
عرش تک دی زمین سے ہوئی اونچی شہرت
دور پہونچی لب جان بخش نبی کی شہرت

سن ذرا کہتے ہین کیا حضرت عیسیٰ بادل

عالم نور کے یہ سلک گہرہاے لطیف
ہی وہ تیری گرہ آب حقیر او ضعیف
اپنے کی پیچ ہے حکم کیلیے اک امر خفیف
چشم انصاف سی دیکھ آپکے دندان شریف

دُر یکتا ہے ترا گرچہ یگانا بادل

دیدۂ شوق تھا مانند حباب ہر اختر
دل مشتاق تھا یا برق تجلی مضطر
آب باران مسلسل کی طرح چار پہر
تھا بندھا تار فرشتون کا در اقدس پر

شب معراج مین تھا عرش معلیٰ بادل

چستی چال مین ہر حسن خداداد مین طاق
طرز رفتار دلاویز مین کیسا مشتاق
جذبۂ شوق تھا وہ منظر چشم مشتاق
آمد و رفت مین تھا ہمقدم برق براق

مرغزار چمن عالم بالا بادل

هفت اقلیم مین اس دین کا بجایا ڈنکا — تھا تری عام رسالت کا گرجتا بادل
دین اسلام تری تیغ دودم سے چمکا — یا اُٹھا قبلے سے دیتا ہوا کاندھا بادل
آستانے کا ترے دہر مین وہ رتبا ہے — کہ جو نکلا تو جھکائے ہوے کاندھا بادل
تو وہ فیاض ہے در پہ ترے سائل کیطرح — فلکِ پیر کو لایا دیے کاندھا بادل
تیغ میدان شجاعت مین چمکتی بجلی — ہاتھ گلزار سخاوت مین چمکتا بادل

جس طرف لشکر اسلام کا اڑا دریا — زلزلہ کفر کی بنیاد مین ہر سمت پڑا
رعد کا شور کہ تکبیر سے محشر برپا — هفت اقلیم مین اس دین کا بجایا ڈنکا
تھا تری عام رسالت کا گرجتا بادل

فوج ایمان ہے کہ یہ ابر نے باندھا ہے پرا — تیری شمشیر ہے یا صاعقۂ قہر خدا
خرمن کفر کو اس برق غضب نے پھونکا — دین اسلام تری تیغ دودم سے چمکا
یا اُٹھا قبلے سے دیتا ہوا کاندھا بادل

تیری سرکار کا وہ مرتبہ اعلا ہے — کہ سر عرش معلی بھی جبین فرسا ہے
قدرِ ہمت مری مضمون یہ مجھے سوجھا ہے — آستانے کا ترے دہر مین وہ رتبا ہے
کہ جو نکلا تو جھکائے ہوے کاندھا بادل

کس سخی مین ہے تری ہمت کامل کی طرح — بحر بخشش ترے آغوش مین سلسل کیطرح
کب میسر دل حاتم کو ترے دل کی طرح — تو وہ فیاض ہے در پر ترے سائل کیطرح
فلکِ پیر کو لایا دیے کاندھا بادل

باغ ایمان پہ وہ باران کرم کی بدلی — خرمنِ کفر کو ہے صاعقۂ قہر یہی
کوئی تجھسا نہ بہادر نہ کوئی تجھسا سخی — تیغ میدان شجاعت مین چمکتی بجلی
ہاتھ گلزار سخاوت مین گرجتا بادل

محسن اب کیجیے گلزار مناجات کی سیر — کہ اجابت کا چلا آتا ہے گھرتا بادل
سب سے اعلی تری سرکار ہے سب سے افضل — مطلع میرے ایمان مفصل کا یہی ہے مجمل
ہے تمنا کہ رہے نعت سے تیری خالی — نہ مرا شعر نہ قطعہ نہ قصیدہ نہ غزل
دین و دنیا مین کسی کا نہ سہارا ہو مجھے — صرف تیرا ہو بھروسہ تری قوت ترا بل
ہو مرا ریشہ امید وہ نخل سرسبز — جسکی ہر شاخ مین ہو پھول ہر اک پھول مین پھل

ہو چلی سحر کی بھی بلبل افکار کی طیر — سمت کعبہ کبھی صحرا کبھی دریا کبھی دیر
ختم ہوتا ہی قصیدہ مع تضمین بالخیر — محسن اب کیجیے گلزار مناجات کی سیر
کہ اجابت کا چلا آتا ہے گھرتا بادل

تو ہے محبوب خدا تو ہے نبی مرسل — ہر صفت مین ہی تری ذات مقدس اکمل
ہی یہ مطلع ترے اوصاف مین با قول دل — سب سے اعلی تری سرکار ہی سب سے افضل
میرے ایمان مفصل کا یہی ہے مجمل

دولت آرزوے دل سے ہو مالا مالی — یہ ارادہ ہو مری فکر کی خوش اقبالی
تا کہ ہو شان سخن عرش برین سے عالی — ہے تمنا کہ رہے نعت سے تیری خالی
نہ مرا شعر نہ قطعہ نہ قصیدہ نہ غزل

تجھسے حاصل مرے ہر درد کا چارا ہو مجھے — حال دل غیر سے کہنا نہ گوارا ہو مجھے
تیرے دامن کے سوا سب سے کنارا ہو مجھے — دین و دنیا مین کسی کا نہ سہارا ہو مجھے
صرف تیرا ہو بھروسا تری قوت ترا بل

جسطرح رہتے ہین طوطی کے ہمیشہ پر سبز — جیسے رہتی ہے زمین فلک اخضر سبز
عشق پیچان ہو مرے شوق کا سبز اندر سبز — ہو مرا ریشۂ امید وہ نخل سر سبز
جسکی ہر شاخ مین ہون پھول ہر اک پھول مین پھل

دل مین قائم رہے ایمان ترا تا دم مرگ — دیدۂ دل رہے حیران ترا تا دم مرگ

آرزو یہی کہ رہے دھیان ترا تا دم مرگ ۔۔۔ شکل تیری نظر آئے مجھے جب آئے اجل
نام احمدؐ بزبان سرِّ بلا میم بصدر ۔۔۔ لب پہ ہو صل علی دل مین مرے عزوجل
روح سے میری کہین پیار سے یون عزرائیل ۔۔۔ کہ مریجان مدینے کو جو چلتی ہے تو چل
دم مردن یہ اشارہ ہو شفاعت کا تری ۔۔۔ فکر فردا کی نہ کر دیکھ لیا جائے گا کل
یاد آئینہ رخسار سے حیرت ہو مجھے ۔۔۔ گوشۂ قبر نظر آئے مجھے شیش محل
منیر بان بنکے نکیرین کہین گھر ہے ترا ۔۔۔ نہ اٹھانا کوئی تکلیف نہ ہونا بیکل

دھیان رکھین مرے ارمان ترا تا دم مرگ ۔۔۔ آرزو یہی کہ رہے دھیان ترا تا دم مرگ
شکل تیری نظر آئے مجھے جب آئے اجل

نظر آئے مجھے یہ عالم کثرت بے قدر ۔۔۔ ماد من کر نہ سکے کشور دل مین کچھ عذر
تو ہی تو دلمین رہے جیسے نہان ابر مین بدر ۔۔۔ نام احمدؐ بزبان سرِّ بلا میم بصدر
لب پہ ہو صل علی دلمین مرے عزوجل

ہو دم نزع یہ آسانئ مشکل کی سبیل ۔۔۔ دم نکلنا ہو تمنا کے نکلنے کی دلیل
کہ نبیجے قافلۂ عمر کا جب کوس رحیل ۔۔۔ روح سے میری کہین پیار سے یون عزرائیل
کہ مریجان مدینے کو جو چلتی ہے تو چل

ملک الموت سنائین یہ مجھے خوشخبری ۔۔۔ دیکھ وہ چشم توجہ ہی تجھے دیکھ رہی
کوئی ہیبت نہ رہے دلمین مرے محشر کی ۔۔۔ دم مردن یہ اشارا ہو شفاعت کا مری
فکر فردا کی نہ کر دیکھ لیا جائے گا کل

کچھ نکیرین کی پرسش سے نہ وحشت ہو مجھے ۔۔۔ خلوت کنج لحد بزم مسرت ہو مجھے
راحت دل ترا جلوہ تری صورت ہو مجھے ۔۔۔ یاد آئینہ رخسار سے حیرت ہو مجھے
گوشۂ قبر نظر آئے مجھے شیش محل

مجکو آزاد کرین جان کے تیرا بردا ۔۔۔ مجھسے پوچھین نہ کچھ احوال برا اور بھلا

رخ انور کا ترے دھیان رہے بعد فنا | میرے ہمراہ چلے راہ عدم مین مشعل
حذف ہون میرے گناہان ثقیل اور خفیف | آئین میزان مین جب افعال صحیح و معتل
میری شامت سے ہو آراستہ گیسوے سیاہ | عارض شاہ محشر ہو اگر حسن عمل
صف محشر مین ترے ساتھ ہو تیرا امداح | ہاتھ مین ہو یہی مستانہ قصیدہ یہ غزل
کہین جبریل اشارہ سے کہ ہان بسم اللہ | سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل

مہربان مجھ پہ ہون سمجھین مجھے مہمان اپنا | میزبان بنکے نکیرین کہین گھر ہی ترا
نہ اٹھانا کوئی تکلیف نہو نا بیکل

تو ہی رہبر ہو مرے خضر مرے راہنما | ظلمت راہ عدم کا نہ ہو مجکو کھٹکا
دیدۂ دل سے رہون مین تری صورت تکتا | رخ انور کا ترے دھیان رہے بعد فنا
میرے ہمراہ چلے راہ عدم مین مشعل

جبکہ تو مدرسۂ حشر مین لائے تشریف | صرف ہر نحو شفاعت ہو ترا وقت شریف
اسطرح ہو مرے اعمال نیون کی تعریف | حذف ہون میرے گناہان ثقیل و خفیف
آئین میزان مین جب افعال صحیح و معتل

مثل دنیا کے نہ عقبیٰ مین رہے حال تباہ | مجکو ملجائے ترے سایۂ رحمت مین پناہ
عیب میرے ہون قیامت مین نہ ظاہر اللہ | میری شامت سے ہو آراستہ گیسوے سیاہ
عارض شاہ محشر ہو اگر حسن عمل

دم تجرد صورت ارواح جہان ہو اشباح | بیم و امید مین ہون اہل شر و اہل صلاح
دل سے پکڑے ترا دامن یہ نیاز و الحاح | صف محشر مین ترے ساتھ ہو تیرا امداح
ہاتھ مین ہو یہی مستانہ قصیدہ یہ غزل

نذر اس تحفۂ تضمین کی جو پائین دلخواہ | اور سمجھین کہ ہے مقبول شہ عرش پناہ
دیکھکر میری طرف تیری توجہ کی نگاہ | کہین جبریل اشارے سے کہ ہان بسم اللہ
سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل

چراغ کعبہ

سنہ ۱۳۰۱ھ

ہے نام خدا سواد تحریر — واللیل اذا سجے کی تفسیر
دریاے رواں ہی دُرِ نظم آج — بہ بحرِ خفیف بحرِ مواج
جاتا ہے کلیم آسمان تک — معراج سخن ہی لامکان تک
خلوتگہ دل ارم سرشتہ — پروا ز طبیعت اک فرشتہ
ہر گوہرِ قلزم تکلم — سیارۂ آسمان ہفتم
ہر حرف سپیدۂ زبان سوسن — گنجینۂ راز ہشت گلشن
ہر لمعۂ فکر طبع والا — شمع سرِ طاق عرش اعلیٰ
ہر گل مین ہے رنگ گلستان کا — ہر قطرے مین موجزن ہے دریا
ہر لفظ عروس پردۂ گوش — ہر معنی جان پیکر ہوش
مضمون نئے روپ کی دُلھن ہی — اک راستی لاکھ بانکپن ہی
خطرہ نہین بحر مین سخن کے — کھٹکا نہین قفل مین دہن کے
بندش کی ادا ہی دستۂ گل — طرزِ نمکین ہے شورِ بلبل
نیرنگ دماغ رنگ تقریر [1] — بیداری قلب خواب تحریر
تحریر کی وضع مین تامل — تقریر کے دور مین تسلسل
مضمون کو ازدیاد کا شوق — مصرع کو ہے مستزاد کا شوق
منظور ادا ے خوش بیانی — تشریح کتاب آسمانی

[1] تحریر کی افتادگی کو خواب سے تشبیہ دی ہے ۱۲ منہ

سرسبزی طبع نکتہ پرور ؎۱ کشاف رموزِ خلد و کوثر
کاغذ مین سطور کا تسلسل ہی کھیت مین چاندنی کے سنبل
سشبدیز قلم کی شان اعلیٰ جنگل مین براق کے غزالا
تحریک انامل سخنگو جبریل امین کا زور بازو
از رفعتِ طبع من چہ پرسی ہر حرف کی عرش پر ہے کرسی
اِک رات کی روشنی ہی دلمین چھٹکی ہوئی چاندنی ہی دلمین
شب کیا کہ جہان کا بخت فیروز عالم کا خلاصۂ شب و روز
ایام کے گیسوے مسلسل آنکھون مین نہ آسمانکے کاجل
ساعت ہی کمال بدر شب کی ؎۲ شب ہی شرفِ مہر عرب کی
اندھیاری کے دیکھ لین اجالے آئین سرِ طور جانے والے

آغازِ روایت

بھیگی ہوئی رات ابر وسے ؎۳ داخل ہوئی کعبے مین وضو سے
اوڑھے ہوسے لیلیِ گل اندام ؎۴ شبنم کی روا بقصد احرام
گویا کہ نہا کے آئی فی الحال ؎۵ جھک جھک کے نچوڑتی ہوئی بال

؎۱ تفسیر کشاف زمخشری کی مشہور ہے کشاف بمعنی ظاہر کرنے والی۔

؎۲ شب کو بدر قرار دیا ہے۔

؎۳ بعد نصف شب کے رات بھیگ جاتی ہی چونکہ رات کعبہ مین داخل ہوتی ہی اسواسطے تلازم ارکان حج کا کیا گیا۔

؎۴ الفاظ ردا احرام سعی صفا لنا محرم رمی جمار ہدی برعایت ارکان حج ہین۔ احرام باندھنے کے لیے
ردا یعنی چادر پیٹھ پر ڈالنا ہوتی ہے۔

؎۵ احرام باندھنے کے وقت غسل کرنا ضروری ہے۔

کیا سعی صفا سے رنگ فق ہی [۱] سر سے پا تک عرق عرق ہے
نامحرمون سے چھپائے چہرا [۲] پروین کو بنائے منہ کا سہرا
آنا کھلتا ہوا نہ جانا اندازِ خرام صوفیانہ
سناٹے کا دم انیس وہمدم انفاس ہوا رفیق و محرم
خوشبو وہ کہ ہار یاسمن کے لپٹے ہوے بالونین دُلھن کے
یا تازہ بسی ہوئی ختن کی کلیان یوسف کے پیرہن کی
ناخن کی جگہ ہلال کی مدُ [۳] دفتر سے طلوع کے ندارد
گرتے ہوے ٹوٹ کر ستارے [۴] ہین رمی جمار کے اشارے
قربان رہِ ضرورت ہدی [۵] ثور وحمل سپہر تاجدی
قطبین کے سایۂ ضیا مین [۶] مشغول دوگانے کے ادا مین

[۱] سات مرتبہ صفا سے مروہ تک آنا جانا ہوتا ہے اسی جانب کو اشارہ ہی صفا و مروہ دو پہاڑیان مسجد حرام کے متصل ہین

[۲] چونکہ شب کو لیلی قرار دیا ہی لہذا خیال نامحرم کا ضروری ہی۔

[۳] حج کے احرام باندھنے پر ناخن کٹوانا مستحب ہی مطلب شعر کا یہ ہی کہ اس رات کو ہلال نہین تھا۔

[۴] جمار چھوٹے چھوٹے پتھرون کے ٹکڑون کو کہتے ہین جمار جمع جمرہ کی ہے حاجی جب منا مین پہونچتے ہین تو کنکریان پھینکتے ہین اور اسی کو رمی جمار کہتے ہین۔

[۵] ہدی وہ جانور ہوتا ہی جو مکہ معظمہ مین پہونچکر ذبح کیا جاتا ہی ہدی اونٹ۔ گائے۔ بھیڑ۔ بکری کی ہوتی ہے [۶] ثور گاؤ ونیز نام برج دوم فلک و آن بصورت گاؤ نر ست حمل برہ و نام برجے از بروج آسمان کہ صورت برہ گوسپند دارد جدی بزغالہ و نام برجیست از بروج آسمان وستارہ ایست نزدیک قطب شمالی کہ بعرف آن ستارہ را قطب گویند۔

[۷] قطب جنوبی و قطب شمالی مراد ہین۔

خلوت کی جمائے انجمن کو ۱؎ پردے مین چھپائے ماہ من کو
صورت مین غلاف محترم کے در پردہ طواف مین حرم کے

گریز

تھا دیکھ کے اس ادا کو مفتون ۲؎ دشتِ عرفات شکل مجنون
چشم در کعبۂ معلے آئینۂ حیرت تماشا
سکتے مین کہ کیا یہ گل کھلا ہے اس رات کا رنگ روپ کیا ہے
آنکھون مین ہوا سمٹ کے یکجا ۳؎ بیدار دلون کا کیا سویدا
میدان نظر مین خلوت آرا کس چشم سیاہ کا ہے پردا
دامانِ نگاہ بنکے پھیلی کس دیدۂ منتظر کی پتلی
گلدار ہوے ہین سبز فانوس ۴؎ پنجرے مین ہین طوطیو نکے طاؤس
واللیل کی زینت حواشی ۵؎ تفسیر کبیر کہکشان کی
انجم کا یہ آسمان مین نقشہ سوسن کی زمین مین بنفشہ
جگنو کا ہوا ہین یہ اشارا ظلمت کا چمک رہا ہے تارا
تاریکی مین نور یا الٰہی آنکھون مین سما گئی سیاہی

۱؎ یعنی انجم خلوت را آراستہ ۱۲ منہ رح

۲؎ عرفات صحرائیست فراخ حاجیان درانجا استادہ شوند و لبیک و ادعیہ خوانند و بعد نماز ظہر و عصر بمکہ باز گردند لفظ مجنون برعایت لیلی شب ۱۲

۳؎ تشبیہات اس قسم کی ہین کہ سیاہی مین روشنی نکلی۔ سویدا سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے

۴؎ فلک و انجم سے گلدار فانوس تیار ہوے۔ فانوس منقش کو گلدار کہتے ہین۔

۵؎ واللیل بمعنی شب و نام سورۂ کلام مجید۔ تفسیر کبیر مشہور تفسیر ہے۔

ہر شے مین ہی وضع خوش ادائی　　ہر رنگ مین شان دلربائی
ہر باغ نثارِ روے شبو　　ہر دشت شکارِ چشم آہو
ظلمت مین ہے نور کی تجلی ۱　　بکھری ہوئی طور کی ہے چوٹی
ہر در سے ظہورِ نور مطلق ۲　　ہر دار مین شورش انا الحق
ہر قطرہ وضو کی فکر مین گم　　ہر ذرہ کیے ہوے تیمم
ہر سر کو بندگی پہ ہی میل　　ہر اک کی لو ہے قایم اللیل
ہر بزم طرب مین اتقیا جمع　　قعدے مین لگن قیام مین شمع
کہتا ہے جھکا ہوا اندھیرا ۳　　ہو جائے قبول سجدہ میرا
سجادہ چرخ نیلگون پر　　تسبیح ہزار دانہ اختر
تاریکی ہے یان سے منزلون دور　　پیدا ہے سواد کشورِ نور
ابر رحمت گھرے ہوے ہین　　کچھ رات کے دن پھرے ہوے ہین
نفرت ہی ستم کو آسمان سے ۴　　ہے تیر کھنچا ہوا کمان سے
چلے مین ہی پیر قوس روپوش ۵　　عقرب کے ہی نیش مین بھرا نوش
گردون کو اسد کیے ہوے زیر ۶　　چھوٹا ہوا نیل گاو پر شیر

---

۱ پہاڑ کی چوٹی اور بالون کے جوڑہ کو بھی چوٹی کہتے ہین۔
۲ دار عربی بمعنی خانہ اور فارسی مین پھانسی کے معنی ہین۔
۳ صرف جھکنے سے تشبیہ سجدہ کی ہی۔
۴ تیر کو ستم اور کمان کو آسمان قرار دیا ہے۔
۵ قوس کو باعتبار خمیدگی کے پیر سے تشبیہ دی ہی اور پیر کی مناسبت سے چلہ نشینی ہی۔ قوس نام برج از بروج آسمان۔ عقرب نام برج ہشتم از بروج آسمان و آن بصورت کژدم است
۶ اسد نام برجیست کہ صورت شیر دارد گردون کو نیل گاو قرار دیا ہے۔

رفعت کا ہوا ہے سکہ جاری [۱] میزان کے ہین دونون پلّے بھاری
نوشاہ بنا ہوا ہے جوزا [۲] ہے زیب کمر زری کا پٹکا
مریخ ہے شیر بلند اختر [۳] گردون کا لڑا ہوا مقدر
کیوان کو دم سکندری ہے [۴] چمکی زہرہ کی مشتری ہے
ہر پستی ہے اوج سے ملاقی ہر شاہ نزول کو ترقی
اعلیٰ کیطرف ہے میل انوار [۵] پروانہ چراغ سے خبردار
شبنم کے ہے پر لگائے گلشن بلبل سے کہو کہ پکڑے دامن
ذرون کی طرح نہ دشت اُٹھائین دیوانون سے کہئیے ہوشیمن آئین
شمشاد نہین کسی کے بس مین قمری نہ پڑی رہے قفس مین
ساحل ہوتا ہے خشک ڈر سے نکلا حباب ہے بحر و بر سے
کنعان کے اُڑا رہا ہے جوہر [۶] دلو آج بنا کے ڈول جنتر
یونسؑ سر حوت تک پہونچکر [۷] سکہ نہ ہٹائین ہر درم پر
مرغابی برق ابر سکن [۸] چگ جائے نہ سنبلے کا خرمن

[۱] میزان نام برجے از بروج آسمان۔

[۲] جوزا نام برج کا ہے۔

[۳] مریخ نام ستارہ ایست کہ در پنجم آسمان ست و بپارسی بہرام گویند۔

[۴] کیوان نام ستارہ زحل کہ بر فلک ہفتم است۔

[۵] چراغ کے اُڑ جانے کا اندیشہ ہی لہذا پروانہ سے کہتے ہین کہ چراغ سے خبردار۔

[۶] دلو نام برج کا ہے جو بصورت ڈول کے ہی۔

[۷] یونس علیہ السلام کو مچھلی نگل گئی تھی۔ حوت نام برج دوازدہم از فلک کہ بصورت ماہی است۔

[۸] سنبلہ بالضم خوشہ و نام برجے از بروج آسمان کہ او بصورت خوشہ گندم ست۔

اڑجائے نہ سطح ارض الٰہی [1] سرطان پہ کرے نہ چوٹ ماہی
پامال زمین نہ آسمان ہو پٹری نہ سڑک کی کہکشان ہو
ظاہر ہوے کس لیے یہ سامان کیون اتنے عروج پر ہے دوران
کیون خاک کی اتنی ارجمندی کیون پستی کی اِس قدر بلندی
کیون شب کا یہ حسن روز افزون کیون ہے یہ ملیح اتنی موزون
محمول کا کس طرف ہی موضوع مسند کو کیا ہے کس نے مرفوع
یہ کس کی خبر کا مبتدا ہے موصول کہان کہان صلا ہے
ہین کس سے مضاف یہ عجائب راجع ہے کدھر ضمیر غائب
ناگاہ خطابِ وحی تنزیل [2] عالی لقبِ حضور جبریل

مدح جبریلؑ

عمّان کرم کے درمنثور [3] قرآن شرف کے سورۂ نور
مانند دُوا زمین پہ نازل مانند دُعا سپہر منزل
منشورِ اوامر و نواہی عنوان صحیفۂ الٰہی
فہرست اخبارِ اصفیا کی تاریخ فرشتہ انبیا کی
دُرج گہر کلام باری [4] پیغامبر پیام باری
وارد ہوے ابرسان زمین پر ساتھ اُنکے براق برق پیکر

---

[1] سرطان نام برج۔ ماہی زیرِ زمین سرطان پہ حملہ نہ کرے۔

[2] خطاب خداوندی وحی تنزیل جبریل کی صفت منہ حضور خداوند مین صاحب لقب عالی یہ بھی جبریل کی صفت ہی منہ رحم

[3] عمان یعنی دریاے اعظم۔

[4] درج بالضم، صندوقچہ جسمین جواہرات یا موتی رکھتے ہین۔

تمہید وصف براق

پہونچا ہے براق تک جو نامہ — دو ہاتھ اُچھل پڑا ہے خامہ
شوخی پہ ہے کلک تیز رفتار ۱؎ — جل جائے سپند سبع سیارہ
قطبین ہین سن سے سیان انجم — دکڑی ہوئی ہی چوکڑی گم
چکر مین ہے چار موج دریا — نشہ سا ہرن سے ہے چوکڑی کا
مضمون کی جست مین ہے گرمی ۲؎ — یا جست کے تار مین ہے بجلی
ہان لے مرے خامۂ سبک گام — آہستہ خرام بلکہ مخرام
دو چار قدم وہ چل سنبھلکر — حرف اُڑکے نہ جا سکین فلک پر
گو ہو نہ سکے گا کچھ مگر خیر — لکھ وصفِ براقِ آسمان سیر

صفت براق

چھوٹا سا فرس فرشتہ ہیکل ۳؎ — کھیت اُسکا بہشت خلد جنگل
مہ پارہ فلک سے آنے والا — اطلس کو کتان بنانے والا
یون چرخ سے نکلے وہ سبک رو ۴؎ — فانوس سے جس طرح کہ پرتو
شیشے سے پری چمن سے شبنم — سیپی سے گہر حباب سے دم

۱؎ دو معنی ہین ایک یہ کہ بلا سے سپند سبع سیار جل مرین دوسرے یہ کہ سپند جلے تا کہ نظر نہو جائے ۱۲ منہ رحم سپند کو نظر بد کے دفعیہ کے واسطے جلاتے ہین۔ سبع سیار قمر عطارد زہرہ شمس مریخ مشتری زحل ہین۔

۲؎ جست مین قوت مقناطیسی زیادہ ہوتی ہے۔

۳؎ حدیث مین ہے کہ براق چھوٹے فرس کے برابر تھا منہ رحم

۴؎ ان تین اشعار مین صرف سبکروی کی تشبیہ ہے۔

گلشن سے بہار جسم سے جان　　آنکھون سے نیند دل سے ارمان
صحراے شہود مین رم غیب [۱]　　چلتی ہوئی راہ عالم غیب
محو روشِ فراغ بالی　　مشّاقِ خرام لااُبالی
آدم سے ملک تک ایک دم مین　　امکان سے قِدم تک اک قدم مین
شوخی مین سلوکِ شوق کا حال　　رفتار مین جذب عشق کی چال
نیرنگ طلسم حیرت آئین　　یا گنج روانِ [۲] دولتِ دین
اقبال کا یا کہ بالِ [۳] دیگر　　یا روح امین کا تیسرا پر
یا دیدۂ منتظر مین نقشا　　اُڑتی ہوئی وصل کی خبر کا

درود جبرئیل و براق بر آستانۂ شریف

بالجملہ وہ دونون محرم قرب　　پروانہ و شمع عالم قرب
یون آئے ہو جیسے عاجل　　پروانہ چراغ کے مقابل
یا جیسے کہ عاشقانِ مضطر　　اپنا خطِ شوق آپ لیکر
حاضر ہوے اُسکی آستان پر　　جسکا کہ مکان ہے لامکان پر

---

[۱] شہود در اصطلاح سالکان رویت حق ست کہ از مراتب کثرات و موہومات صوری عبور نمودہ بمقام توحید رسیدہ در صور جمیع موجودات مشاہدہ حق نماید و غیریت دور شدہ ہرچہ بیند حق بیند۔ رم بمعنی رمیدگی۔

[۲] گنج روان کنایہ از گنج قارون کہ پیوستہ در زیر زمین حرکت بسوے تحت میکند یہان مناسبت لفظ روان سے ہے اور گنج روان سے مراد خزانہ ہے۔

[۳] لفظ اقبال مین ایک بال ہے۔ بال بمعنی بازو۔

محبوب خداے انس و جان کا | مقصود رموز کن فکان کا
منظور اشارۂ فکبّر [۱] | قائم بمقام قُم فانذر
نور القمرین والکواکب | خورشید مشارق و مغارب
ہاشم کی کلاہ مین گل تر | دامن مین قریشیو نکے گوہر
امکان کے گھر کا ابر نیسان [۲] | دریاے قدم کا شاخ مرجان
صانع کے قلم کا رنگ ایجاد | بندون کے چمن کا سرو آزاد
ایمان کی سند کا نقش خاتم | عرفان کے نگین کا اسم اعظم
آغاز ازل کی ابتدا کا | انجام ابد کی انتہا کا
تشبیہ کے آئینہ مین تمثال | تنزیہ کی سلطنت کا اقبال
رونق دہ ایمن تجلی [۳] | شمع تہ دامن تجلی
لاہوت مقام و عرش مسند | شاہنشہ انبیا محمد
تا دور زمانہ ہر نا مش | تسلیم خدا و احترامش
اسوقت وہ دفتر معانی | تھا داخل بیت اُم ہانی
رکھتا ہی نہ تھا قدم زمین پر | نازان تھا مکان اس مکین پر
تھی خاک وہانکی گل بدامن | اس حجرے کا تھا چراغ روشن
راحت تھی نیاز مند سرکار | تھا خواب کا بخت خفتہ بیدار

۱؎ اشارہ ہے آیت یا ایہا المدثر قم فانذر و ربک فکبّر کا۔
۲؎ نیسان نام ماہ ہفتم از ماہہاے رومیان و آن مدت ماندن آفتاب در برج حمل ست و قطرات باران این ماہ در صدف مروارید پیدا شود و باران این ماہ را مجازاً نیسان گویند ۳؎ ایمن سے وادی ایمن مراد ہے۔

رحمت کی ردائے مہر گستر — گلگون ولطیف وصاف بستر
رنگینیِ فیضِ عام قالین — خاطر کا گداز شمعِ بالین
ہم غافلونکا خیال ہرپل — آرائش پردہ ہائے مخمل
تھی چاندنی کی بساط ہی کیا — ہوتی جو وہ فرش بزم والا
کیا بال ہائے بالش پر [1] — تکیہ سرپاک کا خدا پر
خضرِ رہِ حق مقیم منزل [2] — سوتی ہوئی آنکھ جاگتا دل
دریائے روان بزنگ گوہر — غنچے کے لباس مین گلِ تر
آداب سے آپ کو اٹھایا [3] — یا اپنے نصیب کو جگایا
بیدار ہوئی جو چشم حق بین — آہو ہوئی شکل خواب شیرین
دیکھا کہ عجیب ماجرا ہے — گھر برج قمر بنا ہوا ہے
انشائے رموزِ غیب مخبر [4] — ہونے کا نہین یہ دن کبھی پھر
سونا کبھی ہو نہ یہ جگانا — لیتا رہے کروٹین زمانا
طالع مین نہین یہ شب کسیکے — اختر سو بار سو کے جاگے
ہوگی نہ یہ پھر زمین کی توقیر — مٹی ہو ہزار بار اکسیر
انوار کا ہے ورود پیہم — تارون کی برس رہی ہی شبنم
نازل سوے عالمِ مجازی — امواجِ محیطِ بے نیازی
جبریل ہین اور براق بھی ہی — قاصد بھی ہی اشتیاق بھی ہی
تحریک نسیم و صبح صادق — کشتی سبک و ہوا موافق

---

[1] بالش تکیہ کہ زیر سر نہند وبمعنی بالیدگی وافزائش۔
[2] یعنی خضر راہ حق کا منزل پر ٹھہرا ہوا تھا جاگتا دل بلحاظ خضر کے اور سوتی ہوئی آنکھ بمناسبت مقیم ہونیکے ہے۔
[3] حضرت جبریل نے خواب سے بیدار کیا۔
[4] انشا برعایت خبر کے ہے مطلب یہ ہی کہ انشائے رموز غیب خبر دیتے تھے یہ مضمون شاعرانہ مناسب حال ہی۔

کوسون سے رسولِ روح پرور [۱] آیا ہے ہوائے شوق لیکر

آنا ہے طلب کا استعارہ [۲] بردن کا ہے آمدن اشارہ

یعنی اُٹھیے کہ بحرِ پرجوش گوہر کے لیے ہی کھولے آغوش

اُٹھیے کہ چمن ہرا بھرا ہے طوطی بلبل کا بولتا ہے

اُٹھیے کہ ہی بابِ فیض مفتوح ہی طالبِ جسم عالمِ روح

اُٹھیے کہ نگاہِ چشم تنزیہ ہے منتظر جمالِ تشبیہ

اے محملِ شوق منزلِ ذوق اے شاہدِ ذوقِ محملِ شوق

اے ہمتِ طالب آنِ مطلوب [۳] اے جانِ حبیب و شانِ محبوب

تھی دل سے تجھے طلب خدا کی ہر لحظہ تھی یاد کبریا کی

اب اسکی طلب کا ہی تقاضا ہی یاد مین تیری حق تعالیٰ

دیکھ اُٹھکے بہارِ منزلِ صدر اے امشب ہی شبِ شبِ قدر

کر سیرِ مقامِ قدس کی آج اے امشب ہی شب تو معراج

عرش آپ کا منتظر ہی چلیے خاطر کو سنبھا لیے سنبھلیے

پا کر یہ اشارۂ کرامت کی شوق نے شورشِ قیامت

سینے سے جگر چلا نکل کر شادی سے ہزار ہاتھ اُچھل کر

فرحت سے ہوا یہ قلب بیتاب [۴] آئینہ دکھا رہا تھا سیماب

ہو نچا دلِ بیقرار مسرور سو بار زمین سے آسمان پر

---

[۱] رسول یعنی پیغامبر یہان مراد حضرت جبرئیل ہین۔

[۲] چونکہ حدیث شریف مین صراحتاً نکور نہین ہے کہ حضرت جبرئیل نے حاضر ہوکر عرض کیا کی اسواسطے طریقۂ طلب اسطرح بیان کیا گیا ہی

[۳] مراد عام طالب و مطلوب ہی یعنی آنحضرت ہمت طالب کی اور آن مطلوب کی ہین۔

[۴] سیماب کی بیتابی مشہور ہی مطلب یہ ہی کہ سیماب آئینہ دکھا تا تھا۔

رحمت کی رداے مہر گستر — گلگون و لطیف و صاف بستر
رنگینیِ فیضِ عام قالین — خاطر کا گداز شمعِ بالین
ہم غافلونکا خیال ہر پل — آرایش پردہ ہاے مخمل
تھی چاندنی کی بساط ہی کیا — ہوتی جو وہ فرشِ بزمِ والا
کیا بالِ ہما کے بالشِ پر [1] — تکیہ سرِ پاک کا خدا پر
خضرِ رہِ حق مقیمِ منزل [2] — سوتی ہوئی آنکھ جاگتا دل
دریاے روان برنگ گوہر — غنچے کے لباس مین گلِ تر
آداب سے آپ کو اُٹھایا [3] — یا اپنے نصیب کو جگایا
بیدار ہوئی جو چشمِ حق بین — آہو ہوئی شکلِ خواب شیرین
دیکھا کہ عجیب ماجرا ہے — گھر برجِ قمر بنا ہوا ہے
انشاے رموزِ غیب مخبر [4] — ہونے کا نہین یہ دن کبھی پھر
سونا کبھی ہو نہ یہ جگانا — لیتا رہے کروٹین زمانا
طالع مین نہین یہ شب کسیکے — اختر سو بار سو کے جاگے
ہوگی نہ یہ پھر زمین کی توقیر — مٹی ہو ہزار بار اکسیر
انوار کا ہے ورود پیہم — تارون کی برس رہی ہے شبنم
نازل سوے عالمِ مجازی — امواجِ محیطِ بے نیازی
جبریل ہین اور براق بھی ہے — قاصد بھی ہے اشتیاق بھی ہے
تحریکِ نسیم و صبحِ صادق — کشتی سُبک ہوا موافق

[1] بالش تکیہ کہ زیرِ سر نہند و بمعنی بالیدگی و افزایش۔
[2] یعنی خضرِ راہِ حق کا منزل پر ٹھہرا ہوا تھا جاگتا دل بلحاظ خضر کے اور سوتی ہوئی آنکھ بمناسبت مقیم ہونیکے ہے۔
[3] حضرت جبریل نے خواب سے بیدار کیا۔
[4] انشا برعایت خبر کے ہے مطلب یہ ہے کہ انشا سے رموزِ غیب خبر دیتے تھے یہ مضمون شاعرانہ مناسبِ حال ہے۔

کوسون سے رسولِ روح پرور [1] آیا ہے ہوائے شوق لیکر
آنا ہے طلب کا استعارہ [2] بردن کا ہے آمدن اشارہ
یعنی اُٹھیے کہ بحر پرجوش گوہر کے لیے ہی کھولے آغوش
اُٹھیے کہ چمن ہرا بھرا ہے طوطی بلبل کا بولتا ہے
اُٹھیے کہ ہی بابِ فیض مفتوح ہی طالبِ جسم عالمِ روح
اُٹھیے کہ نگاہِ چشم تنزیہ ہے منتظرِ جمال تشبیہ
اے محلِ شوق منزلِ ذوق اے شاہدِ ذوقِ محلِ شوق
اے ہمتِ طالبِ آن مطلوب [3] اے جانِ حبیب و شانِ محبوب
تھی دل سے تجھے طلب خدا کی ہر لحظہ تھی یاد کبریا کی
اب اسکی طلب کا ہی تقاضا ہی یاد مین تیری حق تعالیٰ
دیکھ اُٹھکے بہارِ منزلِ صدر اے امشب ہی شبت شبِ قدر
کر سیرِ مقامِ قدس کی آج اے امشب ہی شب تو معراج
عرش آپ کا منتظر ہی چلیے خاطر کو سنبھالیے سنبھلیے
پاکر یہ اشارۂ کرامت کی شوق نے شورشِ قیامت
سینے سے جگر چلا نکل کر شادی سے ہزار ہاتھ اُچھل کر
فرحت سے ہوا یہ قلبِ بیتاب [4] آئینہ دکھا رہا تھا سیماب
پہونچا دلِ بیقرار سرور سو بار زمین سے آسمان پر

[1] رسول بمعنی پیغامبر یہان مراد حضرت جبرئیل ہین۔
[2] چونکہ حدیث شریف مین صراحتاً مذکور نہین ہے کہ حضرت جبرئیل نے حاضر ہوکر عرض کیا کی اسواسطے طریقۂ طلب اسطرح بیان کیا گیا ہی
[3] مراد عام طالب و مطلوب ہی یعنی آنحضرت ہمت طالب کی اور آن مطلوب کی ہین۔
[4] سیماب کی بیتابی مشہور ہی مطلب یہ ہی کہ سیماب آئینہ دکھا رہا تھا۔

تشریف آوری بیت اللہ

اُٹھ کر وہ خدا کا آرزومند — لب تشنۂ شربتِ شکر خند

آیا پئے آبروئے کعبہ — مانندِ خلیلؑ سوئے کعبہ

محبوب خدا سے بحر و بر کا — مہمان ہوا خدا کے گھر کا

اُس گھر میں یہ تھا خوشی کا عالم — ق ڈر تھا کہ اُبل نہ جائے زمزم

کعبہ نہ کرے طواف اپنا — ہو قبلہ نما کہیں نہ قبلا

پانوں پہ بُتان سر کشیدہ — گر پڑ کے ہوں خدا رسیدہ

اہلاً سہلاً کہا حرم نے — لبیک حریمِ محترم نے

محراب جھکی سرِ ادب سے — منبر نے قدم لیے نبیؐ کے

آیا جو کرم پہ عشقِ بیباک [1] — سینہ کیا شق جگر کیا چاک

بھڑکا دیے اور شعلے دل کے — آبِ زمزم کے دیکے چھینٹے

کی شق جفا سرِ وفا سے — زخمی بھی کیا تو اک ادا سے

لبریز طرب کیا الم سے [2] — نشرح کو ملا دیا الم سے

گوہر کو بنا دیا سمندر — آئینے کو کر دیا سکندر

بھر دی دلِ پاک میں تجلی — یا کعبۂ دل میں کی سپیدی

خالی اُسے کر کے ماسوا سے — لبریز کیا فقط خدا سے

حق سے رگ دیے کو کر کے معمور — جسمِ بشری کو کر دیا نور

بندے سے کہا نظر بچا کر [3] — کیا غیر ہے تو خدا خدا کر

---

[1] اشارہ شق صدر مبارک کا ہے۔

[2] اشارہ ہے آیت الم نشرح لک صدرک کا۔

[3] عشق بیباک نے کہا کیونکہ شق صدر کو اُسی کی طرف منسوب کیا ہے۔

وحدت کو کھجا دوئی کا نیرنگ | بیرنگی کی سمت کو چلا رنگ
بسمل ہوئی قلب کی تپش بھی | کوشش کرنے لگی کشش بھی
اعلےٰ کی طرف ہوا ارادا | کعبے نے کہا خدا کو سونپا
باعزت و شان و جاہ و تمکین | آیا بالائے حنانۂ زین
حضرت کے رکاب مین قدم تھے | یا طاق مین دکھے گل کے دستے
اللہ وہ راہوار چالاک | اور پشت پہ شہسوار لولاک
یہ شان کبھی سُنی نہ دیکھی | افلاک کی ہفت پشت نے بھی
لی باگ تو اشہب سُبک گام | [1] تھا صبح بہار کشور شام

مسجد اقصیٰ

پیش نظر جناب عالی | بیت المقدس کا باب عالی
وہ سرور انبیائے پیشین | وہ باعث فخر شرع و آئین
مسجد کے قریب آ کے اُترا | آداب سے سر جھکا کے اترا
اک ہاتف غیب دان خبردہ | اسرےٰ سبحانہٗ بعبدہٖ
ہر شے تھی وہاں کی حیرت افزا | اللہ کے گھر مین تھی کمی کیا
گوشے گوشے مین روح واصل | پہلو پہلو مین قلب شاغل
ظلمت کے غبار سے نمایان | [2] گرد رہ لشکر سلیمان
شان لب بام سے ہویدا | جان بخشی حضرت مسیحا

---

[1] شام سے مراد ملک شام ہے۔

[2] بیت المقدس مین آنحضرت صلعم نے دوگانہ شکر ادا کیا اور ارواح انبیا نے اقتدا کی ان اشعار مین اشارہ ارواح انبیا کے موجود ہونے کا ہے۔

دیوار مین خامشی کا عالم — آثار قبول صوم مریم
داؤد کے نغمہ ہاے دلبند — کھائے دم عیسوی کی سوگند
سلطان عرب کے مژدہ گویان ؎۱ — انجیل و زبور اُٹھائے قرآن
مرفوع پمبرون کے رایات ؎۲ — یا سورۂ انبیا کے آیات
ہر تختے مین تھے ہزار ہتالے ؎۳ — اک شجرۂ طور کی قلم کے
دو مرجع کائنات باہم ؎۴ — وہ قبلہ یہ کعبۂ دو عالم
قبلے نے درود کی ندا دی — کعبے نے نماز شکر ادا کی
مینار اُٹھے براے تعظیم — محراب جھکی بقصد تسلیم
منبر نے پڑھا ادب سے گویا — شاہنشہ انبیا کا خطبا
آنکھون کو بچھائے تھا مصلا — سایہ سے کیے گنبد معلا
از راہ کمال مہربانی — اس گھر سے ہوئی یہ میہانی
رکھ کر مے و شیر کو مقابل ؎۵ — اُس صاحب ذوق کا لیا دل
ایک رنگ مین لالہ ایک نسرین — اک ذوق مین تلخ ایک شیرین
گلگون مے ناب مہر پیکر — کھسلا طرب کی لعل احمر
اکسیر طراوت نفس کی — یا روح پھنکی ہوئی ہوس کی

؎۱ انجیل و زبور قرآن اُٹھا کر سلطان عرب کے مژدہ گو تھے۔
؎۲ رایات لشکر کے علم اور نشان۔
؎۳ ایک شجرہ کی قلم سے ہزارون ہتالے تیار ہوے تھے۔
؎۴ قبلہ سے مراد بیت المقدس اور کعبہ ہر دو عالم سے آنحضرت صلعم ہین۔
؎۵ دل لینا یعنی آزمایش کرنا۔ آنحضرت صلعم کے سامنے دو پیالے لائے گئے ایک مین شیر دوسرے مین شراب۔ حضرت صلعم نے شیر کے پیالے کو لے لیا اور شراب سے انکار کر دیا مطلب اشعار کا یہ ہے کہ ہوس اور عشق پیش کئے گئے آنحضرت نے عشق کو اختیار فرمایا۔

وہ شیر لطیف ماہ تابان — شیرینی دردکاہش جان
جان بخشی دور عالم عشق — بالائی اک آمد غم عشق
کی رغبت قلب نے جو تاثیر — مقبول بشیر ہو گیا شیر
عکس لب جانفزا لبن مین ۱ — ہمرنگ عقیق تھا یمن مین
جیر کا سر مے پہ تیغ نے کا ۲ — انگور کے زخم پر نمک تھا
پی کر وہ شیر صبح پیکر — خورشید روان ہوا فلک پر
تنہائی کا قافلہ روان تھا — تجرید کا ساتھ کاروان تھا
گلگون بہار تھا وہ شبدیز ۳ — مانند دم نسیم گلریز
پہونچی جو ہواے دامن پاک — کھلنے لگے غنچہ ہاے افلاک

سیر فلک اوّل

پتلی نے سمند باد پا کی ۴ — جا کر چشم قمر مین جا کی
وہ خطبۂ منبر خلافت — آئینۂ جوہر شرافت
جسکا کہ ارم ہی تخت طاؤس — افلاک و نجوم شمع و فانوس
خلقت ہوئی جسکے جان و دل سے — جس طرح بشر کی آب و گل سے
ہمرتبہ صفی باصفا کا — مصداق خطاب مصطفےٰ کا
وہ روز ازل کا سعد اکبر ۵ — وہ اول ما خلق کا مظہر

---

۱ لبن بمعنی شیر۔
۲ تیغ سے مراد دشنۂ انکار ہی یعنی مے کو جیر کا انکار کا دیا تو انگور یعنی مادہ شراب کے زخم پر نمک چھڑکا منہ رم
۳ شبدیز۔ خسرو پرویز کے گھوڑے کا نام تھا۔ عموماً ہر گھوڑے کو کہتے ہین یہان مراد براق ہی۔
۴ مناسبت پتلی کی آنکھ کے ساتھ خاص لطف رکھتی ہے، قمر فلک اول پر ہے۔
۵ اشارہ ہی حدیث شریف اول ما خلق اللہ نوری کا یعنی سب سے پہلے اللہ نے میرا نور پیدا کیا۔

وہ سطر آخر صفحۂ راز | وہ مطلع اولین آغاز

وہ آخر انبیائے مرسل | جس کا ثانی نہین وہ اول

تنزیہہ کا لطف پانے والا | شان وحدت دکھانے والا

پہونچا کیے سطے زمین کا دفتر | شکل الف اول آسمان پر

آیا جو نظر وہ فخر عالم | آدم نے کہا کہ خیر مقدم

فرخندہ پسر ملا پدر سے | خیر البشر اول البشر سے

پہلے پہل آسمان کو دیکھا | ارواح فرشتگان کو دیکھا

پہونچے قدم سعید سرور [۵۱] | مہتابی منزل فلک پر

پامال طبیعت روان کی [۵۲] | گویا تھی زمین آسمان کی

فلک دوم

پھر وہ سبب ظہور ایمان [۵۳] ظلمات جہان مین آب حیوان

جسکے شہدا کا واپسین دم | صبح انفاس ابن مریم

جسکا کرم آیت شفا ہے | بیمار کے درد کی دوا ہے

ہے جسکی اذان صبحگاہی | احیائے شریعت الٰہی

وہ گوہر آب زندگانی | جسکا اول نہین وہ ثانی

شان احد احمد مکرم | شاہنشہ کشور دو عالم

---

۵۱ مہتابی عمارتیکہ بر لب حوض برائے سیر مہتاب سازند۔

۵۲ زمین سخن کا پامال ہوا اصطلاح مشہور ہی ۱۲ منہ رح

۵۳ آب حیوان یعنی آب حیات۔ آبحیات ایک چشمہ ظلمات مین ہی جسکا پانی پینے والا ہمیشہ زندہ رہتا ہے۔

پھیلی ہوئی جسکی چاندنی ہے | دن دونی ہے رات چوگنی ہے
یکتائی کا رنگ لانے والا | نیرنگ دوئی مٹانے والا
پہونچا بہ کمال شادمانی | تا دائرۂ سپہر ثانی
رونق ہوئی کشورِ فلک مین | جان آگئی پیکرِ ملک مین
یکجان و دو تن ہوے نمایان | یحییٰؑ کو لیے مسیحؑ دوران
تاج سرِ انبیا کے گوہر | آئینۂ حق نما کے جوہر
یحییٰ نے صداے مرحبا دی | انفاس مسیح نے جلا دی
تھا منشی چرخ لو لگائے [۱] | خامہ کی طرح سے سر جھکائے
زندہ ہوئین صورتین رقم کی | اور روح پھڑک گئی قلم کی

فلک سوم [۲]

پھر وہ شرف ستارۂ حسن | زیب رخ ماہ پارۂ حسن
ہر جسکی حسین و پاک صورت | اک نسخۂ گلستان قدرت
جسپر ہے فدا چمن مین سنبل | گلزار مین گل قفس مین بلبل
ہین جسکے بہارِ رخ کی تمہید [۳] | اوراقِ سہ برگ موالید
وہ واسطۂ قدیم و حادث [۴] | سعدین فلک نشین کا ثالث
وہ چشم و چراغ آدمؑ و نوحؑ [۵] | سرو چمن مثلث روح

---

۱ منشی چرخ یعنی عطارد جو دوسرے آسمان پر ہے۔

۲ فلکِ سوم پر حضرت یوسف علیہ السلام سے ملاقات ہوئی لہذا رعایت حسن کی کیگئی ہے۔

۳ نباتات جمادات حیوانات کو موالید ثلاثہ کہتے ہین موالید ثلاثہ کو سہ برگ سے تشبیہ دی ہے۔

۴ سعدین یعنی مشتری و زہرہ

۵ ارواحِ ثلاثہ یعنی جان بو اور ہوا ان کا مثلث قرار دیا ہے۔

توحید کا تخم بونے والا　　تثلیث کا گھر ڈبونے والا
یون گزرا تیسرے فلک پر　　جسطرح نظر مین حسنِ منظر

سراپا

اِس جا ہے سخن کا اور مرجع　　؎۱ مصرع ہے ہر ایک حسن مطلع
کاتب کی چمک رہی ہے تقدیر　　آنکھون مین کھچی ہوئی ہے تصویر
نقشے کی ہے وہ لطیف صورت　　جس سے کہ ہے اہل دلکو حیرت
صورت کا وہ دلپذیر نقشا　　جس سے ہے ہر آئینہ کو سکتا
سورج کی نہ دوپہر پلٹ جائے　　اِسدم مرے سامنے سے ہٹجائے
گر بدر کہین ادھر اُدھر ہو　　کہدو مرے شہر سے بدر ہو
حقا کہ وہ جسم سر سے تا پا　　ہے شاہدِ غیب کا سراپا
دیکھا ہے خدا نے اپنا عالم　　آئینہ بنا کے قدِ آدم
کھینچی بہ کمال حسنِ تدبیر　　نقاشِ ازل نے اپنی تصویر
رُخ مین صفتِ جمال دی ہے　　صورت مین جان ڈالدی ہے
ابرو پہ جبین مہ شمائل　　رکھی ہوئی رحل پر حمائل
پیشانی ہے جزو مصحفِ رو　　اِس پارے کے دو رکوع ابرو
واللیل کا ترجمہ ہے گیسو　　تفسیرِ اذا سجیٰ ہے گیسو
آنکھون سے لکھون صفت وہ آنکھین　　؎۲ مالا عینٌ رأت وہ آنکھین
بیداری بخت چشم ایجاد　　سیپارہ رُخ کے سورہ صاد

؎۱ رعایت لفظ حسن کی ہے۔ مطلع کے بعد کے شعر کو حسنِ مطلع کہتے ہین۔

؎۲ ترجمہ جسکو کسی آنکھ نے نہین دیکھا اشارہ ہے مالا عینٌ رأت ولا اُذنٌ سمعت کیطرف۔

خلوت گہ کبریا کو دیکھا ۱ؔ — آنکھون کی قسم خدا کو دیکھا
بینی سے بلند اختر حسن — معراج پہ ہے پیمبر حسن
اسرار بہ دہن ہین وحی منزل — اور حامل وحی ریش مرسل
احباب مین لب مسیح تقریر — اعدا مین لیے کلیم شمشیر
کیا ذکر تبسم نبی ہے — گل کی گلشن مین جو ہنسی ہو
کانون کی سنی ہے کیا روایت ۲ؔ — جو سرو ہے قطب کی ولایت
جوہر کا بھرا ہوا ہے خنجر — آئینۂ بے مثال سینہ
اسرار نہ آسمان نظر مین — ڈوبے ہوئے ہفت بحر و بر مین
اس گردن صاف کی بلندی — تکبیر فریضۂ سحر کی
رعنائی قامت مناسب — روزے مین اذان وقت مغرب
دیکھے ہین فلک مین یا زمین مین — ہاتھ ایسے کسی کے آستین مین
دو انگلیون مین یہ ماہ کا حال — مقراض مین جس طرح مہا جال
کھولے ہوئے شوق عرش عالی ۳ؔ — عینین براہ پایمالی
چرچے یہی شیخ و شباب مین ہین — پاؤن ایسے کسی رکاب مین ہین
دیکھی جو وہ صورت دل آرا — ارواح کو دفعتہ غش آیا
حالت ہوئی بیخودی کی طاری ۴ؔ — زہرہ کہین بھول اٹھی ستاری

۱ؔ حضرت کی آنکھین خلوت گہ کبریا مین جنسے انکو دیکھا خدا کو دیکھا۔

۲ؔ اصطلاح علم ہیئت قطب شمالی وجنوبی مین بے انتہا سردی ہو ولایت بمعنی اقلیم مستعمل ہے وقطب ایک خاص مرتبہ اولیاء اللہ کا ہے۔ اس صورت مین لفظ ولایت بھی دو معنی رکھتا ہو۔

۳ؔ لفظ عرش عالی مین دو عین ہین ۱۲ منہ

۴ؔ زہرہ آسمان سوم پر ہے۔

کہتے تھے ملک سُنی نہ دیکھی | صورت ہی کہ قدرت الٰہی
حاضر تھے یہ منیر کنعان | فرزند جوان پیر کنعان
گل جنکے تھے مصر کے چمن مین | کانٹے کنعان کے پیرہن مین
یعقوب تھے جنکے نازبردار | تھا جنکا دلون مین گرم بازار
آنکھون مین سمائی وہ تجلی | جو خواب مین بھی کبھی نہ دیکھی
یوسف ہوئے جان و دل سے شیدا | منہ دیکھ کے رہ گئی زلیخا

فلک چہارم[1]

پھر وہ خطِ عفوِ اہلِ عصیان | فرزانہ شفیعِ پیشِ یزدان
جس سے کہ ہوئی شکستِ کفار | صحرائے عرب ہے جس سے گلزار
تشریفِ شرف کی بے کم و کاست | [2] جسکے قدِ راست پر ہوئی راست
وہ رونقِ چار سوے ایجاد | اعجاز کرامتِ خدا داد
تھے جسکے چار یار ذیجاہ | منزلگہِ لطف و مہر کے ماہ
زیبائشِ صدرِ حلم و تمکین | [3] آرائشِ چار بالشِ دین
بیکس کی مراد دینے والا | ناچار کی داد دینے والا
ٹھہرا جو سرخ چار زمین پر | یا صفحۂ نسیم پر خطِ زر
اسرار نہ یان کے لکھنے مین آئین | گو دونون زبان خامہ ملجائین

---

[1] اس آسمان پر حضرت ادریس علیہ السلام سے ملاقات ہوئی سب سے اول قلم سے حضرت ادریسؑ نے لکھا اِسی رعایت سے الفاظ خط شفیع شکست گلزار خط توام خط تجنیس لائے ہین۔

[2] یہ شعر اس رعایت سے ہے کہ حضرت ادریس نے سب سے پہلے سیئے ہوے کپڑے پہنے تھے۔

[3] چار بالش یعنی مسند۔

میدان وہ عجیب روپ مین تھا[1] | خورشید بھی دوڑ دھوپ مین تھا
کی مصحفِ انبیا کی تدریس | تا اذا ذکر فی الکتاب ادریس
یکجا ہوے دو نبیِ اکرم | مثل صفحاتِ خطِ توام
یکرنگی مصطفےٰ و ادریس | قدرت کے قلم کی سطرِ تجنیس
ہم وضع دو نقشِ کلکِ ایجاد | دو قطعے نوشتۂ یک استاد

فلکِ پنجم

پھر وہ گلِ نوبہارِ معنی | وہ گوہرِ شاہوارِ معنی
ہے جسکی زبان مین فصاحت | ہے جسکے کلام مین ملاحت
ہے جسکی شگفتہ رنگ تقریر | ما ینطق عن ہوی کی تفسیر
اعجاز اثر بیان شیرین | قرآن کا ورق زبان شیرین
اورنگ نشین عزت و جاہ | زورِ سرپنجۂ ید اللہ
تکبیر کی جس کے پاس دولت[2] | ہے جسکی نماز پنج نوبت
گبرانِ جہان کا آبرو ریز | برہمزنِ پنج گنج پرویز
ذرہاے یقین پرونے والا | دل سے ششش و پنج کھونیوالا
آیا سرِ چرخِ پنجمین پر | یا افسرِ سلطنت پہ گوہر
ہارون نے کہ افصح البیان تھے | ق گویا کہ کلیم کی زبان تھے
موسیٰ کے وزیر او برادر | پیغمبر و بازوے پیمبر
کی نعت ادا بجوشِ بیانی | یا وصفِ چمن مین گلفشانی
تحریر کیے ہزار دفتر | الواح زبرجدِ فلک پر

[1] خورشید فلکِ چہارم پر ہی ہے۔ [2] پنج نوبت جو درِ شاہی پر پانچ وقت بجتی ہے۔

بہرام تھا مُہر خامشی کی [1] عبری سنے یہ کی تمام ترکی

فلک ششم [2]

پھر وہ دُرِ بے بہاے تکوین ۔ وہ لالہ و لعل کو تمکین
جسکی نہین روک لامکان تک ۔ پایاب ہے نیل آسمان تک
ہے دور مین جسکے سحر باطل ۔ افسون ہے اسیر چاہ بابل
آہوے رمیدہ ساحری ہے ۔ اللہ کی گاے سامری ہے
جس سے ہوئی شان کفر نابود ۔ فرعون کو بھی بچا نہ نمرود
جسکی شوکت وزیر و شہ پر ۔ شمشیر اُسکی قضا کا شہپر
جسکی بخشش سے ڈر کے قارون ۔ پہلے سے ہوا زمین مین مدفون
وہ روز طلوع صبح بینش ۔ صبح شش روز آفرینش
وہ قبلۂ شش جہات عالم ۔ وہ مرجع کائنات عالم
انداز کرم بتانے والا ۔ شش دانگ جہان لٹانیوالا
گردون ششم پہ چشم بد دور ۔ چمکا مانند شعلۂ طور
جلوے وہ جمال نے دکھائے ۔ موسیٰ وہی آگ لینے آئے
تھا داغ فراق لن ترانی [3] مسرور وصال من رانی

---

[1] بہرام یعنی مریخ جو فلک پنجم پر ہے۔ بہرام نام ایک پہلوان کا بھی ہے عبری سے مراد حضرت ہارون جنکی زبان عبرانی تھی مطلب یہ ہے کہ بہرام ترک فلک سے تقریر اُنکے سامنے نہو سکی۔

[2] اس فلک پر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی ہے اسی رعایت سے الفاظ نیل سحر سامری فرعون شعلہ طور لن ترانی وادی ایمن لائے ہین۔

[3] اشارہ حدیث من رانی فقد رای الحق ۱۲ منہ رحمہ

وہ محوِ کلامِ ایزدِ پاک — تھا مُہرِ سکوتِ ماعرفناک
آتی تھی صدائے عقلِ اول — دیکھے کوئی نخلِ طور کا پھل
کیا وادیِ ایمنِ فلک کی — تقدیر سے مشتری ہے چمکی

فلکِ ہفتم

پھر وہ جنسِ سجدگاہِ تسلیم — محرابِ حریمِ جاہ و تعظیم
کعبے کا سوادِ صفحۂ عین ۱ — سنگرفی نسخۂ ذبیحین
جسکی آمد کا سنتے ہی غُل — آتشکدے شمع سان ہوئے گل
گردن مین بتانِ بے دہن کی — پھانسی ہوئی چوٹی برہمن کی
کلیون کی طرح سے جسکے چھوڑا ۲ — کعبے مین پڑا بتون کا توڑا
طوفانِ بلا ہے جسکا خنجر — بہر آزر پرستِ دو آذر
وہ ناظرہ خوانِ مصحفِ دل — خضرِ سرِ راہِ ہفت منزل
سلطانِ سریرِ ہفت کشور — شمعِ فانوسِ ہفت اختر
جمعے کو سعید کرنے والا — ہر ہفتے مین عید کرنے والا
اترا سرِ بامِ چرخِ ہفتم — قربان ہوئے ہر قدم پہ انجم
تھین منتظرِ جنابِ اطہر — عینین خلیلِ ابنِ آذر
کرتا تھا جو صرفِ سہمانی ۳ — خوانِ یغلے من عصانی

---

۱ یعنی سوادِ صفحہ مین کعبہ۔ حدیث شریف مین ہے انا ابن الذبیحین مین بیٹا دو ذبیحون کا ہون ایک ذبیح حضرت اسماعیل علیہ السلام دوسرے حضرت عبداللہ۔

۲ بیدہانے کی رعایت سے بتون کو غنچہ قرار دیا ہے۔

۳ اشارہ ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کا ومن عصانی فانک غفور رحیم۔

دیوان ازل کا مطلع نور | برجستہ ردیف بیت معمور
اک بزم سے کے تھے چراغ دونو | ملکر ہوے باغ باغ دونون
ہندوے فلک بتون سے بیزار [1] | منت سے نجات کا طلبگار

بیت المعمور

اُس بیت مین پھر وہ سرو موزون | آیا مانند تازہ مضمون
قبلہ تھا خدا کے سب گھرون کا | یا صدر تمام دفترون کا
جلتے تھے وہان فرشتون کے پر | گرتے تھے ملک سر ملک پر
گنجایش غیر حق سے معذور | مالک سے تمام خانہ معمور
نیرنگ خیال قدسیان کا | یا رنگ محل نہ آسمان کا

بہشت و دوزخ

آگے جو بڑھا وہ صاحب دل | حیرت سے کے تھے آئنے مقابل
ہر شئے تصویر بزم تنزیہ | آئینۂ حیرت اُسکی تشبیہ
سب عالم غیب سے کے کرشمے | سر ملکوت سے کے معمے
باغ لاہوت سے کے کھلے رنگ | قدرت کے عیان طلسم و نیرنگ
خورشید جمال سے کے ستارے | یا قوت جلال سے کے شرارے
ٹھہری جو اتر کے پل سواری [2] | مالک نے ادب سے بندگی کی
پاکر خبر بہار مقدم [3] | گل ہوگئی آتش جہنم

---

[1] ہندوی فلک یعنی زحل [2] مالک نام دارو غہ دوزخ [3] گل ہونا سرد ہونا۔ بہار مقدم برعایت گل ہے۔

تھا خوف کہ ہو نہ جائے برباد | دوزخ مثل بہشت شداد
رحمت کی سحر ہوئی نمودار | ہو کیون نہ سقر سفر پہ تیار
شعلے کی شرارتین تھین فی النار | خاموش تھا صورت گنہگار
پھر وہ گل گلستان تنزیہہ | وہ باعث خلق دہر و مافیہ
مانند بہار فرحت انگیز | جنت کی طرف ہوا جلوریز
جسکا ہے لقب میان جمہور | نور افشان باغ عالم نور
کیا کیجیے بیان صفت فضا کی | پھلواری جناب کبریا کی
سر صلّ علےٰ گل تر سلہ | رمز بَلَغَ العُلےٰ صنوبر
مے وہ کہ برنگ چشم مخمور | اپنے نشے مین آپ ہی چور
نے وہ کہ ہی جس کا ترجمہ لاؔ | ہم معنیِ لا آلہ اِلّاؔ
یک سینۂ عندلیب وصد گل سلہ ۲ | یک سایۂ گل ہزار بلبل
تارِ رگِ گل ہزار دستان | از بر کیے بلبلین گلستان
رُخ حُسنِ عمل کا حور و غلمان سلہ ۳ | چشمِ نگہ قبول رضوان
دریاے کرم سمٹ کے کوثر | رحمت محدود ہوکے ساغر
خوش ہوکے فضا بہشت پیرا سلہ ۴ | تقدیر نہال ہوکے طوبا
ہر شاخ رہ خدا کی مشعل | ہر پھول نہال شوق کا پھل

سلہ ۱ برعایت خوشبوے گلاب کے صل علیٰ ہی اور بمناسبت بلندی صنوبر کے بلغ العلےٰ

سلہ ۲ صد گل و ہزار بلبل سے کثرت گل و بلبل مقصود ہی

سلہ ۳ رخسار حسن عمل کا حور و غلمان ہین اور نگاہ قبول کی آنکھ رضوان ہے۔

سلہ ۴ نہال ہونا خوش ہونا نہال بمعنی درخت نورستہ مطلب یہ ہی کہ فضا کا اہتزاز بہشت اور تقدیر کا خوش ہونا طوبیٰ ہے۔

ہر چشمہ نیاز کا کرشمہ ۱؎ یا دیدۂ منتظر کا چشمہ
تھا نوکِ زبان حال رضوان ۲؎ دیباچۂ منت گلستان

اللہ رے یہ مرا مقدر
رکھ اپنے قدم مرے جبین پر
امت سے بھی اسقدر ہوا شاد
آکر کرین میرے گھر کو آباد
ہین سب بد و نیک مجکو محبوب
بے قید وہ یوسف اور مین یعقوب
اچھے ہون اگر قصور میرے
عاصی کے قصور سے بدسلیے

ہو مشک خطا مرے ختن مین ۳؎ یا نافرمان ہو اس چمن مین
کیجئے مجھے قبل حشر برپا
ہے مجکو یہ مدتون سے کھٹکا
اس دن عجب اضطراب ہوگا
ہنگامۂ بے حساب ہوگا
مجنون کوئی رہ نجائے بن مین
بے خود کوئی وادیِ قرن مین

غافل کوئی حشر مین نہ کھو جائے ۴؎ محسن کسی سایے مین نہ سو جائے
اے صدر نشین یوم موعود
اے بادشہ مقام محمود
برلا مری آرزو کرم سے
ہے میری بہشت تیرے دم سے

عرش و کرسی

۱؎ چشمۂ عینک و چشمۂ آب۔
۲؎ زبان حال رضوان کو دیباچۂ شکرگذاری جنت از بر تھا کہ اللہ رے یہ میرا مقدر گلستان سے مراد جنت ہے۔ بعد کے اشعار زبان حال رضوان سے ہین۔
۳؎ خطا ای عاصی میرے ختن مین مشک اور میرے چمن مین نافرمان ہونا فرمان یعنی عاصی اور قسم پھول کی۔
۴؎ طبع اول مین مصرع ثانی یہ تھا۔ محسن ترے سایہ مین نہ سو جائے اس خیال سے تبدیل کیا گیا کہ جو آپ کے سایہ مین سویا اسکو جنت کی کیا پروا ہے۔ تو و طوبیٰ و ما و قامتِ یار۔ فکرِ ہر کس بقدر ہمت اوست۔

القصہ سمجھ کے جزو کل کو | اور دیکھ کے واں نکے خار و گل کو
اور آگے بڑھا وہ طالب رب | کہتا ہوا آدم بمطلب
طوبےٰ سے رکھا قدم جو آگے | جبریل و براق دونوں ٹھہرے
رفرف پہ چڑھا وہ صاحب قدر | جس طرح کمال بر سر بدر
کرسی پہ بٹھا کے نقش مقصود | آیا سوئے عرش پاک معبود
سب سرو قدان عرش اعظم[۱] | تعظیم کو اٹھے قد آدم

مقام اعلےٰ

زیر قدم جناب والا | اعلےٰ سے جو تھا مقام اعلیٰ
دلکی تگ و دو تھی دم سے آگے | سر چار قدم قدم سے آگے
آئینہ روئے ذات عالی | تسلیم صفات بے مثالی
چمکا ہوا ایمن تجلی | پھیلا ہوا دامن تجلی
وحدت کا کھلا ہوا وہ ناکا | جس میں نہیں دخل ماسوا کا
وارفتہ خیال جست و جو کے[۲] | چھاپے لیے خون آرزو کے
امید کے تہ نشین سفینے | ٹوٹے ہوئے حوصلے کے زینے
نکلی ہوئیں ہمتوں کی جانیں | اتری ہوئیں چلّے سے کمانیں
بھولے ہوئے راہ کے مسافر[۳] | ارکان رباعی عناصر
افتادۂ خاک بحر و ساحل | درماندۂ راہ خضر و منزل

---

[۱] الفاظ سرو قد و تعظیم و قد آدم خاص لطف رکھتے ہیں۔

[۲] شہر کے ناکے پر ہاتھ میں چھاپا لگایا جاتا ہے۔

[۳] مسافران راہ فراموش شدہ ۱۲ منہ رحمہ

طاوسِ سپہر بال لبستہ ؎۱ عنقائے نجوم پر شکستہ
جھیلے ہوئے دو پاش ادب کی طوبیٰ و بہشت و عرش و کرسی
جانے کا نہ لے سکین ملک نام روحونکا پہونچ سکے نہ پیغام
تاثیر دعا کے درسے محروم ؎۲ کوشش شرف اثر سے محروم
انسانکی وہان تھی کب رسائی آنکھون مین کشش بٹھا کی لائی
وہ مردم چشم دین و ایمان کحل البصر وجوب و امکان
ایمان کا رنگ بوئے تصدیق نخل چمن مجاز و تحقیق
وہ مرجع کار و کار سازی وہ سرِ نیاز و بے نیازی
آنکھون کو تلاشِ جلوۂ رب ؎۳ کانونمین صدائے نحن اقرب
آیا سوئے بزم لی مع اللہ ؎۴ آئینے مین جیسے پرتو ماہ
پہونچا وہ وہان جہان نہ پہونچے جبریل کی عقل کے فرشتے
نزدیک خدا حضور پہونچے اللہ اللہ دور پہونچے
لرزے مین تمام دست و پا تھے انداز جلال کبریا تھے

؎۱ یعنی اُڑکر نہین پہونچ سکتا۔

؎۲ دعا بھی وہان پہونچنے کی بے اثر تھی۔

؎۳ اشارہ ہے آیت کلام مجید کا نحن اقرب من حبل الورید۔

؎۴ یہ اشارہ ہے حدیث ذیل کیطرف لی مع اللہ وقت لایسعنی فیہ ملک مقرب ولا نبی مرسل۔ اس حدیث کا ذکر مولانا علی القاری محدث فقیہ نے کتاب موضوعات کبیر کے صفحہ ۷۰ مین فرمایا ہے عبارت انکی یہ ہی حدیث لی مع اللہ وقت لایسعنی فیہ ملک مقرب ولا نبی مرسل یذکرہ الصوفیہ کثیراً وہو فی رسالۃ القشیری لکن بلفظ لی وقت لایسعنی فیہ غیر ربی قلت ویوجد منہ انہ اراد بالملک المقرب جبریل وبالنبی المرسل نفسہ الجلیل وفیہ ایماء الی مقام الاستغراق باللقاء المعبر عنہ بالسکر والمحو والفناء۔

بے سایہ قدِ رسول باریؐ | تھا سایۂ نخلِ خاکساری
سجدے کے لیے جھکا ہوا تھا | سر عرش پہ اور زمین پہ ماتھا
ہر لحظہ زبان پر مناجات | ہر لمحہ لبون پر التحیات
خالق سے نگاہِ پاک محرم | چھوٹی ہوئی عینک دو عالم
پُتلی مین جا جمالِ دلخواہ | جس طرح چنے پہ قل ہو اللہ
خاموشی عشق سرمہ پیکر | آوازۂ حسن شور محشر
سوا جیِ بحر جانگدازی | سیرابی باغ دلنوازی
وحدت کے کچھے ہوے تھے اورنگ | کثرت کے مٹے ہوے تھے نیرنگ
تھی اوج پہ شانِ مصطفائی | دکھلاتی تھی بندگی خدائی
وحدت کی ہوئی دوئی مین آمد | مانند احد میان احمد
دامن مین چھپانے غیر کو عین [۱] | واحد تھا نقاب روے اشین
عینیت غیر رب کو رب سے | غیریت عین کو عرب سے
ذاتِ احمدؐ تھی یا خدا تھا | سایہ کیا جسم تک جدا تھا
خالق کی صفت ہی ذات والا | وہ شعلۂ طور یہ اُجالا
کیا ہو گئے حد سے بڑھنے والے | سجدے مین درود پڑھنے والے
عرفان کے مقام کی کرین سیر [۳] | دیکھین کہ صفت ہی عین یا غیر
کافی ہے اسیقدر بیان بس | بس اے مری طبع نکتہ دان بس
لازم ہے ادب سے وہ خموشی | جو مُہر ہو میرے خامے کی

---

۱ سر اشین الف ہی بقاعدہ علم معما نقاب قرار دیا ہی ۱۲ منہ۔

۲ تعمیہ عین رب اگر عین عرب سے نکالا جاے تو رب ہوتا ہی۔

۳ اشارہ ہے اس مسئلہ کا کہ صفات باری تعالیٰ عین ذات ہین یا غیر ذات۔

خاتمۂ مناجات

اسوقت اُٹھا ہوا ہے پردا — موقع ہے رسائی دُعا کا

کر عرض ادب سے سر جھکا کر — تا پایۂ عرش ہاتھ اُٹھا کر

اے پرتو مہر لایزالی — بے مثل مثال بیمثالی

اے شمع حریم خدا نمائی — قندیل حریم کبریائی

جسطرح ملا تو اپنے رب سے — انداز سے شوق سے ادب سے

یون ہی ترے عاصیان مہجور — اکدن ہون تری لقا سے مسرور

صدقے مین ترے یہ آرزو ہے — دم مین رہ آخرت کرین طے

ہو حشر کا دن خوشی کی تمہید — جسطرح ہے صبح صادق عید

یون سر پہ ہو مہر آتشین خو — ٹوپی مین کسی کے جیسے جگنو

دشمن پہ کڑی ہو پہلی منزل — مین سو دن لحد مین ہو کے غافل

گزرے مری نعت کے سخن مین — رکھی ہو یہ مثنوی کفن مین

پردہ رہے نامۂ عمل کا — کھلجائے نہ قبر مین لفافا

اُسدم کھلے چشم آرزومند — جب دفتر حشر ہو چکے بند

جلدی کرے شوق قلب مضطر — له کھلجائین مرے براق کے پر

اس تیزی سے آئے وہ سبک بال — پیچھے رہین کاتبان اعمال

پہونچے مرا باد پا ارم تک — پہونچا دے مجھے ترے قدم تک

رہ جائین نہ میرے دلکے ارمان — مشکل سے نہ مشکلین ہون آسان

شامت سے نہ پائمال ہو جائے — سبزہ جو اُگے نہال ہو جائے

له شوق کو براق قرار دیا ہے۔

پھولے پھلے گلشن تمنّا   عقبیٰ مری پھل ہو پھول دُنیا
یان شوق و خلوص و التجا ہو   وان مین ہون آپ ہون خدا ہو

شفاعت و نجات

١٣١٢ھ

اسرار معانی در عشق

١٣١٣ھ

ذرا عشق ادہر دیکھے بھالے ہوے [1] قدم اے ستمگر سنبھالے ہوے
نہ چلنا کہین وہ قیامت کی چال کہ لاشے شہیدون کے ہون پائمال
جفا تیری جیتون مین اے بیوفا سر وہی کے قبضے مین دست قضا
ہوے گرچہ لاکھون تہ تیغ جور ادا کہتی ہے میری خاطر سے اور
جو تو رہنما ہے تو رہزن ہے کون تجھے دوست سمجھین تو دشمن ہی کون
تری بیوفائی کرم کا ستم تری کج ادائی ستم کا کرم
صفین صاف برباد لشکر ہوے کبھی تیرے میلے نہ تیور ہوے
نظر پہ نہ تیرے ستائے رہین مگر آنکھین چتون چرائے رہین
ترے داغ سے دل مین گلکاریان ترے دم سے آنکھون مین چنگاریان
کہین تو ہے آتش کہین رود نیل بچین یا الٰہی کلیم(ع) و خلیل(ع)
کیا تیرے زندان نے یوسف کو بند ہوے تیرے مقتل کو عیسیٰ(ع) پسند
نمک تیرا زخمون مین ایوب(ع) کے کھٹک تیری دیدون مین یعقوب(ع) کے
ہوا قلب یونس(ع) کو بعد دہور [2] کما ہی حقیقت پہ تیری عبور
ترا نجد اچھے بنون کا بگاڑ ترا بیستون بگڑے دل کو پہاڑ

[1] خطاب عشق کیطرف ہے اور اسی کا سراپا بیان کیا گیا ہے [2] دہور جمع دہر بمعنی زمانہ

نہ شیخ و برہمن کے ٹھہرے قدم | کشاکش میں ہیں تجھ سے دیر و حرم
جہانگیر ہے نکہتِ دلربا | ہے کس فتنہ میں عطر ڈوبا ہوا
جوانان گلشن کو ہر دم فشار | نہ مانگے کہیں خون بہا لالہ زار
چمن کو ہوا تیری ایسی لگی | رگ گل سے بلبل کو پھانسی لگی
ترا دیر ہے قبلۂ کائنات | ترا کعبہ ہی مرجع سومنات
ترا طور کیف انا الحق سے ست | ترا وادیِ ایمن آتش پرست
برہمن کو بت بنکے دھوکا دیا | بتوں کو خدا بنکے بندا کیا
پڑا سایہ جس پر نسا ہو گیا | پری بنکے تو اک بلا ہو گیا
تپش مہر محشر کی بڑھتی ہوئی | ترے حسن کی دھوپ چڑھتی ہوئی
نہ گیسو کا مثل اور نہ رخ کا بدل | وہ شام ابد ہے یہ صبح ازل
ترے موے مشکین بلا در بلا | ہر اک طرّہ ہنگامۂ کربلا
کہاں بل کہاں پیچ تقدیر کے | یہ لٹکے ہیں زلف گرہ گیر کے
وہ چمکے شہیدان ابرو کے داغ | کہ گل ہو گئے مسجدوں کے چراغ
کوئی چشم کافر ہے اس آن کی | قسم کفر کھائے تو ایمان کی
ستم تیرِ مژگان کا اٹھتا نہیں | کسی دل کا اتنا کلیجا نہیں
جو سیدھی بھی ہو تیری ترچھی نظر | تو ہو اک زمانہ ادھر سے ادھر
خموشی کے پردے میں معجز بیان | دہن گو مگو کی ہے اک چیستان
اگر تیری ہوتی تو کہتے بشر | کہ ڈوبا ہے تو خون میں تا کمر
وہ عالم ہے کاہ اور تو کہربا | کشش ہے ترا قامتِ دلربا
کھنچی تیرے قامت کی تصویر ہے | کشش کیا قیامت کی تصویر ہے
چہ خوش گفت رو شندلے اہل حال ق | کہ حشر ست سودائے شوق وصال

جہان تا جہان از ابد تا ازل — کشش مظہر شاہد لم یزل
قیامت اسی جذب کا ہی خطاب — فنا و بقا شبنم و آفتاب
بھرلے شوق کبتک یہ لیل و نہار — بلاے فراق و غم انتظار
خدا کے لیے اِک نئی چال چل — دکھا آج ہی جو کہ دیکھین گے کل
نظر آئے مستقبل ہر حال — ہوا مروز آئینۂ فردا مثال
نہ ہو خیرہ خیرت سے چشم یقین — دکھا کوئی نزدیک بین دُوربین
سخن کو ہے محشر کا جلسہ پسند — کہ ہے مصرع طرح فتنۂ بلند

شرح حال روز قیامت

اب اے ساقیِ غم وہ دَور ستم[11] — کہ[ھ] برہم[13] ہو میخانۂ کے و جم
دل و درد دو ہاتھ اُچھلنے لگے — مے عیش پاؤن سے چلنے لگے
فنا پر ہو نو دائرون کا مدار — کشش کا نہ مرکز کی ہو آشکار
نہ مے ہو نہ اور کہے سبحے سے نے — لہ کہ کے کے طرب گرد و کاوس کے
سُن اک رند بیباک کی گفتگو — ق جو کہتا تھا ساقی سے اے ماہرو
وہ مے دے جو اسوقت موجود ہو — کہین باب توبہ نہ مسدود ہو
بدو یا اخیر ایک لبریز جام — کہ ہے مرگ انبوہ کا جشن عام
اُجالے مین پیدا اندھیرا ہوا — شب آرزو کا سویرا ہوا
سُموم پر آتش نسیم سحر — سحر کی یہ نوبت کہ ہے دوپہر
ہوا پُرزے پرزے گریبانِ صبح — کھلا بخیۂ چاکِ دامانِ صبح
اذانِ سحر صور نے ایسی دی (نفخ صور اول ۵۲) — کہ اللہ اکبر چھُری چل گئی

لہ پہلا کے استفہامیہ دوسرا بمعنی کیخسرو تیسرا استفہامیہ ہے

ہوا غُل دہلنے لگی جو زمین — فنا کی سلامی کی توپین چلین
یہ سمجھے جو حسرت ہوئی سینہ کوب ۱ — پڑی کوس رحلت کی ڈنکے پہ چوب
زمانے کی قوت زمین کی سکت ۲ — ہوئی پائمال اذا زلزلت
لڑے قلعے شاہون کے بایکدگر — بجانے لگے شیشے خانے گجر
بلا خیز جھونکے فنا کے چلے — پر و بال عنقا کے پنکھے سے جلے
ملے خاک مین آسمان و زمین — نہ باقی ہین شاہ اب نہ مہر و نگین
زمین ہو گئی قطعہ لا خراج — ہما کیا اڑا اڑ گئے تخت و تاج
نظر آئے سب سیم و زر نقش آب — ہوئی بھن کے سکے کی مچھلی کباب
غضب حضرت عشق ڈھانے لگے — کہ اپنے بتون کو ستانے لگے
قبا گل کی مسکی تو سنبل کی بیل — بگاڑا جو اب تک بنایا تھا کھیل
چمن کے خیابان مین اڑتی ہے دھول — اُٹھے بلبلون مین گلستان کے پھول
ہر اک لالہ داغِ دلِ نا امید — ہر اک نرگس شوخ چشم شہید
لگائی فنا نے کہان داغ بیل — عدم کو چلی آب و آتش کی ریل
ہر اک بزم مین ماتم رنگ و بو — ہر اک سینہ اک تربتِ آرزو
ہوئی محوِ خلوت ہر اک انجمن ۳ — ہر اک شے کو ہے غربت اندر وطن

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ گذشتہ) ۵ قال اللہ تعالیٰ ونفخ فی الصور فصعق من فی السموات ومن فی الارض الا من شاء اللہ۔ (ترجمہ) جب صور پھونکا گیا تو جو آسمان و زمین مین ہی مر جائیگا مگر جسکو خدا چاہے (الا ما شاء اللہ) مین حضرت جبرئیل ومیکائیل و عزرائیل و اسرافیل و حاملان عرش ہین۔ ۱ کوس بمعنی صدمہ منیر مرحوم نے بھی اس لفظ کو اسی طرح استعمال کیا ہے۔ نہین سنتا ہے اے منیر کوئی + ڈنکے بجتے ہین کوس رحلت کے ۲ اشارہ ہے آیت قرآن شریف اذا زلزلت الارض کی طرف ۳ خلوت در انجمن عبادت از انست کہ در انجمن کہ محل تفرقہ است غفلت بدل راہ نیابد بظاہر با خلق و بباطن با حق باشد سفر در وطن عبارت از بر آمدن صفات بشری و در آمدن در صفات ملکوتی کہ معنی تخلقوا باخلاق اللہ ست۔

حسین مٹ گئے نکہتِ گل کی طرح ‌ ‌ اسیر اُڑتے پھرتے ہین بلبل کیطرح
منادی کی یہ شہرتِ عام ہے ‌ ‌ کہ مصر اور کنعان کا نیلام ہے
ہر اک غم کے ماتم مین نالان ہنسی ‌ ‌ ہر اک رُخ پہ چھائی ہوئی بیکسی
اڑاتے ہوے سر پہ مرقد کی دھول ‌ ‌ مرے ایسے جنکا نہ تیجا نہ پھول

(نہ اڑاتے ہوئے دشت محشر کے بھول)

کرین یاد کیا عیشِ موہوم کو ‌ ‌ خدا بخشتے یارانِ مرحوم کو
کہو خدمتِ حضرتِ مولوی [^1] ‌ ‌ کہ اب نَے کے ہجران کی بیڑی کٹی
وطن کو غریبان بیجان چلے ‌ ‌ نے و نالہ سوے نیستان چلے
سوے بحر قطرہ روانہ ہوا ‌ ‌ جدائی کا ختم آب و دانہ ہوا
نہ باقی رہا غیرِ حق بہر نام [^2] ‌ ‌ ہوا قصر ایجادِ رہو کا مقام
ندا عالم قدس کی بار بار ‌ ‌ ق ‌ ‌ کہ کیا ہو گئے شاہ گردون وقار
جو تھے اپنی ثروت کی نخوت مین گم ‌ ‌ جو کہتے تھے ہر دم انا ربکم
کہان پہلوانانِ لشکر شکن ‌ ‌ کہان شہسوارانِ شمشیر زن
کہان ماہرویانِ حسین و چگل ‌ ‌ کہان جان نثارانِ آشفتہ دل
کدھر جی چھپائے ہین اب وہ صنم ‌ ‌ نکلتا تھا جنپر خدائی کا دم
کدھر چھپ گیا چرخ مینا نگار ‌ ‌ کہان لُٹ گیا کاروانِ غبار

---

[^1]: اشارہ ہے مثنوی مولانا روم کے ابتدائے اشعار کیجانب "بشنو از نے چون حکایت میکند + وز جدائیہا شکایت میکند + از نیستان تا مرا ببریدہ اند + وز نفیرم مرد و زن نالیدہ اند"

[^2]: عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقبض اللہ الارض یوم القیامۃ یطوی السماء بیمینہ ثم یقول انا الملک این ملوک الارض روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مٹھی مین لے لیگا اللہ تعالیٰ زمین کو روز قیامت کے اور لپیٹے گا آسمان کو اپنے داہنے ہاتھ مین پھر فرمائے گا کہ مین ہون بادشاہ (یعنی نہین ہے بادشاہت مگر میرے لیے اور مین ہی شاہنشاہ ہون) کہان ہین بادشاہان روے زمین۔

حشر وحشت افزا

۱۲

پلا میرے یوسف لقا ایک جام | نہین اب تو قیدِ حلال و حرام
وہ مے جسکی تیزی کو شیشے سی لاگ | اُڑائے بھرے جسکی بوتل کو کاگ
وہ مے جو کہ بھرتی ہو عیسیٰ کا دم | کرے از سرِ نو روان جامِ جسم
وہ مے جس سے پھر اپنے گھر آئے روح | وہ مے جسکا ہر قطرہ بن جائے روح
ہر اک مست خوابیدہ بیدار ہو | وہی گرم ہو حق کا بازار ہو
ہوا پھر تقاضائے شانِ شہود | کہ ملکِ عدم سے پھر آئے وجود
مکرر ہوئی نغمہ سنج ظہور | نیستانِ قدرت کی نے یعنی صور نفخۂ ثانیہ[۱]
فضائے عدم مین وہ مے چھا گئی | کہ قالب مین مردون کے جان آگئی
اُڑا پہلے رنگ اب ہر اک نا محال | بچھا ایکی اچھا رگ گل کا جال
ہوئے رونقِ دہر خانہ خراب | وہی جسم خ مینا وہی آفتاب
یہ مرقد کا سانچہ اُبلنے لگا | کہ ہر جسم گل کے ڈھلنے لگا
نہ سوجھا زمانے کا کیا ہے چلن | ہوا چشمِ مردم مین جالا کفن[۲]
نکل آئے عریان نئے روپ مین | چلے اُٹھکے تہ خانے سے دھوپ مین[۳]
بیابانِ وحشت مین ہر اک روان | کفن کی اُڑاے ہوسے دھجیان

[۱] ثم نفخ فیہ اُخریٰ فاذا ہم قیام ینظرون۔ پھر دوسرا صور پھونکا گیا تو وہ ٹھہرے ہو گئے دیکھتے ہوے۔

[۲] کفن آنکھو نمین جالا ہو گیا آنکھ مین جالا آجانے سے آدمی اندھا ہو جاتا ہے یہ وجہ قبر سے باہر نکلنے کی ہے۔

[۳] عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انکم محشورون حفاۃً عراۃً غرلاً یعنی تم جمع کیے جاؤگے اور اُٹھائے جاؤ گے ننگے پاؤن ننگے بدن بے ختنہ کیے ہوے۔

وہ دہشت پُر آشوب وے زمین | وہ ریگ رواں قلزم آتشین
ہر اک موج چلتی ہوئی تیغ تیز | ہر اک قطرہ برحال خود اشک ریز
گہر اُسکے ڈوبے ہوے قافلے | حباب اُسکے ٹوٹے ہوے آبلے
چھپائے ہے بجلی کو مٹی مین ریت | پکاتی ہے دھوپ اپنے کشتونکے کھیت
زبان مین وہ کانٹے پڑے پیاس سے | بشر مضطرب مثل ماہی ہوے
ہوا کیا بھبوکا رُخِ دلربا | کہ ہر خال کا دانہ بھُننے لگا
سرون پر ہمارے ہمارے گناہ | لگے کھیلنے مثل مارِ سیاہ
یہ کہیے کہ آنکھین چھپائے ہوے | اِسی دن پہ تھے زہر کھائے ہوے
ہین اُن یارونکے چھکے چھوٹے ہوے | جو تھے داؤن پر داؤن لوٹے ہوے
ملا دخترِ زر کو سورج کا روپ | یہ ہے وہ پری جسکا سایہ ہے دھوپ
نے بے نوا نے وہ لی دون کی | کہ زہرہ سے اونچی ہر اک لے گئی
سحر پر ہوا دوپہر کا یقین | یہ ڈوبی ہے سارنگ مین بھیروین
صفت اور موصوف غم مین پھنسے | خطا اور خطا وار شکنین کسے
کھنچے اک شکنجے مین فقر و غنا | بندھے ایک رسّی سے شاہ و گدا
نہ بیٹے کو مطلق خبر باپ کی | ؎ یہ پیدا ہوئی فکر آپ آپ کی
ہر اک باپ بیٹے کے منہ سے خجل | ہر اک آنکھ سے گر گیا سخت دل
نہین اب کسیکو برادر عزیز | کبھی تھا جو یوسف سے بڑھکر عزیز

؎ فاذا جاءت الصاخۃ یوم یفر المرء من اخیہ وامہ وابیہ وصاحبتہ وبنیہ لکل امرئ منہم یومئذ شان یغنیہ پس جب شور (قیامت) ہو جس سے کان بہرے ہو جائین (اور) جس دن بھاگے مرد اپنے بھائی اپنی ماں اپنے باپ اپنی جورو اور اپنے بیٹون سے ہر ایک کو اُن رشتہ دارون مین سے اس دن فکر ہوگی جو اُسکے لیے کافی ہے (یعنی نفسی نفسی کا معاملہ ہوگا)

محبت ہوئی قیس سے نا امید لہو ہو گیا کوہکن کا سفید
ہے سبزہ کو گلشن سے بیگانگی پریشان ہے جنگل مین دیوانگی
یہ بے الفتی ہے خدا کی پناہ کہ کعبہ بھی قبلے کی بھولا ہی راہ
ہر اک زندے پر مردنی چھا گئی ہر اک پتی گرمی سے مرجھا گئی
یہ سوچے کہ کچھ فکر جمتی نہین ۱ہ زمین پاؤن کے نیچے تھمتی نہین
نہ پہونچی نہ پہونچے گی بے بال و پر ۲ہ زبان تنگ دعا اور دعا تنگ اثر
چلین سوے شاہان عالیجناب پر و بال ذرون کا ہے آفتاب
سفارش کے ان سے طلبگار ہون جو وہ کشتی کھینچین تو ہم پار ہون

طلب دعای خیر نفوس قدسیہ

کدھر ہے تو اے ساقیِ آہ سرد ترا دور اور آگ کا گھر ہے درد
لگا دے کوئی برف کی آج کل کہ گرمی بہت پڑتی ہے آج کل
ملا در دشیرین و اشک روان یہ شربت بنا کر جما قفلیان
گھڑے بھر کے آب عرق سے چھڑک کہ یہ دشت ہو جائے ٹھنڈی سڑک
چلین پیشواؤن سے اپنے ملین گھڑی بھر مین سب طے کرین منزلین
ہوے دل فگاران روز قیام ۳ہ قدمبوس آدم علیہ السلام

۱ہ قال صلی اللہ علیہ وسلم یحبس المؤمنون یوم القیامۃ حتی یھموا بذلک فیقولون لو استشفعنا الی ربنا فیریحنا من مکاننا یعنی روکے جائین گے مسلمان روز قیامت کے (یعنی ٹھہرے ہونگے سکتہ کی حالت مین) یہانتک کہ فکر مین ڈالے جائین گے (بوجہ رکنے کے) پس کہین گے مسلمان کاش ہم خدائے تعالی کے حضور مین اپنا شفیع کسیکو بناتے جو ہمکو راحت دیتا اور اس غم و محنت سے نجات دلاتا۔

۲ہ جب ایک جملے مین دو مبتدا یا ایک فعل کے دو فاعل ہوتے ہین اور انمین ایک مذکور رہتا

ابوالانبیا و ابوالمرسلین — سنئے باغ کے میوہ اولین
چمن پر دو رنگ و بوسے کلمۂ ل — یہ الہام انبئے باسمائہم
ملک کی نظر مین بڑی دور سے تھے — نہ کیون سجدہ کرتے کہ مجبور تھے
سر آسمان خلد و طوبے ملا — زمین پہ خلافت کا تمغا ملا
کہین کچھ زبان سے یہ طاقت کہان — اشارون سے ظاہر یہ طرز بیان
کہ تن پر نہ کپڑا نہ منھ پر نقاب — سوا نیزے پر آ گیا آفتاب
چلے آتے ہین دمبدم غش پہ غش — زبان پر ہے الجوع یا العطش

بقیہ نوٹ۔ دوسرا مونث تو شعرا تذکیر و تانیث فعل مین لحاظ لفظ اول کا رکھتے ہین۔
مومن۔ دیکھا نہ ہے یہ رنج و حسد وہ بلا کہ آج — سنبل کو تیری زلف کا سا پیچ و تاب تھا

سہ فیاتون آدم فیقولون انت آدم ابوالناس خلقک اللہ بیدہ و اسکنک جنتہ واسجد لک ملائکتہ و علمک اسماء کل شئی اشفع لنا عند ربک حتے یریحنا من مکاننا ہذا۔ پس آئین گے مسلمان حضرت آدم کے پاس اور کہین گے کہ آپ آدم ہین باپ سب آدمیون کے خدا نے آپ کو اپنے ہاتھ سے (بلا واسطہ یا اپنی قدرت کاملہ سے) پیدا کیا اور آپ کو اپنی بہشت مین رکھا اور اپنے فرشتون سے سجدہ (تحیۃ) کرایا اور (نام ہر چیز کے سکھائے آپ ہماری شفاعت بارگاہ خداوندی مین کیجیے تاکہ ہمکو (اس دشوار) مقام سے نجات ملے۔

لہ وعلّم آدم الاسماء کلہا ثم عرضہم علی الملائکۃ فقال انبئونی باسماء ہؤلاء ان کنتم صادقین قالوا سبحٰنک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم قال یا آدم انبئہم باسمائہم۔ آدمؑ کو سب چیزون کے نام بتا دیے پھر ان چیزون کو فرشتون کے روبرو پیش کر کے فرمایا کہ اگر تم دعوے مین سچے ہو تو ہمکو ان چیزون کے نام بتاؤ بولے تو پاک ذات ہے جو تو نے ہم کو بتا دیا ہے اسکے سوا ہم کو کچھ معلوم نہین ہے تحقیق تو ہی جاننے والا مصلحت کا پہچاننے والا ہی تب خدا نے (آدم کو) حکم دیا کہ اے آدم تم فرشتون کے نام بتا دو۔

نئی حیا لین ہمکو دکھاتا ہے دن ۔۔۔ کہ ڈھل ڈھل کے پھر چڑھکے آتا ہے دن
یہ بگڑی ہے گردون کی جیسی گھڑی ۔۔۔ کہ ایک ایک پل مین ہین سو سو گھڑی
تپنچے ہین موجِ ہوا مین نہان ۔۔۔ برستی ہین سیماب کی گولیان
سراپا عرق ہے پسینے سے دل [1] ۔۔۔ نکلتا ہے گھبرا کے سینہ سے دل
ہین ہیرے کے ریزے ہر اک پھانس مین ۔۔۔ کلیجے کے ٹکڑے ہر اک سانس مین
چلین دو قدم اب وہ ہم ہی نہین ۔۔۔ کہین آئین جائین وہ دم ہی نہین
اُٹھے جاتے ہین پاؤن کیا کیجیے ۔۔۔ بلند آپ دستِ دُعا کیجیے
سوا اسکے اپنی نہین کوئی عرض ۔۔۔ کہ ہے اپنے بیٹون کی امداد فرض
فرمایا میری بھلا کیا مجال [2] ۔۔۔ خدا اکا غضب ہے خدا کا جلال
مجھے یاد آتی ہے اپنی خطا [3] ۔۔۔ کہ بھولا تھا مین نہی لاتقربا
بترغیب ابلیس بیہودہ کوش ۔۔۔ دغاباز گندم نما جو فروش
مجھے سخت ہے اضطرار و ہراس [4] ۔۔۔ مگر تم کرو نوح سے التماس

---

[1] قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعرق الناسُ یوم القیامۃ حتی یذہبَ عرقہم فی الارض سبعین ذراعاً ویلجمہم حتے یبلغَ آذانہم۔ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ پسینا گرائین گے لوگ دن قیامت کے یہانتک کہ جائے گا پسینہ اُن کا زمین مین ستّر گز اور پہونچے گا اُن کے منہ پر مانند لگام کے یعنی باز رکھے گا ان کو کلام سے) یہان تک کہ پہونچے گا انکے کانون تک [2] فیقول لست ہناکم ویذکر خطیئتہ التی اصحاب اکلہ من الشجرۃ وقد نہی عنہا پس فرمائین گے آدم کہ مین اسکا مرتبہ نہین رکھتا ہون اور یاد کرین گے اپنی تقصیر یعنی شجر ممنوعہ کا کھانا [3] لاتقربا ہٰذہ الشجرۃ فتکونا من الظالمین اس درخت کے پاس تم دونون (آدم وحوا) نہ جانا ورنہ) تم (آپ اپنا) نقصان کروگے [4] ولکن ائتوا نوحاً اول نبی بعثہ اللہ الی اہل الارض فیاتون نوحاً۔ لیکن جاؤ تم نوح کے پاس کہ وہ اول نبی (مرسل) ہین بھیجا اُن کو خدا نے کفار روئے زمین پر پس آئین گے نوح کے پاس۔

رہا مدتون جسکو اُمت کا خار | ہدایت سے گلشن مین تھا وہ ہزار
پڑا جبکہ چکر مین دین کا جہاز | ہوا ناخدا بنکے وہ چارہ ساز
ہوے جبکہ طوفان مین غرقِ آب | ہوا مین بھرے تھے جو مثل حباب
ہر اک موج تلوار کی باڑھ تھی | مگر گھاٹ پر اُسکے کشتی لگی
وہان سے ملا صاف سیدھا جواب ؎۱ | کہ شرمندگی سے ہون مین آب آب
جو کی مین نے وقتِ نزول قضا | پسر کی شفاعت خلافِ رضا
تمھین چاہیے جا کے پیشِ خلیل ؎۲ | کرو خواہشِ رحم ربِ جلیل
وہ تھا جس نے بیٹے کی گردن پہ تیغ | رکھی پا کے حکم خدا بے دریغ
وہ تھا جسکو کہتے تھے اہل زمن | کہ فرزند آذر ہوا بت شکن
ہوئی جسپہ آتش سلام اور برد | کیا اس نے نمرود کو گرد برد
بنایا خدا کا وہ پُرنور گھر | کہ جسپر پڑی لامکان کی نظر
گئے قبلہ و کعبہ کے روبرو | وہی ہر قدم پر صنم آرزو
وہ بولے کہ پیشِ جہان آفرین | نہین مجھکو کہنے کی طاقت نہین

؎۱ فیقول لست ہناکم ویذکر خطیئتہ التی اصاب سوالہ ربہ بغیر علم پس وہ فرمائین گے کہ مین مقام شفاعت مین نہین ہون اور یاد کرینگے اپنا قصور کہ خدا سے نادانستہ (اپنے پسر کی نجات کا) سوال کیا تھا۔

؎۲ ولکن ائتوا ابراہیم قال فیاتون ابراہیم فیقول انی لست ہناکم ویذکر ثلاث کذبات کذبہن۔ لیکن تم ابراہیم کے پاس جاؤ پس جائین گے وہ ابراہیم کے پاس تو وہ بھی فرمائین گے کہ مین اس مرتبہ کا نہین ہون اور یاد کرین گے تین جھوٹ جو انھون نے دنیا مین بولے تھے حقیقت مین وہ باتین جھوٹ نہین تھین مگر چونکہ مرتبہ انبیا کا عالی ہے ان کو ایسے امور پر بھی مواخذہ کا خوف ہوگا حسنات الابرار سیئات المقربین)۔

کئی باتین مانند انی سقیم ۱؎ غلط کہکے میرا ہوا دل دو نیم
اسی سے ہی ہر دم مرا حال غیر ۲؎ چلو جاکے موسیٰ سے یادش بخیر
اُسی کو ملا تھا یہ گوش و دہن کہ ہر دم خدا سے رہا ہم سخن
نگین جہانتاب نام آوری چراغ سر طور پیغمبری
عصا بہر اعجاز کا دستگیر اسیر کف دست مہر منیر
وہان جاکے گھبرائے خونین جگر ق کہ بولے جناب کلیم الحذر
خیال ایک خون کا بڑا ہی مجھے ۳؎ لیے مشعلین ڈھونڈھتا ہے مجھے
مری طبع کو ہے بڑا انتشار مرا قلب ہی لالہ سان داغدار
اگر تم اُٹھاؤ نہ حرمان کا غم ۴؎ تمھارے لیے بس ہی عیسیٰ کا دم

۱؎ اول جب قوم ابراہیم کی کسی میلے کے تماشے کو باہر جانے لگی ابراہیم نے ساتھ جانا نہین چاہا اور عذر علالت کا کیا حالانکہ ظاہر مین بیمار نہین تھے لیکن انکی مراد یہ تھی کہ قوم کے کفر وعناد کا روگ دلکو رنجیدہ کیے تھا دوم ابراہیم نے چھوٹے بتون کو توڑ ڈالا تو قوم نے سوال کیا کس نے توڑا ہی ابراہیم نے فرمایا بڑے بت نے منشا انکا اِس جواب سے یہ تھا کہ کفار قائل ہوجائین یا یہ منشا تھا کہ بڑے بت کی تعظیم سبب اس فعل کا ہوے سوم سارہ کو اپنی بہن فرمایا وہ فی الحقیقت اُنکی چچازاد بہن تھین۔

۲؎ ولکن ائتوا موسیٰ عبداً آتاہ التورٰۃ وکلمہ وقربہ نجیا۔ لیکن جاؤ تم موسیٰ کے پاس کہ یہ وہ بندہ ہی جسپر خدا نے توریت نازل فرمائی اور کلام کیا بے واسطہ اور ان کو اپنا رازدار بنایا۔

۳؎ قال فیاتون موسیٰ فیقول انی لست ہناکم ویذکر خطیئتہ التی اصاب قتلہ النفس پس وہ آئینگے موسیٰ کے پاس اور وہ بھی فرمائینگے کہ مین اس مرتبہ کا نہین ہون اور یاد کرینگے قتل کرنا قبطی کا۔

۴؎ ولکن ائتوا عیسیٰ عبداللہ ورسولہ وروح اللہ وکلمتہ لیکن تم لوگ جاؤ عیسےٰ کے پاس کہ وہ خدا کے خاص بندے اور اسکے رسول و روح (یعنی بے مادہ جسمانی کے قدرت خدا سے پیدا ہوے) اور اسکا کلمہ (یعنی اسکے کلمہ سے پیدا ہوے) ہین۔

دمِ واپسین تک رہی اگلی بات — کہ دیتا تھا مُردون کو آبِ حیات
نہ تھی جسم خاکی مین اور ایسی روح — وہ تھا عطرِ گل یا کہ مٹی کی روح
ہوے آکے حاضر بشوق تمام [له] — بسرکار ذیجاہ گردون مقام
لُٹاتے ہوے سعدِ چشم تر — پئے نذر تارِ نظر مین گہر
سمجھ کر کہ مشکل ہے یہ ماجرا — مسیحا ہوے اسطرح رہنما
کہ لو دامن شاہ اقلیم دین — مخاطب بہ یا شافع المذنبین
کلیدِ درِ درگہ کبریا — حبیبِ خدا اشرف انبیا
محمدؐ کہ شان خدا شان او — جحیم و جنان زیر فرمانِ او

نعت منبع الطاف احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

سنبھل کر ذرا خامۂ تیز دم — ادب سے ٹھہرتا ہوا ہر قدم
سرِ شکر سے سیکڑون کر سجود — ہر اک سجدے مین پڑھ ہزارون درود
مقابل مین رکھ لوح محفوظ کو — توارد بھی مصحف سے گر ہو تو ہو
یہ ہو معنیٔ تازہ مین رنگ و بو — کہ جو حرف نکلے وہ ہو باوضو
ہر اک صفحے پر نُہ ورق ہون نثار — وہ لکھ نعتِ محبوب آمرزگار
وہ لکھ جسکو فرمائین روح الامین — کہ پڑھ چلکے پیشِ سخن آفرین
حسینے کہ روے خدا سوی اوست — حبیبے کہ سوے خدا روے او
یہ حُسن عارض کی منزل مین ہی — غمِ عشق کا خون رگِ دل مین ہی

[له] قال فیاتون عیسیٰ فیقول لست ہناکم ولکن ائتوا محمداً عبداً غفر اللہ لہ ما تقدم من ذنبہ وما تاخر
پس آئینگے وہ عیسیٰ کے پاس اور وہ فرمائین گے کہ مین اس مرتبہ کا نہین ہون لیکن تم جاؤ محمدؐ کے
پاس کہ وہ ایسے بندے ہین جنکے اگلے پچھلے گناہ خدا نے بخش دیے ہین۔

وہ خود شمعِ روشن ہے خود ہی گداز ۔ نیاز اُسکا پروانہ مانندِ ناز
وہ سرکارِ ہاشم مین سردارِ جیش ۔ چراغِ رہِ دودمانِ قریش
وہ دیباچۂ گلستانِ وجود ۔ کہ جسپر ہے بلبل کا طغرا درود
کہے دیکھکر صورتِ بیمثال ۔ ہر آئینہ حیرت سے یا ذوالجلال
وہ عالم کہ دانائے سرِّ قدم ۔ وہ اُمّی کہ ہمرازِ لوح و قلم
وہ کامل کہ جسپر فدا شانِ بدر ۔ نثار اُسپہ روحِ شہیدانِ بدر
صفی جسکی اِلّا پہ ہر دم نگاہ ۔ سخی جو کہے لا نہ جز لا الہ
قدم عزت افزائے عرشِ برین ۔ غبارِ قدم سرمۂ چشمِ دین
سلامش پیامِ خدائے حمید ۔ درودش بہارِ کلامِ مجید
بحارِ قدم کا دُرِ شاہوار ۔ گلستانِ قدرت کی صبحِ بہار
چہ کثرت کہ یک سقفِ عرشِ بلند ۔ ق ۔ ز صد جلوہ اوست آئینہ بند
چہ وحدت کہ آئینۂ پیکرش ۔ نتابد کہ عکسے فتد از برش
لیے ہاتھ وسعت کا فیضِ عمیم ۔ کیے عہد رافت کا خلقِ عظیم
رضا اُسکی عینِ رضائے خدا ۔ شفاعت ہے شرط اور غفران جزا
دعا کو اثر کی ضرورت نہین ۔ طلب کو تقاضے کی حاجت نہین
کرامات جنّت کرم کا خطاب ۔ عذاب الیم اصطلاحِ عتاب
سخاوت کا منصب شجاعت کے ساتھ ۔ عبادت کا میدان ریاضت کے ساتھ
لبِ خشک بیمانگی روزہ دار ۔ ورم ہر قدم کا تہجد گزار
وہ عارف کہ تھی جسکی خلوتسرا ۔ مقامِ الٰی ربک المنتہیٰ
وہ عابد کہ جسکی سرافگندگی ۔ تھی معراجِ پیغمبر بندگی
ملی اُسکے ہاتھون سے یہ آبرو ۔ کہ کہیے وضو کرنے آیا وضو

کیا سجدۂ شکر با صد نیاز — مصلے پر اُسکے جو پہونچی نماز
وہان مبارک سے روزے کی عید — جہاد اُسکی چین جبین کا شہید
دو عالم کا تھا قبلہ محترم — سرِ منبر کعبہ اُسکا قدم
بتون سے کیا اُسنے کعبے کو صاف — کہو حج کرے اُسکے گھر کا طواف
وہ توحید کی اک دوہائی پھری — کہ دورِ بتان سے خدائی پھری
دیا قول اُسکے جو دو بول نے — تو کلمے کا طوطی لگا بولنے
حکومت ہر اک جا ہدایت کی تھی — ولایت خدا کی ولایت کی تھی
عرب اور عجم سبکی زینت ہین آپ — ولایت کا تاج کرامت ہین آپ
مہِ بُرجِ رفعت سپہرِ شرف — گلِ ہفت گلشن دُرِ نہ صدف
شہنشہ کہ تاجِ سرِ سروری — پیمبر کہ اعجاز پیغمبری
عناصر کی یا رب یہ توقیر ہو [۱] — کہ اس چوکھٹے مین یہ تصویر ہو
کریم و کرم گستر و کارساز — خدا در حقیقت بقول مجاز

شفاعت شفیع

خبر لے ذرا ساقیٔ مست ناز [۱۱] — کہ بے کیف بیخود ہین اہل نیاز [۱۳]
نہ بوئے کہ از ما در دشش برد — پیام و سلامے بزودش برد
نہ رنگے کہ زیب بہارش کنم — نہ جانیکہ نذرِ نثارش کنم
تجسس مین کس گل کے ہی بیقرار — ذرا سنیئے تو نالہاے ہزار
ہوا ہے نمک پاش زخمِ جگر — یہ ہے شور کوکوے قمری کدھر
پپیہے نے لین دل مین سو چٹکیان — کہان بولتا ہے سکھی پی کہان

[۱] اربع عناصر کی رعایت سے چوکھٹا ہے۔

وہ مے دے جو ہو دلکش و دل کشا — وہ مے جسکا نشہ ہو مشکل کشا
وہ مے جو ہے سرجوش دیگ قبول — وہ مے جو ہے دستار رحمت کا پھول
کھنچی بیخودی خانۂ نور کی — نچوڑی مدینے کی انگور کی
چلا اللہ اللہ کیسے دیکھنے — کوئی مجکو دیکھے مری آنکھ سے
اسی واسطے تھا یہ شور نشور — ظہور فنا و فناے ظہور
کہ سب اگلے پچھلے بڑے اور بھلے — جنھون نے نہ دیکھا ہو دیکھین اُسے
ہر اک بسمل شہید اضطرار — پہونچکر حضور شہ ذی وقار
ہوا ہمدم نالہاے بلند — زبان یون ہوئی ترجمان سپند
کہ اے خستہ جانون کے حاجت روا — ہر انسان کے درد دل کی دوا
بہار گلستان صبح وجود — چراغ شبستان شام شہود
حبیب خداوند بالا و پست — فدا تجھپہ ہستی و ہر انچہ ہست
ترے گرد پھرنے کو ہین نہ سپہر — ہین تیرے قدم کے نشان ماہ و مہر
شرافت کو آدم کی تجھ سے شرف — خلافت کو تو ہی گرامی خلف
بلا کی نبرد اور غضب کے فتوح — نہان تیرے خنجر مین طوفان نوح
نہ رہتے کہین کفر کے بحر و بر (۱) — جو آتا زبان پر تری لاتذر
ہوا جبکہ تڑکا ترے نور کا — چراغ کف دست موسیٰ بجھا
خدا کا جدا تجھسے طرز سخن (۲) — نہو حذف کیون لن ترانی سے لن
مقیمان مہمانسراے خلیلؑ — ترے خوان نعمت پہ ابن السبیل

(۱) اشارہ بدعاے حضرت نوحؑ ربّ لاتذر علی الارض من الکافرین دیارا۔

(۲) لن ترانی یعنی تم مجکو ہرگز نہ دیکھ سکوگے یہ خطاب حضرت موسیٰؑ کی طرف تھا حضرت شفیع المذنبین کے واسطے وہ لن نفی کا حذف ہوکر ترانی رہجائے گا۔

مریضانِ دار الشفائے مسیح　　ہوئے لوٹ کر تیرے در پر صحیح
تپش سے ہر اک شخص بسمل ہے آج　　نفس گردِ آئینۂ دل ہے آج
بسا خوب خانہ خرابی کا گھر　　بنا آسمان اُجڑے گھر لوٹ کر
بیان کیا کرین حالتِ آب و گل　　کہ پس پس گیا گوہر جان و دل
خموشی مین ہر اک نفس نالہ خیز　　ہر اک زخم پر زخم الماس ریز
نہین باقی اب دوست دشمن مین بیر　　ہے شر کی زبان پر بھی یہ ذکر خیر
ترے دوست بھی کہ نہین سکتے حال ؎　　مبادا کہ ہو دشمنون کو ملال
کوئی بیقراری کوئی آہ سرد　　نہ پیدا کرے آپکے دل مین درد
غبار اپنا حضرت کے دل پر نہو　　مزاجِ مبارک مکدر نہ ہو
بلا مین پھنسے ہین غریب و امیر　　ہین سب ایک تکیے کے گویا فقیر
تمام اہل دل اک مصیبت مین ہین　　تری جان سے دور آفت مین ہین
اکھڑتا ہے میدان سے ہر اک قدم　　نکلتا ہے ہر سانس کے ساتھ دم
نہین آب و دانہ جئین یا مرین　　پئین آنسو کھاتے رہین ٹھوکرین
ذرا جان تک پیرہن مین نہین　　کوئی دم کا دھاگا کفن مین نہین
ہر اک دیدۂ تر ہوا تار گھر　　اسی تار مین ہے ہماری خبر
جھڑی وہ لگائے ہے چشم پر آب　　کہ ہے اُسکے ڈھیلون کی مٹی خراب
بھڑک اُٹھی اور آتش تیز تر　　بجھانے کو دوڑا جو دامان تر
یہ سب تیرے پاس آئے ہین اسلیے　　کہ بندون کو رکھ لے خدا کے لیے
رُخ خور مین زردی نمودار ہو　　زمین حشر کی زعفران زار ہو
وہ سردی کہ ہو موسم برد گرد　　وہ یخ جس سے یہ آگ ہو جائے سرد

؎ منشا یہ ہے کہ حضور کو ملال نہ ہو۔

بلا سے فلک گر جلن مین رہے
یہ سورج کوئی دم گہن مین رہے

بفرمود آن سیّد انبیا ۱
کہ کارِ منست این و انی لہا

کہ یعنی ہون مین ہر بشر کا کفیل
جمیع انبیا کی طرف سے وکیل

اسی دن مرا جشن موعود ہے
مقام محمدؐ ہے محمود ہے

قلمرو مین محشر کے نام خدا
چلے گا تو سکہ اسی نام کا

مجھے ہر بشر کا تھا خود انتظار
مین تھا نا امیدون کا امیدوار

رکھے گا مرا رب مری آبرو ۲
فمن رحمۃ اللہ لا تقنطوا

کرم اسکا ہی فتح باب فرح ۳
کہ مَن دَقَّ باب الکریم انفتح

گزر پھر تہ عرش اعظم کیا
سر بندگی اسقدر خم کیا

کہ سیپارۂ دل کا ہر اک رکوع
گرا سجدے مین باکمال خشوع

زمین پر گری جب جبین مبین
مٹی سب کی قسمت کی چین جبین

دعا ایسی کی بعد حمد و ثنا
کہ الحمد آمین کہنے لگا

کہا عرش نے بار بار آفرین
ہزار آفرین صد ہزار آفرین

---

۱ قال فیاتونی فاستاذن علی ربی فیؤذن لی علیہ فاذا رأیتہ وقعت ساجداً فیدعنی ماشاء اللہ ان یدعنی، فرمایا آنحضرت صلعم نے پس آئینگے لوگ میرے پاس مین اجازت گھر مین آنیکی (گھر سے محدثین مقام محمود مراد لیتے ہین) چاہون گا اور مجکو اجازت ملے گی جب مین اللہ تعالی کو دیکھون گا سجدہ مین گر دن گا اور جبتک خدا چاہے گا سجدہ مین رہون گا۔

۲ قل یعبادی الذین اسرفوا علی انفسہم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا انہ ہو الغفور الرحیم۔ اے محمدؐ کہدو کہ اے میرے بندو جنھون نے اپنی جان پر زیادتی کی ہے اللہ کی رحمت سے مایوس نہو تحقیق کہ اللہ سب گناہ بخشتا ہے اور وہی بخشنے والا مہربان ہے۔

۳ کریم وہ ہے جسکا دروازہ تھوڑی سی توجہ سے کھل جاتا ہے۔

تمنا درونِ دلِ دردمند — پری قاف قدرت کی شیشہ مین بند
یہ فرمان ہوا سر اُٹھا تو سہی ۱؎ — جو ہے تجھکو منظور ہوگا وہی
اُٹھایا سر پاک المختصر — گرا یا دُعا کے قدم پر اثر
تمناے محبوب روشن ضمیر — یہ تھی ملتجی پیش رب قدیر
کہ اے خالق چرخ و شمس و قمر — ترے باغ کے خشک و تر بحر و بر
خداوند کرسی و عرش مجید — ز قوت بفعل آور ما یرید
شرخ مہر اوپر ہے آتش فگن — جو اب پھر ہوا ہے سپہر کہن
حرارت سے ہر شخص بیتاب ہے — بدن کا عرق مثل تیزاب ہے
بلا کا غضب کا مصیبت کا دن — قیامت کی گرمی قیامت کا دن
چھٹے سب سے مرقد کے بیت الحزن — ہین بے یار و یاور غریب الوطن
تو ہی بندہ پرور تو ہی کارساز — مجھے ناز ہے تجھ پہ اے بے نیاز
نہ تیرا سہیم اور نہ تیرا شریک — تری ذات ہے وحدہ لاشریک
گرون کو زمین سے اُٹھائیگا کون — بگاڑے کو تیرے بنائیگا کون
ترے ہاتھ ہے اپنی بگڑی بنی — ہین محتاج سب تو کریم و غنی
کہان جز ترے مجرمون کی پناہ — ترحم صفائی کا سچا گواہ

۱؎ فیقول ارفع محمد و قل تسمع و اشفع تشفع و سل تعطہ قال فارفع راسی فاثنی علی ربی ثنا و تحمید یعلمنیہ ثم اشفع فیحد لی حدا فاخرج فاخرجہم من النار و ادخلہم الجنۃ۔ پس فرمائے گا خداے تعالیٰ اے محمد سر اُٹھاؤ جو تم کہوگے سُنا جائے گا شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی جو مانگوگے دیا جائے گا فرمایا آنحضرت نے مین اپنا سر اُٹھاؤنگا اور وہ ثنا و حمد اپنے رب کی کرونگا جو مجکو سکھائی جائیگی پھر مین شفاعت کرونگا پس مقرر کیجائیگی واسطے میرے حد معین یعنی جماعت مخصوص گنہگارونکی جیسے بے نمازی شراب خوار وغیرہ۔ پس مین نکلوانگا (درگاہ رب سے) اور اس جماعت کو دوزخ سے نکالکر بہشت مین داخل کراؤنگا۔

کسی کے گنا ہون کی پروا نکر — تو ستّار ہے آج رسوا نہ کر
ہر اک چشم تر با دلِ بیقرار — سحاب کرم کی ہے امید دار
مٹا دے یہ گرمی کا نام و نشان — کہ بلبل کہے آتش گل کہان
یہ سایہ ترا دفعتًہ گھیر لے — کہ خورشید جگنو کے پر مین چھپے
ہوا دل سے ممنوع خلق رسول — دُعا کو گلے سے لگا کر قبول
الا اے غم عشق و تاثیر تو — لہ دو عالم بفتراک تسخیر تو
وفا سے بھی بہتر تھی تیری جفا — جزاک اللہ اے دوست خیر الجزا
ترے درد کا شیوہ جان پروری — ترے جذب کا نام پیغمبری
تجلی ہوئی مہر تنزیہہ کی — یہ تقدیر اللہ تشبیہہ کی
ہم اوجِ وحدت ہی کثرت مقام — نہین اپنا بے وحدتون سے کلام
ہوا جلوہ فرما بعز و جلال — مثال آفرین قادر بے مثال
خدائے جہان عزّ سلطانہٗ — علا شانہٗ جلّ برہانہٗ
زمین پر ہجوم ملائک کا نور — چمکتی ہوئی شمع شانِ غفور
اب اسے روز بد آنکھ پھیرے ہوے — خدا ہے خدائی کو گھیرے ہوے
نہ لایا خدا کی تجلی کی تاب — ہوا اسکے مین مطلعِ آفتاب
زمین پر ہوئی آتشین دھوپ چھاؤن — بنا اطلسِ آسمان دھوپ چھاؤن
ز رہر کا رنگ پھیکا ہوا — بہت چرخ کھا کھا کے کشتا ہوا
ہوا خلد کی لائے روح الامین — کہ دامانِ محشر کی کلیان کھلین
چمن ہو گیا تختۂ روزگار — ہوا دشت پہ خار اک سبزہ زار
چھپی اُسکے سایہ مین دھوپ آج کی — نہ تھا جسکی قامت مین سایہ کبھی

لہ فتراک دوالے کہ بر زین ویسار زین آویزند بجہت بستن شکار وغیرہ۔

خزانۂ رحمت

۱۱ھ ۱۲

ہوا ٹھنڈی چلتی ہے میدان مین [۱] — یہ کہتے ہین سورج ہے میزان مین
پلا بے حساب اب تو ساقی مجھے — دکھا اپنی واصل نہ باقی مجھے
کہون کیون نہین میرے ذمہ حساب — تو سچا ہے سچی ہے تیری کتاب
مرے سامنے آئے میرا لکھا — اگر مین کہون سب ہے تیرا لکھا
مرے ہاتھ ہی کا نوشتا سہی — ترا سیر منشی فرشتا سہی
غنی ہے تو محروم رہنے نہ دے — مین مفلس ہون ہردم اُسے لینے نہ دے
نیا لیکھ لکھوے ز راہِ کرم — کوئی چاہیئے بندۂ بے درم
ردی جب ہوا یہ جہ آفتاب — کھلا دفترِ امتحانِ حساب
ادھر رازداران ذی فہم و ہوش [۲] — ہمارے رفیقان خانہ بدوش
جنازون مین حسرت کا کاندھا دیے — ہر اک مردے کا روزنامہ لیے
ادھر موشگافانِ موزون رقم [۳] — نہ ہو جنکی میزان مین کچھ بیش و کم
ترازو کو ہاتھون مین تولے ہوے — رعایت کے پلون کو کھولے ہوے
نہین ہر کچھ آسان اے دل حساب — ہے محشر کی اک سخت مشکل حساب
مقابل کما نداز تقدیر ہے — ترازو کلیجون مین اک تیر ہے

---

[۱] جب آفتاب برج میزان مین آتا ہے سردی شروع ہوتی ہے [۲] وان علیکم لحافظین کراماً کاتبین یعلمون ما تفعلون (تمہارے نگہبان کراماً کاتبین ہین جو کچھ تم کرتے ہو اسکو) جانتے ہین [۳] ونضع الموازین القسط لیوم القیامۃ فلا تظلم نفس شیئاً وان کان مثقال حبۃ خردل اتینا بہا وکفا بنا حاسبین۔ اور ہم قیامت کے دن (اعمال تولنے کے لیے) سچی ڈنڈیان لگا دینگے تو کسی شخص پر ذرا بھی ظلم نہوگا اور اگر رائی کے دانے کے برابر بھی (کسی کا عمل) ہوگا تو ہمکو اسکو بھی (تولنے کے لیے) حاضر کرینگے اور حساب لینے کو ہم ہین۔

اُدھر کلک قدرت کا رد و قبول | اِدھر بندگان ظلوم وجہول
ہراک مدکا ہر اہل مدخود گواہ | دورویہ ہین فردین کی فردین سیاہ
محاسب نہ کیونکر کہے نادرست | ہمارا نہ روکڑ نہ کھاتا درست
گھٹائین بڑھائین تو ہو فرد گرد | کہ میزان کی جانچ والا ہے فرد
گھری ہوی گرم جب جانچ کی ۱ | ہراک بال کی کھال کھنچنے لگی
صدا اے زعمال نار و بہشت ۲ | چہ آخر دِرَو کردہ اول چہ کشت

نوید اِنَّ ابرارھم سے فی نعیم | وعید اِنَّ فجّارہم نے فی جحیم
بنی نوع انسان جو بعد حساب | ہوے مستحقِ عذاب و ثواب
بہشت اور دوزخ کی جانب چلے ۳ | دکھائے مقدر نے جو راستے

۱ واشرقت الارض بنور ربہا ووضع الکتاب وجیٔ بالنبیین والشہداء وقضی بینہم بالحق وہم لایظلمون۔ اور زمین اپنے پروردگار کے نور سے چمک اُٹھے گی اور (نامۂ اعمال کی) کتاب (سامنے) رکھدیجائیگی اور پیمبر و گواہ حاضر کردیے جائینگے اور لوگون مین (انصاف کے ساتھ اُنکے جھگڑون کا) فیصلہ کردیا جائیگا اور اُنپر ظلم نہوگا۔

۲ ووفیت کل نفس ماعملت وہو اعلم بما یفعلون۔ اور جسنے جیسے عمل کیے ہین سب کو پورے پورے بھر دیے جائینگے اور (لوگ) جو کچھ کررہے ہین خدا اُنسے خوب واقف ہی۔

۳ وسیق الذین کفروا الی جہنم زمراً حتےٰ اذا جاؤہا فتحت ابوابہا وقال لہم خزنتہا الم یأتکم رُسُل منکم یتلون علیکم آیات ربکم وینذرونکم لقاء یومکم ہذا قالوا بلیٰ ولکن حقت کلمۃ العذاب علی الکافرین قیل ادخلوا ابواب جہنم خالدین فیہا فبئس مثوی المتکبرین وسیق الذین اتقوا ربہم الی الجنۃ زمراً حتےٰ اذا جاؤہا وفتحت ابوابہا وقال لہم خزنتہا سلام علیکم طبتم فادخلوہا خالدین وقالوا الحمد للہ الذی صدقنا وعدہ واورثنا الارض نتبوأ من الجنۃ حیث نشاء فنعم اجر العاملین اور جو لوگ کفر کرتے رہے ہین ٹولیان بنا بنا کر جہنم کی طرف ہانکے جائینگے یہانتک کہ جب اسکے (جہنم کے)

اٹک یہ کہ دریاے رعب جلیل — لیے قطرہ قطرہ مین دریاے نیل
اُترنے کا پُل اک بلاے عظیم — جسے کہیے سرطان پشت جحیم
پے شہسوار قضا و قدر — ق سہے تیغ کر پا کہ خود وہ کمر
کہ گر بال سی دھار تلوار کی — سلہ مقابل ہو اس سے تو ہو کر کری
چڑھی ہے کمان برق کے تیر کی — بھڑکتی ہوئی آنچ شمشیر کی
کھُلا جادۂ راہ تیغ ہلاک — بٹھائے ہوے لاکھ بجلی کی ڈاک
دمِ واپسین کا اجارا لیے — گزرنے کا دروازہ تیغا کیے
نہ تھا فرق ابرار و فُجّار مین — چلین کشتیان ایسے منجدھار مین
اسیکا کنارے پہ بجرا لگا — جو گمراہی و کجروی سے بچا
پیمبر چلے جیسے حق کا پیام — ولی جیسے روح نبی پر سلام
خدا کے طلبگار اہل کمال — بڑھے جیسے مشتاق روز وصال

(بقیہ فٹ نوٹ) پاس پہونچین گے تو اُنکے لیے) اسکے دروازے کھولے جائینگے اور دوزخ کے موکل اُنسے کہین گے کہ کیا تم مین کیکر رسول تمھارے پاس نہین آئے کہ وہ تمھارے پروردگار کی آیتین تمکو پڑھکر سُناتے اور تمکو اس روز بد) کے پیش آنیسے ڈراتے یہ جواب دینگے کہ ہان رسول تو آئے اور اُنھون نے ہمکو ڈرایا بھی مگر ہمنے اُنکا کہنا نہ مانا اور) عذاب کا وعدہ (ہم) کافرونکے حق مین پورا ہوا (پھر اُنسے) کہا جائے گا کہ جہنم کے دروازون مین داخل ہو اور ہمیشہ جہنم مین رہو اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے اُنکو ٹولیان بناکر بہشت کیطرف لیجائینگے یہانتک کہ جب وہ لوگ بہشت کے پاس پہونچین گے اور اسکے دروازے کھلے ہونگے بہشت کے موکل اُن سے سلام علیک کرکے کہین گے کہ تم مزے مین رہے تو بہشت مین ہمیشہ کیلیے داخل ہو اور (یہ لوگ) کہین گے خدا کا شکر ہے جسنے اپنا وعدہ ہمکو سچ کر دکھایا اور ہمکو (بہشت کی) زمین کا مالک بنایا کہ ہم بہشت مین جہان چاہین رہین تو نیک عمل کرنیوالونکا (کیا) اچھا اجر ہے۔

سلہ حدیث شریف مین صراط کے متعلق ادقّ من الشعر واحد من السیف واظلم من اللیل ہے یعنے بال سے زیادہ باریک تلوار سے زیادہ تیز اور رات سے زیادہ تاریک۔

ہوا جب ادھر ادان حق کا گزر | چلے تار برقی پہ جیسے خبر
چلا کوئی جیسے کہ قالب سے جان | کوئی جسطرح گلستان سے خزان
جنھین راہ حق کی ہدایت ہوئی | اور اپنے نبی کی حمایت ہوئی
وہ گزرے مثال نسیم بہار ۱؎ | کہان اُنکا دامن کہان خارزار
ذرا جنکے صدق و یقین مین تھا فرق | ہوے الامان آب آتش مین غرق
غرض خیر و شر آن کی آن مین | ہوے خیمہ زن اپنے میدان مین
کوئی داخل گلستان نعیم | کوئی دار ذلت مین نا محترم
کہین عیش نے عیشۃ راضیہ ۲؎ | کہین آفت اُمہ ہاویہ
پھنسے غم مین تھوڑے مسلمان بھی | گیا کفر کے ساتھ ایمان بھی
خدا ناشناسون کا جم غفیر | ہوا تازہ مہمان بئس المصیر
شکم سیر درد عذاب الیم | بلا نوش زہراب ماء حمیم
پگھلنے لگی نفس سرکش کی روح | معاذ اللہ آتش کہ آتش کی روح
جہنم کے چہرے پہ غیظ شدید ۳؎ | ہر اک داخلے پر ہے ہل من مزید

۱؎ حدیث شریف مین ہے فیمر المومنون کطرف العین وکالبرق وکالریح یعنی مسلمان مثل نگاہ اور بجلی اور ہوا کے گزرینگے۔

۲؎ اما من ثقلت موازینہ فھو فی عیشۃ راضیہ واما من خفت موازینہ فامہ ہاویۃ وما ادراک ماھیہ نار حامیہ۔ تو جسکے اعمال (نیک) تول مین زیادہ ٹھہرینگے تو وہ خاطر خواہ عیش مین ہوگا اور جسکے اعمال تول مین کم ٹھہرینگے تو اسکا ٹھکانا ہاویہ ہوگا اور (اے پیغمبر) تم کیا سمجھے کہ ہاویہ کیا چیز ہے (وہ دوزخ کی) دہکتی ہوئی آگ ہے۔

۳؎ یوم نقول لجہنم ہل امتلئت وتقول ہل من مزید اس دن ہم دوزخ سے پوچھین گے تو بھر گئی (یعنے دوزخیون سے بھر چکی یا نہین) وہ جواب دیگی کچھ اور بھی ہے۔

قضا کا یہ قہر ہنانی ہوا
کہ دوزخ کا پتہ بھی پانی ہوا

شفاعت بکرر

چھپا تھا کدھر عالم پاک مین
مین تھا کب سے ساقی تری تاک مین

ترے مست پھر لڑکھڑانے لگے
وہی جھونکے غفلت کے آنے لگے

وہ مے دے جو ہو روح بخش انام
جو خود ہو حلال اور توبہ حرام

وہ مے جسکا میخانہ خلد برین
وہ مے جو کہین اور ملتی نہین

وہ مے جس سے دو کان رضوان بچے
جسے بیچین رضوان نبے مغبچے

جسے لائے گاتی ہوئی حور عین
لہ یطاف علیہم بکاس معین

وہ مے جو بحکم پیمبر چلے
وہ مے جو لب حوض کوثر چلے

جو زندان مین اپنے اسیر فرنکا حال
یہ دیکھا کہ تو یعقوب یوسف جمال

غم اندوز کنعان گم گشتگان
عزیز و شہ مصر کون و مکان

شفیق جہان احمدِ مجتبےٰ
شفیع الوریٰ خاتم الانبیا

لہ اشارہ ہے آیت قران شریف کا یطوف علیہم ولدان مخلدون باکواب اباریق وکاس من معین لایصدعون عنہا ولاینزفون وفاکہۃ مما یتخیرون ولحم طیر مما یشتہون وحور عین کامثال اللؤلو المکنون۔ یعنے غلمان جو ہمیشہ (لڑکے بنے) رہین گے انکے پاس آبخورے اور لٹیا اور شراب صاف کے جام لائے اور لیجاتے ہونگے جس (کے پینے) سے نہ تو انکو خمار ہوگا اور نہ بک لگے اور جس قسم کا میوہ پسند کرین اور جس قسم کے پرندون کے گوشت کو انکا جی چاہے اور تہون مین رکھے ہوئے موتیون کیطرح کی بڑی آنکھون والی حورین ہونگی۔

اگر اسجدے مین باکمال ادب سلہ سپاس و ثناے خدا زیر لب
کیا شوق دل سے وہ پیارا سجود کہ تھا ورد سبحان ربی درود
ثنا اس صفت کی کہ بےمثل وطاق نہ ثانی ہے جسکا روا اشتقاق
ہوئی ایسی خوبی سے الحمد ادا سٹہ کہ تعریف الف لام کرنے لگا
مناجات وہ کی کہ روحی فدا وہ توصیف بیجد کہ صل علےٰ
ہوا بحر مواج رحمت کا جوش ستہ سخنگو یہ انداز موج خموش
تامل نہ کر عرض مطلب مین تو کہ ہے مصطفیٰ مجتبیٰ سب مین تو
نظر مین سے مالک کے تیرا وقار ہر اک قطرہ تیرا در شاہوار

سلہ ثم اعود الثانیۃ فاستاذن علی ربی فی دارہ فیوذن لی علیہ فاذا رأیتہ وقعت ساجدا فیدعنی ما شاء اللہ ان یدعنی ثم یقول ارفع محمد وقل تسمع واشفع تشفع وسل تعطہ قال فارفع راسی فاثنی علے ربی بثناء وتحمید یعلمنیہ ثم اشفع فیحد لی حدا فاخرج فاخرجہم من النار وادخلہم الجنۃ۔ پھر آؤنگا مین دوسری مرتبہ (بارگاہ خداوندی مین واسطے شفاعت اور جماعتون کے) پس اذن چاہونگا مین اپنے پروردگار کے پاس اسکے مکان (مقام شفاعت مین) داخل ہونے کا اور مجکو اذن ملے گا پس جب دیکھونگا اپنے رب کو (منزہ مکان وتمام صفات حدوث سے) سجدہ مین گرونگا اور رہونگا سجدہ مین جبتک خدا چاہے گا پھر فرمائے گا اللہ تعالی اے محمد سر اٹھاؤ کہو سنا جائے گا شفاعت کرو تمھاری شفاعت قبول کی جائیگی اور جو دل مین ہو مانگو تمکو دیجائیگی فرمایا آنحضرت نے پس اٹھاؤنگا مین اپنا سر اور جو ثنا وحمد اسوقت خدا مجکو سکھائیگا کرونگا پھر شفاعت کرونگا پس حد معین کی جاے گی واسطے میرے پس نکلونگا مین (مقام شفاعت سے) اور لونگا انکو دوزخ سے اور داخل کرونگا بہشت مین

سٹہ الحمد مین الف لام تعریف کا ہے۔

ستہ سخنگو بمعنی گوئندہ سخن یعنے رحمت نے بزبان حال مضمون اشعار مابعد ادا کیا۔

تو اس دن کا پہلے سے مامور ہے | رضا تیری خالق کو منظور ہے
سند پیش کر سوف لعطیک کی | فترضے کی ہے مہر جس پر لگی
ہوا تازہ باغ روان نبیؐ | زبان پر روان اُمتی اُمتی
یہ حاصل کہ ہون جنتی سب کے سب | بغیر عمل بے عوض بے سبب
نہ ساقی نہ بیکش نہ قاتل کو دیکھ | تو اپنے کرم کو مرے دل کو دیکھ
کہان ناتوانون کو گرمی کی تاب [1] | انھین بخشدے کر کے ڈیوڑھا حساب
نہ دکھلا مجھے میرے رب غفور | مین ہون پاس تیرے وہ ہون مجھسے دور
مرے ساتھ کر محو اُن کے گناہ | ہو جنت غریبون کی آرامگاہ
حساب انکا نیکی ہی کی مدمین ہو [2] | جو انکی بدی ہے مری بدمین ہو
الٰہی ہون تیرا گنہگار مین | شفاعت سے اپنا طلبگار مین
ہوا حکم ناطق کہ اے دردمند | ہے رحمت کو تیری شفاعت پسند
بہ لطف خداوند ارض و سما | کر اک نوع کے مجرمون کو رہا
یہی عفو تعذیر کی حد رہے | رہائی ہو لیکن اسی قید سے
اُٹھے آپ بخشش کی لیکر برات | دی اک قسم کے عاصیونکو نجات
جھکے پھر کئی بار پیش خدا [3] | کیے یون ہی پیہم سجود و دعا

[1] حساب ڈیوڑھا ہونا یعنی حساب کا بیباق ہو جانا۔

[2] بمعنی ذمہ یہ اصطلاح ساہوکارون کی ہے۔

[3] ثم اعود الثالثۃ فاستاذن علی ربی فی دارہ فیوذن لی علیہ فاذا رایتہ وقعت ساجدا فیدعنی ماشاء اللہ ان یدعنی ثم یقول ارفع محمد وقل تسمع واشفع تشفع وسل تعطہ قال فارفع راسی فاثنی علی ربی بثناء وتحمید یعلمنیہ ثم اشفع فیحد لی حدا فاخرج فاخرجہم من النار وادخلہم الجنۃ حتی ما یبقی فی النار الا من قد حبسہ القران ای وجب علیہ الخلود ثم تلی ہذہ الایۃ عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا

یہانتک کہ پوری تمنا ہوئی ؎۱ | نہ باقی رہی جنس بھی نوع کی
بتاکید وتعجیل دیوان پاک | خط عفو لائی فرشتونکی ڈاک
یہ ہرکارے جلدی مچانے لگے | کہ بے دستخط حکم آنے لگے
نہ باقی رہا ایک بھی مبتلا | جو رائی برابر بھی ایمان تھا
بچایا ہر آدم کو ایمان نے | مگر جسکو روکا ہے قرآن نے
چلے خوش نصیبان ایمان سرشت | جہنم سے اُٹھ اُٹھ کے سوے بہشت
جہنم مین پہونچے تھے جو اُس سرے | وہ بجلی کے مانند اُلٹے پھرے
بہت لوگ نادیدہ شکل جحیم | چلے خلد کو بر خطِ مستقیم
حضورِ جناب رسالت مآب | فرشتون کے ہاتھون مین سادی کتاب
ہوئی پھر اُسی مبتدا کی خبر ؎۲ | کرم جوشیٔ انبیاے دگر
مسیحا تک آدم سے جو تھے رسول | ہوے خضر مقصد براہ وصول
ہمہ رہنمایان خیر السبل | فضیلت مآبان تلک الرسل

(بقیہ فٹ نوٹ) وقال ہذا المقام المحمود الذی وعدہ نبیکم۔ تیسری مرتبہ کی شفاعت مین آنحضرت نے فرمایا کہ مقام شفاعت سے نکل کران کو دوزخ سے نکال کے بہشت مین داخل کرونگا یہانتک کہ دوزخ مین کوئی شخص سوائے اسکے جسکو قرآن نے روکا ہو یعنے وہ شخص جسپر ہمیشہ دوزخ رہنا واجب ہوا ہو (کفار) اور کوئی باقی نہ رہیگا پھر پڑھی آنحضرت نے یا انس نے یا قتادہ نے آیت عسیٰ ان یبعثک الخ قریب ہو کہ اٹھائیگا رب تیرا تجکو مقام محمود مین اور فرمایا آنحضرت نے یا انس نے یا قتادہ نے کہ یہی وہ مقام محمود ہی جسکا وعدہ کیا ہے خداے تعالےٰ نے تمھارے نبی ص سے۔

؎۱ جنس ونوع اصطلاحات منطق۔

؎۲ یشفع یوم القیامۃ ثلثۃ الانبیا ثم العلما ثم الشہدا، فرمایا آنحضرت نے شفاعت کرینگے دن قیامت کے انبیا بعد اسکے علما بعد انکے شہدا۔

گہر ہائے گنجینۂ کاف و نون | مہین شہسواران والسّابقون
پھر اور انجم آسمان نبی | غبارِ رہِ آستان نبی
تقدس مقامانِ اوجِ حضور | بلند اختران کرامت ظہور
ابوبکرؓ لاثانی روزگار ہے | کہ تھا ثانی اثنین یاران غار
عمرؓ نام و ناموس نام آوری | معمای اسرار پیغمبری
سما جلوہ عثمانؓ عالی مقام | انیس پیمبر علیہ السّلام
علیؓ شیر یزدان و عالی وقار | یداللہ اور قبضہ مین ذوالفقار
ملک رتبہ خاتون جنت بتول | مہ اوج تنزیہہ بنت رسول
حسنؑ خاتم خاتم المرسلین | سیادت کا الماس زیر نگین
شہادت کا لخت جگر نور عین | نیام شجاعت کا خنجر حسینؑ
تمام آل و اصحاب خیرالانام | اِس امت کا ہر پیشوا و امام
ہر اک غازی مرد میدان بدر | ہمہ بسملان و شہیدان بدر
شکن پرور طالع نارسا | اویس قرن عاشق مصطفےٰ
بہار آفرینان صبح امید | جنید و حسن ادہم و بایزید
ابا عن جد جو ولی در ولی ہے | قدم جسکا بر گردن ہر ولی
ہو الحق نوایان ثابت قدم | انا الحق سرایان منصور دم
سب اپنے نبی کے قدم پر چلے | جو باقی تھے وہ طے کیے مرحلے
ہزارون نبے ایک پتی سے باغ | جلے ایک بتی سے لاکھون چراغ
شفاعت کے پودے ہوے حوصلے | کہ عاصی کو خلعت پہ خلعت ملے
تعالی اللہ استاد کا انتخاب | کہ خاطے خطا پر ہے صاد ثواب
گنہ سے ہے تلاشِ گنہگار مین | وہ بھرتی ہے احمدؐ کی سرکار مین

ہوا خاک جلکر جہنم کا باغ — کیا برف رحمت نے ٹھنڈا چراغ
ہوا سوخت آتش کا سب سوز و ساز — سمندر مین ڈوبا دخانی جہاز
وہ ریلا ہوا باغ فردوس مین — کہ سیلا ہوا باغ فردوس مین
بڑھا ہر طرف جوے رحمت کا آب — کٹورا سجانے لگا ہر حباب
بھرے خوانچے ایسے بھرنے لگے — کہ خود میوے دامن مین گرنے لگے
قرابون مین کوثر نے رکھی سبیل — ہر نخل فوارۂ سلسبیل
جوانون کے خاطر بساز و یراق — ٹہلتے ہوے راستون پر براق
سجانے پرپوشش برائے زنان [1] — گلابی کہارون کی سب دردیان
ہوا کیا کہ لڑکے مچلتے ہین شور — لگا ڈھونڈھنے کی طوبیٰ سے ڈور
کھلے نخل ایجاد کے پھول پھل — ابد بن گیا رنگ صبح ازل
لگے ٹوٹنے صبر و تمکین کے پل — بہار آئی لادے ہوے بار گل
شگفتہ ہر اک تختہ کا خشک و تر — رسیدہ ہر اک نخل کا ہر ثمر
ہر اک برگ مین ساز و برگ بہار — ہر اک لالہ صد معدن کوہسار
ہر اک جا یہ موجود ہر ایک شئے — کوئی ہمدم ہے کوئی محو نے
گمان جس پہ جائے وہ تحقیق ہو — تصور مین آئے جو تصدیق ہو
سحر وہ کہ جس پر فدا ہر نفس — ہوا وہ کہ ہر دل کو جس کی ہوس
ہر اک بیل بوٹہ نگار آفرین — ہر اک خار و گل صد بہار آفرین
کلی سب صبا سے شگفتہ ہوئی — خزان بے بہار آئے پتا ہوئی
پری سایۂ نخل کی پابوس — گلستان عروس آب عطر عروس
جو لالہ ہے لاکھا جمائے ہوے — تو نرگس ہے کاجل لگائے ہوے

[1] دردی یعنی گلاب۔

یہ مانا کہ دل سے نہ کیجئے سنبھل　　نظر تو سنبھالو نہ جائے پھسل
کہین پھیل کر بیل بوٹا ہوئی　　کہین نکہت اُڑ کر فرشتا ہوئی
اگر شاہ گل ہے بلبل بدست　　تو پھولونکے جنگلے مین بلبل ہے مست
چمن اور ایسا دکھائے کوئی　　قسم مصحف گل کی کھائے کوئی
کہانی تھین دنیا کی پھلواریان　　یہ سچ مچ بہشت اور وہ گلکاریان
وہ گویا نیاز اور یہ بے نیاز　　یہ شان حقیقت وہ شان مجاز
وہ ہر لحظہ نعمت یہ نعمت ملی　　[1] کہ اک شکر کی بھی نہ فرصت ملی
ہر اک چہرے مین ایک نور دگر　　ہر اک حور ہے رشک حور دگر
ملین نعمتین سب کو بے انتہا　　اور آخر کو اِن نعمتون کے سوا

وہ نعمت جو ہے سر عین الیقین　　[2] جو ہے دین وایمان ایمانِ و دین

---

[1] قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللہ تعالی اعددت لعبادی الصالحین ما لا عین رأت ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر الحدیث۔ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ فرمایا اللہ تعالے نے کہ تیار کی ہین نے اپنے نیک بندون کے لیے وہ چیز کہ نہ کسی آنکھ نے (اسکی ذات کو) دیکھا اور نہ کسی کان نے (اسکے صفات کو) سنا اور نہ (اسکی ماہیت) کسی دلمین آئی۔

[2] عن النبی صلعم قال اذا دخل اہل الجنۃ الجنۃ یقول اللہ تعالی تریدون شیئا ازید کم فیقولون الم تبیض وجوہنا الم تدخلنا الجنۃ وتنجنا من النار قال فیرفع الحجاب فینظرون الی وجہ اللہ فما اعطوا شیئاً احب الیہم من النظر الی ربہم ثم تلا للذین احسنوا الحسنی وزیادۃ۔ فرمایا رسول خدا صلعم نے جسوقت داخل ہونگے بہشتی جنت مین پوچھے گا اللہ تعالی کچھ تم اور زیادہ چاہتے ہو۔ بہشتی جواب دین گے کیا تو نے ہمارا منہ روشن نہین کیا۔ کیا تو نے ہمکو بہشت مین نہین داخل کیا کیا تو نے ہمکو دوزخ سے نجات نہین دی (یعنی اس سے زیادہ کیا ہوگا) فرمایا آنحضرت صلعم نے پس اٹھا دیا جائے گا پردہ (دیکھنے والونکی آنکھون سے) پس دیکھین گے طرف ذات اقدس اللہ تعالی کے (کہ منزہ ہے صورت وجہت سے) پس نہین دئے گئے بہشتی کوئی چیز کہ زیادہ دوست ہو انکو بمقابلہ دیدار حق کے (یعنی انتہا تمام نعمتون کی دیدار حق ہی) پھر پڑھی آنحضرت نے یہ آیت للذین احسنوا الخ انکے لیے جنھون نے نیکی کی ہی ثواب نیک ہی۔ (یعنی جنت) اور زیادہ اُسپر (یعنی دیدار حق)

وہ نعمت کہ ہی اُسکے دم سے بہشت ۱؎ جو بازارِ جنت کی ہے در بہشت
وہ نعمت جو ہی یک بہ از صد ہزار — خدا بخشتی دیدار پروردگار
پڑا ہاتھ دھوکر جو پیچھے وضو — گیا لے ہی معبود کے روبرو
نماز آئی کہتی بتاکید تام — کہ کر چلکے سجدے سے پہلے سلام
مؤکّد ہوا صوم افطار کا — کہ تیار شربت ہی دیدار کا
یہ کہتا ہے ایمان کہ اے اہل ذوق — اُٹھا دیجیے پردہ چشم شوق
عدم کو چلے ساعت نیک سے ق — دو عالم سے چھٹ کر ملے ایک سے
وہ ہے سامنے درگہِ محترم — قدم بزم امکان سے تھا دو قدم
ہی آغوش مین پرتوِ لایزال — قدِ آدم آئینۂ بے مثال
رہِ منزل کبریائی ملی — ہر اک بندے کو اک خدائی ملی
خودی سے جو از خود جدا ہو گئے — خدا اسے ملے کیا خدا ہو گئے
کھلا دیکھکر ہم کو حالِ مآل — کہ تھا حشر سودائے شوق وصال
یہ تھے انقلابات ردّ و بدل — کشش مظہر شاہد لم یزل

چشم داشت دُعاے مقبول (انشاء اللہ)

۱۱ ھ ۱۳

ادھر بھی ذرا ساقیِ گلعذار — ہزاروں سہی تیرے امیدوار
جو ہین تیری چوکھٹ پہ مرزا و میر — یہ ناچیز ہے سکے در کا فقیر
کوئی موج مجھ تک براہ ثواب — تو دریا ہے مین اِک شکستہ حباب
چلے کشتیِ مے نہ میرے بغیر — مرے ناخدا تیرے بیڑے کی خیر
وہ مے دے کہ لیتا رہون تیرا نام — وہ دے جو دلائے ترا فیض عام

۱؎ در بہشت قسم شیرینی۔

نہین جام کوزے سکورے مین دے — کھنکائے ہوئے آبخورے مین دے

زمانے کا عالم ہوا دوسرا — بفضل خدا و حبیب خدا

خوشی مین بھرے مومن و مومنات — اعالئے مین رضوان کے اُتری برات

جہنم کے گھر مین غمی ہوگئی — مرا غصہ آتش سستی ہوگئی

بجین نوبتین خلد مین بارہا — کہ اسلام کے سر ہی سہرا رہا

خوشی کیا کہ اک دم ہوا کم نہو — یہ وہ عیش ہے جو کبھی کم نہ ہو

کہان بیدلی جب حزین دل نہین — ہو آسان کیا کوئی مشکل نہین

دعائین جو کی تھین ہوئین اب قبول — مراد ایک ہی اور ہزارون حصول

تمنا سبھون کے قدم پر پڑی — ہراک آرزو ہاتھ باندھے کھڑی

دل و دلربا ہمدم حال و قال — نہ ہجران کا کھٹکا نہ فکر وصال

گیا اب جہنم مین وہ روزگار — کہ محشر تھا اک اک دم انتظار

ملا اُس سے تھی جسکی جسکو طلب — مصداق المرء مع من احب

وہ حاصل ہوا جسکے جو دلمین تھا — ابھی قیس لیلیٰ کے محمل مین تھا

بنا پھر جو بگڑا تھا بن بنکے ساتھ — مجھے خود ملا محسن احسن کے ساتھ

عجب چال اُٹھتا نہ چلتے ہوے — جنان کی روش پر ٹہلتے ہوے

بگردش زہر چشم پیمانۂ — زہر سایہ پیدا پریخانۂ

دلون مین مسرت تو رُخ پر بہار — کلائی مین گجرے تو گردن مین ہار

گلمین کرامت کے ٹیکے کا بل [1] — ملائک ہلاتے ہوے مورچھل

مدینے کے علمے بالائے سر — قباہائے استبرقی زیب بر

جلو مین غلامانِ روشن جبین — صراحی و ساغر لیے حور عین

---

[1] شاہ کرامت علی قدس سرہ اسم مبارک حضرت پیر و مرشد محسن۔

خدا کی تجلی کا آنکھون مین نور ہر اک نوک مژگان پہ اک شمع طور
دلون مین محبت کے راز و نیاز زبان پر یہ آہنگ شوخ حجاز
شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم [سلہ] قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

سلہ اس مثنوی کی دو تاریخین طبع کی درج کیجاتی ہین پہلی راقم حروف کی دوسری برادر عزیز مولوی انوار الحسن سلمہ اللہ کی ہے۔ اول :۔

ماشاء اللہ نظم دلکش شایستہ شمر دنش زاورا د — صد لعل و گہر شدست منظوم از فیض طبیعت خدا داد
تمہید سخن ز عشق فرمود شد مطلع مثنوی پریزاد — گویا نتوان شمرد لب را گر مے غم عشق کرد فریاد
گفتن سخنے بغیر تمہید جائز نبود بقول استاد — معشوق زمانہ عشق را خواند شد دامن صفحہ حیرت آباد
لیلی گردید کاکل قیس شیرین شدہ است جان فرہاد — از قامت او قیامت آراست در باغ سخن نشانہ شمشاد
تشبیہ دگر بآن کشش کرد گرزے شدہ حسن و عشق برباد — عالی کششے ز شاہد غیب کان ہست کمند صد دلشاد
ہنگام گریز دامن حشر در دست تلاش او چو افتاد — مستقبل و حال را یکے کرد این طرز عجیب کرد بنیاد
حقا کہ برائے وصل محبوب سے شوق فتد بقید میعاد — آمد بقبول طبع و آورد از دستش پائمال بیداد
تا موقع حرمت مے ناب در بزم ادب نکردہ اش یاد — چیزے دگریست ساقی غم ردیش یا رب کسے بنیاد
از دیدۂ بیباک اگر طلب کرد نقلش نبود فجور و الحاد — گلگش باد اے حسن تقریر در صرف ہزار معنی آزاد
لیکن بہ بیان ہر روایت بے بیش و کم تمام رو داد — بنگر آیات پاک مصحف با قول انس ز جمع استاد
با یعنی دو ماحصل دو سہ جا تشریح لطیف شد نو ایجاد — در مدح پیمبران پیشین نطق پاکش فرشتہ ارشاد
در نعت خاتم رسالت فیض روح القدس با مداد — عرض مداح آنکہ مولا با نعلت لطف خود کند شاد
امید و رجا کہ اہل معنی بر ہر حرفش دہند صد صاد — تاریخ دعا کہ یا الٰہی توقیع قبول روز بش باد

۱۵ ھ ۱۲

قطعہ تاریخ دوم

چون ابو الحسن حسن بنوشت حال انبیا — باکمال خوبی تحریر و تحقیق سخن
در شفاعت آرزو بودش بیانے ناگہان — رفت آن و اصل بحق پیش خدائے ذوالمنن
در ظہور آورد اکنون مقصد او این او — محسن من والد من کعبہ و ملجائے من
بارک اللہ معنی موزون کہ در مصر خیال — جان عشاق سخن یا یوسفے گل پیرہن
بر سر ہر صفحہ حرف از فیض ممدوح کریم — لالۂ اندر چمن یا نور شمعے در لگن
شوخی ہر مصرع رنگین فدائے شان خود — خوبی ہر لفظ می گردد بگرد خویشتن
بر سر میدان محشر آتشہ اندر پیش — در بہارستان رحمت سلسلے موجزن
از صفات او چہ گویم خوبتر فرمودہ است — حضرت والا برادر مولوی نور الحسن
دوش چون پرسید از من سال تاریخش پدرش — گفتمش نوشتے ز انوار کرامات حسن

۱۱ ھ ۱۲

رباعیات

غدر کے زمانے مین آگرہ سے مع عیال و اطفال کاکوری تشریف لیگئے وہ زمانہ بڑی مصیبت کا تھا عزت آبرو جان کے لالے پڑے تھے آگرہ کا مکان اسباب سے بھرا چھوڑ کر کاکوری پہونچے اُس زمانے مین یہ رباعیان اور یا حبیب اللہ خذ بیدے پر مصرعے لکھے تھے۔

مولا کی نوازش نہان کھلتی ہے
عزت مری پیش قدسیان کھلتی ہے
کہدو کہ ملک گوش برآواز رہین
مدّاحِ پیمبر کی زبان کھلتی ہے

ایضاً

مختار مہم زیر و بالا تو ہے
محبوب جناب حق تعالیٰ تو ہے
گرداب بلا مین ڈوبتا ہے محسن
اِس کشتی کا پار کرنیوالا تو ہے

ایضاً

چھانی ہر چند سب خدائی مین نے
اور طبع کی فکر آزمائی مین نے
اوج تنزیہ تک پہونچکر لیکن
تشبیہ اچھی تری نہ پائی مین نے

ایضاً

موّاجی طوفان بلا ہر سو ہے
اور قلب کو اضطراب ہر پہلو ہے
کردے بطفیل مصطفےٰ بیڑا پار
اِس کشتی کا ناخدا خدایا تو ہے

ایضاً

گو شبہہ و شک مری برائی مین نہین
پر نقص تری رہنمائی مین نہین
ہے کون پیمبری مین تجھ سے بہتر
مجھ سے بدتر اگر خدائی مین نہین

ایضاً

مجکو نہین چاہیے کسی کا سایہ — انسان کا ملک کا یا پری کا سایہ
سایہ نہ تھا جسکے تن اطہر کے لیے — میرے سر پر رہے اسی کا سایہ

ایضاً

بندہ کو نگاہ لطف مولا بس ہے — حضرتؐ کا مرے لیے وسیلا بس ہے
مین مشت غبار رہون سہارا مجکو — دامانِ رسولِ مصطفےٰ کا بس ہے

ایضاً

گھر بیٹھ رہون وہ کارخانہ ہی نہین — باہر نکلون تو وہ زمانہ ہی نہین
کیا دونون جہان مین اے خداے کریم — مداحِ پیمبر کا ٹھکانا ہی نہین

ایضاً

دنیا مین ہے بس مجھے بھروسا تیرا — کافی عقبےٰ مین ہے سہارا تیرا
دارین مین کعبۂ مقاصد ہے مجھے — اے قبلۂ عالم آستانا تیرا

ایضاً

حامی دارین مین ہمارا تو ہے — اللہ کے سامنے سہارا تو ہے
شمعِ سرِ کوہ طور و قندیلِ حرم — خورشید فلک عرش کا تارا تو ہی

ایضاً

کیون تیری طبیعت اتنی گھبراتی ہے — منزل مین نہین دیر ہوئی جاتی ہے
جب آئے مدینے مین تو بس آ ہو پہنچے — وہ سامنے جنت ہی نظر آتی ہے

ایضاً

جب مائل نعت طبع عالی ہو جائے — ظلمت مین نور کی تجلی ہو جائے
پروانہ ہو گر چراغ دہلی محسن — جگنو بھی شہاب سہروردی ہو جائے

ایضاً

کیون حشر مین انتشار بیجا ہوگا   سر پہ مرے داماںِ محمدؐ ہوگا
اُٹھون گا لحد سے جب مین انشاء اللہ   دل مین احد اور زبان پہ احمدؐ ہوگا

ایضاً

گو دشمن ہر جوان و پیرم گیرد   ہیہات کہ بیکسی ضمیرم گیرد
ہان پیر فلک عصا ز دست من گیر   دستِ من پیر دستگیرم گیرد

ایضاً

دشمن ہوے شیر دوست مجھسے چھوٹے   جز دامن غوث اپنے پرائے چھوٹے
یک در گیرم محبان و محکم گیرم   اچھا ہوا میرے سب وسیلے چھوٹے

ایضاً

محبوب خدا ہے زیر و بالا تو ہے   مقبول حبیب حق تعالیٰ تو ہے
کشتی مری طوفان مین ہے یا حضرت غوث   اِس بیڑے کا پار کرنے والا تو ہے

رباعیات مندرجہ ذیل زیور طبع سے آراستہ ہو چکی ہین

مولا مرے عقدہ ہاے مشکل وا کر   ہر غنچے کو باغ قطرے کو دریا کر
بد ہون یا نیک تیری اُمت مین ہون   محشر برپا ہے تو مجھے بر پا کر

ایضاً

یا رب آہ رسا مدینے پہونچے   ہر نالۂ دل مرا مدینے پہونچے
چہرے کا جو رنگ ناتوانی سے اُڑے   گرتا پڑتا ہوا مدینے پہونچے

ایضاً

اِک شان خدا ہے سید عالیجاہ   ملک قدم و حدوث کا شاہنشاہ
جس دل پہ کھلی حقیقت اُسکی محسن   بیساختہ بول اُٹھا کہ اللہ اللہ

ایضاً

سرسبز کن اے سید ابرار مرا — وہ رونق نخل گل بگلزار مرا
چون دانہ ہزار بار بروے زمین — گر چرخ بیفگند تو بردار مرا

ایضاً

یا رب بطفیل حسن آن شاہ زمن — میگردان ہر زبان من سود من
گر میسوزی چو شمع رخسار بسوز — ور میشکنی چو زلف مشکین بشکن

ایضاً

زان پیش بیا کہ من بخاک آمیزم — جان چون گہر سخن بپایت ریزم
در صفحۂ دیدہ و دلم اے محبوب — بنشین چو نام و چون نگین برخیزم

ایضاً

عقدے مشکل کے میرے مولا وا کر — ثابت قدم منزل استغنا کر
درماندہ ہون خستہ حال ہون بیکس ہون — سر پہ مرے ہاتھ رکھ مجھے برپا کر

ایضاً

رنگین تری بزم اے شہ خوشخو ہے — باقی تو ادا سی ہی عیان ہر سو ہے
تشبیہ کا پاتا ہون مرقع سنسان — تنزیہ کو دیکھا تو مقام ہو ہے

ایضاً

معراج کو جس وقت چلے خیر بشر — آیا یہ پیام ذوالجلال اکبر
جلد آ اے نور دیدۂ عالم قدس — اک چشم زدن مین ساتون پردے طے کر

ایضاً

ایمان کا غروب ہونے پر ماہ آیا — تب دہر مین وہ سید ذیجاہ آیا
جلدی ہوئی ایسی کچھ اس عالم تک — سایہ بھی حضور کے نہ ہمراہ آیا

ایضاً

گر نکتہ نوازی کا تری دھیان آئے
بخشش کا معما نظر آسان آئے
مداح کے یا رب عدد احمد ہون
جب روز حساب وقت میزان آئے

ایضاً

لے حُبِّ نبی کی میرے سینے مین رہے
اسکا ہی خیال مرنے جینے مین رہے
جب بند ہو آواز مرا دم ٹوٹے
آہنگِ حجاز ہو مدینے مین رہے

ایضاً

رہجاؤگے ہاتھ زندگی سے دھوکر
پچھتاؤگے اقربا تمھارے روکر
محسن کیا پوچھتے ہو چھوڑو گھربار
جنّت کو چلے چلو مدینے ہوکر

تضمین بطور مناجات

من پُر غفلتی و بیخردی — دشمن نفس در کمین بدی
تو مرا زور و حجت و سندی — تو مرا تاب و قوت و مددی
یا حبیب الاله خذ بیدی — مالعجزی سواک مستندی

خانه بگذاشتم برسوائی — نه عصا دارم و نه بینائی
شور فتیم بدشت پیمائی — انت یا سیدی و مولائی
یا حبیب الاله خذ بیدی — مالعجزی سواک مستندی

نه ز دنیا تمتعم نه ز دین — دشمن جانم آسمان زمین
دوستان خشمناک و چین بجبین — دشمنان بهر کشتنم بکمین
یا حبیب الاله خذ بیدی — مالعجزی سواک مستندی

خون صد آرزو بگردن من — خویش بیگانه دوست دشمن من
خانه زندان و راه رهزن من — ماندنم مشکل ست و رفتن من
یا حبیب الاله خذ بیدی — مالعجزی سواک مستندی

منم و رهزن و ره مخطور — دل بیمار خاطر رنجور
عالم بیکسی و منزل دور — شب دیجور چشم من بی نور
یا حبیب الاله خذ بیدی — مالعجزی سواک مستندی

بسکه بودم حریص فسق و فجور — گشته ناخوش ز من خدای غفور
هست اکنون شفاعت تو ضرور — آدم بر در تو از ره دور
یا حبیب الاله خذ بیدی — مالعجزی سواک مستندی

کار من ابتر ست ہر نفسے — دل پر از درد سر پر از ہوسے
بکسیم در جہان و نیست کسے — ہمدمے یا انیس در رسے
یا حبیب الاله خذ بیدی — ما لعجزی سواک مستندی

صبح من شام شد ز شامت من — ہست ہر روز من قیامت من
نشو تشفیع و لکن ملامت من — نیست جز بر درت سلامت من
یا حبیب الاله خذ بیدی — ما لعجزی سواک مستندی

سوے ملک حجاز م آہنگ ست — نام ہندوستان مرا ننگ ست
آستانت ہزار فرسنگ ست — دیده ام کور و پاے من لنگ ست
یا حبیب الاله خذ بیدی — ما لعجزی سواک مستندی

کفر ظلمت سرشت در طغیان — چار سوے سواد ہندستان
زور ظلم ست و قوت شیطان — خوف جان ست و خطرهٔ ایمان
یا حبیب الاله خذ بیدی — ما لعجزی سواک مستندی

تشنهٔ خون من جفا کارے — دشمنم ظالم ستمگارے
من و در حال خود گرفتارے — نه مرا مونسے نه غمخوارے
یا حبیب الاله خذ بیدی — ما لعجزی سواک مستندی

کشتیم تہ نشین چو دیدهٔ تر — گشته ملاح و ناخدا مضطر
بحر پر جوش و جوش پر ز خطر — سر ز سامان گذشت و آب از سر
یا حبیب الاله خذ بیدی — ما لعجزی سواک مستندی

رفت تاب از تن و دل از بر من — آب چشم گذشت از سر من
راه گم کرد خضر رہبر من — نه کسے یار من نه یاور من
یا حبیب الاله خذ بیدی — ما لعجزی سواک مستندی

زخم از دل گذشت و دل ز قرار　　خار از پاے و پایم از رفتار
رفت هوشش از سر و سر از دستار　　کار از دست و دست من از کار
یا حبیب الاله خذ بیدی　　ما لعجزی سواک مستندی

کشتی من شکست و لنگر او　　غرق شد ناخداے رهبر او
بحر و هر لحظه جوشش دیگر او　　من بیدست و پا شناور او
یا حبیب الاله خذ بیدی　　ما لعجزی سواک مستندی

کاروان رفت من پریشانم　　دیده بر نقش پاے یارانم
ذرهٔ دشت و گرد میدانم　　راه گم کرده در بیابانم
یا حبیب الاله خذ بیدی　　ما لعجزی سواک مستندی

ظلمت دهر چون صفِ مژگان　　ذر چون چشم سرگین بیابان
لِمَنِ الملک گفته را بزبان　　این مناجات بر لب ایمان
یا حبیب الاله خذ بیدی　　ما لعجزی سواک مستندی

روح از تن جدا و تن ز توان　　سینه پر یاس و یاس بے پایان
جانِ من بر لب ست و لب بفغان　　دل پر از درد و درد بے درمان
یا حبیب الاله خذ بیدی　　ما لعجزی سواک مستندی

ناکسان بے سبب مرا دشمن [1]　　همه خود آشنا خدا دشمن
دوستان سنگدل و فا دشمن　　جمله محسن کش آشنا دشمن
یا حبیب الاله خذ بیدی　　ما لعجزی سواک مستندی

---

[1] خدا دشمن ترکیب مقلوب یعنی دشمن خدا۔

غزلیات

ابتدائی غزلین کہین جمع نہین ہوئین مولوی محمد احسن مرحوم کی بیاض مین جو غزلین او راشعار ملے وہ درج کیے جاتے ہین۔

ہے عیان جلوہ بتون مین بھی خدا کے نور کا — زاہد آنکھون مین لگائے سرمہ سنگ طور کا
سر جھکائے ہم ہین وہ تلوار کو کھینچے ہوے — یہ نیاز عاجز اور وہ ناز ہے مغرور کا
مغبچون کی کتنی خاطر کی خدا نے حشر مین — جرم ٹھہرا ٹوٹ جانا شیشۂ انگور کا
جب اٹھائین اسقدر دورِ فلک کی سختیان — حوصلہ پھر ہو محسن دل سے چکنا چور کا

دیگر

نجات ہے پیمبر کی آبرو سے ہو — نماز صبح قیامت اسی وضو سے ہو
تلاش کرتے ہو کیون حسن پاک کی تشبیہ — پڑھو نہ سورۂ یوسف اگر وضو سے ہو
زہے حیات کہ ہم معنے فنا فی اللہ [۵۱] — زہے وفات کہ تاریخ لفظ ہو سے ہو
کہو کہ قدسیون کی بزم پاک مین محسن — پڑھے یہ نظم عطارد اگر وضو سے ہو

دیگر

خیال یار رہے دل اگر نہو نہ سہی — نہ جائے زلف کا سودا جو سر نہو نہ سہی
نبی کے صدقہ مین محسن ملے قصور مین حور — ہمارے عیب غضب مین ہنر نہو نہ سہی

دیگر

آنکھ پر ٹھہری نظر مائل ابرو ہو کر [۵۲] — ہم پھرے کعبہ سے اے قبلہ تو ہندو ہو کر

---

۵۱ سنہ ۱۱ ہجری مین وفات حضرت سرورِ کائنات صلعم کی ہوئی۔
۵۲ شعرا نے چشم کو ہندو اور ابرو کو کعبہ سے تشبیہ دی ہے۔

شب کو یہ جذب محبت کا تماشہ دیکھا ۔ شمع پروانہ کے ساتھ اُڑ گئی جگنو ہو کر
دیکھکر آنکھونکو بھرتا ہون مین دم زلفونکا ۔ کاٹے کو سون گئین آہین مری آہو ہو کر
روکے دھو ڈالیے سب نامۂ اعمال اپنا ۔ چشم رحمت مین گزر جیسے آنسو ہو کر
تالیان کسنے دم رقص بجائین محسن ۔ زہرۂ چرخ گری فرش پہ جگنو ہو کر

دیگر

مبارک سکشو کس دھوم سے شورش ہی بادل کی ۔ خدا حافظ ہی توبہ کا صراحی بیطرح چھلکی
بھلا محسن ہمارا درد سر ہونا نہو کیونکر ۔ کہ آج اغیار کے ہاتھون سی بو آتی ہی صندل کی

دیگر

ہم اب زندگی سے گھاٹ پر تلوار کے اُترے ۔ حباب آسا ہمین کشتی ملی ہی وہ بھی پانی کی
جو منہ دیکھی ہوئی کہتے تھے منہ تکنے لگے میرا ۔ جو مین نے اُنکے منہ پر گفتگو کی بیدہانی کی
کہا قاصد سے کہدینا نہ لکھین خط کبھی ہرگز ۔ بحمد اللہ کہ مکلی اسم بیغام زبانی کی
سنا ہی محتسب بھی تاک مین ہی دختر رز کی ۔ الٰہی رکھلے تو حرمت شراب ارغوانی کی

دیگر

کھولی گرہ جبین کی نہ ابروے یار نے ۔ مشکل کشائی چھوڑ دی اب ذوالفقار نے
معدوم محض تھا کمر یار کا نشان ۔ موہوم کر دیا مرے اشکونکے تار نے
جیتے تو ہٹتے پاؤن نہ بتخانے سے مگر ۔ دھوکا دیا زمانۂ ناپائدار نے

دیگر

رو برو جسکے تو آئے اُسے سکتا ہو جائے ۔ نقش دیوار ترا آئینہ خانا ہو جائے
اے بُتو مجھسے نہ بگڑو جو خدا بنتے ہو ۔ کہین بندا بھی نہ اللہ کا بندا ہو جائے
کون نظرون مین سمایا کہ مرا مردم چشم ۔ سب حسینونسے یہ کہتا ہی کہ پردا ہو جائے
خواب مین مجکو ملی دولت بیدار وصال ۔ آج اکسیر الٰہی مرا سونا ہو جائے

نہ کہو مجھ سے وہ آتے ہین عیادت کیلیے
دل بیمار نہ اس دھوکے مین اچھا ہوجائے

رات ابھی دوڑتی آئے جو کرو وعدۂ وصل
کہیے تو چار گھڑی دن سے اندھیرا ہوجائے

دیگر

نہ لگے تجکو نظر اے قد رعنا والے
بے طرح گھورتے ہین عالم بالا والے

تجھپہ کرتے ہین فدا دین کو دنیا والے
صدق دل سے کلمہ پڑھتے ہین مولا والے

تجھپہ غش کرتے ہین ہزارون رخ زیبا والے
نئے جنجال مین ہین زلف چلیپا والے

ابھی دیکھے ہی نہین قامت رعنا والے
بہت اونچے نہ بڑھین سدرہ و طوبے والے

دل بیمار کوئی دم مین فنا ہوتا ہے
میرے پہلو سے نہ اٹھین دم عیسے والے

دام مین یار کے مین دیدہ و دانستہ پھنسا
مجکو نادان نہ سمجھین دل دانا والے

قطرہ قطرہ مین مرے اشک کی موجی ہے
مجھسے کیا آنکھ ملائین لب دریا والے

ہر قدم پر رہ الفت مین اندھیرا گھپ ہے
ہاتھ مین چاہیئے مشعل ید بیضا والے

عشق بے پردہ محبت سے دکھاتا ہے چراغ
راہ بھولین نہ کہین وادی موسے والے

یار کی باغ مین آمد ہے گھٹا چھائی ہے
کہو تیار رہین ساغر و مینا والے

میکدے بستے رہین پیر مغان کی ہو خیر
یارب آباد رہین ساغر و مینا والے

مے سے کیون پیر مغان بوئے ریا آتی ہے
معتکف کیا ہوے میخانہ مین تقوی والے

سوچتے سوچتے جب وصف دہن تک پہونچی
چیستان کہنے لگے فکر سراپا والے

مال کیا چیز ہے تیری تو خریداری مین
جان دینگے سر بازار زلیخا والے

بے زبان بھیجے جو بھیجے کبھی تم نے قاصد
خط لکھائے تو بلا کر خط طغرا والے

دوستو میکدہ مجھ سے بڑی ساعت چھوٹا
حشر مین بھی نہ ملے ساغر و مینا والے

آپ کیون حشر مین پھرتے ہین بھٹکتے محسن
چلیے بیٹھے ہین جہان قرب بطحا والے

دیگر

خدا نے تل کیا پیدا لب رنگین جانان پر
تو گویا تل چھڑکا آتش لعل بدخشان پر

بہار آئی ہی رنگینی برستی ہی گلستان پر
رکھا کیون غنچو دیوان حافظا طاق نسیان پر

ہم آخر جان دے بیٹھے لب جانبخش جانان پر
ہمارا مردہ دیکھو تیرتا ہے آب حیوان پر

برو ز امتحان کیا دیکھیے آفت برستی ہے
غضب کا ابر اٹھا ہی آپکی شمشیر بران پر

سبت کی دوڑ دھوپ آخر کو فیض ناتوانی سی
چڑھا محسن مین سایہ بنکے بام قصر جانان پر

دیگر

اک آفت جان تری ادا ہی
عاشق کو قضا کا سامنا ہے

بادل ہر سو گرج رہا ہے
طوطی ستون کا بولتا ہے

مژگان صنم کا دھیان کیا ہی
دل مین کانٹا کھٹک رہا ہے

صاحب غیرون سے جی خفا ہی
اور کیا مجھے آپ سے گلا ہے

فرہاد نہ پوچھ سختی ہجر
دن آج پہاڑ سا کٹا ہے

لیلی کو پکارتا ہے بن مین
مجنون تجھے کیا جنون ہوا ہے

ہون محو خیال قامت یار
کیا اپنا بلند حوصلا ہے

دل نے ترے نقطہ دہن کو
جب سے دیکھا ہی مٹ گیا ہے

شکل تصویر ہی جو خاموش
کچھ آج بھی وہ کھنچا ہوا ہے

اک آن ہو جسمین وہ حسین ہی
یوسف ہونے کی قید کیا ہے

دامن سے وہ پونچھتا ہی آنسو
رونے کا کچھ آج ہی مزا ہے

محسن کو واعظو نہ چھیڑو
اچھا ہے جو کچھ برا بھلا ہے

دیگر

دشمن و دوست پہ شمشیر جفا چلتی ہی
آج کچھ اور ہی مقتل مین ہوا چلتی ہی

گل و بلبل کو لیے ساتھ صبا چلتی ہی
کچھ عجب رنگ کی گلشن مین ہوا چلتی ہی

نوک مژگان کے تصور نے یہ کانٹے بوئے
کہ چھری آج میان شہدا چلتی ہی

جھلملاتی نظر آتی ہے مجھے شمع حیات
صبح پیری ہی عیان باد فنا چلتی ہی

اے مسیحا ترے بیمار کی یہ حالت ہی
نہ دوا چلتی ہی اسیر نہ دُعا چلتی ہی

حشر مین آئے عبث چھوڑ کے تہ خانۂ قبر
کیا خبر تھی کہ ابھی گرم ہوا چلتی ہی

کیون نکلتے ہو ابھی کنج لحد سے محسن
حشر کا دن ہی بہت گرم ہوا چلتی ہی

دیگر

مرتے دم تک انتظار دلبر رعنا رہا
دیر تک آنکھون مین وقت نزع دم اٹکا رہا

اے فلک ہم نے تجھے تھا استون آہ پر
پر ہمیشہ سے ترا محسن کشی شیوا رہا

دیگر

کرشمہ خون بہا ٹھہرا شہید ناز ابرو کا
یہ مضمون ہی برات عاشقان بر شاخ آہو کا

تماشا اُسکے چہرے مین ہی چشم و خال ابرو کا
حرم مین ہی مکان صیاد کا کعبہ مین ہندو کا

مسلمان ہون قسم کھاتا ہون چشم روئے جانان کی
کہ قرآن مین لکھا دیکھا ہی مینے حرف جادو کا

گلے تک سیل اشک آکر رہین آخر کو ئے ڈوبا
چڑھانا دوش پر لازم نہ تھا اس طفل بد خو کا

شرار آتش دوزخ سے کیا کھٹکا مجھے محسن
ہی نقش مصحف روئے صنم تعویذ بازو کا

دیگر

کسی کو منزل دلبر کا راستانہ ملا
ہزارون کھو گئے اس راہ مین پتا نہ ملا

عمل ہزارون پڑھے نقش سیکڑون لکھے
کوئی بھی یار کے ملنے کا ٹوٹکا نہ ملا

نہ دین کے ہوئے محسن ہم اور دنیا کے
بتون سے ہم نہ ملے اور ہمین خدا نہ ملا

دیگر

کھُلے تھے لب نہ ابھی نالہ و فغان کیلیے
کہ مانگی خیر فرشتون نے آسمان کیلیے

فلک سے گزری گئی سیر لامکان کیلیے
اب آگے جاتی ہی آہ رسا کہان کیلیے

کھلے نہ بھتے لب بلبل ابھی فغان کیلیے
کہ سر جھکانے لگی شاخ گل خزان کیلیے

صنم کدہ سے اُٹھوں زاہد و جنان کیلیے
کہان سے مجکو اُٹھاتے ہو تم کہان کیلیے

تڑپ تڑپ کے تو پہونچا ہون کوی لب تک
یہان سے اے طپش دل اُٹھون کہان کیلیے

سواد نجد نہ صحرائے بیستون چھوڑا
ہمارے شوق نے بھٹکے کہان کہان کیلیے

شب فراق نہ ہو روز انتظار نہ ہو
تو ہم بھی فکر کرین عمر جاودان کیلیے

قفس مین بیٹھے یہ سوجھی کہ آتش دل سے
لیے چلو کوئی چنگاری آشیان کیلیے

قضا نے کس لیے فرہاد و قیس کو چھیڑا
مجھی کو پہلے بلانا تھا امتحان کیلیے

ہی جی مین لکھیے وہ افشان یار کی تعریف
نہ چھوڑیے کوئی مضمون کہکشان کیلیے

بہار آئی یہ نشو و نما کا عالم ہی
کہ بلبلون نے سبق گل سی گلستان کیلیے

غزل سرائی رندانہ ہو چکی یار و
کھلین گے لب مرے اب دلربا بیان کیلیے

ازل مین جب ہوئین تقسیم نعمتین محسن
کلام نعتیہ رکھا مری زبان کیلیے

غزل نعت

سخن کو رتبہ ملا ہی مری زبان کیلیے
زبان ملی ہی مجھے نعت کے بیان کیلیے

زمین بنائی گئی کسکی آستان کیلیے
کہ لامکان بھی اُٹھا سر قدمکان کیلیے

ترے زمانے کے باعث زمین کی رونق
ملا زمین کو رتبہ ترے زمان کیلیے

ازل مین چُن لیے خالق نے رنگ رنگ دو دو
بجائے لعل و گہر تیرے ارمغان کیلیے

کمال اپنا دیا تیرے بدر عارض کو
کلام اپنا اُتارا تری زبان کیلیے

اُٹھائے آپ کی شاہنشہی کا بار شکوہ
یہ ظرف الٰہی زمان کے لیے مکان کیلیے

تو مصر منزل مقصد کا سعد اکبر ہے
جو مشتری مہ کنعان تھا کاروان کیلیے

نکالے ڈوبے ہوے بیڑے دین کے اور نوح
تجھے ناخدا فقط اک کشتی روان کیلیے

لکھا قلم نے یہ پڑھکر درود کرسی پہ
بچھی ہے یہ کسی خوانندہ میہمان کیلیے

بنی ہی نار ترے دشمنون کے جلنے کو
بہشت وقف ترے عیش جاودان کیلیے

جھک گئی ترے یاروں سے منزلِ توحید
یہ چار اسکے بنائے ہیں لامکان کیلیے

احد کے پہلو میں کیا کہ رہا ہی نقطۂ میم
بلا و قدسیونکو حلّ چیستان کیلیے

دکھائی خامۂ تسخیر یہ حق نے تیری شبیہ
جو بے نشانونکو خواہش ہوئی نشان کیلیے

تھی خوش نصیبی عرش بریں شب معراج
کہ لینے سر پہ قدم شاہ مرسلان کیلیے

ہزار رشک کرے لیکن ایسی وقعت کی
تھی سرنوشت کہان فرق فرقدان کیلیے

نہ دی کبھی ترے عارض کو مہر سے تشبیہ
رہا یہ داغ قیامت تک آسمان کیلیے

سوا اسے آئینۂ جلوۂ شہ لولاک
نہ تھا محل کوئی تصویر کن فکان کیلیے

نہ تھا بجز قدِ بالا سے سروِ عالم
جو کوئی تیر تھا قوسین کی کمان کیلیے

نزول نغمۂ پاکیزۂ کلام مجید
ترے عروج ترے عہد کے بیان کیلیے

عجب نہیں جو کہے تیری فرش کو کوئی عرش
کہ لامکان کا شرف ہی ترے مکان کیلیے

ترا ظہور ہوا جب قریب بو لا لعصر
حمل میں آیا ہی سورج مری خزان کیلیے

بہار بڑھ گئی حضرت کے جان نثارونے
اسی چمن سے قلم لیگئی جنان کیلیے

کریگا کیا تری توصیف کلک منشی چرخ
زبان چاہیے منہ چاہیے بیان کیلیے

خدا کے سامنے محسن پڑھیگا وصف نبی
سجے ہیں جھاڑ یہ باتونکے لامکان کیلیے

دیگر

حالت نہ پوچھیے مرے شیب و شباب کی
دو کروٹیں تھیں عالم غفلت کے خواب کی

روے عرق فشان پہ ہی سرخی شراب کی
شبنم سے ہی لگی ہوئی لو آفتاب کی

تار نفس نے دین خبرین اضطراب کی
اللہ خیر ہو دل خانہ خراب کی

شرم گناہ شکل مٹا دے عذاب کی
اے طفل اشک دھو مری فرد حساب کی

بربادگی امنگ ہمارے شباب کی
مٹی خراب کی دل خانہ خراب کی

ہونے نہ پائی خشک کبھی تردامنی مری
محشر میں دھوپ ڈھلنے لگی آفتاب کی

دفتر کھلا جو میرے گناہوں کا صبحدم　　دیکھا تو شام ہوگئی روز حساب کی

آنکھ کبھی خیال ہو میرا یہ وہم ہے　　جاگیں مرے نصیب یہ باتیں ہیں خواب کی

دم توڑنے لگا جو ترا مست چشم ناز　　رضوان نے روح پھونکنے بھیجی شراب کی

میدان حشر میں پئے رندان تشنہ کام　　پیر مغاں سبیل لگا دے شراب کی

دیکھے گئے جو میرے گناہان بیحساب　　بخشش مرے خدا نے مری بیحساب کی

تیر مژہ کو تو لے رہیں مردمان چشم　　کہدو کماں ہے دل خانہ خراب کی

حالت تباہ کسکی ہے دور حضور میں　　ایمان کی عقل کی دل خانہ خراب کی

دین سے مٹا دیا مجھے دنیا سے کھو دیا　　ہیں سب خرابیاں دل خانہ خراب کی

کیوں تمنے ابتدا میں غضب کی لگاوٹیں　　عادت خراب کی دل خانہ خراب کی

ہے بھول کسکی عشق میں از خود فراموشی　　یاد بخیر اس دل خانہ خراب کی

دھبا لگا کفن کو مرے جسم زار سے　　گاڑا مجھے زمین کی مٹی خراب کی

کیا قہر ہے چھڑا کے گلستان میکدہ　　لائے بہشت میں مری مٹی خراب کی

رسوا کیا مرا غم دل فاش کر دیا　　طوفان اشک نے مری مٹی خراب کی

اے یار تو نے بزم میں غیروں کے سامنے　　چھینٹے نہیں دیئے مری مٹی خراب کی

پھرتا رہا جو ناقۂ لیلیٰ ادھر ادھر　　دشت جنوں میں قیس کی مٹی خراب کی

سرخی کٹا کے خون شہیدان عشق کی　　اے آسمان زمین کی مٹی خراب کی

مضمون نعت میں پڑھو محسن کوئی غزل　　کیوں گلزمین شعر کی مٹی خراب کی

اُٹھتی ہے لامکان سے جو چلمن حجاب کی　　آمد ہے کس پیمبر عالی جناب کی

مصحف کا ایک صفحہ جبین ہے جناب کی　　تقریظ حق نے لکھی ہے اپنی کتاب کی

یا ایہا النبی علی وجہک السلام　　سرخی کتاب دین میں ہے ہر ایک باب کی

چلنے لگی ہوائے شفاعت جو تیز تیز　　آتش نہ کیوں کہے مری مٹی خراب کی

ارواح انبیا کو وہ نسبت ہی تیرے ساتھ ۔ جو نسبت آفتاب سی ہی ماہتاب کی
وہ آنکھ پھوٹے جسکو دکھائی نہ دے خدا ۔ جب یاد آئے سرورِ عالی جناب کی
جسمین نہو محبت محبوب حق کا گھر ۔ مٹی خراب اُس دل خانہ خراب کی
پہونچے فلک پہ تیرے قدم کے مٹے ہوے ۔ ذرّون کو لے اڑی ہی ہوا آفتاب کی
بالاے ہفت چرخ ہے محبوب حق کا نور ۔ ہر لامکان مین دھوپ اسی آفتاب کی
تا حشر تیری مدح سے ہو میری آبرو ۔ اشراق اسی وضو سی ہو روزِ حساب کی
مقصودِ آفرینش محبوب کبریا ۔ کیا بات ہی جنابِ رسالت مآب کی
پہلے پڑھا سوال نکیرین سے درود ۔ کیا بات ہی مرے دلِ خانہ خراب کی
یارب ہو خاتمہ مرا حضرت کے نام پر ۔ بس یہ اخیر فصل ہی میری کتاب کی
محسن کی التجا ہی فنا فی الرسول ہو ۔ اے بحرِ فیض لے خبر اپنے حباب کی

دیگر

دوڑی ہے کسی جلوہ گہ ناز و ادا مین ۔ ملنے کی سکت اب نہین باقی ہی قضا مین
شیشے سے نکل رند مے آشام ہین بیچین ۔ غمزے نہ کرا ے دخترِ رز ایسی گھٹا مین
گل سنتے ہین گلزار مین آمد جو خزان کی ۔ کیا چھینپتے ہوے پھرتے ہین دامان صبا مین
شرمائی ہوئی آنکھ کی چتون ہی قیامت ۔ شوخی بھی کی جھلک پھر ہی انداز حیا مین
محشر مین دلِ غمزدہ کی قدر کھلے گی ۔ اِس مال کے دام اٹھین گے بازارِ جزا مین
اے شوق سنبھل چوٹ چلا چاہتی ہی اب ۔ میرے دلِ پُرخون مین ترے رنگِ حنا مین
محسن شب معراج یہ کہتے تھے فرشتے ۔ کیا راز و نیاز آج ہی بندہ مین خدا مین

دیگر

کیا خزان ہی گلشن امید پہ چھائی ہوئی ۔ نرگس چشم تصور تک ہی کمھلائی ہوئی
ہون وہ افسردہ کسی گل پیرہن کی ہجر مین ۔ پھر دامن تک کی کلیان بھی ہین مرجھائی ہوئی

یار کے کیف خماری نے کیا مستونکو چور — ساغر مے وہ جا ہی خم وہ انگڑائی ہوئی
سادگی کی قدر کچھ عہد جوانی نے نہ کی — جو امنگ آئی طرفدار خود آرائی ہوئی
رفتہ رفتہ یہ بڑھا ہی اسکو عاشق سی حجاب — یاد بھی اب دلمین آتی ہی تو شرمائی ہوئی
جانکر کشتہ مجھے اس شرمگین کی شرم کا — تیغ بھی چلتی ہی گردن پر تو شرمائی ہوئی
اس غزل کہنے مین ہی تعمیل ارشاد امیر — بعد مدت آج محسن خامہ فرسائی ہوئی

نظم دل افروز

ہی منزل اک مہ کنعان کی قلب زار و مضطر مین — یہ مہمان عزیز اترا ہی کس اجڑے ہوے گھر مین
نہ کوئی پوچھتا ہی اور نہ ذکر اسکا ہی دفتر مین — بڑا دیوانہ ہی محسن کہان آیا ہی محشر مین
نئی الفت کا میٹھا درد ہو تقسیم اعضا مین — کہ بسم اللہ طفل اشک کی ہی دیدۂ تر مین
وصال و ہجر مین ہی بیقراری ایک حالت پر — نہین کیا اک گھڑی کا چین بھی میرے مقدر مین
خدا کے واسطے اے قیس کیون مجکو ستاتا ہی — نہ کہنا تھا کہ ہی کچھ کچھ مروت میرے دلبر مین
شب ہجران الٰہی آج بھی کیا طے نہین ہوگی — اندھیرا جھک گیا وقت نماز صبح محشر مین
جگہ دے مجکو میرے دلربا کے غنچۂ دلمین — بہار ابکی برس رکھے مجھے زندان دیگر مین
تہ شمشیر ابرو بلبلون نے سر جھکائے ہین — ہماری بندگی کا سجدہ ہی محراب دیگر مین
کھبی ہی شکل موزون تیری ہر آئینۂ دلمین — ہر اک مصرع ترے قد کا ہزارون بحر کی بر مین
اچٹنا خواب غفلت کا ہی آسان پر یہ مشکل ہی — کہ رحمت کا بھروسہ مجکو چھینٹے دے نہ محشر مین
عوض مین غمزے کے دنیا کرشمے کے عوض عقبیٰ — لگا ہی ٹھیک ابکی نرخنامہ یار کے در مین
ہی جی مین اس غزل کی بحر مین بھر دیجیے گوہر — کہ تا ب جلوۂ حسن بتان ہو آب دیگر مین
زمین شعر پر اعلیٰ مضامین عرش اعظم سے — چلے آتے ہین شوق وصف نعت پیمبر مین
حسد کیون لامکان پرنازی افکار محسن کا — کسی دن معرکہ ہوگا عطارد مین سخنور مین

ہوا عالم معنبر صبح میلاد پیمبر مین — بسا ہی نالۂ جانسوز بلبل تک گل تر مین

بہار آئی ہی شب بسکر دیار خلد و کوثر مین — ابد تک اب خزان سوتی رہی پھولونکی چادر مین

بھری ہی شوکت شاہنشہی اللہ اکبر مین — اذان کی گونج نوبت بج رہی ہی ہفت کشور مین

نبوت کا تجمل اصطفا کی مسند آرائی — فلک کی ہفت اقلیم اور زمین کے ہفت کشور مین

شجاعت کا صلحنامہ نہان ہر جوشن بر مین — سخاوت کا خزانہ ہر نگاہ بندہ پرور مین

سیان بر شمشیر ہلالی اسقدر چمکی — کہ ابتک چاندنی پھیلی ہوئی ہی ہفت کشور مین

ہوا ہی اللہ اللہ مطلع انوار محبوبی — شرف کی پہلی منزل تھی بنی ہاشم کے اختر مین

بھرا علم لدنی حق نے سینے کے سفینے مین — کہ لہرین لے رہی ہی بحر مواج آپ کی بر مین

عیان فرما کے نور علمک مالم تکن تعلم — کلام پاک کے تارے اُتارے قلب انور مین

عبادت پھولتی پھلتی ہی ذات مقدس سے — ریاضت باغ باغ آکر ہوئی پاکیزہ پیکر مین

طواف اپنا کرے کعبہ یقین ہی اس سعادت سے — کہ خطبہ تھا شہ کونین کا تقدیر منبر مین

نگاہین مہر طلعت کے مقابل خیرہ ہو جاتین — شب معراج اگر کاجل نہوتی چشم اختر مین

پڑھا ہاتف نے بسم اللہ سبحان الذی اسریٰ — جب آیا خانۂ زین براق برق پیکر مین

فلک نے آبرو پائی جو چتر فرق عالی کی — دُر شہوار انجم ہو گئے داخل نچھاور مین

باستقبال آیا مرحبا ے آدم و عیسےٰ — جو پہونچا خدمت الا پدر عالی برادر مین

ید بیضا چراغ طور سے روشن کیے دستی [1] — کہ سجدے مین جھکا ہوگا اندھیرا راستہ بھر مین

دعا یوسف کی لے ہر دل عزیز انجم بقربانت — لسے ہی پیراہن محبوبی خالق تری بر مین

قلم ادریس کا مدحت نگار خلعت قدسی — کہ ساتون پاے چھٹک آئے اُسکے جسم اطہر مین

ملے شکریہ مین اس بت شکن کو خوان صد نعمت — یہ مہمانی ہوئی باغ خلیل ابن آزر مین

جوان ہاشمی کس شان سے بالاے عرش آیا — کہ آئی ہفت پشت آسمان پیر چکر مین

[1] دستی مشعل کو کہتے ہین۔

وہ دن جلد آئے یارب جب ہون پیش اعمال امت کے
قریب عرش کرسی ہو تری دربار داور مین

گنہگاران امت کی صفائی کی شہادت کو
تری چشم عنایت مہر ہو ہر ایک محضر مین

کہا پیر پہلے پوچھے جائین جب سرکار محشر مین
ندامت سے صغائر منہ چھپالین اپنا مشتر مین

معافی کی ملے جاگیر مجکو ایسی حالت مین
کہ دیگر عرضیان بے حکم کے داخل ہون دفتر مین

عجب کیا گر کہین حضرت نے امت کی حفاظت کا
مچلکہ لیلیا دو نخ کے کارندونسے محشر مین

کراما کاتبین امید تشریف شفاعت مین
کہین لکھدین نہ نام اپنا گنہگارونکے دفتر مین

غرض ہر جا شفیع و رحمۃ للعالمین تو ہے
زمین مین آسمان مین جنت الماوی مین محشر مین

نہین ممکن کبھی تیرے مدائح سو مین دس لکھنا
جو کلک دو زبان ہی وہ بان دست سخنور مین

وہ تیری مدح بس ہی جو لکھی خامہ نے قدرت کے
نبوت کے صحائف مین خداوندی کے دفتر مین

سخن یارب مرے دلکی تڑپ کے ساتھ حاضر ہو
سند لینے کو سرکار قبول خاص داور مین

رہی پہنے ہوے قرآن کا جامہ سخن میرا
کوئی حرف غلط آئے نہ سہو اسکے دفتر مین

لکھے کلک رضا سے کاتب اعمال نقل اسکی
مرے انفاس کا ڈورا لگا کر اسنے مسطر مین

یہ نعت تازہ سنکر عندلیب شاخ طوبی تک
کہے کیا خوب طوطی بولتا ہی باغ سرور مین

اسی در کی گدائی سد اسکندر ہو ہمت کو
نہ جاؤن مین کبھی دربار کسری مین نہ قیصر مین

سمایا ہو خیال دلربا ہر لحظہ و ہر دم
کہ میری جان آنکھونسے چلے اللہ کے گھر مین

نکیر و منکر آئین قبر مین میری یہی کہتے
کہ سو آرام سے یاد خدا حب پیمبر مین

لگادین خاک پا ممدوح کی مداح کے منہ مین
تیمم کر کے داخل ہون نماز صبح محشر مین

سفارش نامہ ہو مولا کا اس دست شکستہ مین
پکارین جب مجھے سرکار عالیجاہ داور مین

درود غیر محدود آپ کی روح معظم پر
تسلسل رشتہ ہی جب تک ابد کے سلک گوہر مین

سلام غیر محدود آل و اصحاب مکرم پر
دوام عیش ہی جبتک بہشت روح پرور مین

فلک کو عرش پر تھا ناز تقدیم قدمبوسی
مگر دیکھا تو کعبہ جھپ چکا تھا پہلے منبر مین

کلید باب جنت نذر کی سلطان عالم کے — مسہری پھولونکی مہکا کیے رضوان تیرے گھر مین
نہ کیون حد ادب پر ختم ہو جبریل کی عرضی — کہ شمع قرب نے تاثیر کی پروانہ کے پر مین
بقرب قاب قوسین آپ پہونچے تو نہ تھا باقی — پر یک تیر کا بلہ کمانکش اور کمانگر مین
تعجب کیا معما کھل گیا گر میم احمد کا — کہ ہے نیرنگ بیرنگی ہمیشہ رنگ دیگر مین
خدا کا نام حق ہی مصطفے کا نام بھی حق ہی — نہان سر حقیقت ہی مجاز ذات اطہر مین
گھر اسکا کعبہ اور اللہ اسکے کعبۂ دل مین — خدا ہی اسکے گھر مین اور وہ خدا پاک کے گھر مین
پڑھون اک قطعہ پر نور جسکا مطلع روشن — لکھین لوح بیاض آفتاب صبح محشر مین
اٹھینگی انگلیان کلمے کی تیری سمت محشر مین — ق — جو یون چھینکے ہی کسکا دخل آج اللہ کے گھر مین
ترا اسم گرامی زیر بسم اللہ عنوان مین — ازل کے ہر صحیفے مین ابد کے ہر جسٹر مین
ترے انوار کا پرتو مہ کنعان کے نقشہ مین — تن بے سایہ کی تصویر عکسی مہر خاور مین
حسب مین اور نسب مین اور شرافت اور کرامت مین — نہ تیرا مثل مظہر مین نہ تیرا مثل مضمر مین
دل بیدار کا مانند ظاہر مین نہ باطن مین — ضمیر پاک کا ثانی نہ مظہر مین نہ مضمر مین
ترے ہی نور سے نکلے زمین و آسمان بیشک — نہان تھے ماضی و مستقبل و حال ایک مصدر مین
دم شمشیر موسی تیرے اصحاب مکرم مین — کمال آل ابراہیم تیری آل اطہر مین
وفا و ہیبت ہارون ہی عباس رض و حمزہ رض مین — جلال تیغ یوشع رض تیغ سلمان رض و ابوذر مین
تری نسبت سی حسن یوسفی و صبر ایوب ع — گل اندامان جنت سبط اکبر سبط اصغر مین
رہ جنت ملی ہی آکے تیرے آستانے سے — شمیم خلد کوچہ کی نسیم روح پرور مین
تو وہ کوکب ہے جسکا لامکان تک نور پھیلا ہے — نہین ہی اس شرف کا کوئی تارا آسمان بھر مین
نہین ہی اور نہوگی اور کے طالع مین قسمت مین — جو تیری منزلت جو قدر ہی سرکار داور مین

انیس آخرت

ازل سے عشق حسن بے نشاں کے روئے تاباں کا — لیے صد فتنۂ محشر ہوا مہمان دل و جان کا
منادی ہو گئی ناگا کھلا ہے شہر جانان کا — مگر جو آئے اک چھاپا یہ لیے خون رگ جان کا
یہ وہ مقتل ہے جسمین اہل دل مرتے ہین مرنے پر — نکلنا جان ہی ہے کا ہے نکلنا پورے ارمان کا
نمک پرورد ہے ہر زخم دل ذوق شہادت کا — کہو چھیڑے نہ شور حشر ذکر اپنے نمکدان کا
خداوندا بڑھے اس سرزمین کی ہر قدم دولت — خزانہ ہو ہر اک ویرانہ مین گنج شہیدان کا
مشیر خاص شاہ عشق کا ہے درد بے درمان — رواں ہے سکۂ قلب بیقرار و چشم گریان کا
نظامت مین نظام الملک دولت ہے ناکامی — دبیر الدولہ اسکے خاصہ مین داغ حرمان کا
ہزاروں مثل قیس و کوہکن ہین سرکشت حاضر — اجارہ کیا انھین دو کو بلا کوہ و بیابان کا
دل پر سوز بسمل شمع ہے دیوان والا کی — کنول خوشرنگ بزم مین ہے خون شہیدان کا
کرامت آپکی لطف و نوازش کی ہے زہر ملی — زمرد ہے نگینہ خاتم دست سلیمان کا
ہے ہو حق عاشقوں کے بوسے پر آہ و زاری کا — نہین نالون سے خالی کوئی گوشہ اس نیستان کا
نہین آسان اٹھانا عشق کی چوٹین دل و جان پر — کلیجا ہاتھ بھر کا لائے جو ہو مرد میدان کا
ہے ادنی کام دل کے ٹکڑے کرنا کاوش غم سے — لٹانا چشم پرخون سے خزانہ لعل و مرجان کا
وصال یار مین آنا تصور رنج فرقت کا — ہے اک پہلو مین دلبر دوسرے مین درد ہجران کا
ستم محبوب سے پہونچے تو سمجھے مہربانی ہے — چلے سر پر جو آرہ بار ہو گردن پہ احسان کا
خلیل خاص وہ ہے جو بھڑکتی آگ مین گر کر — ہر اک انگارہ کو سمجھے کہ خاکہ ہے گلستان کا
ذبیح اللہ سے یہ قول تھا مردانہ ہمت کا — جو آئے دوڑ کر رزم مین ہے شیر اس نیستان کا
اسی دار الشفا مین ہے یہ نسخہ حفظ صحت کا — کہ صد ہا درد ہون لیکن خیال آئے نہ درمان کا

سلہ وفات سے ہفتہ عشرہ پیشتر ایک عزیز نے بذریعہ خط کے خیر و عافیت مزاج دریافت کی تھی اپنے قلم سے یہ شعر تحریر فرمایا تھا

بحکم کُنتُ کنزاً مدعا تھا آفرینش سے — بشان دلربائی بندہ کرنا نوع انسان کا
ملا پہلے شرف سب انبیا کو عشق کامل کا — کہ اُنکے دیدہ دل مین بھرا تھا نور عرفان کا
انھین مین ایک عند اللہ اولھم اعلاہم[۱] — عزیز حسن و الفت عاشق محبوب سبحان کا
کیا ہر اک نبی کو اہل عرفان اس ہدایت سے — کہ لوث شرک سے ہو پاک کعبہ ہر دل و جان کا
پئے تکمیل مقصد دور آخر کے لیے ٹھہرا — وہ جسکے نام نامی سے ہو سکہ دین و ایمان کا
رہا بالجملہ گو دور ہدایت ایک مدت تک — قدم مرکز سے ہٹتا ہی رہا کفار نادان کا
ضلالت روز افزون دیکھکر رضوان ہوا حیران — کہ یہ حالت ہے تو اللہ ہی ہے سیر گلستان کا
تلاش شہ مین پہونچے دیدہ ہائے منتظر دُھر تک — کھلا اک تختہ گویا لامکان مین نرگستان کا
تقاضائے طلب مین یون ہوا رطب اللسان وہ کیسے — گل گلزار قدسی سر و خلت کے خیابان کا
کہ یارب جلد بھیج اسکو جو اپنے علم و حکمت سے — کرے نور یقین سے دیدہ بینا ہر دل و جان کا
بفرمانِ قبول دعوت الواح زبرجد نے — بتایا قرب مقدم درۃ التاج رسولان کا
پکارے چرخ کے چونترے سے یون مسیح آخر — وہ دیکھو قبلہ کے رخ پر ہلال ابروے ایمان کا
عرض ان مژدہ ہائے جانفزا کے بعد مدت آیا — ظہور مصطفٰے فخر رُسل محبوب یزدان کا
رخِ پر نور جسکا مہر انور صبح قدرت کا — تن بے سایہ ہے مصداق کامل ظل سبحان کا
کہا روح القدس نے النوید اے عالم ہستی — زمانہ آگیا توحید کے مدت کے ارمان کا
اندھیرا چھا رہا تھا ہر طرف کفر و ضلالت کا — یہ ہے خورشید ایمان مشرقستان مغربستان کا
تزلزل آگیا نوشیروان کے قصر عالی مین — مٹے گا نام تک اک روز گبر نامسلمان کا
صنم مٹی مین ملجائینگے گل آتشکدے ہونگے — ضلالت اُٹھ سکیگی اُٹھ کے پلہ نہ شیطان کا
کلید رحمتِ حق کا اشارہ ہے کہ کھلجائے — ادھر باب شفاعت اُسطرف دروازہ غفران کا
پڑھون اب وہ غزل محسنؔ کہ جسکا مطلعِ عالے — وظیفہ ہو ہر اک قدسی طبیعت اہل عرفان کا

---

[۱] حضرت ابراہیم خلیل اللہ ع

ہی بیرنگی کے آئینہ مین نقشہ شکل انسان کا ۔ تعالی شانہ یہ روپ ہی کس حسن پنہان کا
تو ارد شکل موزون مین سہی مضمون قرآن کا ۔ مگر اللہ رے مطلع ناظم قدرت کے دیوان کا
مورخ اگلے وقتون کا ہی عشق اس سے کوئی پوچھے ۔ کہ حق کے بعد ازل مین نور تھا کس روے تابان کا
کہون ایمان کی سو بار اٹھا لون سر پہ قرآن کو ۔ کوئی ثانی نہ یزدان کا نہ اس محبوب یزدان کا
وہ زیب عرش عالی ہی وہ شان لایزالی ہی ۔ مثال بے مثالی ہی شرف ہے دین و ایمان کا
صفی اللہ کا پیارا خلیل اللہ کا حامی ۔ لب عیسی کا ہمدم ہمزبان موسی عمران کا
وہ قاتل کفر و ظلمت کا وہ ماحی شرک و بدعت کا ۔ وہ حامی اپنی ملت کا وہ ناسخ دیگر ادیان کا
وہ ہم صورت ہی معنی پرور عالم کی رحمت کا ۔ وہ ہم معنی ہی صلوات آفرین کے لطف و احسان کا
خمیدہ نخل اعجاز اسکے اثمار خوارق سے ۔ رسیدہ میوہ اسکی تربیت سے زہد و عرفان کا
قدم پہ زیب عرش پاک کا وہ تخت زرین کا ۔ کہان پایہ محمد کا کہان پایہ سلیمان کا
وہ عزت انبیا مین جو مہ تابان کی انجم مین ۔ وہ رتبہ اولیا مین جو رعیت مین ہی سلطان کا
لقب امی و مثل لوح محفوظ اسکے سینے مین ۔ بھرا علم اولین و آخرین پیدا و پنہان کا
فصاحت کلمہ پڑھتی تھی لب جان بخش حضرت کا ۔ زبان شستہ گویا نسخہ تھا اعجاز قرآن کا
حمایت اہل عالم کی اشارہ عین رحمت کا ۔ شفاعت عاصیونکی اک کرشمہ چشم احسان کا
ہر اک موج اسکے دریاے عطا کی چشمہ کوثر ۔ گل خود رو گلستان کرم مین باغ رضوان کا
شب معراج مین حق نے بلایا اسکو پاس اپنے ۔ کیا سو طرحکا پاس اپنے محبوب اپنے مہمان کا
بٹھایا خلوت تنزیہہ مین اسکو تن تنہا ۔ فرشتہ بھی جہان پہونچے ملائک کا نہ انسان کا
خودی سے بعد جو پہلے الف کو نون ایمان سے ۔ خدا سے قرب جو پچھلے الف سے نون ایمان کا
خدا جانے حبیب کبریا جانے کہ کیا گذری ۔ ہوا جب سامنا عشق آفرین کے روے تابان کا

دعا

الٰہی مجکو کر ایسا شہید اپنی محبت کا ۔ کہ ہر نوک مژہ فوارہ ہو خون رگ جان کا
وہ لو حب محمد مصطفے اسکے گھر کرے دلمین ۔ دو عالم ہو چراغ کشتہ جسکے طاق نسیان کا

اُسی کے صدقے مین کٹجائے آفت دین و دنیا کی　　رہے چلتا سر مشکل یہ اترہ سین آسان کا
مجھے لیجائے یا رب آب و دانہ اسکے قصبہ مین　　جہان ہر کھیت کا ہی ہم سلونہ باغ رضوان کا
اُسیکا شوق اُسیکی آرزو ہو وقت مرنے تک　　رہے تا روز محشر سر پہ سایہ اُسکے دامان کا
مٹا دے ہند سے نام و نشان طاعون ملعون کا　　کہ یہ کافر ہے دشمن ہر مسلمان نا مسلمان کا

قطعاتِ تاریخ

تاریخ گوئی مین جناب والد مرحوم کو ملکہ خاص تھا۔ ایک مرتبہ مسجد دار دروازہ مین پوری مین ایک شب مین قرآن شریف ختم ہوا بعد ختم کے مولوی نصر اللہ خان منصف نے تاریخ عربی کی فرمایش کی اسی وقت تھوڑی دیر کے بعد فرمایا

خَتمَ المصحف ١٢٨٩ھ

کاکوری مین خود اپنا کمرہ و حویلی تعمیر کرایا۔ مولوی افضل علی مرحوم نے کہا کہ اس عمارت کا تاریخی نام ہونا چاہیئے۔ تھوڑا تامل کرکے فرمایا "غریب خانہ" ١٢٨٩ھ اسکی تاریخ ہے۔

جناب مولوی امجد علی صاحب حال ڈپٹی کلکٹر پنشنر سے اور جناب والد مرحوم سے لڑکپن سے محبت تھی۔ جناب مولوی صاحب موصوف کا عقد ہوا جناب والد نے تاریخ لکھی۔

مبارک آمد ز کدخدائی مئے صال ماہ امجد　　دمید عید امید زین مہ بہ چار ستون الف دو صد

اس شعر سے کئی طرح تاریخ نکلتی ہے اول صورتی چار ستون والف دو صد دوم مصرع اول سے سنہ ہجری اور مصرع ثانی سے سنہ ہجری برآمد ہوتے ہین سوم مصرع اول وثانی کے حروف منقوطہ کے اعداد بقاعدہ جمل لینے سے ١٢٦٤ھ نکلتے ہین۔ چہارم مصرع اول کے حروف غیر منقوطہ اور مصرع ثانی کے حروف منقوطہ کے اعداد جمع کیے جائین تو ١٢٦٤ھ نکلتے ہین پنجم مصرع اول کے حروف منقوطہ اور مصرع ثانی کے حروف غیر منقوطہ جمع کیے جائین تو ١٢٦٤ھ نکلتے ہین۔

منشی عبد الحمید صاحب نے اپنے بھانجے کی ولادت کی تاریخ اس شعر سے نکالی تھی

شمع بزم آرائے عالم آمد فصل بہار　　طالع بیدار عزت نیر برج شرف

اِس شعر مین مصرع اول سے سنہ ہجری اور مصرع ثانی سے سنہ عیسوی اور منقوطہ تمام شعر سے ہجری اور مہملہ تمام شعر سے عیسوی نکلتے ہین۔

مولوی محمد احسن مرحوم مغفور کی بیاض مین ایک نایاب تاریخ عربی دستیاب ہوئی ہے یہ تاریخ سورۂ فیل سے نکالی ہے بیاض سے پتہ نہین چلتا کہ کس واقعہ کی نسبت یہ نازک خیالی کیگئی ہے غالبًا غدر کی یادگار ہے۔

وہو ہذا الاولے السنتہ الہجریہ

الم ترکیف فعل ربک باصحب الفیل ای حذف واحد من اعداد اصحب الفیل فبقی ۲۵۱۔ الم یجعل کیدہم فی تضلیل حلل کیدہم بلفظین ای کی د ہم وجعل کے فاعل لم یجعل و دہم مرادف عاشر مفعولہ والمراد ان اسقط ۳ من ۲۵۱ فبقی ۲۴۸ وارسل علیہم طیرا ابابیل ای اضعف علی العدد السابق اعداد طیرا ابابیل وہو ۲۶۶ فحصل ۵۱۴ ترمیہم بحجارۃ من سجیل ای زید علیہ عدد حجارۃ من سجیل وہو ۸۰۵ فحصل ۱۳۱۹ فجعلہم کعصف ماکول فحذف ہم ای ۴۵ من المیزان فحصل ۱۲۷۴ھ

الثانیہ السنتہ الفصلیتہ الہندیہ

الم ترکیف فعل ربک باصحب الفیل ای یحذف کل الف یوجد فی اصحب الفیل فبقی عددہ ۲۵۰ الم یجعل کیدہم فی تضلیل کی فاعل لم یجعل و دہم مفعولہ المراد من دہم عاشر حروف الابجد وہو الیاء اعی یحذف عاشر الابجد من ۲۵۰ والمعنی المعمای ان فے الکی حرفان الکاف وہی حادی عشر من الابجد والیاء وہو عاشرہ فیحذف العاشر وعددہ ۱۱ فبقی ۲۳۹ ویضاف عدد طیرا ابابیل وحجارۃ من سجیل کما مر لیبلغ ۱۳۱۰ ثم یسقط ہم ای ۴۵ بحکم جعلہم کعصف ماکول فبقے ۵۰۵

۱۲۶۵ف وہو المقصود۔

والثالث سمت بکرما جیت

الم ترکیف فعل ربک باصحب الفیل حذف الالقان بحکم الم ترفصار عدده ۲۵۰ الم یجعل کیدہم نے تضلیل اضیف عاشر کے یعنی ۳ فی تضلیل اغنی ۱۲۷۰ فحصل من میزان الکل ۱۵۲۳ ثم اضیف عدد طیرا ابابیل وعدد حجارة من سجیل بہا الوقف فے الحجارة یعنے ۱۰۶۶ فحصل ۲۱۹۹ ثم اسقط منہ عدد ہم ۱۳۱۴ دعصف وہو ۲۸۵ بحکم کاف التشبیہ فی فجعلہم کعصف ماکول فبقی ۱۹۱۴ سمت وہو سنۃ التاریخ

الرابع السنۃ المسیحی

الم ترکیف فعل ربک باصحب الفیل حذف الالف یعنی الواحد من اصحب الفیل ثم اخرج عدد ۵ فی الزبر والبینۃ وہو ۲۵۲ الم یجعل کیدہم فی تضلیل ای اسقط عاشر کی فبقی ۲۷ وصار حاصل المیزان ۷۹ ثم زید عدد طیرا ابابیل وحجارة من سجیل بالزبر والبینۃ وہو ۷۴۳ فحصل ۱۵۳ ثم حذف ہم بالزبر والبینۃ فحصل ۱۸۵۷ء وہو المقصود۔

جب کبھی قطعات تاریخ حضرات شایقین منگاتے جناب والد مرحوم خود اپنے قلم سے لکھکر روانہ فرما دیتے تھے نقل رکھنے کی نوبت نہین آتی تھی۔ اسوجہ سے قطعات تاریخ کے جمع کرنے مین بڑی دقت ہوئی جو قطعات دستیاب ہوے درج کیے جاتے ہین۔

تاریخ اضافہ دوم منشی جمال الدین حسن صاحب ڈپٹی کلکٹر مین پوری

از بہر اضافہ مکرر — تاریخ حوالہ قلم کن
از جسم جمال دین سہ بر گیر ۱۲۶۳ھ — دو بار اضعاف وی رقم کن

تاریخ معافی جرمانہ شیخ عبد القادر

جرمانہ چو بود چہ برآید گفتم ۱۲۶۴ھ — دشمن چہ کند چو مہربان باشد دوست

تاریخ چاہ و مسجد و باغ تعمیر کردہ منشی تاج الدین خان شاہجہانپوری

چون بنا کرد این عمارت شان والا منزلت — کجکلاہ تارک دنیا و تاج فرق دین
